اگر لا کے بعد إلا واقع ہو تو اسکے بعد واقع ہونے والے اسم کو مرفوع اور منصوب دونوں طرح لانا جائز ہے، جیسے: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ[2] میں لفظ الجلالہ الله بدل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور مستثنیٰ[3] ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

لا المتكررة[4] مع العطف:

(الف) اگر جملے میں لا النافية للجنس کی تمام شروط میں سے کوئی ایک شرط بھی نہ پائی جائے (یعنی خبر اسم پر مقدم ہو یا دونوں اسموں میں سے ایک معرفہ ہو) تو لا اپنا عمل نہیں کرتا اور صرف حرف نفی رہ جاتا ہے اور بقیہ جملہ اسمیہ دوبارہ مبتدا اور خبر بن جاتے ہیں چنانچہ اس صورت میں لا کی تکرار واجب ہوتی ہے، جیسے: ﴿لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَ لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ﴾۔

(ب) اگر جملے میں لا النافية للجنس کی تمام شروط پائی جائیں تو اس صورت میں لا کی تکرار جائز ہوتی ہے واجب نہیں،

(۱) شبہ الجملہ (جار و مجرور، ظرف) لا النافية للجنس کی خبر سے متعلق ہوتا ہے۔ (۲) اسی طرح قولہ تعالیٰ ﴿لا إله إلا هو يحيي ويميت﴾ میں کلمہ "هو" خبر محذوف کی ضمیر مستتر کا بدل ہے یا "لا إله" کے محل کا بدل ہے اور اسکی تقدیر: لا إله موجود إلا هو ہے۔ (۳) کلام تام غیر موجب ہونے کی وجہ سے لفظ الجلالہ "الله" میں دو اعراب جائز ہیں: الرفع على البدلية والنصب على الاستثناء۔ (۴) اگر جملے میں لا النافية للجنس کی تمام شروط پائی جائیں تو عدم تکرار کی صورت میں لا کا اعمال واجب ہوگا جبکہ تکرار کی صورت میں لا کا إعمال اور إلغاء دونوں جائز ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جیسے جملہ: لا حول ولا قوة إلا باللّٰه میں دوسرے لا کا حذف (یعنی لا حول وقوة إلا باللّٰه) بھی جائز ہے۔

جب جملے میں لا تکرار کے ساتھ واقع ہو اور اسکے بعد واقع ہونے والا اسم نکرہ مفرد بلا فاصل ہو تو اس میں پانچ صورتیں جائز ہیں:

۱۔ دونوں اسم مفتوح ہوں، جیسے: لا خَيْرَ مرجُوٌّ من اللئيم ولا نفعَ میں دونوں لا عاملہ ہیں یعنی إنّ کا عمل کرتے ہیں۔

۲۔ دونوں اسم مرفوع ہوں، جیسے: لا خَيْرٌ مرجُوًّا من اللئيمِ ولا نفعٌ میں دونوں لا عاملہ ہیں یعنی لیس کا عمل کرتے ہیں یا دونوں غیر عاملہ ہیں اور انکے بعد واقع ہونے والا اسم مبتدا ہونے کی بنا پر مرفوع ہے۔

۳۔ پہلا اسم مفتوح اور دوسرا اسم مرفوع ہو، جیسے: لا خيْرَ مرجُوٌّ من اللئيم ولا نفعٌ میں پہلا لا عاملہ یعنی إنّ کا عمل کر رہا ہے اور دوسرے لا میں دو صورتیں جائز ہیں (الف) لا زائدہ ہو اسکے بعد واقع ہونے والا اسم مبتدا ہونے کی وجہ سے مرفوع ہو۔ (ب) لا عاملہ ہو یعنی لیس کا عمل کرے۔

۴۔ پہلا اسم مرفوع اور دوسرا اسم مفتوح ہو، جیسے: لا خَيْرٌ مرجُوٌّ من اللئيم ولا نفعَ۔

۵۔ پہلا اسم مفتوح ہو اور دوسرا اسم منصوب ہو، جیسے: لا خَيْرَ مرجُوٌّ من اللئيم ولا نفعًا میں پہلا لا عاملہ ہے یعنی إنّ کا عمل کر رہا ہے جبکہ دوسرا لا زائدہ ہے اور اسکے بعد آنے والا اسم پہلے لا کے اسم کے محل کے اعتبار سے منصوب ہے۔

قواعد:

۱۔ لا النافية للجنس کے ذریعہ جنس کے تمام افراد سے حکم کی نفی کی جاتی ہے۔

۲۔ لا النافية للجنس "إنّ" کی طرح عمل کرتے ہوئے اسم کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرتا ہے۔

۳۔ لا النافية للجنس پانچ شرائط کے ساتھ "إنّ" کا عمل کرتا ہے:

(ا) یہ نافیہ ہو ناہیہ یا زائدہ نہ ہو۔ (ب) اس کے ذریعہ جنس کے ہر ہر فرد سے حکم کی نفی کی جائے۔ (ج) اس پر حرف جر داخل نہ ہو۔ (د) اس کا اسم اور خبر نکرہ ہوں۔ (ہ) اس کے اور اسم کے درمیان کوئی فاصل نہ ہو۔

۴۔ لا النافية للجنس کا اسم تین صورتوں میں واقع ہوتا ہے:

(ا) اگر لا النافية للجنس کا اسم مضاف ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ (ب) اگر شبیہ بالمضاف ہو تو بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

منصوب ہوتا ہے۔ (ج) اگر مفرد ہو یعنی مضاف یا شبیہ بالمضاف نہ ہو تو وہ نصب کی علامت پر مبنی ہوتا ہے۔ یعنی اسم مفرد اور جمع تکسیر فتحة پر، مثنی اور جمع مذکر سالم یاء پر اور جمع مؤنث سالم کسرة پر مبنی ہوتا ہے۔

۵۔ اگر لا النافية للجنس کے اسم کے بعد اسکی صفت واقع ہو تو اس میں تین اعراب جائز ہیں: ۱۔ مرفوع ۲۔ منصوب ۳۔ مفتوح۔

۶۔ جب جملے میں لا تکرار کے ساتھ واقع ہو اور اسکے بعد واقع ہونے والا اسم نکرہ مفرد بلا فاصل ہو تو اس میں پانچ صورتیں جائز ہیں۔

التمرين - ۱

ميّز "لا" العاملة من الملغاة فيما يأتي وبيّن سبب الإلغاء:

نموذج: لَا فِي العِلْمِ نَصِيْبٌ لِمُتَكَبِّرٍ وَلَا حَظٌّ.

لا: نافية مهملة غير عاملة — **سبب الإلغاء:** وقع الفاصل بينها وبين اسمها.

٢ـ لَا يَنْفَعُ عَمَلٌ بِلَا إِخْلَاصٍ.
٣ـ لَا الدُّنْيَا تَدُوْمُ وَلَا الإِنْسَانُ يَبْقَى أَبَدًا.
٤ـ لَا فِي الجَنَّةِ هَمٌّ وَلَا حُزْنٌ.
٥ـ لَا حُرْمَةَ لِمَنْ يَبْغِي فِي الأَرْضِ الفَسَادَ.
٦ـ لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ فِي الإِسْلَامِ.
٧ـ لَا فِي المَجْدِ مَجَالٌ لِمُتَكَاسِلٍ وَلَا مَدْخَلٌ.
٨ـ لَا مُغْتَنِمًا فُرْصَةً نَادِمٌ عَلَى فِعْلِهِ.
٩ـ التَّاجِرُ التَّقِيُّ الأَمِيْنُ يُسَاوِمُ وَيُبَايِعُ بِلَا كَذِبٍ وَخِيَانَةٍ.
١٠ـ لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ فِي الإِسْلَامِ.
١١ـ لَا سَعَادَةَ فِي سَخَطِ الرَّبِّ وَلَا شَقَاوَةَ فِي رِضَى الرَّبِّ.
١٢ـ لَا مَالُكَ يُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللهِ شَيْئًا وَلَا أَوْلَادُكَ وَلَا عَشِيْرَتُكَ.

التمرين - ۲

املأ الفراغات بوضع اسم "لا" النافية للجنس مع ضبطه بالشكل كما في المثال:

نموذج: لا خَيْرَ في تضييع الأوقات.

٢ـ لا ـــــ إِلَى دِيْنِ الحَقِّ مُتَخَاذِلٌ.
٣ـ لَا ـــــ مُرَاءٍ مَقْبُوْلَةٌ عِنْدَ اللهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ـ لَا ـــــ رَحمَةُ مُسْتَجَابُ الدُّعَاءِ. ٥ـ لَا ـــــ بَعْدَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ.

٦ـ لَا ـــــ زَوْرٍ نَاجِيَانِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ. ٧ـ لا ـــــ فِي حَقِّ وَطَنِهِ موفّق في حياته.

٨ـ لَا ـــــ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ مُتَعَرِّضٌ لِلْفِتَنِ. ٩ـ لَا ـــــ بَعْدَ الاسْتِخَارَةِ وَلَا ـــــ بَعْدَ الاسْتِشَارَةِ.

١٠ـ لَا ـــــ مَالَهُ خَائِفٌ مِنَ التَّلَفِ وَلَا ـــــ مَالَهُ نَاجٍ مِنَ التَّلَفِ.

التمرين ـ ٣

استخرج من الجمل الآتية اسم "لا" النافية للجنس وبيّن نوعه والمعرب والمبني منه:

نموذج: لَا تَائِبِيْنَ مَرْدُوْدُوْنَ عِنْدَ اللّٰهِ.

تائبين: اسم "لا" النافية للجنس. النوع: مفرد الإعراب: مبني على الياء.

٢ـ لَا أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى. ٣ـ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ.

٤ـ لَا خَائِنِين أَمَانَاتِهِم مَحْبُوبُونَ. ٥ـ لَا تَوْبَةَ لأَحَدٍ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا.

٦ـ لَا غَافِرًا الذَّنْبَ إِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَهُ. ٧ـ لَا كَبِيْرَةَ مَعَ الاسْتِغْفَارِ وَلَا صَغِيْرَةَ مَعَ الإِصْرَارِ.

٨ـ لَا بَارًّا بِوَالِدَيْهِ مَحْرُوْمٌ مِنَ الأَجْرِ. ٩ـ لَا سَابِقِيْنَ فِي الخَيْرَاتِ مُتَحَسِّرُوْنَ يَوْمَ القِيَامَةِ.

١٠ـ لَا حَارِسًا لِلْوَطَنِ مُهْمِلٌ فِي وَاجِبِهِ. ١١ـ لَا مُنْفِقَاتِ أَمْوَالَهُنَّ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ خَائِفَاتٌ مِنَ التَّلَفِ.

١٢ـ لَا نَائِلِيْنَ مِنَ الإِسْلَامِ وَأَهْلِهِ نَاجِحُوْنَ فِي تَحْقِيْقِ أَهْدَافِهِم.

التمرين ـ ٤

بيّن إعراب الكلمات الملونة في الجمل الآتية مع بيان السبب:

نموذج: ١ـ لا محاضرة دينية خالية عن النفع.

محاضرة: اسم "لا" النافية للجنس مبني على الفتحة في محل نصب. دينية: صفة لـ"محاضرة" ويجوز في إعرابها ثلاثة أوجه: ١ـ مرفوع (دينيةٌ) على موضع 'لا' مع اسمها فإنهما في موضع الابتداء.

٢ـ منصوب (دينيةً) على موضع اسمها (محاضرة) فإن موضعه نصب بـ "لا" العاملة عمل "إنّ".

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ مفتوح (دينيةَ) كتركيب خَمْسَةَ عَشَرَ في محل نصب.

٢ـ لا الحفظُ بدون الفهم مُفيدٌ.

الحفظ: مبتدأ مرفوع ولا يجوز فيه إلا الرفع؛ لأنه معرفة.

٣ـ لا شجرة مثمرة في البستان.

٤ـ لا الدرس صعب ولا التمارين.

٥ـ لا خائن أمة ناج من العذاب.

٦ـ لا وصب في الجنة ولا نصب.

٧ـ لا الحرب وحدها ميدان الشجاعة.

٨ـ لا امرأة متحجبة متجولة في الأسواق.

٩ـ لا رجل عاقل مضيّع أوقاته في اللهو واللعب.

١٠ـ لا العيد لمن لبس الجديد إنما العيد لمن خاف الوعيد.

١١ـ لا فاحش متفحش في الكلام محبوب عند الله ولا عند رسوله ﷺ.

١٢ـ لا قراءة قصص خفيفة كافية لغذاء عقل الإنسان ولا مجلات رخيصة

التمرين ـ ٥

استخرج من الآيات الآتية "لا" النافية للجنس، وبيّن اسمها وخبرها، و ميّز العاملة من الملغاة مع بيان سبب الإلغاء:

نموذج: كَلَّا لَا وَزَرَ إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ.

لا: نافية للجنس عاملة. وزر: اسم "لا" مبني على الفتحة وخبره محذوف تقديره "موجود".

٢ـ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهِ.

٣ـ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ.

٤ـ إِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ.

٥ـ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللهِ إِلَّا مَنْ رَحِمَ.

٦ـ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ.

٧ـ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ.

٨ـ فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ.

٩ـ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ.

١٠ـ لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١١ ـ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَاءَلُوْنَ.

١٢ ـ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ.

١٣ ـ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ.

١٤ ـ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا أَعْبُدُ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُمْ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا أَعْبُدُ.

١٥ ـ أَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ.

التمرين ـ ٦

استخرج من الأحاديث الآتية "لا" النافية للجنس، وعيّن اسمها وخبرها:

نموذج: لَا رُقْيَةَ إِلَّا مِنْ عَيْنٍ أَوْ حُمَةٍ.

لا: النافية للجنس رقية: اسم لا، مبني على الفتحة، وخبره محذوف، تقديره: "كائن".

٢ ـ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ.

٣ ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَا إِيْمَانَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ.

٤ ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: اَللّٰهُمَّ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الْآخِرَةِ فَبَارِكْ فِي الْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ.

٥ ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّ إِذَا ذَكَرَهَا لَا كَفَّارَةَ لَهَا إِلَّا ذٰلِكَ.

٦ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا وُضُوْءَ لَهُ وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ.

٧ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِيَدِيْ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ.

٨ ـ عن نافِعٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عبدُ اللّٰهِ بن عُمرَ أَنَّهُ كان يَنامُ وهو شَابٌّ أَعْزَبُ لَا أَهْلَ لَه في مسجِدِ النَّبِيِّ ﷺ.

٩ ـ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

١٠ ـ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ وَلَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ.

١١ ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَا يَقُوْلُ أَحَدُكُمْ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي إِنْ شِئْتَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي إِنْ شِئْتَ لِيَعْزِمِ الْمَسْأَلَةَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فإنّه لا مُكْرِهَ لَهُ.

١٢ـ إنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ كانَ إذا أَوى إلى فِراشِهِ قالَ: الحَمْدُ للهِ الَّذي أَطْعمنا وسَقانا وكَفانا وآوانا فكَمْ مِمَّنْ لا كَافِيَ لَهُ ولا مُؤْوِيَ.

١٣ـ قال ﷺ: لا أحَدَ أغْيَرُ مِنَ اللهِ ولِذَلِكَ حَرَّمَ الفَوَاحِشَ ما ظَهَرَ مِنْهَا وما بَطَنْ ولا أحَدَ أَحَبُّ إليهِ المَدْحُ مِنَ اللهِ ولذلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ.

١٤ـ قالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: السَّمْعُ والطَّاعَةُ عَلَى المَرْءِ المُسْلِمِ فيمَا أَحَبَّ وكَرِهَ مَا لَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ فإذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلا سَمْعَ ولا طَاعَةَ.

١٥ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَا حَسَدَ إلاّ فِي اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ آتاهُ اللّٰهُ مالاً فَسَلَّطَهُ علَى هَلَكَتِهِ فِي الحَقِّ وَرَجُلٌ آتاهُ اللّٰهُ الحِكْمَةَ فَهُو يَقْضِي بِها ويُعَلِّمُها.

التمرين ـ ٧

نموذج في الإعراب:

١ـ وأَنَّ الْكافِرِيْنَ لَا مَوْلَى لَهُمْ.

و: عاطفة، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب.

أَنَّ: حرف نصب وتوكيد ومشبه بالفعل، لا محل له من الإعراب.

الكافرين: اسم "أنّ" منصوب، وعلامة نصبه الياء؛ لأنه جمع مذكر سالم.

لا: النافية للجنس، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

مولى: اسم "لا"، مبني على الفتح المقدر على الألف، منع من ظهورها التعذر، في محل نصب.

لهم: لـ: حرف جر، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. هم: ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر والجار والمجرور متعلقان بخبر "لا" محذوف.

الجملة "أن الكافرين": معطوفة على الجملة التي قبلها.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الجملة "لا مولى لهم": في محل رفع خبر "أنّ".

٢ ـ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ.

لا: النافية للجنس، بنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

قوة: اسم "لا"، مبني على الفتح، في محل نصب.

إلّا: أداة حصر ملغاة، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

بالله: بـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب. **الله:** لفظ الجلالة، مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهره على آخره، والجار والمجرور متعلقان بخبر "لا" محذوف.

أعرب ما يلي:

١ ـ قَالُوْا لَا ضَيْرَ إِنَّا إِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ.

٢ ـ قَالُوْا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا.

٣ ـ لَا صَادِّيْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْصُوْرُوْنَ.

٤ ـ فَإِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظَّالِمِيْنَ.

٥ ـ لَا بَرَكَةَ لِلسِّلْعَةِ فِي الحِلْفِ الكَاذِبِ.

٦ ـ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ.

٧ ـ لَا مُحَاسِبًا نَفْسَهُ مُتَعَرِّضٌ لِلْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ.

٨ ـ لَا كَبِيْرَةَ مَعَ الاسْتِغْفَارِ وَلَا صَغِيْرَةَ مَعَ الإِصْرَارِ.

٩ ـ وَلَوْ تَرٰى إِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوْا مِنْ مَكَانٍ قَرِيْبٍ.

١٠ ـ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِيْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الحادي عشر

لا سيّما

الأمثلة:

١ ـ يَتَحلَّى الْمُؤْمِنُ بِمَكَارِمِ الأَخْلَاقِ وَلَا سِيَّمَا الصَّبْرِ/ الصَّبْرُ.

٢ ـ اجْتَنِبْ سُوْءَ الأَخْلَاقِ لَاسِيَّمَا غَضَبٌ/غَضَبٍ/غَضَبًا.

٣ ـ يَشْتَدُّ الْبَرْدُ فِي الشِّتَاءِ وَلَاسِيَّمَا لَيْلًا.

٤ ـ الدّعاءُ يَرْبِطُ صِلَةَ الْعَبْدِ مَعَ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا سِيَّمَا فِي التَّهَجُّدِ.

٥ ـ أُحِبُّ زَيْدًا لَا سِيَّمَا رَاغِبًا فِي الدِّرَاسَةِ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ لا سیما[1] کے اسلوب کو فوقیت یا خاصیت کے معنی ادا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یعنی لا سیما کے بعد واقع ہونے والا اسم[2] ما قبل پر حکم کے اعتبار سے فوقیت وفضیلت رکھتا ہے، چنانچہ جملہ ا۔ یتحلی المؤمن بمکارم الأخلاق سے ظاہر ہوتا ہے کہ مؤمن اچھے اخلاق سے متصف ہوتا ہے، لیکن جب اس جملے میں ولا سیما الصبرُ کا اضافہ کیا گیا تو اس سے یہ بات واضح ہوئی کہ متکلم کے نزدیک صبر کو تمام مکارم اخلاق پر فضیلت حاصل ہے۔ مندرجہ بالا جملوں پر مزید غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ لا سیما کا اسلوب درج ذیل امور پر مشتمل ہے:

ا۔ لا نافية للجنس ہے۔ سِيَّ[3] اسکا اسم ہے اور اسکی خبر وجوباً محذوف ہے۔ جسکی تقدیر کَائِن یا حَاصِل ہے۔

۲۔ ما جو کہ سِيَّ کے ساتھ متصل ہے زائدہ بھی ہوسکتا ہے، موصولہ بھی یا نکرہ موصوفہ بمعنی شيء بھی۔

۳۔ لا سیما کے بعد واقع ہونے والا اسم نکرہ بھی ہوسکتا ہے اور معرفہ بھی۔

---

(۱) لا سیّما کے اسلوب میں "واو" کو حذف کرنا بھی جائز ہے۔ (۲) یہ اسم مفضل کہلاتا ہے۔ (۳) سِيّ کے معنی "مثل" کے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اگر لا سيما کے بعد واقع ہونے والا اسم معرفہ ہو تو اس میں رفع اور جر دونوں صورتیں جائز ہیں، لیکن جر افصح ہے۔ جر کی صورت میں سِيَّ، لا النافية للجنس کا اسم ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے اور ما کے بعد آنے والے اسم کی طرف مضاف ہوتا ہے جبکہ ما زائدہ ہے، اور جملے کی تقدیر یوں بنتی ہے: وَلَا مِثْلَ الصَّبْرِ۔ رفع کی صورت میں بھی سيَّ، لا النافية للجنس کا اسم ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے اور ما کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ اور ما اسم موصول بمعنی الذي یا نکرہ موصوفہ بمعنی شيء ہوتا ہے اور اس کے بعد آنے والا اسم مبتدا محذوف کی خبر ہوتا ہے، جسکی تقدیر هو سے کی جاتی ہے، چنانچہ اگر ما اسم موصول بمعنی الذي ہو تو جملے کی تقدیر یوں ہوگی: ولا مِثْلَ الذي هو الصَّبْرُ اور اگر ما نکرہ موصوفہ بمعنی شيء ہو تو جملے کی تقدیر یوں ہوگی: ولا مثل شيء هو الصبرُ۔

اگر ما کے بعد آنے والا اسم نکرہ ہو تو اس میں تین صورتیں جائز ہیں: رفع، جر اور نصب على التمييز[1] (کیونکہ تمیز ہمیشہ نکرہ ہوتی ہے) لہذا جملہ ۲۔ اجتنب سوء الأخلاق و لا سيما غضبٍ/غضبٌ/غضبًا میں ما کے بعد آنے والا اسم غضب نکرہ ہے اور رفع، جر اور نصب تینوں حالتوں میں واقع ہے، اس صورت میں بھی جر افصح ہے۔ نصب کی صورت میں سيَّ عدم اضافت کی وجہ سے مبني على الفتحة ہوتا ہے اور ما كافة عن الإضافة ہوتا ہے۔

بعض مرتبہ لا سيما کے بعد واقع ہونے والا اسم مفضل مذکور نہیں ہوتا، بلکہ اسکے بجائے اس کا حال یا ظرف یا جار و مجرور مذکور ہوتے ہیں اور اسکے حذف پر سیاق کلام دلالت کرتا ہے، لہذا جملہ ۳۔ يشتد البرد في الشتاء و لا سيما ليلا میں لا سيما کے بعد ظرف ليلا مذکور ہے، لہذا تقدیر کلام یوں ہوگی: يشتد البرد في الشتاء ولا سيما البرد ليلا جملہ ۴۔ الدعاء يربط صلة العبد مع ربه عز وجل و لا سيما في التهجد میں لا سيما کے بعد جار و مجرور في التهجد مذکور ہے، لہذا جملے کی تقدیر یوں ہوگی: الدعاء يربط صلة العبد مع ربه ولا سيما الدعاء في التهجد۔ جملہ ۵۔ أُحبُّ زيدًا و لا سيما راغبا في الدراسة میں لا سيّما کے بعد اسم مفضل کا حال راغبا مذکور ہے اور یہ حال فعل محذوف أخصُّ کے مفعول سے ہے جس کی تقدیر یوں ہوگی: أحب زيدا وأخصه[2] بزيادة المحبة في هذه الحالة۔

قواعد:

۱۔ لا سيما ایک ایسا مرکب ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس کے بعد آنے والا اسم حکم کے اعتبار سے

(۱) یہ منصوب اسم سيَّ کی تمیز ہوتی ہے اور اسکو ما کی تمیز بنانا بھی جائز ہے لیکن اس صورت میں ما نكرة تامة (جسے صفت کی ضرورت نہ) ہوگی۔

(۲) لأن معنى سيَّ هنا "خصوصا".

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اپنے ماقبل پر فوقیت اور فضیلت رکھتا ہے۔

٢۔ اگر لا سیما کے بعد اسم مفضل معرفہ ہو تو اسمیں رفع وجر دو صورتیں جائز ہیں اور اگر نکرہ ہو تو رفع، جر اور نصب تینوں صورتیں جائز ہیں۔

٣۔ حالت جر میں اسم مفضل سیّ کا مضاف ہونے کی بنا پر مجرور ہوتا ہے۔ حالت رفع میں اسم مفضل مبتدا محذوف کی خبر بن کر آتا ہے، حالت نصب میں اسم مفضل تمیز بن کر آتا ہے۔ اور ما کافة عن الإضافة اور سيّ مبني على الفتحة ہوتا ہے۔

٤۔ اگر لا سیما کے بعد حال (مفرد یا جملہ) یا شبه الجملة (ظرف یا جار ومجرور) ہو تو اسم مفضل کا حذف کرنا جائز ہوتا ہے بشرطیکہ سیاق کلام محذوف پر دلالت کرے۔

التمرين - ١

تأمل العبارات الآتية وبين أوجه الإعراب الجائزة في كل اسم يأتي بعد "لا سيما" مع بيان السبب:

نموذج: احْفَظْ لِسَانَكَ عَنِ الإثْمِ وَلَا سِيَّمَا غِيْبَةٌ.

يجوز في الاسم المفضل (غيبة) الرفع والنصب والجر؛ لأنه وقع نكرة.

٢ـ عَلَى المَرْءِ أَنْ يَغْتَنِمَ عُمَرَهُ لَا سِيَّمَا شَبَابه وَيَحْرِصَ عَلَى طَاعَةِ اللّٰهِ.

٣ـ تَحْتَوِي الفَوَاكِهُ عَلَى المُرَكَّبَاتِ اللازِمَةِ لِنُمُوِّ الجِسْمِ وَبِنَائِهِ وَلَا سِيَّمَا التمر.

٤ـ لِكَثْرَةِ الأَكْلِ مَضَرَّةٌ أَكِيْدَةٌ عَلَى صِحَّةِ الجَسَدِ وَسَلَامَتِهِ وَلَا سِيَّما الأَكْل عِنْدَ الشَّبعِ.

٥ـ يَحْتَرِزُ المُؤْمِنُ مِن جَمِيعِ مَا يحبِطُ الأَعْمَالَ مِن الأفاتِ الباطِنةِ ولَا سِيَّمَا عُجْب ورِيَاء.

٦ـ يَهْتَمُّ الدِّيْنُ الإسلاميُّ بِأَنْ تكونَ الرَّوَابِطُ بَيْنَ المسلِمِيْنَ قَوِيَّةً وَثِيْقَةً وَلَا سِيَما رَابِطَة الجِوَارِ.

٧ـ جَالِسِ الصُّلَحَاءَ وَلَا سِيَّما مَن ذَكَّرَكَ اللّٰهَ رُؤْيَته وَزَادَ فِي عِلْمِكَ مَنْطِقُهُ ورَغَّبَكَ في الآخِرَةِ عَمَلُهُ.

٨ـ يَجِبُ أَلّا يَدَّخِرَ المُؤْمِنُونَ وُسعًا فِي تَعَلُّمِ العُلُومِ النَّافِعَةِ وَلَا سِيّما العُلُوم الَّتِي تُسْهِم بِنَصِيْبٍ فِي تَقَدُّمِ الأُمَّةِ.

٩ـ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُحِبُّ الطِّيْبَ وَيَكْرَهُ الرَّائِحَةَ الكَرِيْهَةَ وَكَانَ يَحُثُّ النَّاسَ عَلَى ذٰلِكَ ولَا سِيّما فِي المَواسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

والمجتمعات.

١٠ ـ مِن المَشَاهِدِ أنّ الأطْفَالَ والأوْلادَ يَقْتَدُون بِكِبَارِهِم ولاَ سيّما أساتِذَتهم ومُعَلِّمِيهم ويَحْتَذُون حَذْوَهم ويَسِيْرُونَ سَيْرَهُم.

١١ ـ إنّ قراءةَ أحْوالِ السَّلَفِ الصَّالِحِ وَدِرَاسَةَ حياةِ الصَّحابَةِ والتابِعِين رضي الله عنهم خير ما يُفِيْدُنا ولاَ سيّما طَلَبتنا وَطَالِبَاتنا، شَبَابنا وشاباتنا.

١٢ ـ المجتَمَعُ الجَاهِلِيُّ كان خِلْواً من نَظْرَةِ تقديرٍ وإجْلالٍ لِلْمَرْأةِ فِي كُلِّ حَيٍّ وفِي كُلِّ قَبِيلَةٍ ولا سيّما فِي بَني تميم وقَبَائل قليلةٍ أُخْرى حَيْثُ مَارَسُوا عادَةَ وَأْدِ البَناتِ.

التمرين ـ ٢

عبِّر عن المعاني في التراكيب الآتية بجمل تشتمل على "لا سيما":

نموذج: البِلادُ العَرَبِيَّة غَنِيةٌ بِمَعَادِنَ كثيرةٍ وَأنفَسُها وأغْلاها البِتْرُول.

البلاد العربية غنية بمعادن كثيرة ولا سيما البترول.

٢ ـ لِلْحَبَّةِ السَّوْداءِ أثَرٌ فَعَّالٌ فِي صِحَّةِ الجَسَدِ وَسَلامَتِهِ مِنَ الأمْرَاضِ وَخاصَةً علَى الرِّيْقِ.

٣ ـ العباداتُ التي فَرَضَها اللّهُ علَى المُسْلِمِيْنَ كَفِيْلَةٌ بإصْلاحِ حياةِ الفَرْدِ وَحياةِ المُجْتَمَعِ وَمِن أهَمِّها الصَّلاةُ.

٤ ـ يَحُثُّ الإسْلامُ علَى الأسْبابِ الَّتِي تُورِثُ الألْفَةَ وَالْمَحَبَّةَ بَيْنَ أهْلِهِ وَيُحَرِّضُ عَلَى التَّعاوُنِ وَالتَّعاضُدِ بَيْنَ المُسْلِمِيْنَ بِصِفَةٍ خَاصَةٍ.

٥ ـ لَقد امْتَازَت النِّساءُ فِي صَدْرِ الإسْلامِ بِالصِّدْقِ فِي الرِّوايَةِ وَالأمَانَةِ فِي العِلْمِ وَالبُعْدِ عَن مَواطِنِ الضَّعْفِ والشَّكِّ ومِنْ طَلِيْعَةِ هؤلاءِ النِّسْوَةِ أمُّ المُؤمِنِيْنَ عائشةُ رضي الله عنها فَإنَّهَا كانَتْ مِن أدَقِّ النِّساءِ فِي رِوايَةِ الحَدِيْثِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٣

نموذج في الإعراب:

يمتاز العرب بصفاتهم الحميدة ولا سيما شجاعةٌ /شجاعةٍ /شجاعةً:

يمتاز: فعل مضارع، مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

العرب: فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

بصفاتهم: بـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب.

صفات: مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره. **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "يمتاز".

الحميدة: نعت لـ"صفات"، مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

ولا سيما شجاعةٌ/ شجاعةٍ/ شجاعةً: يجوز فيه ثلاثة أوجه: الرفع والنصب والجر.

الكلمة	حالة الرفع	حالة النصب	حالة الجر
و	للاستئناف	للاستئناف	للاستئناف
لا	نافية للجنس تعمل عمل إنّ، حرف لا محل له من الإعراب.	نافية للجنس تعمل عمل إنّ، حرف لا محل له من الإعراب.	نافية للجنس تعمل عمل إنّ، حرف لا محل له من الإعراب.
سيَّ	اسم "لا" منصوب (مضاف) وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.	اسم "لا" مبني على الفتح في محل نصب.	اسم "لا" منصوب (مضاف) وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.
ما	اسم موصول [1] مبني على	زائدة (كافة عن الإضافة)،	زائدة حرف مبني على

(١) أو نكرة موصوفة بمعنى شيء.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

	السكون في محل جر بالإضافة مضاف إليه.	حرف مبني على السكون لا محل له من الإعراب.	السكون لا محل له من الإعراب.
شجاعة	خبر لمبتدأ محذوف وجوبا تقديره "هو" والجملة من المبتدأ والخبر[1] لا محل له من الإعراب صلة الموصول.	تمييز "سي" منصوب وخبر "لا" محذوف تقديره "موجود".	مضاف إليه مجرور وخبر "لا" محذوف تقديره "موجود".

الجملة "يمتاز العرب ....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "لا سيما ....": مستأنفة، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ ساعد النَّاسَ ولا سيما الفقراء.

٢ ـ تُعجبني الأزهار كلها ولا سيما وردة.

٣ ـ أَهْتَمُّ بالأدعية المأثورة ولا سيما صباحًا ومساءً.

٤ ـ أرجو أن أزور الأماكن المقدسة ولا سيما بيت الله.

٥ ـ المؤمن يحسن معاملته مع كل أحد ولا سيما مع أهله.

(١) إذا كان "ما" نكرة موصوفة بمعنى شيئ فالجملة من المبتدأ والخبر (هو شجاعة) في محل جر صفة لـ "ما".

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثاني عشر

الحروف النواسخ: ما، لا، إن، ولات المشبهات بـ "ليس"

یہ باب ایسے حروف نواسخ پر مشتمل ہے جو لیس سے مشابہت رکھتے ہیں یہ مشابہت دو اعتبار سے ہے:

۱۔ یہ بھی لیس کی طرح نفی کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

۲۔ یہ لیس کی طرح ہی جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر اسم کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرتے ہیں۔

ألف: ما [1] المشبهة بـ "ليس"

الأمثلة:

١ ـ مَا اللّٰهُ غَافِلًا عَمَّا يَفْعَلُ الظَّالِمُوْنَ.

٢ ـ مَا الْمُؤْمِنُ كَذَّابًا.

٣ ـ مَا الْحُسْنُ فِي وَجْهِ الْفَتٰى شَرْفًا لَهُ إِذَا لَمْ يَكُنْ فِي فِعْلِهِ وَالْخَلَائِقِ.

شرح وتفصیل:

ما المشبهة بـ ليس [2] زمانہ حال پر دلالت کرتا ہے۔ یہ تین شرطوں کے ساتھ نسخ کا عمل کرتا ہے:

۱۔ مـا کے اسم اور خبر کے درمیان إلا نہیں آنا چاہئے، اگر إلا آ جائے تو اس میں نفی کے معنی نہیں رہتے اور نہ ہی اسکا اعرابی عمل باقی رہتا ہے، مثلا قوله تعالى: ﴿مَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ﴾ ، ﴿مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا﴾۔

۲۔ ما کی خبر اس کے اسم پر مقدم نہیں ہونی چاہئے اگر ایسا ہو جائے تو یہ عمل نہیں کرتا، مثلا: مَـا كَذَّابٌ الـمُؤمِنُ میں چونکہ ما کی خبر كَذَّابٌ اسکے اسم الـمُؤمِنُ سے پہلے آ گئی ہے، لہذا اس کا اعرابی عمل باقی نہیں رہا، لیکن اگر ما کے فورا بعد جار

(۱) یہ ما الحجازية کہلاتا ہے کیونکہ اہل حجاز اسے ناسخ شمار کرتے ہیں بخلاف بعض العرب۔ اور یہی قرآن کی لغت ہے، کقوله تعالى: ﴿مَا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلَّا اللَّائِي وَلَدْنَهُمْ﴾ میں ما کا اسم ضمیر منفصل هنّ مرفوع اور خبر أمّهاتهم منصوب ہے۔

(۲) لیس کی طرح اسکی خبر پر بھی حرف جر "باء" داخل کر سکتے ہیں یہ باء زائدہ ہے اور خبر پر لفظا اثر انداز ہو کر اسکو مجرور کر دیتا ہے اور اصل میں ما کی خبر ہونے کی بنا پر في محل نصب ہوتا ہے، جیسے: قولہ تعالی: ﴿وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ﴾ میں ظَلَّامٍ لفظا مجرور ہے اور محلا منصوب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مجرور یا ظرف آئے اور وہ قاعدے کے خلاف اسم پر مقدم بھی ہو تو اس صورت میں ما کا اعمال اور اہمال دونوں جائز ہیں، جیسے: مَا لِحَيَاةِ الإِنْسَانِ دَوَامٌ میں اعمال کی صورت میں شبہ الجملہ (لِحَيَاةِ الإِنْسَانِ) ما کی خبر مقدم محذوف سے متعلق ہوگا اور اہمال کی صورت میں شبہ الجملہ (لِحَيَاةِ الإِنْسَانِ)مبتدا کی خبر مقدم محذوف سے متعلق ہوگا۔

۳۔ ما کے بعد إِنْ الزَّائِدَة نہیں آنا چاہئے، جیسے: مَا إِنِ الْكَاذِبُ نَاجِحٌ۔

ب: لا المشبهة بـ "ليس"

الأمثلة:

١ ـ لَا رَجُلٌ أَمِيْنًا. ٢ ـ لَا صَدِيْقَانِ وَفِيَّيْنِ.

٣ ـ لَا جُنُوْدٌ مُسْتَعِدِّيْنَ لِمُلَاقَاةِ الْعَدُوِّ.

شرح وتفصیل:

لا المشبهة بـ "ليس" بھی نفی پر دلالت کرتا ہے، لیکن معنی کے اعتبار سے اس میں دو میں سے ایک احتمال پایا جاسکتا ہے، مثلا: لَا رَجُلٌ أَمِيْنًا کے یہ معنی بھی کئے جاسکتے ہیں کہ ایک مرد امانتدار نہیں ہے (أَيْ قَدْ تُفِيْدُ نَفْيَ الْخَبَرِ عَنْ فَرْدٍ وَاحِدٍ فَقَط) اور یہ معنی بھی لئے جاسکتے ہیں کہ کوئی بھی مرد امانتدار نہیں ہے (قَدْ تُفِيْدُ نَفْيَ الْخَبَرِ عَنْ جِنْسِ الرَّجُلِ)۔

اسی طرح لَا جُنُوْدٌ مُسْتَعِدِّيْنَ لِمُلَاقَاةِ الْعَدُوِّ کے یہ بھی معنی لئے جاسکتے ہیں کہ فوجیوں کی ایک جماعت دشمن سے ملاقات کے لئے تیار نہیں ہے اور یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ کوئی بھی فوجی ایسے نہیں ہیں جو دشمن سے ملاقات کے لئے تیار ہوں (أَيْ قَدْ تُفِيْدُ نَفْيَ الْخَبَرِ عَنِ الْجِنْسِ حَتّٰى تَدُلَّ عَلٰى أَنَّهُ لَا يُوْجَدُ جُنْدِيٌّ عَلَى الإِطْلَاقِ مُسْتَعِدٌّ لِمُلَاقَاةِ الْعَدُوِّ)۔

اسی طرح جہاں لا کا اسم مثنی آجائے وہاں صرف مثنی کی نفی بھی مقصود ہو سکتی ہے اور کل جنس کی بھی۔

لا المشبّهة بـ ليس چند شرائط کے ساتھ نسخ کا عمل کرتا ہے، جو مندرجہ ذیل ہیں:

ا۔ اس کا اسم اور خبر دونوں کا نکرہ ہونا ضروری ہے اگر دونوں یا دونوں میں سے ایک بھی معرفہ ہو تو یہ نسخ کا عمل نہیں کرتا،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جیسے جملہ: لَا الْمَالُ بَاقٍ فِي يَدِ الْمُبَذِّرِ میں لا نسخ کا عمل نہیں کر رہا اور صرف نفی پر دلالت کر رہا ہے۔

۲۔ اس کا اسم مقدم اور خبر مؤخر ہو۔

۳۔ اس کے اسم اور خبر کے درمیان إلا نہ آئے، مثلاً: لَا رَجُلٌ إِلَّا خَائِنٌ اس جملے میں خبر کو نصب دینا جائز نہیں ہوگا۔

۴۔ اس میں دونوں معنوں کا احتمال پایا جائے یعنی یا تو فرد واحد کی نفی مراد ہو یا مطلقاً جنس کی نفی مراد ہو۔

ج: إن المشبهة بـ "ليس"

الأمثلة:

۱ - إِنِ الْحَقُّ مَغْلُوبًا.

۲ - إِنِ الْخَائِنُ مُفْلِحًا.

۳ - إِنِ الْمُجْتَهِدُ رَاسِبًا.

شرح وتفصيل:

إن النافية معنی اور عمل میں بالکل ما الحجازية کے مشابہ ہے یہ بھی ما کی طرح زمانۂ حال میں نفی پر دلالت کرتا ہے۔ اس کے إعمال کی بھی وہی شروط ہیں جو ما الحجازية کے إعمال کے لیے ضروری ہیں، لیکن شروط کے نہ پائے جانے کی صورت میں بخلاف ما الحجازية کے إن کا إهمال اور إعمال دونوں جائز ہیں، البتہ إعمال کی صورت میں یہ صرف جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے: إِنِ الْحَقُّ إِلَّا مُرًّا جبکہ إهمال کی صورت میں یہ اسمیہ اور فعلیہ دونوں پر داخل ہوسکتا ہے، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿إِنْ يَتَّبِعُوْنَ إِلَّا الظَّنَّ﴾، ﴿إِنِ الْكَافِرُوْنَ إِلَّا فِي غُرُوْرٍ﴾۔

د: لات المشبهة بـ "ليس"

الأمثلة:

۱ - عَضَّ الْمُجْرِمُ عَلَى يَدَيْهِ وَلَاتَ حِيْنَ مَنْدَمٍ.

۲ - شَمَّرَ الْكَسْلَانُ عَنْ سَاعِدِ الْجِدِّ وَلَاتَ وَقْتَ الاجْتِهَادِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ تَنَبَّهَ الْغَافِلُوْنَ وَلَاتَ سَاعَةَ تَنَبُّهٍ.

شرح وتفصیل:

لات بھی لیــــس کے معنوں میں آتا ہے، لیکن یہ زمانے کی نفی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے اسم اور خبر دونوں زمانے پر دلالت کرنے والے کلمات (وقـت، حیـن، زمـن، سـاعة) ہوتے ہیں ان دونوں میں سے ایک وجوبا محذوف ہوتا ہے، عام طور پر اسم محذوف ہوتا ہے اور خبر مذکور اور نکرہ ہوتی ہے۔

پہلے جملے میں وَلَاتَ حِيْنَ مَنْدَمٍ (اور ندامت کی گھڑی گزر گئی) معنی کے اعتبار سے وَلَاتَ الْحِيْنُ حِيْنَ مَنْدَمٍ [1] بنتا ہے۔

قواعد:

إن، لا، ما، لات النافیات، لیس کی طرح عمل کرتے ہیں یعنی (چند شرائط کے ساتھ) اپنے اسم کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرتے ہیں۔

۱ـ إن اور ما کا اسم اپنی خبر پر مقدم ہو، اور ان کی نفی إلا کیساتھ ختم نہ ہو۔

۲ـ لا کی مذکورہ دو شرطوں کے ساتھ تیسری شرط یہ ہے کہ اس کا اسم اور خبر دونوں نکرہ ہوں۔

۳ـ لات کا اسم اور خبر ظرف زمان ہوں اور دونوں میں سے ایک محذوف ہو۔

التمرين - ۱

املأ الفراغات بأخبار مناسبة:

نموذج: ما السلع المعروضة غاليةً.

٢ـ لا أحد .... ٣ـ ما الإسلام .... ٤ـ ما دم المستشهد ....

٥ـ لا مؤمن .... ٦ـ إن الكذاب .... ٧ـ ما الرجل المهذب ....

٨ـ إن الواصل .... ٩ـ إن الكهرباء .... ١٠ـ استنجَدَ الجنديُّ على العدو ولات حين ....

(١) أي ليس الحينُ حينَ مندم.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٢

ما الذي أوجب إلغاء عمل "إنْ"، و"ما" و"لا" في الجمل التالية ؟

نموذج: لَا البِرُّ سُوْءُ الخُلُقِ.

لا: ملغاة لوقوع اسمها معرفة.

٢ - إن الدُّنيا إلَّا مَلْعُونَةٌ. ٣ - مَا المُسْتَشَارُ إلَّا مُؤْتَمَنٌ. ٤ - مَا قُدْرَةُ الإنسانِ إلّا مَحْدُوْدَةٌ.

٥ - مَا صَفَقَاتُكَ إلَّا رابِحَةٌ. ٦ - إنْ أُمُّكَ إلا قُدْوَةٌ حَسَنَةٌ. ٧ - لا الصِّدْقُ رَيْبَةٌ ولا الكِذْبُ طُمَأْنِيْنَةٌ.

٨ - ما وَعَنَ الظَّالِمُ صَفحك. ٩ - إن الإسلامُ إلا دِيْنٌ نَاصِحٌ.

١٠ - إن المدارِسُ الصِّناعِيَّةُ إلا تَسُدُّ حاجَاتِ البَلَدِ.

التمرين - ٣

ترجم إلى العربية:

١ - نہ قیمتیں سستی ہیں نہ مال اچھا ہے۔ ٢ - مجرم شرمندہ ہیں لیکن نجات کا وقت باقی نہیں رہا۔

٣ - اے فاطمہ! اللہ تمہارے کاموں سے غافل نہیں ہے سو اس سے ڈرو۔

٤ - ماں نے بچوں سے کہا: میرے پاس وہ چیز نہیں ہے جو تم مانگ رہے ہو۔

٥ - اللہ کے لئے کوئی کام بھی مشکل نہیں ہے اور نہ اسے کوئی چیز عاجز کر سکتی ہے۔

٦ - اے نصاریٰ! یقین رکھو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صرف رسول ہی ہیں اللہ کے بیٹے نہیں ہیں (العیاذ باللہ)۔

٧ - آپ نہ اندھے کو راستہ دکھا سکتے ہیں نہ بہرے کو نصیحت سنا سکتے ہیں، آپ صرف انکو ہماری آیتیں سنا سکتے ہیں جو ہماری نشانیوں پر ایمان لاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٤

ميّز الحروف العاملة عمل "ليس" من غيرها في الآيات الآتية، وبيّن اسمها وخبرها في حالة الإعمال وسبب الإلغاء في حالة الإلغاء:

نموذج: مَا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلَّا اللَّائِيْ وَلَدْنَهُمْ.

ما: عاملة عمل "ليس". هن: اسم "ما". أمهات: خبر "ما". إن: نافية ملغاة لانتقاض نفيها بـ "إلا"

٢ ـ مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا.

٣ ـ مَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ.

٤ ـ وَ مَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ.

٥ ـ إِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطَانٍ بِهٰذَا.

٦ ـ إِنْ هٰذَا إِلَّا أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ.

٧ ـ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰؤُلَاءِ يَنْطِقُوْنَ.

٨ ـ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ.

٩ ـ وَمَا أَنْتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلَالَتِهِمْ.

١٠ ـ إِنْ فِي صُدُوْرِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ.

١١ ـ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ.

١٢ ـ يَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ.

١٣ ـ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ.

١٤ ـ لَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ.

١٥ ـ فَذَكِّرْهُمْ فَمَا أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّ لَا مَجْنُوْنٍ.

١٦ ـ وَمَا أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ بِالَّتِي تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفَى.

١٧ ـ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ.

١٨ ـ مَا الْمَسِيْحُ بْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ.

١٩ ـ كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ.

٢٠ ـ لَئِنْ بَسَطْتَّ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَا أَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ.

٢١ ـ قُلْ إِنِّيْ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ كَذَّبْتُمْ بِهِ مَا عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهِ.

٢٢ ـ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَادِّيْ رِزْقِهِمْ عَلَى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَاءٌ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢٣ـ إِلَيْهِ يَرْجِعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ.

٢٤ـ إِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

التمرين ـ ٥

ميّز الحروف العاملة عمل "ليس" من غيرها في الأحاديث الآتية، وبيّن اسمها وخبرها في حالة الإعمال وسبب الإلغاء في حالة الإلغاء:

نموذج: عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قال: مَا مِنْكُم مِن أحدٍ يُنَجِّيْهِ عَمَلُهُ قالوا: ولا أَنْتَ يا رسولَ اللهِ؟ قال: ولَا أَنَا، إلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ.

ما: عاملة. من أحد: من: زائدة ، أحد: اسم "ما" ينجيه: خبر "ما".

٢ـ قال رسول الله ﷺ: لا بأْسَ بِبَوْلِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ.

٣ـ قالَ أنسُ بنُ مالِكٍ ﷺ: لَقَدْ أَنْزَلَ اللهُ الآيَةَ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ فِيهَا الخمْرَ، وما بِالمَدِيْنَةِ شَرَابٌ يُشْرَبُ إلَّا مِنْ تَمْرٍ.

٤ـ قالَ النَّبِيُّ ﷺ: أنَا أوَّلُ شَفِيْعٍ فِي الْجَنَّةِ، لَمْ يُصَدَّقْ نَبِيٌّ مِنَ الأَنْبِيَاءِ مَا صُدِّقْتُ، وإنَّ مِنَ الأنبياءِ نَبِيًّا ما يُصَدِّقُهُ مِن أُمَّتِهِ إلا رَجُلٌ واحِدٌ.

٥ـ إن النَّبِيَّ ﷺ مَرَّ عَلَى قَبْرَيْنِ فقالَ: إنَّهُمَا يُعَذَّبَانِ وما يُعَذَّبَانِ في كَبِيْرٍ، أمّا هٰذا، فَكَانَ لا يَسْتَتِرُ من بَوْلِهِ، وأمّا هٰذا: فكانَ يَمْشِي بالنَّمِيْمَةِ.

٦ـ قالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: ما مِنْ نَبِيٍّ إلَّا وقد أنْذَرَ أُمَّتَهُ الأَعْوَرَ الكَذَّابَ، ألَا إنّه أعْوَرُ، وأنَّ رَبَّكُم ليس بأعْوَرَ ومَكْتُوبٌ بين عينيه "ك ، ف ، ر".

٧ـ كانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إذا قَامَ إلَى الصَّلاةِ كَبَّرَ ثُمَّ قالَ: إنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِي لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوات وَالْأَرْضَ حَنِيْفًا مُسْلِمًا ومَا أنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

٨ـ عن عَوْفِ بْنِ مالِكٍ الأشْجَعِيِّ قال: كُنَّا نَرْقِي فِي الجاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا: يارَسُولَ اللهِ! كَيْفَ تَرَى فِي ذٰلِكَ؟ فقال: اعْرِضُوا عليّ رُقَاكُم، لا بأْسَ بالرُّقِيِّ ما لَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٩ ـ عن أبِيْ مُوسَى الأشْعَرِيِّ ﷺ قال: أتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فِي رهْطٍ مِنَ الأشْعَرِيِّيْنَ نَسْتَحْمِلُه فقال: واللهِ لَا أحْمِلُكُم وما عندِي ما أحْمِلُكم عليه قال: فَلَبِثْنَا ما شاءَ اللّٰه ثم أُتِيَ بإبِلٍ فأمَرَ لَنَا بثلاثِ ذُوْدٍ غُرِّ الذُّرى.

١٠ ـ عن أنسٍ ﷺ قالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَيْنَا ومَا هُوَ إلَّا أنَا وَأُمِّي وأُمُّ حَرَامٍ خالَتِي فقالَتْ أُمِّي: يا رَسُولَ اللّٰهِ! خُوَيْدِمُكَ ادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قالَ: فدَعَا لِي بِكُلِّ خَيْرٍ وكان فِي آخِرِ مَا دَعَا لِي بِهِ أنْ قالَ: اللّٰهُمَّ أكْثِرْ مالَهُ ووَلَدَهُ وبارِكْ له فيه.

١١ ـ عن نافعٍ قال: سَألَنِي عُمَرُ بنُ عَبْدِ العَزِيْزِ عنْ صَدَقَةِ العَسَلِ قال: قُلْتُ: ما عنْدَنا عَسَلٌ نَتَصَدَّقُ مِنْهُ ولكِنْ أخْبَرَنَا المُغِيْرَةُ بْنُ حَكِيْمٍ أنَّهُ قالَ لَيْسَ فِي العَسَلِ صَدَقَةٌ فقال عُمَرُ: عَدْلٌ مَرْضِيٌّ فكَتَبَ إلى النَّاسِ أنْ تُوضَعَ يَعْنِي عنهم.

١٢ ـ عن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُودٍ ﷺ قال: كُنَّا يَوْمَ بَدْرٍ كُلُّ ثلاثةٍ عَلى بَعِيْرٍ فكانَ أبو لُبَابَةَ وعلِيُّ بْنُ أبِي طَالِبٍ زَمِيْلَيْ رسُولِ اللّٰهِ ﷺ قال فكَانَتْ جاءَتْ عُقْبَةُ رسُولِ اللّٰهِ قالا: نَحنُ نَمْشِي عَنْكَ قال: ما أنْتُما بأقْوَى مِنِّي وَمَا أنَا بأغْنَى عَنِ الأجْرِ مِنْكُمَا.

١٣ ـ كَتَبَ عُمَرُ بنُ عَبْدِ العَزِيْزِ إلى عَدِيِّ بنِ عَدِيّ: إنَّ لِلإيمان فَرائِضَ وشَرَائِعَ وحُدُوْدًا وسُنَنًا فَمَن اسْتَكْمَلَهَا اسْتَكْمَلَ الإيمانَ ومن لَمْ يَسْتَكْمِلْها لم يَسْتَكمِلِ الإيمَانَ فإنْ أعِشْ فسأُبَيِّنُها لكم حتّى تَعْمَلُوا بها وإنْ أمُتْ فما أنَا عَلى صُحْبَتِكُم بِحَرِيْصٍ.

١٤ ـ الصَّبِيُّ بنُ مَعْبَدٍ قال: كانَ نَصْرَانِيًّا تَغْلَبِيًّا أعْرَابِيًّا فأسْلَمَ فَسَألَ أيُّ العَمَلِ أفْضَلُ؟ فقيل له: الجِهادُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجلَّ، فأرَادَ أنْ يُجاهِدَ فقِيْلَ لَهُ: حَجَجْتَ؟ فقال: لَا، فَقِيْلَ: حُجَّ واعْتَمِرْ ثم جاهِدْ. فانْطَلَقَ حتّى إذا كانَ بالحَوَابِطِ أهَلَّ بِهِمَا جَمِيْعًا فرَآهُ زَيْدُ بنُ صَوْحَانَ وَسُلَيْمَانُ بنُ رَبِيْعَةَ فقالَا: لَهُوَ أضَلُّ مِن جَمَلِهِ أو مَا هُوَ بأهْدَى مِنْ ناقتِه. فانْطَلَقَ إلى عُمَرَ ﷺ فأخبَرَ بِقَولِهِمَا فقالَ: هُدِيْتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٦

نموذج في الإعراب:

١ ـ مَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ.

ما: نافية مبنية على السكون لا محل لها من الإعراب تعمل عمل "ليس". **أنا:** ضمير منفصل مبني على السكون في محل رفع اسم "ما". **عليكم: على:** حرف جر مبني على السكون لا محل له من الإعراب، **كم:** ضمير متصل للجمع المخاطب مبني على السكون في محل جر بحرف جر.

الجار والمجرور متعلقان بخبر "ما".

بوكيل: بـ: حرف جر زائد مبني على الكسرة لا محل له من الإعراب، **وكيل:** مجرور لفظًا منصوب محلاً خبر "ما".

٢ ـ إِنْ هِيَ إِلَّا فِتْنَتُكَ.

إن: نافية، مبنية على السكون، لا عمل لها لانتقاص نفيها بـ "إلّا". **هي:** ضمير منفصل، مبني على الفتح، في محل رفع، مبتدأ. **إلا:** أداة حصر، مبنية على السكون، لا عمل لها. **فتنة:** خبر للمبتدأ "هي" مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف، **ك:** ضمير متصل، مبني على الفتح، في محل جرّ بالإضافة، مضاف إليه.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ نَدِمَ البُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ.

٢ ـ إِنِ الجَزَاءُ مَكْسُوبًا مِنَ الخَلْقِ.

٣ ـ مَا فِي الصَّحْرَاءِ رَوْضَةٌ ذَكِيَّةُ الرَّائِحَةِ.

٤ ـ تَعَزَّ فَلَا شَيْءٌ عَلَى الأَرْضِ بَاقِيًا وَلَا وِزْرٌ مِمَّا قَضَى اللّٰهُ وَاقِيًا.

٥ ـ إِذَا الجُوْدُ لَمْ يُرْزَقْ خَلَاصًا مِنَ الأَذى فَمَا الحَمْدُ مَكْسُوْبًا وَمَا المَالُ بَاقِيًا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثالث عشر

صيغ المبالغة

الأمثلة:

۱۔ قال تعالى: ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا.

۲۔ قال تعالى: إِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا.

۳۔ كَانَ أَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عنه رَجُلاً وَجِلاً كَثِيْرَ الْخَوْفِ مِنَ اللّٰهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى.

٤۔ اَلْمُؤْمِنُ أَكْرَمُ مِعْوَانٍ لِلْمُسْلِمِيْنَ عَلَى الْخَيْرِ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا ملوّن کلمات شکورا، توابا ، رحیما، وجلا، معوان پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسم الفاعل کی طرح یہ سب کلمات فعل کے کرنے والے پر دلالت کرتے ہیں، فرق صرف اتنا ہے کہ یہ فعل کے معنی میں ایک قسم کا مبالغہ اور تکثیر (زیادتی اور کثرت) کا معنی پیدا کرتے ہیں، جیسے اسم الفاعل شاکر شکر کرنے والے پر دلالت کرتا ہے، جبکہ صیغہ مبالغہ شکور بہت زیادہ اور کثرت سے شکر کرنے والے پر دلالت کرتا ہے، چنانچہ ایسا اسم جو فعل کے کرنے والے پر دلالت کرنے کے ساتھ ساتھ فعل کے معنی میں ایک قسم کی زیادتی اور کثرت کے معنی کو ظاہر کرے اسے صیغہ مبالغہ کہتے ہیں۔

صیغہ مبالغہ صرف ثلاثی، متصرف، متعدی افعال کے مصادر سے مشتق ہوتا ہے۔ صرف فعّال کا صیغہ فعل ثلاثی لازم اور متعدی دونوں کے مصادر سے مشتق ہوتا ہے، جیسے: قال اللّٰہ تعالی: ﴿وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ﴾ میں صیغہ مبالغہ حلّاف فعل ثلاثی لازم حَلَفَ کے مصدر سے مشتق ہے۔ صیغہ مبالغہ کے بعض صیغے غیر ثلاثی افعال کے مصادر سے بھی مشتق ہوتے ہیں جو نادر ہیں اور سماعی ہیں، جیسے: مِعْطَاءٌ فعل أعطی کے مصدر إعطاء سے، اسی طرح نذیر فعل أَنْذَرَ کے مصدر إنذار سے مشتق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

صیغہ مبالغہ کے مشہور اوزان یہ ہیں:

۱۔ فَعُوْل: جیسے جملہ ۱۔ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا میں صیغہ مبالغہ شَكُوْرًا فعول کے وزن پر مشتق ہے۔ جو بہت زیادہ اور کثرت سے شکر کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

۲۔ فَعَّال: جیسے جملہ ۲۔ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا میں صیغہ مبالغہ تَوَّابًا فعال کے وزن پر مشتق ہے اور بہت زیادہ اور کثرت سے توبہ قبول کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

۳۔ فَعِيْل: جیسے جملہ ۲۔ ہی میں صیغہ مبالغہ رَحِيْمٌ فعيل کے وزن پر مشتق ہے اور بہت زیادہ اور کثرت سے رحم کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

۴۔ فَعِل: جیسے جملہ ۳۔ كَانَ أَبُوْ بَكْرٍ رضي الله عنه رَجُلًا وَجِلًا میں صیغہ مبالغہ وجِلًا فَعِل کے وزن پر مشتق ہے اور بہت زیادہ اور کثرت سے ڈرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

۵۔ مِفْعَال: جیسے جملہ ۴۔ اَلْمُؤْمِنُ أَكْرَمُ مِعْوَان میں صیغہ مبالغہ معوان مِفْعَال کے وزن پر مشتق ہے اور بہت زیادہ اور کثرت سے مدد کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

قواعد:

۱۔ صیغہ مبالغہ ایسا اسم ہے جو فعل کے کرنے والے پر دلالت کرنے کے ساتھ ساتھ فعل کے معنی میں ایک قسم کی زیادتی اور کثرت کو ظاہر کرتا ہے۔

۲۔ صیغہ مبالغہ کے مشہور اوزان یہ ہیں: فَعُوْل، مِفْعَال، فَعَّال، فَعِيْل، فَعِل۔

۳۔ صیغہ مبالغہ ثلاثی افعال ہی کے مصادر سے مشتق ہوتا ہے، غیر ثلاثی افعال کے مصادر سے اس کا اشتقاق نادر ہے۔

۴۔ جن شرائط کے ساتھ اسم الفاعل فعل کا عمل کرتا ہے انہی شرائط کے ساتھ صیغہ مبالغہ بھی فعل کا عمل کرتا ہے[1]۔

(۱) اسکی تفصیل جزء ثانی میں "إعمال اسم الفاعل" کے باب کے تحت گزر چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ١

استخرج صيغ المبالغة من العبارات الآتية وبين وزنها وموقعها من الإعراب:

نموذج: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: إِنَّهُ فَتًى كَهُوْلٌ، له لِسَانٌ سَؤُوْلٌ، وَقَلْبٌ عَقُوْلٌ.

سؤول : صيغة المبالغة، على وزن "فعول" مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره؛ لأنه نعت لـ"لسان".

عقول: صيغة المبالغة، على وزن "فعول" مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره؛ لأنه نعت لـ "قلب".

٢ - لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ.

٣ - جَمَالُ الْبَحْرِ فَتَّانٌ وَزُرْقَتُهُ أَخَّاذَةٌ لِلْقُلُوْبِ.

٤ - إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَكُوْنُ غَضُوْبًا وَلَا كَذُوْبًا وَلَا جَهُوْلًا.

٥ - يَبِيْتُ الْمُؤْمِنُ لَيَالِيَ رَمَضَانَ أَرِقًا وَيَنْتَصِبُ قَائِمًا يَتَنَفَّلُ وَيَدْعُوْ وَيَبْتَهِلُ وَيَسْتَغْفِرُ.

٦ - أَرْسَلَ الْخَلِيْفَةُ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ جَيْشًا لَجِبًا إِلَى الْقُسْطُنْطِيْنِيَّةِ بِقِيَادَةِ أَخِيْهِ.

٧ - كَانَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ابْنَ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَزَوْجَ فَاطِمَةَ الْبَتُوْلِ.

٨ - خَاضَ الصَّحَابَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ غِمَارَ الْمَعَارِكِ الطَّاحِنَةِ، الضَّرُوْسِ لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ.

٩ - كَانَ الْإِمَامُ أَبُو حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى كَلِفًا بِقِيَامِ اللَّيْلِ وَصِيَامِ النَّهَارِ وَخَدِيْنًا لِلْقُرْآنِ.

١٠ - كَانَ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّمِيْمِي رَحِمَهُ اللّٰهُ زَهَّادًا بِمَا فِيْ أَيْدِى النَّاسِ، رَغَّابًا بِمَا عِنْدَ اللّٰهِ.

١١ - إِنَّ اللّٰهَ جَوَّادٌ مِعْطَاءٌ يَجُوْدُ بِالْفَضْلِ عَلَى الْمُطِيْعِ وَالْعَاصِيْ لَا يَنْفَدُ عَطَاءُهُ وَلَا تَفْنٰى خَزَائِنُهُ.

١٢ - كَانَ الصَّحَابَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعِيْنَ يُقْبِلُوْنَ عَلٰى حَلَقَاتِ الْعِلْمِ إِقْبَالَ الظَّمَاءِ عَلَى الْمَاءِ الْبَرُوْدِ فِي الْيَوْمِ الْقَائِظِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٣ـ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا صَوَّامًا بِالنَّهَارِ، قَوَّامًا بِاللَّيْلِ، مُسْتَغْفِرًا بِالأَسْحَارِ، بَكَّاءً مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ حَتّٰى خَدَّدَ الدَّمْعُ خَدَّيْهِ.

١٤ـ إِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى شَكُوْرٌ يُحِبُّ الشَّاكِرِيْنَ، كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ، تَوَّابٌ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ، غَفُوْرٌ يَغْفِرُ لِعِبَادِهِ عَلٰى مَا كَانَ مِنْهُمْ إِذَا اسْتَغْفَرُوْا.

١٥ـ كَانَ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَالِمًا، وَرِعًا، ثِقَةً، كَثِيْرَ الْحَدِيْثِ، عَالِيًا فِي الرِّجَالِ، نَزَّاعًا إِلَى الْمَكَارِمِ، تَرَّاكًا لِلْمَحَارِمِ وَمِقْدَامًا إِذَا جَدَّ الْجِدَّ.

التمرين ـ ٢

صغ صيغ المبالغة من الأفعال الآتية وضعها في جمل مفيدة:

١ـ فاض ٢ـ ولع ٣ـ صبر ٤ـ نصح ٥ـ نمّ ٦ـ حذر ٧ـ ستر ٨ـ جال

التمرين ـ ٣

ترجم إلى العربيّة:

١ـ آپ ﷺ استقامت کا پیکر، سراپا ہدایت ربانیہ تھے اور ہمیشہ متبسّم رہتے تھے۔

٢ـ حضرت براء بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ ہتھیار بند پیش قدمی کرنے والے بہادر تھے۔

٣ـ جن صحابی کا قصہ اس کتاب میں بیان کیا گیا ہے وہ آپ ﷺ سے بڑا گہرا تعلق رکھتے تھے۔

٤ـ سخت جھگڑالو مشرک دین اسلام کی برکت سے پختہ ایمان والا خشوع وخضوع والا اللہ رب العزت سے ڈرنے والا بن سکتا ہے۔

٥ـ انسان بڑی تنگلک شخصیت کا مالک ہے جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو جزع وفزع کرنے لگتا ہے اور جب خوشی ملتی ہے تو اترانے لگتا ہے اور جب اسکے پاس کچھ مال آجاتا ہے تو بخل کرنے لگتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٤

استخرج من الآيات الآتية صيغ المبالغة وبين وزنها مع الإعراب:

نموذج: رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ إِنْ تَكُوْنُوْا صَالِحِيْنَ فَإِنَّهُ كَانَ لِلأَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا.

الأوابين: صيغة المبالغة، جمع الأواب، على وزن "فعّال"، اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جره الياء؛ لأنه جمع مذكر سالم.

غفورًا: صيغة المبالغة، على وزن "فعول"، خبر "كان" منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ - إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا. ٣ - فِيْهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

٤ - قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا. ٥ - ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ.

٦ - فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيْمٌ.

٧ - إِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ إِلَّا إِنَاثًا وَّإِنْ يَّدْعُوْنَ إِلَّا شَيْطَانًا مَّرِيْدًا.

٨ - فَإِذَا دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا.

٩ - فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا.

١٠ - لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ.

١١ - إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ. إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ. وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ. ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ.

١٢ - إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا.

التمرين - ٥

استخرج من الأحاديث الآتية صيغ المبالغة وبيّن وزنها وأفعالها:

نموذج: عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خِبٌّ وَلَا مَنَّانٌ وَلَا بَخِيْلٌ.

منّان: صيغة المبالغة، على وزن "فَعّال"، مشتق من فعل "مَنَّ".

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بخيل: صيغة المبالغة، على وزن "فَعِيْل"، مشتق من فعل "بَخِلَ".

٢ـ إنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ خَطَّاءٌ وَخَيْرُ الخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ.

٣ـ قَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يَدْخُلُ الجَنَّةَ نَمَّامٌ.

٤ـ أنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ عِنْدَ ذِكْرِ أهْلِ النَّارِ: كُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ جَمَّاعٍ مَنَّاعٍ.

٥ـ عَنْ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ المُغِيْرَةَ رضي الله عنه يَقُوْلُ: إنْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ لَيَقُوْمُ لِيُصَلِّيَ حَتّٰى تَرِمَ قَدَمَاهُ أوْسَاقَاهُ فَيُقَالُ لَهُ، فَيَقُوْلُ: أفَلَا أكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا.

٦ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ القِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ، قَالَ أبُوْمُعَاوِيَةَ: وَلَا يَنْظُرُ إلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ ألِيْمٌ، شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ.

٧ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَنْزِلُ اللّٰهُ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا لِشَطْرِ اللَّيْلِ الآخِرِ فَيَقُوْلُ: مَنْ يَدْعُوْنِي فَأسْتَجِيْبَ لَهُ أوْ يَسْألُنِي فَأُعْطِيَهِ ثُمَّ يَقُوْلُ: مَنْ يُقْرِضُ غَيْرَ عَدِيْمٍ وَلَا ظَلُوْمٍ.

٨ـ قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إذَا أحْلَلْتِ فَآذِنِيْنِي، فَآذَنْتُهُ، فَخَطَبَهَا مُعَاوِيَةُ وأبُو جَهْمٍ وَأسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أمَّا مُعَاوِيَةُ فَرَجُلٌ تَرِبٌ لَا مَالَ لَهُ وَأمَّا أبُو جَهْمٍ فَرَجُلٌ ضَرَّابٌ لِلنِّسَاءِ وَلٰكِنْ أسَامَةَ بن زيدٍ، فَقَالَتْ بِيَدِهَا هٰكَذَا: أسامةُ! أسامة! فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: طَاعَةُ اللّٰهِ وَطَاعَةُ رَسُوْلِهِ خَيْرٌ لَكِ قالت: فَتَزَوَّجْتُهُ فَاغْتَبَطْتُ.

٩ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَدْعُوْ يَقُوْلُ: رَبِّ أعِنِّي وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِي وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِي وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِي وَيَسِّرِ الهُدٰى لِي وَانْصُرْنِي عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ شَكَّارًا لَكَ ذَكَّارًا لَكَ رَهَّابًا لَكَ مِطْوَاعًا لَكَ مُخْبِتًا إلَيْكَ أوَّاهًا مُنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي وَاغْسِلْ حَوْبَتِي وَأجِبْ دَعْوَتِي وَثَبِّتْ حُجَّتِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاهْدِ قَلْبِي وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِي.

١٠ـ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ غَالِبِ بْنِ أبْجَرَ قَالَ: أصَابَتْنَا سَنَةٌ فَلَمْ يَكُنْ فِي مَالِي شَيْءٌ أُطْعِمُ أهْلِي إلَّا شَيْءٌ مِنْ حُمُرٍ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حَرَّمَ لُحُوْمَ الحُمُرِ الأهْلِيَّةِ فَأتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أصَابَتْنَا السَّنَةُ وَلَمْ يَكُنْ فِي مَالِي مَا أُطْعِمُ أهْلِي إلَّا سِمَانُ الحُمُرِ وَإنَّكَ حَرَّمْتَ لُحُوْمَ الحُمُرِ الأهْلِيَّةِ فَقَالَ: أطْعِمْ أهْلَكَ مِنْ سَمِيْنِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

حُمُرِكَ فَإِنَّمَا حَرَّمْتُهَا مِنْ أَجْلِ جَوَّالِ الْقَرْيَةِ يَعْنِي الْجَلَّالَةَ.

التمرين ـ ٦

نموذج في الإعراب:

كلب جوّال خير من أسد رابض.

كلب: مبتدأ مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

جوّال: صيغة المبالغة، على وزن "فعّال" مرفوع، صفة لـ "كلب"، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

خير: خبر مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

من: حرف جرّ، مبني على السكون، لا محل لها من الإعراب.

أسد: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

رابض: صفة لـ "أسد"، مجرور مثله، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

من أسد: الجار والمجرور متعلقان بـ "خير".

الجملة "كلب جوَّال.." ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ الكريم منحار أبله لضيوفه.

٢ ـ الكيِّس ترّاك صحبة الأشرار.

٣ ـ المؤمن صبور شكور لا نمّام ولا مغتاب ولا حقود ولا حسود.

٤ ـ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ.

٥ ـ كن ــ أيّها العربيّ ــ فعّالا لا قوّالا، مقداما لا جبانا، صبورًا على المكاره عليمًا بكلّ فن، حذرًا من دعاة الهزيمة والتردّد.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الرابع عشر

الصفة المشبهة باسم الفاعل

الأمثلة:

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رَبْعَةً وَلَيْسَ بِالطَّوِيْلِ وَلَا بِالْقَصِيْرِ حَسَنَ الْجِسْمِ وَكَانَ شَعْرُهُ لَيْسَ بِجَعْدٍ وَلَا سَبْطٍ أَسْمَرَ اللَّوْنِ إِذَا مَشٰى يَتَكَفَّأُ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا حدیث میں سرخ کلمات رَبْعَة، طَوِیْل، قَصِیْر، حَسَن، جَعْد، سَبْط، أَسْمَر پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے ہر وصف درج ذیل امور پر دلالت کرتا ہے:

ا۔ معنی مجرد یعنی وصف یا صفت پر دلالت کرتا ہے، مثلاً: حُسْن، قِصَر (خوبصورت یا چھوٹے قد کا ہونا) وغیرہ۔

۲۔ ذات: یعنی وہ ذات جو اس وصف سے متصف ہو، جیسے مندرجہ بالا حدیث میں حضور ﷺ کی ذات مبارک۔

۳۔ اس وصف کا ثبوت اس ذات کے لئے ہر زمانے میں پایا جاتا ہے یعنی یہ وصف عارضی نہ ہو کہ کچھ عرصے کے بعد زائل ہو جائے، بلکہ اپنے موصوف میں مستقل طور پر پایا جاتا ہو۔ ہر وہ اسم جس میں یہ امور موجود ہوں صفة مشبهة کہلاتا ہے۔

صفة مشبهة وہ اسم مشتق ہے جو فعل ثلاثی لازم متصرف کے مصدر سے بنتا ہے اور اس ذات پر دلالت کرتا ہے جس میں مصدری معنی مستقل طور پر پایا جاتا ہو۔

ألف: أقسام الصفة المشبهة

صفة مشبهة کے صیغے مختلف اوزان پر آتے ہیں جن میں سے زیادہ سماعی ہیں اور چند قیاسی ہیں۔ قیاسی اوزان تین قسم کے ہیں: ١۔ الأصيل ٢۔ الملحق بالأصيل من غير التأويل ٣۔ الجامد المؤول بالمشتق.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الأصيل

یہ صفة مشبھة کی وہ قسم ہے جو فعل ثلاثی لازم متصرف کے مصدر سے مشتق ہوتی ہے اور بغیر کسی قرینہ اور تأویل کے فعل کے دائمی معنی پر دلالت کرتی ہے اسی لیے اس کو اصیل یعنی بنیادی قسم کہا جاتا ہے۔

الأمثلة:

(أ)

١ ـ وَقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ. (فَعِلٌ)

٢ ـ الدَّجَّالُ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى. (أَفْعَلُ)

٣ ـ قال تعالى: قَالَ إِنَّهُ يَقُوْلُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِيْنَ. (فَعْلَاءُ)

٤ ـ قال تعالى: فَرَجَعَ مُوْسٰى إِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ أَسِفًا. (فَعْلَانُ)

(ب)

٥ ـ قال تعالى: ذُقْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ. (فَعِيْلٌ)

٦ ـ قال تعالى: وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ. (فَعْلٌ)

٧ ـ الْمُسْلِمُ شُجَاعٌ عِنْدَ لِقَاءِ الْعَدُوِّ. (فُعَالٌ)

٨ ـ قال تعالى: قَالَ إِنَّهُ يَقُوْلُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ. (فَعَالٌ)

٩ ـ قال تعالى: مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ. (فَعَلٌ)

١٠ ـ قال تعالى: أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَّقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا. (فُعْلٌ)

(ج)

١١ ـ قال تعالى: إِنَّكَ مَيِّتٌ وَّإِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ. (فَيْعِلٌ)

١٢ ـ سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ. (فَيْعِلٌ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام سرخ کلمات ایسے افعال ماضیہ کے مصادر سے مشتق ہیں جو کہ ثلاثی لازم اور متصرف ہیں۔ اگر فعل ماضی فَعِلَ کے وزن پر ہو تو الصفة المشبهة تین اوزان پر آتی ہے:

۱۔ فَعِل ۲۔ أفعل ۳۔ فَعْلان

۱۔ فَعِلٌ (مؤنثه فَعِلَةٌ):

اگر فعل ماضی ثلاثی لازم خوشی یا غم یا کسی ایسی حالت پر دلالت کرے جو کہ وقتاً فوقتاً طاری ہوتی ہے اور پھر تیزی سے زائل ہو جاتی ہے تو صفة مشبهة فَعِلٌ کے وزن پر آتی ہے، جیسے: جملہ۱۔ وَقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ میں صفة مشبهة وَجِلَةٌ فَعِل کے وزن پر ہے اور یہ ایک ایسی حالت (یعنی خوف) پر دلالت کرتی ہے جو کہ انسان پر آتی جاتی رہتی ہے۔

۲۔ أَفْعَل (مؤنثه فَعْلاء):

اگر فعل کسی ایسے امر طبعی یا فطری (یعنی رنگ، عیب، حلیہ) پر دلالت کرے جس میں دوام پایا جاتا ہے تو صفة مشبهة أفعل کے وزن پر آتی ہے، جیسے: جملہ۲۔ الدجال أعور العين اليمنٰى میں صفة مشبهة أعور أفعل کے وزن پر ہے اور یہ ایسا عیب ہے جس میں دوام پایا جاتا ہے۔ جب أفعل کا وزن اسم التفضيل کے لئے آئے تو اس کا مؤنث فُعلى کے وزن پر آتا ہے اور اسے أفعل التفضيل کہتے ہیں اور جب صفة مشبهة کے لئے آئے تو اس کا مؤنث فعلاء کے وزن پر آتا ہے اور اسے أفعل الصفة کہتے ہیں۔

۳۔ فَعْلَان (مؤنثه فَعلى):

اگر فعل کسی ہیجانی کیفیت، اضطراب یا کسی ایسی حالت پر دلالت کرے جس میں خالی پن (خُــلُــوّ) یا بھرنے (امتلاء) کے معنی پائے جاتے ہیں جو وقتاً فوقتاً طاری ہوتی ہو اور پھر تیزی سے زائل نہ ہوتی ہو، تو صفة مشبهة فعلان کے وزن پر آتی ہے، جیسے: جملہ۳۔ رجع موسى إلى قومه غضبان أسفًا میں صفة مشبهة غضبان[1] فَعلان کے وزن پر ہے اور اضطرابی کیفیت پر دلالت کر رہی ہے۔

(۱) صفة مشبهة غضبان میں غضب ایک ایسا باطنی وصف ہے جو کہ انسان کی فطرت میں ہر وقت موجود ہوتا ہے لیکن اس کا اظہار وقتاً فوقتاً ہوتا ہے، بخلاف اسم الفاعل (غاضب) کہ اس میں فعل کے معنی کا وقتی طور پر حدوث اور صدور ہوتا ہے، جیسے: جالس ایک وقتی وصف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اگرفعل ماضی فَعُل کے وزن پر ہوتو الصفة المشبهة بہت سے اوزان پر آتی ہے۔جن میں سے مشہوراوزان یہ ہیں: فَعِيْلٌ، فَعْلٌ، فُعَالٌ، فَعَالٌ، فَعَلٌ، فُعْلٌ، فاعل۔

اگرفعل ماضی فَعَلَ کے وزن پر ہوتو صفة مشبهة فَيْعِل کے وزن پر آتی ہےاور یہ صفة مشبهة کا سب سے کم استعمال ہونے والا وزن ہے، جیسے جملہ ۱۱ اور ۱۲ میں صفة مشبهة ميّت اور سيّد فَيْعِل کے وزن پر آئی ہے۔

الملحق بالأصيل من غير التأويل

الأمثلة:

١ ـ قال تعالى: إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ.

٢ ـ إِنَّ الْمَظْلُوْمَ مُسْتَجَابُ الدَّعْوَةِ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ صفة مشبهة اسم الفاعل اور اسم المفعول کے وزن پر بھی آتی ہے لیکن دو شرطوں کے ساتھ:

۱۔ جب اسم الفاعل اور اسم المفعول دائمی معنی پر دلالت کرتے ہوں۔

۲۔ اسم فاعل ہونے کی صورت میں یہ اپنے فاعل اور اسم مفعول کی صورت میں اپنے نائب الفاعل کی طرف مضاف ہو، جیسے: جملہ ا۔ میں اسم فاعل واسع اپنے فاعل المغفرة کی طرف مضاف ہے اور دائمی معنی پر دلالت کرتا ہے۔اسی طرح جملہ۲۔ میں اسم مفعول مستجاب اپنے نائب الفاعل الدعوة کی طرف مضاف ہے اور دوام پر دلالت کر رہا ہے۔

الجامد المؤوّل بالمشتق

الأمثلة:

١ ـ انْتَصَرَ الْمَلِكُ الأَسَدُ جُنْدُهُ.

٢ ـ أَعْجَبَتْنِي الْفَتَاةُ الْقَمَرُ وَجْهُهَا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں میں صفة المشبهة اسم جامد کی صورت میں وارد ہوئی ہے۔اسم جامد دوشرطوں کے ساتھ صفة مشبهة بن کر آتا ہے:

۱۔جب وہ دائمی معنی پر دلالت کرے۔

۲۔اس کی تأویل اسم مشتق سے کی جاسکتی ہو، جیسے: جملہ۱۔ میں الأسد اسم جامد ہے جو دائمی معنی پر دلالت کر رہا ہے اور اس کی تأویل اسم مشتق الشجاع سے کی جاسکتی ہے اسی طرح جملہ۲۔ میں القمر کی تأویل صفة مشبهة الجميل سے کی جاسکتی ہے اور یہ دائمی معنی پر دلالت کرتا ہے۔

قواعد:

۱۔صفة مشبهة وہ اسم مشتق ہے جو فعل ثلاثی لازم متصرف کے مصدر سے بنتی ہے اور اس ذات پر دلالت کرتی ہے جس میں مصدری معنی مستقل اور مستحکم طور پر پائے جاتے ہوں۔

۲۔صفة مشبهة کے قیاسی اوزان تین قسم کے ہیں:

۱۔ المحلق بالأصيل:

(الف) اگر فعل ماضی فَعِلَ کے وزن پر ہو تو صفة مشبهة مندرجہ ذیل تین اوزان پر آتی ہے:

۱۔فَعِلٌ (مؤنثه: فَعِلَةٌ) کسی ایسی کیفیت پر دلالت کرے جو وقتاً فوقتاً طاری ہو اور پھر تیزی سے زائل ہو۔

۲۔أفْعَلُ (مؤنثه: فَعْلاءُ) جب ایسے امر طبعی یا فطری پر دلالت کرے جس میں دوام پایا جائے۔

۳۔ فَعْلانُ (مؤنثه: فَعْلَى) جب ایسی حالت پر دلالت کرے جو وقتاً فوقتاً طاری ہو اور پھر آہستگی سے زائل ہو۔

(ب) اگر فعل ماضی فَعُلَ کے وزن پر ہو تو صفة مشبهة بہت سے اوزان پر آتی ہے جن میں سے مشہور اوزان یہ ہیں: فَعِيل، فَعْل، فُعَال، فَعَال، فَعَل، فُعْل۔

(ج) اگر فعل ماضی فَعَلَ کے وزن پر ہو تو صفة مشبهة فَيْعِل کے وزن پر آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۲۔ الملحق بالأصيل من غير التأويل:

صفة مشبهة اسم فاعل اور اسم مفعول کے وزن پر بھی آتی ہے لیکن دو شرطوں کے ساتھ:

ا۔ جب اسم فاعل اور اسم مفعول دائمی معنی پر دلالت کرتے ہوں۔

۲۔ اسم فاعل کی صورت میں یہ اپنے فاعل اور اسم مفعول کی صورت میں اپنے نائب الفاعل کی طرف مضاف ہو۔

۳۔ الجامد المؤول بالمشتق:

صفة مشبهة اسم جامد کی صورت میں بھی واقع ہوتی ہے جب وہ دائمی معنی پر دلالت کرے اور اس کی تأویل اسم مشتق سے کی جاسکتی ہو۔

ب: أوجه الموافقة والمخالفة بين الصفة المشبهة وبين اسم الفاعل المتعدي لواحد

أوجه الموافقة:

صفة مشبهة مندرجہ ذیل امور میں اسم فاعل کے مشابہ ہوتی ہے۔ اسی لئے اسے الصفة المشبهة باسم الفاعل کہتے ہیں:

ا۔ صفة مشبهة اسم فاعل کی طرح مشتقات میں سے ہے۔

۲۔ اسم فاعل کی طرح مفرد، مثنی، جمع اور مذکر ومؤنث واقع ہوتی ہے۔

۳۔ اسم فاعل کی طرح فعل کا عمل بھی کرتی ہے۔

أوجه المخالفة:

ا۔ صفة مشبهة صرف فعل لازم کے مصدر سے ہی مشتق ہوتی ہے جب کہ اسم فاعل فعل لازم اور متعدی دونوں کے مصادر سے مشتق ہوتا ہے۔

۲۔ صفة مشبهة کے بہت سے قیاسی اور سماعی صیغے ہیں جبکہ اسم فاعل کا صرف ایک ہی قیاسی صیغہ [1] ہے۔

(۱) فعل ثلاثی سے اسم فاعل "فاعل" کے وزن پر آتا ہے اور جو افعال مزید بحرف یا حرفین ہیں ان کا اسم فاعل اسکے مضارع (یعنی حرف مضارع کو میم مضموم سے بدلنے اور کسر ما قبل الآخر) کے وزن پر بنتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔اسم فاعل میں وقتی طور پر فعل کے معنی پائے جاتے ہیں جبکہ صفة مشبهة میں فعل کے معنی مستقل طور پر پائے جاتے ہیں، جیسے: عَلِيٌّ جَالِسٌ میں جَالِسٌ اسم فاعل ہے اور ایک وقتی وصف ہے۔ جب تک وہ بیٹھا ہے اس وقت تک اس پر جالس کا وصف صادق آئے گا جب کہ عَلِيٌّ حَسَنٌ میں صفة مشبهة حَسَنٌ وقتی نہیں بلکہ دائمی ہے۔

۴۔اسم فاعل کا معمول اپنے عامل سے مقدم ہوسکتا ہے، جیسے: عمرو أخاه ضاربٌ میں ضارب کا معمول أخاه اس پر مقدم ہے۔ اس کے برخلاف صفة مشبهة کا معمول اس سے مقدم نہیں ہوسکتا، لہذا یہ کہنا صحیح نہیں زید وجهَه حسنٌ۔

۵۔اسم فاعل کا معمول سببی[1] بھی ہوتا ہے جیسے: مررت بامرأةٍ ضاربةٍ ولدَها اور اجنبی بھی جیسے: مررت بامرأةٍ ضاربةٍ ولدًا جبکہ صفة مشبهة کا معمول صرف سببی ہی ہوتا ہے۔ سببی سے مراد مندرجہ ذیل تین امور میں سے کسی ایک امر کا پایا جانا ہے:

۱۔اسکا معمول ایسی ضمیر سے متصل ہو جو موصوف کی طرف لوٹ رہی ہو، جیسے: زَيْدٌ كَرِيْمٌ خُلُقُهُ۔

۲۔اس کے معمول پر "أل" داخل ہو جو ضمیر کے قائم مقام ہوتا ہے، جیسے: زَيْدٌ كَرِيْمُ الخُلُقِ۔

۳۔اس کے معمول کے ساتھ ایسی ضمیر مقدر ہو جو موصوف کی طرف لوٹ رہی ہو، جیسے: زَيْدٌ كَرِيْمٌ خُلُقًا، اس میں معمول خُلُقًا کے ساتھ ایک ضمیر مقدر ہے جسکی تقدیر یوں ہوگی: زَيْدٌ كَرِيْمٌ خُلُقًا مِنْهُ۔

ج: إعمال الصفة المشبهة

الأمثلة:

١ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ الطَّبْعُ/ طَبْعُهُ.　　٢ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمٌ الطَّبْعُ/ طَبْعُهُ.

٣ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ الطَّبْعَ.　　٤ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمٌ الطَّبْعَ.

٥ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ طَبْعًا.　　٦ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمٌ طَبْعًا.

٧ ـ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ كَرِيْمُ الطَّبْعِ/ طَبْعِ الأَبِ/ طَبْعِهِ.

(۱) سببی وہ اسم ظاہر ہے جس کا تعلق اپنے موصوف کے ساتھ ایک ضمیر متصل کے ذریعے ہوتا ہے چاہے یہ تعلق لفظی ہو یا معنوی۔ لفظی تعلق کی مثال: زيد كريم خلقه، معنوی تعلق کی مثال: زيد كريم الخلق۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٨۔ إِنَّمَا يَحْظَى عِنْدَ النَّاسِ الْكَرِيْمُ الطَّبْعِ/طَبْعَ الأَبِ

شرح وتفصیل:

صـفة مشبهة فعل ثلاثی لازم کے مصدر سے مشتق ہوتی ہے، لہذا ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ یہ اپنے فاعل کو مرفوع کرتی اور مفعول بہ کو منصوب نہ کرتی، جیسے فعل لازم صرف فاعل کو ہی مرفوع کرتا ہے، لیکن صفة مشبهة اس قاعدے سے ہٹ کر اسم الفاعل المتعدي لواحد کی طرح عمل کرتی ہے یعنی اپنے فاعل کو مرفوع کرنے کے ساتھ ساتھ مفعول بہ کو بھی منصوب کرتی ہے چنانچہ صـفة مشبهة کا معمول منصوب بھی واقع ہوتا ہے اور اس صورت میں یہ معمول مفعول بہ نہیں کہلاتا، بلکہ شبیه بالمفعول به یعنی مفعول بہ سے مشابہ کہلاتا ہے (۱)۔

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ الصفة المشبهة کے معمول کی تین صورتیں ہیں:

١۔ معمول الصفة المشبهة في حالة الرفع:

اس کا معمول فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱ اور ۲ میں الـصـفة المشبهة الـكـريم اپنے فاعل الطبع کو مرفوع کر رہا ہے۔

٢۔ معمول الصفة المشبهة في حالة النصب:

اسکا معمول دوصورتوں میں منصوب ہوتا ہے۔

ا۔ اگر معمول معرفہ ہو تو مفعول بہ سے مشابہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے، جیسے جملہ ۳۔ میں الصفة المشبهة الكريم اپنے معمول الطبع کو منصوب کر رہی ہے۔

۲۔ اگر معمول نکرہ ہو تو اسکے اعراب کی دوصورتیں ہیں یا تو یہ شبيـه بـالـمفعول به ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے یا تمییز ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے، جیسے جملہ ۵۔ میں الصفة المشبهة الكريم اپنے معمول طبعًا کو منصوب کر رہی ہے اور اس کو شبيه بالمفعول به بھی کہہ سکتے ہیں اور تمییز بھی۔ جملہ ٦ میں بھی یہی عمل نمایاں ہے۔

(۱) مـعـمـول الـصفة المشبهة کو نصب کی حالت میں مفعول بہ اس لئے نہیں کہا جاتا کیونکہ مفعول بہ وہ اسم ہوتا ہے جس پر کام کیا گیا ہو جبکہ مـعـمـول الـصفة المشبهة اس ذات کے قائم مقام ہوتا ہے جو اس وصف سے متصف ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ معمول الصفة المشبهة في حالة الجر:

اسکا معمول اضافت [۱] کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے، جیسے جملہ ۷۔ میں صفة مشبهة الكريم اپنے معمول کی طرف مضاف ہے جس کی وجہ سے اسکا معمول الطبع [۲] مجرور ہو رہا ہے۔ جملہ ۸ میں بھی یہی عمل ہو رہا ہے [۳]۔

قواعد:

الصفة المشبهة کے معمول کی تین حالتیں ہیں:

۱۔ اسکا معمول فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع ہوتا ہے۔

۲۔ اگر معمول معرفہ ہو تو شبيه بالمفعول به ہونے کی وجہ سے منصوب واقع ہوتا ہے۔ اور اگر نکرہ ہو تو شبيه بالمفعول به یا تمییز ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے۔

۳۔ اسکا معمول اضافت کی وجہ سے مجرور واقع ہوتا ہے۔

التمرين - ١

استخرج كل صفة مشبهة فيما يأتي وبين موقع المعمول من الإعراب والأوجه الممتنعة في صورة الإضافة إن وجدت:

نموذج: كان النبي ﷺ متواصل الأحزان دائم الفكرة ليست له راحة طويل السكت.

متواصل: صفة مشبهة، مضافة إلى معمولها. الأحزان: معمول الصفة المشبهة، مجرور لفظا؛ ومرفوع حكما؛ لأنه فاعل. دائم: صفة مشبهة، مضافة إلى معمولها. الفكرة: معمول الصفة المشبهة، مجرور لفظا، مرفوع حكما؛ لأنه فاعل. طويل: صفة مشبهة، مضافة إلى معمولها. السكت: معمول الصفة المشبهة، مجرور لفظا، مرفوع حكما؛ لأنه فاعل.

(۱) صفة مشبهة کی اپنے معمول کی طرف اضافت دو صورتوں میں جائز نہیں: ۱۔ جب الصفة المشبهة پر "أل" داخل ہو اور اس کا معمول "أل" سے خالی ہو جیسے: الكريمُ طبعه، الكريمُ طبعٍ۔ ۲۔ جب صفة مشبهة پر "أل" داخل ہو اور اس کا معمول "أل" سے خالی ہو اور اس کی اضافت ایسے اسم کی طرف بھی نہ ہو جس پر "أل" داخل ہو جیسے: الكَرِيمُ طَبْعِ أبٍ۔

(۲) الطبع اضافت کی وجہ سے مجرور واقع ہوا ہے جبکہ حقیقت میں اسے فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع ہونا چاہئے چنانچہ اس کے اعراب یوں ہونگے: الطبع: مجرور لفظًا لأنه مضاف إليه ومرفوع حكمًا لأنه فاعل للصفة المشبهة۔

(۳) عربی زبان میں صفة مشبهة کی اپنے معمول کی طرف اضافت کا اسلوب سب سے زیادہ استعمال ہونے والا اور بہتر اسلوب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢ ـ إن القرآن صريح نصه في حرمة الخمر.

٣ ـ الأم هي التي تنشئ الطفل على الحميد الخصال والكريم الأخلاق.

٤ ـ إن الكتاب "حياة الصحابة" الحافل البديع كتاب عديم النظير في بابه.

٥ ـ يهدف الإسلام أن يكون الإنسان مثلاً صالحًا شريف الشمائل، حميدًا السجايا.

٦ ـ من أبرز صفات المؤمن أن يكون بعيدًا نظرًا في نشر رفد الإسلام وخيراته في العالم.

٧ ـ كان الإمام أبو عبد الله محمد بن إسماعيل البخاري رحمه الله عفيف اللسان رقيق النقد.

٨ ـ لا بد لطالب العلم أن يكون عظيمًا شغفه بالسيرة النبوية وأخبار الصحابة رضي الله عنهم.

٩ ـ يقف المؤمن موجها قلبه إلى ربه خمس مرات في اليوم نظيف الظاهر طاهر الباطن مثنيًا عليه بما هو أهله.

١٠ ـ كان الإمام أبو حنيفة رحمه الله سديدا رأيه، دقيقًا نظره في الفقه، لطيفًا استخراجه في العلم والعمل والبحث.

١١ ـ كان رسول اللهِ ﷺ دائم البشر، سهل الخلق، لين الجانب ليس بفظ ولا غليظ ولا صخاب ولا فحاش ولا عياب ولا مشاح.

١٢ ـ كان الخليفة عبد الله المأمون الفصيح اللسان والحاضر البديهة والقوي الحجة من مفاخر الدولة العباسية علمًا وفضلاً وسياسةً.

١٣ ـ كان السلطان الناصر صلاح الدين الأيوبي عالي الهمة، عظيم المروءة، قوي العزيمة، يسارع إلى نجدة المستنجدين ولو كانوا من خصومه.

التمرين ـ ٢

هات الصفة المشبهة من كل فعل من الأفعال الآتية:

١ ـ رَقَّ	٢ ـ حَلَا	٣ ـ شَرُفَ	٤ ـ رَوِيَ	٥ ـ جَزُلَ	٦ ـ ارْتَفَعَ	٧ ـ نَبِهَ
٨ ـ بَطُلَ	٩ ـ قَوِيَ	١٠ ـ تَوَقَّدَ	١١ ـ صَدَقَ	١٢ ـ ذَرِبَ	١٣ ـ لَانَ	١٤ ـ يَقِظَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٥ـ رَحُبَ ١٦ـ فَطِنَ ١٧ـ شَهُمَ ١٨ـ حَمِرَ ١٩ـ جَبُنَ ٢٠ـ لَسِنَ

التمرين ـ ٣

استخرج من الآيات التالية كل صفة مشبهة وبين وزنها:

نموذج: فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ.

فَظًّا: صفة مشبهة، على وزن "فَعْلٍ". غليظ: صفة مشبهة، على وزن "فَعِيْل".

٢ـ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاءً.

٣ـ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهِ أَعْمٰى فَهُوَ فِي الآخِرَةِ أَعْمٰى وَأَضَلُّ سَبِيْلًا.

٤ـ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ.

٥ـ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ رَبِّهِ وَالَّذِي خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا.

٦ـ فَأَلْقٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ وَّنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِيْنَ.

٧ـ وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا.

٨ـ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّي فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا.

٩ـ حَتّٰى إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا.

١٠ـ يَقُوْلُوْنَ أَإِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً قَالُوْا تِلْكَ إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ.

١١ـ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ.

١٢ـ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ.

١٣ـ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيْمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيْمٍ عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ.

١٤ـ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا.

١٥ـ يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثٰى بِالْأُنْثٰى.

١٦ـ فَكَذَّبُوْهُ فَأَنْجَيْنَاهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِآيَاتِنَا إِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ (١).

(١) جمع عمٍ

محكم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٧ ـ فَمَن يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلإِسْلَامِ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ.

التمرين ـ ٤

استخرج من الأحاديث الآتية الصفة المشبّهة وبيّن وزنها:

نموذج: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلاً سَمْحًا إِذَا بَاعَ وَإِذَا اشْتَرٰى وَإِذَا اقْتَضٰى.

سمحًا: صفة مشبهة، على وزن "فَعْل".

٢ ـ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا وَلَوْ أَنْ تَلْقٰى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ.

٣ ـ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: الْعَبْدُ إِذَا نَصَحَ سَيِّدَهُ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ كَانَ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ.

٤ ـ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ وَقَالَ: يَدُ اللّٰهِ مَلْأٰى لَا تُغِيْضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارَ.

٥ ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ أَنْسَابَكُمْ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِسِبَابٍ عَلٰى أَحَدٍ وَإِنَّمَا أَنْتُمْ وَلَدُ آدَمَ طَفُّ الصَّاعِ لَمْ تَمْلَئُوْهُ لَيْسَ لِأَحَدٍ فَضْلٌ إِلَّا بِالدِّيْنِ أَوْعَمَلٍ صَالِحٍ حَسْبُ الرَّجُلِ أَنْ يَكُوْنَ فَاحِشًا بَذِيًّا بَخِيْلاً جَبَانًا.

٦ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَقِيْتُ إِبْرَاهِيْمَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! أَقْرِئْ أُمَّتَكَ مِنِّي السَّلَامَ وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَاءِ وَأَنَّهَا قِيْعَانٌ وَأَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

٧ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ لَهُ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِي بِشِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا مَالُكَ أَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا ﴿لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ﴾.

٨ ـ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: كَرَمُ الْمُؤْمِنِ تَقْوَاهُ وَدِيْنُهُ حَسَبُهُ وَمُرُوْءَتُهُ خُلُقُهُ وَالْجُرْأَةُ وَالْجُبْنُ غَرَائِزُ يَضَعُهَا اللّٰهُ حَيْثُ شَاءَ فَالْجَبَانُ يَفِرُّ عَنْ أَبِيْهِ وَأُمِّهِ وَالْجَرِيْءُ يُقَاتِلُ عَمَّا لَا يَؤُوْبُ بِهِ إِلٰى رَحْلِهِ وَالْقَتْلُ حَتْفٌ مِنَ الْحُتُوْفِ وَالشَّهِيْدُ مَنِ احْتَسَبَ نَفْسَهُ عَلَى اللّٰهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٩ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلَى قَافِيَةِ رَأْسِ أَحَدِكُمْ إِذَا هُوَ نَامَ ثَلَاثَ عُقَدٍ يَضْرِبُ كُلَّ عُقْدَةٍ عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ فَإِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَإِنْ تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَإِنْ صَلَّى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَأَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ وَإِلَّا أَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ.

١٠ـ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ شَيْءٍ أَشَدُّ بَلَاءً قَالَ: الأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الأَمْثَلُ فَالأَمْثَلُ فَيُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلَى حَسَبِ دِيْنِهِ فَإِنْ كَانَ دِيْنُهُ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلَاءُهُ وَإِنْ كَانَ فِي دِيْنِهِ رِقَّةٌ ابْتُلِيَ عَلَى حَسَبِ دِيْنِهِ فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالعَبْدِ حَتَّى يَتْرُكَهُ يَمْشِي عَلَى الأَرْضِ مَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ.

١١ـ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ قَالَ: هٰذَا الْمَالُ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ قَالَ لِي حَكِيْمُ: إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِطِيْبِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى.

١٢ـ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي عَمَلًا يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ فَقَالَ: لَئِنْ كُنْتَ أَقْصَرْتَ الْخُطْبَةَ لَقَدْ أَعْرَضْتَ الْمَسْأَلَةَ أَعْتِقِ النَّسَمَةَ وَفُكَّ الرَّقَبَةَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوَ لَيْسَتَا بِوَاحِدَةٍ قَالَ: لَا إِنَّ عِتْقَ النَّسَمَةِ أَنْ تَفَرَّدَ بِعِتْقِهَا وَفَكَّ الرَّقَبَةِ أَنْ تُعِيْنَ فِي عِتْقِهَا وَالْمِنْحَةُ الْوَكُوْفُ وَالْفَيْءُ عَلَى ذِي الرَّحِمِ الظَّالِمِ فَإِنْ لَمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَأَطْعِمِ الْجَائِعَ وَاسْقِ الظَّمْآنَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ فَإِنْ لَمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَكُفَّ لِسَانَكَ إِلَّا مِنَ الْخَيْرِ.

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

١ـ زيدٌ شديد اشتغاله بمطالعة كتب السيرة والتاريخ.

زيدٌ: مبتدأ، مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

شديد: خبر مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

اشتغاله: اشتغالُ: فاعلٌ للصفة المشبّهة، مرفوع، وعلامة الرفع الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ه: ضميرٌ متصل، مبني على الضم، في محل جر بالإضافة، مضافٌ إليه.

بمطالعة: بـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب،

مطالعة: اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره، وهو مضاف والجار والمجرور متعلقان بالفاعل "اشتغال".

كتب: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره، وهو مضاف.

السيرة: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره.

و: عاطفة مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب.

التاريخ: اسم معطوف على "السيرة"، مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره.

والجملة "زيد شديد اشتغاله...": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ يُعجب الناسَ اللينُ عريكةً.

يعجب: فعلٌ مضارعٌ، مرفوع؛ لتجرده من الناصب والجازم، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

الناس: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

اللين: فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

عريكة: تمييز منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

والجملة "يعجب الناس .....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتيه:

١ ـ لا تُصاحب السيء خُلُقًا.

٢ ـ إنّ الرقيق القلب محبوب.

٣ ـ كلمة الحق بليغة أثرًا في القلوب.

٤ ـ نعم المرء الطلق وجهه الحلو كلامه.

٥ ـ إنّ المؤمن القوي علِيّ الهمّة قوي العظيمة.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الخامس عشر

ألف: اسم التفضيل

الأمثلة:

١ ـ قال تعالى: وَأَخِيْ هَارُوْنُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا.

٢ ـ قال تعالى: وَ نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ.

٣ ـ قال تعالى: إِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَأَخُوْهُ أَحَبُّ إِلى أَبِيْنَا مِنَّا.

٤ ـ قال تعالى: لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُوْنَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام ملون کلمات أَفْصَحُ، أَقْرَبُ، أَحَبُّ اور خَيْرٌ اوصاف ہیں اور بیک وقت مندرجہ ذیل تین امور پر دلالت کرتے ہیں:

ا۔ دو فرد ایک ہی وصف میں مشترک ہیں۔

۲۔ مشترک وصف ایک فرد کی بنسبت دوسرے فرد میں زیادہ ہے۔ جس ذات میں وصف کی نسبت زیادہ ہوا سے مُـفَـضَّـل اور جس میں کم ہوا سے مُفَضَّل عليه یا مفضول کہتے ہیں۔ یہ اوصاف اچھائی پر بھی دلالت کر سکتے ہیں اور برائی پر بھی۔

۳۔ یہ وصف أفضل کے وزن پر ہے، چنانچہ جملہ ا۔ وَأَخِي هَارُوْنُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا میں اسم تفضیل أفصح أفْعَل کے وزن پر ہے اور اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام اور انکے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام دونوں میں فصاحت کا وصف مشترک ہے، لیکن اس اسلوب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ فصاحت کا وصف حضرت موسی علیہ السلام کی بنسبت انکے بھائی ہارون علیہ السلام میں زیادہ پایا جاتا ہے چنانچہ اس مثال میں حضرت ہارون علیہ السلام مُـفَـضَّـل اور حضرت موسی علیہ السلام مُفَضَّل عليه (مفضول) ہیں۔ اسی پر أقرب اور أحبّ کو قیاس کریں۔

جملہ ۴۔ لمغفرة من الله ورحمة خير مما يجمعون میں خیر اسم تفضیل کے طور پر استعمال ہوا ہے (یعنی اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کی مغفرت اور رحمت اس سے بدرجہا بہتر ہے جو یہ جمع کر رہے ہیں)[1]۔

ما يصاغ منه اسم التفضيل

الأمثلة:

١ ـ قال تعالى: ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّأَحْسَنُ تَأْوِيْلًا.

٢ ـ قال تعالى: وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَقُّ أن يُّرْضُوْهُ.

٣ ـ عَائِشَةُ أَشَدُّ سُمْرَةً مِنْ أُخْتِهَا.

٤ ـ انْظُرُوْا إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا إِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ أَجْدَرُ أن لَا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ.

٥ ـ العَمَلُ أَوْلٰى أَنْ يَكُوْنَ مَقْبُوْلًا إِذَا وَافَقَ السُّنَّةَ.

٦ ـ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَحَقُّ أَنْ يُخْشٰى وَيُطَاعَ.

شرح وتفصیل:

اسم تفضیل اس فعل سے بنتا ہے جس میں درج ذیل صفات پائی جائیں:

ا۔فعل ماضی ہو، ۲۔ثلاثی ہو، ۳۔متصرف ہو جامد نہ ہو، ۴۔جس وصف پر فعل دلالت کرتا ہو وہ تفاضل کے قابل ہو، تاکہ اس میں تفضیل کے معنی پائے جائیں، ۵۔مثبت ہو منفی نہ ہو، ٦۔تام ہو ناقص نہ ہو، ۷۔ مبني للمعلوم ہو مجهول نہ ہو، ۸۔اس فعل سے صفۃ مشبہ أفعل کے وزن پر نہ آتی ہو۔

چنانچہ اگر فعل جامد ہو متصرف نہ ہو، جیسے: لَيْسَ، عَسٰى وغيرهما یا ایسا فعل ہو جس میں تفاضل اور تفاوت موجود نہ ہو، جیسے: فَنِيَ، مَاتَ وغیرھما تو اسکو تفضیل کے اسلوب میں کسی طرح بھی استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

اگر فعل تین سے زائد حروف پر مشتمل ہو یا اس فعل سے صفۃ مشبہ أفْعَل کے وزن پر آتی ہو تو اس کو تفضیل کے اسلوب میں استعمال کرنے کے دو طریقے ہیں:

(١) اسم مناسب على وزن أفعل + مصدر صريح للفعل منصوبًا على أنه تمييز = أسلوب التفضيل

(۱) اصل میں یہ أفعل کے وزن پر "أخير" تھا لیکن اسکا ہمزہ آسانی کی وجہ سے گرا دیا گیا ہے اور یہ "خير" بن گیا اور اسی طرح کلمہ "شر" ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(۲) اسم مناسب علی وزن أفعل + مصدر مؤول = أسلوب التفضیل

یعنی أفعل کے وزن پر ایک مناسب اسم تفضیل لا کر اس فعل کا مصدر صریح یا مصدر مؤول لایا جائے، جیسے: جملہ۱۔ ذلك خیر وأحسن تأویلاً میں تأویلاً ایسے فعل أوّل کا مصدر ہے جو چار حروف پر مشتمل ہے۔ اس لئے اس فعل سے اسم تفضیل کا صیغہ براہ راست نہیں بن سکتا، لہذا اس فعل کو تفضیل کے اسلوب میں استعمال کرنے کے لئے أفعل کے وزن پر مناسب اسم أحسن اور پھر فعل مطلوب کا مصدر صریح تأویلا استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح جملہ۲۔ واللّٰه ورسوله أحق أنْ یرضوہ میں أفعل کے وزن پر أحق لانے کے بعد مصدر مؤول استعمال کیا گیا ہے۔ جملہ۳۔ عائشة أشد سمرة من أختها میں سمرة ایسے فعل کا مصدر ہے جس سے صفہ مشبہہ أفعل کے وزن پر أسمر مشتق ہوتی ہے، لہذا مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق أفعل کے وزن پر أشد اور اس کے بعد فعل مطلوب کا مصدر صریح سمرة استعمال ہوا ہے۔

اگر فعل منفی یا ناقص ہو یا مبني للمجهول ہو تو اس کو تفضیل کے اسلوب میں استعمال کرنے کا صرف ایک طریقہ ہے جو درج ذیل ہے: اسم مناسب علی وزن أفعل + المصدر المؤول = أسلوب التفضیل

یعنی أفعل کے وزن پر ایک مناسب اسم تفضیل کے بعد مطلوب فعل کا مصدر مؤول لایا جائے، جیسے جملہ۴۔ انظُروا إلی من هو أسفل منکم ولا تنظروا إلی من هو فوقکم فهو أجدر أن لا تزدروا نعمة اللّٰه میں فعل لا تزدروا منفی ہے اس لئے أفعل کے وزن پر أجدر لا کر اس کے بعد مصدر مؤول أن لا تزدروا نعمة اللّٰه استعمال کیا گیا ہے۔ اسی طرح جملہ۵۔ العمل أولی أن یکون مقبولاً إذا وافق السنّة میں فعل یکون ناقص ہے اسی لئے أفعل کے وزن پر أولی لا کر اس کے بعد مصدر مؤول لایا گیا ہے۔ اسی طرح جملہ۶۔ إنّ اللّٰه تعالی أحق أن یُخشی ویُطاع میں فعل یخشی مبني للمجهول ہے اس لئے اس کو مذکورہ بالا طریقہ پر تفضیل کے اسلوب میں استعمال کیا گیا ہے۔

قواعد:

۱۔ اسم تفضیل ایسا وصف مشتق ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ دو فرد ایک ہی وصف میں مشترک ہیں اور یہ مشترک وصف ایک کی بنسبت دوسرے فرد میں زیادہ ہے۔

۲۔ اسم تفضیل کا صیغہ ایسے فعل کے مصدر سے مشتق ہوتا ہے جو ماضی ہو، ثلاثی ہو، متصرف ہو، تفاضل کے قابل ہو، مثبت ہو، تام ہو، مبني للمعلوم ہو اور اس فعل کے مصدر سے صفہ مشبہہ أفعل کے وزن پر نہ آتی ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ اگر فعل تین سے زائد حروف پر مشتمل ہو یا اس سے صفت مشبہہ أفعل کے وزن پر آتی ہو تو اس فعل سے تفضیل کے معنی ظاہر کرنے کے لئے أشد یا اس سے ملتے جلتے کسی اور أفعل التفضیل کے صیغے کے بعد اس فعل کا مصدر مؤول یا مصدر صریح لایا جاتا ہے۔

۴۔ اگر فعل منفی یا ناقص ہو یا مبنی للمجهول ہو تو اس فعل سے تفضیل کے معنی ظاہر کرنے کے لئے أشد یا اس سے ملتے جلتے دوسرے أفعل التفضیل کے صیغوں کے بعد اس فعل کا مصدر مؤول لایا جاتا ہے۔

۵۔ اگر فعل جامد ہو یا تفاضل کے قابل نہ ہو تو اس سے اسم تفضیل کا صیغہ مطلقاً نہیں بنتا۔

ب: حالات اسم التفضيل

القسم الأول: المجرد من أل والإضافة:

١ ـ قال تعالى: وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ.

٢ ـ قال تعالى: وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ.

٣ ـ قال تعالى: فَإِنْ كَانُوْا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ.

٤ ـ قال تعالى: وَالآخِرَةُ خَيْرٌ وَّ أَبْقٰى.

القسم الثاني: المقترن بأل:

٥ ـ قال تعالى: لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بالآخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْأَعْلٰى.

٦ ـ قال تعالى: والسَّابِقُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالأَنْصَار.

٧ ـ قال تعالى: فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى.

القسم الثالث: المضاف إلى النكرة:

٨ ـ الرَّاضُوْنَ بِمَا قَسَّمَ اللّٰهُ لَهُمْ أَغْنٰى عِبَادٍ.

٩ ـ السُّنَّةُ أَفْضَلُ طَرِيْقَةٍ لِلسُّلُوْكِ.

١٠ ـ الْقُرْآنُ أَعْظَمُ مُرْشِدٍ لِكُلِّ مُسْتَرْشِدٍ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

القسم الرابع: المضاف إلى المعرفة:

۱۱۔ تَقْوَى اللّٰهِ أَعْلَى الخِصال /عُلْيَاها.

۱۲۔ الصَّحِيْحُ لِلْبُخَارِي وَالصَّحِيْحُ لِمُسْلِمٍ أَصَحُّ الْكُتُبِ / أَصَحَّا الْكُتُبِ.

۱۳۔ الْمُقَرَّبُوْنَ إِلَى اللّٰهِ أَحْسَنُ النَّاسِ خُلُقًا / أَحَاسِنُهُمْ خُلُقًا.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلی قسم میں تمام أسماء التفضيل (أقرب، أشد، أكثر، خير وأبقى) "أل" اور اضافت سے خالی ہیں۔ اس قسم میں دو باتوں کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے:

۱۔ اسم تفضیل کا صیغہ مفرد اور مذکر ہو۔

۲۔ جملے میں مُفَضَّل عليه مذکور ہو اور حرف جر من سے مجرور واقع ہو۔

چنانچہ ان دونوں باتوں میں سے پہلی بات کا تقاضا یہ ہے کہ اسم تفضیل کا صیغہ مفرد اور مذکر واقع ہو چاہے وہ مذکر کے لئے استعمال ہو یا مؤنث کے لئے، جمع کے لئے ہو یا مثنی کے لئے، جیسے جملہ ا۔ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ میں اسم تفضیل أقرب مفرد اور مذکر ہے جو کہ مبتدا نحن کی خبر ہے۔

دوسری بات کے مطابق جملے میں مُفَضَّل عليه کا من سے مجرور ہونا ضروری ہے، لیکن اگر جملے میں کوئی ایسا قرینہ موجود ہو جو کہ ان دونوں (مِنْ اور مُفَضَّل عليه) کی موجودگی پر دلالت کرے تو اس صورت میں ان دونوں کو حذف کرنا بھی جائز ہے، جیسے جملہ ۴۔ وَالآخِرَةُ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى کی تقدیر یہ ہے: الآخرة خير من الدنيا وأبقى منها۔

دوسری قسم کے تمام جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اسماء تفضیل (الأعلى، الأولون، الوثقى) پر "أل" داخل ہے۔ اس قسم میں بھی دو باتوں کی رعایت رکھنا ضروری ہے:

۱۔ اسم تفضیل کا صیغہ تذکیر وتأنیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں اپنے موصوف کے مطابق ہو۔

۲۔ مُفَضَّل عليه محذوف ہو۔

جملہ ۵۔ ولله المثل الأعلى میں اسم تفضیل الأعلى اپنے موصوف المثل کے مطابق مفرد اور مذکر واقع ہوا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اسی طرح جملہ ٦۔ السَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالأنْصَار میں اسم تفضیل الأولون اپنے موصوف السابقون کے مطابق مذکر اور جمع ہے اور جملہ ۷۔ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى میں اسم تفضیل الوثقٰی اپنے موصوف العروۃ کے مطابق مفرد اور مؤنث واقع ہوا ہے۔

تیسری قسم کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اسماء تفضیل (أغنی، أفضل، أعظم) نکرہ اسماء کی طرف مضاف ہیں۔ اس قسم میں تین باتوں کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے:

۱۔ پہلی قسم کی طرح اس میں بھی اسم تفضیل کا صیغہ تمام حالات میں مفرد، مذکر ہوگا۔

۲۔ دوسری قسم کی طرح اس میں بھی مُفَضَّل علیہ محذوف ہوگا۔

۳۔ اسم تفضیل کا مضاف الیہ تذکیر وتانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں مُفَضَّل کے مطابق ہوگا۔ یعنی اگر مُفَضَّل مؤنث ہو تو اسم تفضیل کا مضاف الیہ بھی مؤنث ہوگا اور اگر مُفَضَّل مذکر ہو تو اسم تفضیل کا مضاف الیہ بھی مذکر ہوگا اور اگر مفرد، مثنی یا جمع واقع ہو تو اسم تفضیل کا مضاف الیہ بھی اس کے مطابق مفرد، مثنی یا جمع واقع ہوگا، جیسے جملہ ۸۔ الرَّاضُوْنَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَهُمْ أغْنٰى عِبَادٍ میں اسم تفضیل أغنی مفرد اور مذکر واقع ہوا ہے اور اسم تفضیل کا مضاف الیہ عباد، مُفَضَّل، الراضون کے مطابق جمع اور مذکر ہے۔ اسی پر جملہ ۹ اور ۱۰ کو قیاس کریں۔

چوتھی قسم کے جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اسماء تفضیل (أعلی، أصح، أحسن) اسم معرفہ کی طرف مضاف ہیں اور ان میں اسم تفضیل کی دو صورتیں جائز ہیں:

۱۔ پہلی صورت یہ ہے کہ اسم تفضیل کا صیغہ مُفَضَّل کے مطابق ہونے کے بجائے تمام حالات میں مفرد اور مذکر ہو اور یہی صورت افصح ہے۔

۲۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اسم تفضیل کا صیغہ تذکیر وتانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں مُفَضَّل کے مطابق ہو، جیسے جملہ ۱۱۔ تقوی اللّٰه أعلی الخصال/ علیاها میں پہلی صورت میں اسم تفضیل أعلی مفرد اور مذکر ہے جبکہ مُفَضَّل تقوی مفرد اور مؤنث ہے اور دوسری صورت میں اسم تفضیل علیاها مُفَضَّل تقوی کے مطابق مفرد اور مؤنث ہے، لہذا اسم تفضیل کی اس قسم میں دونوں صورتیں جائز ہیں اور دونوں صورتوں میں مُفَضَّل علیہ محذوف ہے اسی پر جملہ ۱۲ اور ۱۳ کو قیاس کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قواعد:

اسم تفضیل کے چار حالات ہیں:

١ ـ المجرد من أل والإضافة: پہلی حالت میں اسم تفضیل کا صیغہ تمام حالات میں مفرد اور مذکر ہوتا ہے۔ اور جملے میں مُفَضَّل علیه حرف جر من سے مجرور واقع ہوتا ہے، لیکن اگر جملے میں ایسا قرینہ موجود ہو جو مُفَضَّل علیه اور من کی موجودگی پر دلالت کرتا ہو تو ان دونوں کا حذف کرنا بھی جائز ہے۔

٢ ـ المقترن بأل: دوسری حالت میں اسم تفضیل کا صیغہ تذکیر و تانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں اپنے موصوف کے مطابق ہوتا ہے اور جملے میں مُفَضَّل علیه محذوف ہوتا ہے۔

٣ ـ المضاف إلى النكرة: تیسری حالت میں اسم تفضیل کا صیغہ تمام حالات میں مفرد اور مذکر ہوتا ہے۔ اور جملے میں مُفَضَّل علیه محذوف ہوتا ہے اور اسم تفضیل کا مضاف الیہ تذکیر، تانیث، افراد، تثنیہ اور جمع میں مُفَضَّل کے مطابق ہوتا ہے۔

٤ ـ المضاف إلى المعرفة: چوتھی حالت میں اسم تفضیل کے صیغے کی مُفَضَّل کے ساتھ مطابقت بھی جائز ہے اور عدم مطابقت بھی جائز ہے اور دونوں صورتوں میں مُفَضَّل علیه محذوف ہوتا ہے۔

أقسام اسم التفضيل وأحكامها

الأقسام	أحكام اسم التفضيل
١ ـ المجرد من أل والإضافة	١ ـ وجوب إفراده وتذكيره. ٢ ـ وجوب دخول "من" جارة للمُفَضَّل عليه.
	٣ ـ جواز حذف "من" مع مجرورها بشرط وجود دليل يدل عليهما بعد الحذف.
٢ ـ المقترن بأل	١ ـ وجوب مطابقته للمُفَضَّل. ٢ ـ حذف المُفَضَّل عليه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ ـ المضاف إلى النكرة	١ ـ وجوب إفراده وتذكيره. ٢ ـ حذف المُفَضَّل عليه. ٣ ـ مطابقة المضاف إليه للمُفَضَّل في الإفراد والتذكير وفروعهما.
٤ ـ المضاف إلى المعرفة	١ ـ جواز المطابقة للمفضل وعدمها في التذكير والإفراد وفروعهما ولكن الأفصح التزام الإفراد والتذكير وفروعهما. ٢ ـ حذف المُفَضَّل عليه في كلتا الصورتين.

ج: عمل اسم التفضيل

الأمثلة:

١ ـ قال تعالى: رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِي إِلَيْهِ.

٢ ـ مَا مِنْ أَيَّامٍ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ فِيْهَا الْعَمَلُ الصَّالِحُ مِنْهُ فِيْ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ.

٣ ـ أَرَأَيْتَمْ بَلَدًا أَشَدَّ فِيْهِ التَّمَسُّكُ بِالدِّيْنِ مِنْهُ فِي الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُوْدِيَّةِ.

٤ ـ لا تُصَاحِبْ جَلِيْسًا أَحَبَّ إِلَيْهِ الشَّرُّ مِنْهُ إِلَيْكَ.

٥ ـ قال تعالى: الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً.

٦ ـ قال تعالى: وَلَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِلَّذِيْنَ آمَنُوا الْيَهُوْدَ.

٧ ـ قال تعالى: أُولٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ.

٨ ـ قال تعالى: كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ.

شرح وتفصیل:

دوسرے مشتقات کی طرح اسم تفضیل بھی فعل کا عمل کرتا ہے چنانچہ اس کا معمول مرفوع، منصوب اور مجرور واقع ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

معمول اسم التفضيل في حالة الرفع:

اسم تفضیل فعل لازم کی طرح عمل کرتا ہے اور فاعل کو مرفوع کرتا ہے اس کے فاعل کی دو صورتیں ہیں:

۱۔ضمیر مستتر ۲۔اسم ظاہر

اگر اس کا فاعل ضمیر مستتر ہو تو بلا شروط عمل کرتا ہے، جیسے جملہ ۱۔ رب السجن أحب إلي مما يدعونني إليه میں اسم تفضیل أحب کا فاعل ضمیر مستتر وجوبًا ہے جسکی تقدیر ھو ہے جو کہ السجن پر لوٹ رہی ہے۔

اور اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو چند شروط کے ساتھ عمل کرتا ہے یہ مسئلہ عربی قواعد کی اصطلاح میں مسئلةُ الكُحل کہلاتا ہے کیونکہ اس کی مثال عام طور پر یہ دی جاتی ہے: مَا رأيْتُ امْرَأةً أحْسَنَ فِيْ عَيْنِهَا الْكُحْلُ مِنْهُ فِيْ عَيْنِ عَائِشَةَ

اس کی شرائط درج ذیل ہیں:

۱۔اسم تفضیل کی جگہ اس کا فعل رکھنے سے معنی میں فساد پیدا نہ ہو۔

۲۔اسم تفضیل کے صیغے سے پہلے جملہ نفی، استفہام یا نہی سے شروع ہو۔

۳۔اسم تفضیل نعت ہو اور منعوت اسم جنس ہو۔

۴۔اس کا فاعل اجنبی ہو یعنی ایسی ضمیر اس سے متصل نہ ہو جو موصوف کی طرف لوٹتی ہو۔

۵۔فاعل مُفَضَّل بھی ہو اور مُفَضَّل عليه بھی۔

جیسے جملہ ۲۔ ما من أيام أحب إلى الله فيها العمل الصالح منه في عشر ذي الحجة میں اسم تفضیل أحب صفت ہے، اور اس کا موصوف أيام اسم جنس[1] ہے۔ اور اسم تفضیل أحب کی جگہ اس کا ہم معنی فعل يُحَبُّ لگانے سے معنی میں فساد پیدا نہیں ہوتا، لہذا جملہ کی تقدیر یوں ہوگی: ما من أيام يُحَبُّ إلى الله فيها العمل الصالح منه في عشر ذي الحجة اور مزید یہ کہ جملہ حرف نفی مَا سے شروع ہو رہا ہے۔ اور اسم تفضیل أحب کا فاعل العمل الصالح ہے جو کہ اپنے موصوف کے اعتبار سے اجنبی ہے[2]، ایک ہی وقت میں مُفَضَّل بھی ہے اور مُفَضَّل عليه بھی۔ یعنی العمل الصالح عشرہ ذی الحجہ میں واقع ہونے کے اعتبار سے مُفَضَّل ہے اور غیر ذی الحجہ میں واقع ہونے کے اعتبار سے مُفَضَّل عليه ہے۔

(۱) اس صورت میں عمومًا اسم تفضیل ایسے موصوف کی صفت بن کر واقع ہوتا ہے جو اسم جنس ہو۔

(۲) اسم تفضیل کا فاعل العمل الصالح دو ضمیروں فيها اور منه کے درمیان واقع ہے۔ اور فیھا کی ضمیر موصوف (الأيام) پر لوٹتی ہے جبکہ منه کی ضمیر فاعل (العمل الصالح) پر لوٹتی ہے، چنانچہ یہ فاعل اپنے موصوف کے اعتبار سے اجنبی ہے۔ یعنی یہ ایسی ضمیر سے خالی ہے جو موصوف پر لوٹتی ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اسی پر جملہ ۳ اور ۴ کو قیاس کریں۔

معمول اسم التفضيل في حالة النصب:

اسم تفضیل کا معمول بطور تمییز کے دوصورتوں میں منصوب ہوتا ہے:

۱۔ تمییز معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل [1] ہو، جیسے جملہ ۵۔ ليبلوكم أيكم أحسن عملا میں تمییز عملا معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل ہے چنانچہ جملہ ۵۔ کی تقدیر یوں ہوگی: ليبلوكم أيكم حسُن عمله۔

۲۔ تمییز معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل نہ ہو اور اسم تفضیل کسی اسم کی طرف مضاف ہو جیسے جملہ ۶۔ ولتجدن أشد الناس عداوة للذين آمنوا اليهود میں اسم تفضیل أشد مضاف ہے الناس کا۔ اور اس کے بعد آنے والی تمییز عداوة معنی کے اعتبار سے اس کا فاعل نہیں بن رہی۔

ان دونوں صورتوں میں تمییز وجوبا منصوب ہوتی ہے۔

معمول اسم التفضيل في حالة الجر:

جب اسم تفضیل مُفَضَّل عليه کی طرف مضاف ہو (چاہے مضاف الیہ نکرہ ہو یا معرفہ) تو اس صورت میں اس کا معمول مجرور واقع ہوتا ہے جیسے جملہ ۷۔ أُوْلَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ میں اسم تفضیل خير کا معمول البرية معرفہ اور مجرور واقع ہوا ہے۔ اور جملہ ۸۔ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ میں اسم تفضیل خير کا معمول أمة نکرہ اور مجرور واقع ہوا ہے۔

قواعد:

۱۔ اسم تفضیل کے معمول کی تین صورتیں ہیں:

(ا) مرفوع (ب) منصوب (ج) مجرور

۲۔ اسکا معمول فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہوتا ہے جس کی دوصورتیں ہیں:

(ا) ضمیر مستتر (ب) اسم ظاہر

۳۔ اسم تفضیل اپنے فاعل کو اسم ظاہر کی صورت میں چند شرائط کے ساتھ مرفوع کرتا ہے:

---

(۱) جس کی علامت یہ ہے کہ اگر اسم تفضیل کی جگہ اس کا ہم معنی فعل لایا جائے اور تمییز کو اس کا فاعل بنایا جائے تو معنی میں فساد پیدا نہ ہو، جیسے: زيد أكثر علمًا میں اسم تفضیل اکثر کی جگہ اس کا فعل كَثُرَ لایا جائے اور تمییز علمًا کو اسکا فاعل بنایا جائے تو معنی میں فساد پیدا نہیں ہوتا، جیسے: زَيدٌ كَثُرَ علمُهُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ا) اسم تفضیل کی جگہ اس کا ہم معنی فعل رکھنے سے معنی میں فساد پیدا نہ ہو۔

(ب) جملہ نفی، استفہام یا نہی سے شروع ہو۔

(ج) اسم تفضیل نعت واقع ہو اور اسکا منعوت اسم جنس ہو۔

(د) اسکا فاعل اجنبی ہو۔

(ہ) فاعل مُفَضَّل بھی ہو، مُفَضَّل علیہ بھی۔

۴۔ اسم تفضیل کا معمول دو صورتوں میں منصوب واقع ہوتا ہے:

ا۔ تمییز معنی کے اعتبار سے اسم تفضیل کا فاعل ہو۔

ب۔ اسم تفضیل کسی اسم کی طرف مضاف ہو۔

۵۔ جب اسم تفضیل مُفَضَّل علیہ کی طرف مضاف ہو تو اسکا معمول (مفَضَّل علیہ) مجرور واقع ہوتا ہے۔

التمرين - ١

استخرج أسماء التفضيل مما يأتي:

كان سعد رضي الله عنه من أكرم فتيان مكة نسبًا، وأعزهم أمًا وأبًا، وكان سعد رضي الله عنه حين أشرق نور النبوة في مكة شابًا ريّان الشباب، غض الإهاب، رقيق العاطفة، كثير البر بوالديه، شديد الحب لأمه خاصة. فكان من أسبق الناس إلى تلبية دعوة الرسول - عليه أفضل صلاة وأزكى سلام - وأسرعهم مبادرة إلى اتباعه، لكن إسلام سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه لم يمر سهلا لينًا وإنما عرض الفتى المؤمن لتجربة من أقصى التجارب قسوةً، وأعنفها عنفًا، ولقد صمد سعد رضي الله عنه لأشد أنواع التعذيب صمود الأبرار العظام.

ولا يزال اسم سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه مقترنًا بأحداث التاريخ الإسلامي العطِر، دخل التاريخ من أمجد أبوابه وهو أول من أوذي بسبب إسلامه، وأول من رمى بسهم من المسلمين في سبيل الله، وهو محطّم عروش الأكاسرة وفارس الإسلام، وهو أحد العشرة المبشرين بالجنة، وقد كان من أعظم قواد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المسلمين، ومن أشجع جند المسلمين قلبًا، وأشدهم جلدًا وصبرًا، وأقدرهم على العوم فقد أبلي سعد ﷺ في غزوة أحد أعظم البلاء، واجتهد فيه أعظم الاجتهاد، إذ رمى في يوم أكثر من ألف سهم، وانتقل إلى الرفيق الأعلى سنة ٥٥ الهجرية. وسلام عليه يوم عرف الحق فآمن به أوثق الإيمان، وسلام عليه يوم مات ويوم يبعث حيًّا.

التمرين - ٢

استخرج من العبارات التالية أسماء التفضيل وعيّن حالاتها وبيّن معمولها إن وجد وموقعه من الإعراب:

نموذج: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ أَشَدَّ حَيَاءً مِنَ العَذْرَاءِ فِي خِدْرِهَا.

أشدّ: اسم التفضيل مجرد من "أل" والإضافة. حياء: تمييز منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ـ مَسْجِدُ قُبَاء هُوَ أَوَّلُ مَسْجِدٍ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى.

٣ـ المُؤْمِنُ القَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ مِنَ المُؤْمِنِ الضَّعِيْفِ.

٤ـ دِمَشْقُ عاصِمَةُ السُّورِيَّةِ هِيَ أَكْبَرُهَا رقعة وأكثرها جمالاً.

٥ـ حين بلغ النبي ﷺ المدينة تلقته أفئدة أهلها بأكرم ما يتلقّى به وافد.

٦ـ العلم أفضل من المال فإن العلم ميراث الأنبياء وأما المال فميراث الفراعنة.

٧ـ الصلاة أهم أركان الإسلام بعد النطق بكلمة التوحيد وخير عمل وضعه اللّٰه للعباد.

٨ـ كان عبد اللّٰه بن مسعود رضي اللّٰه عنه أقرب الناس إلى رسول اللّٰه ﷺ هديًا وسمتًا.

٩ـ قال تعالى: وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا.

١٠ـ الريف أهدأ حياة وأهنأ عيشة والطبيعة تتجلى فيه في أبهى مظاهرها وأجل مناظرها.

١١ـ إن أكمل المؤمنين إيمانًا أحسنهم خلقًا وإن حسن الخلق ليبلغ درجة الصوم والصلاة.

١٢ـ إن أصحاب محمد ﷺ كانوا أفضل هذه الأمة، أبرّها قلوبًا وأعمقها علمًا وأقلّها تكلّفًا.

١٣ـ كان أبو حنيفة النعمان رحمه اللّٰه أول من فتّق أكمام الفقه، واستخرج أروع ما فيه من طيوب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٤ـ قال تعالى: يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ.

١٥ـ قال الله تعالى: يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا.

١٦ـ قال الله تعالى: الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ أَحْسَنَهُ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَاهُمُ اللّٰهُ وَأُولٰئِكَ هُمْ أُوْلُوا الْأَلْبَابِ.

١٧ـ قال تعالى: لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَلَا أَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا أَكْبَرُ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ.

١٨ـ إن من أسمٰى أوصاف المؤمنين الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر حتّٰى إنهم في أضيق الحالات يشتغلون به.

التمرين ـ ٣

هات أسماء التفضيل للأفعال الآتية:

١ـ وقع	٢ـ حذر	٣ـ جرؤ	٤ـ نكل	٥ـ لان	٦ـ وسع	٧ـ مرّ
٨ـ ساء	٩ـ دأب	١٠ـ طاب	١١ـ همّ	١٢ـ جاد	١٣ـ زها	١٤ـ خار
١٥ـ انتشر	١٦ـ ثبت	١٧ـ برّ	١٨ـ قرأ	١٩ـ رقي	٢٠ـ مضى	

التمرين ـ ٤

بيّن ما جاء في الآيات الآتية من أسماء التفضيل مضافًا أو محلًّى بأل أو مجردًا منهما مع ذكر حكم كل منها:

نموذج: لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُوْرِهِم مِّنَ اللّٰهِ.

أشدُّ: اسم التفضيل، مجرد من "أل" والإضافة، حكمه وجوب إفراده وتذكيره، وحذف المفضل عليه مع جارّه جوازا، إذا دلّ عليهما دليل.

٢ـ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِيْنَ أَعْمَالًا.

٣ـ اَللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى.

٤ـ إِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَأَخُوْهُ أَحَبُّ إِلٰى أَبِيْنَا مِنَّا.

٥ـ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْأَرْضَ وَالسَّمٰوَاتِ الْعُلٰى.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٦ـ وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ.

٧ـ وَإِنَّ لِلطَّاغِيْنَ لَشَرَّ مَآبٍ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ.

٨ـ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا.

٩ـ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهُ أَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهِ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ.

١٠ـ إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَّهُدًى لِّلْعَالَمِيْنَ.

١١ـ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ.

١٢ـ اِدْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ.

١٣ـ الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ على رَسُوْلِهِ.

١٤ـ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ.

١٥ـ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُوْنَ.

١٦ـ الَّذِيْ يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكّٰى وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزٰى إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلٰى.

١٧ـ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتَابَ يَأْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْأَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا.

١٨ـ قَالُوْا إِنْ هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيْدَانِ أَن يُّخْرِجَاكُمْ مِّنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى.

١٩ـ يٰـأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ.

٢٠ـ سُبْحٰنَ الَّذِيْ أَسْرٰى بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِيْ بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ.

التمرين ـ ٥

استخرج من الأحاديث التالية أسماء التفضيل، وعيّن حالاتها، وبيّن معمولها إن وجد وموقعه من الإعراب:

نموذج: الْإِيْمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ أَوْ بِضْعٌ وَسِتُّوْنَ شُعْبَةً فَأَفْضَلُهَا قَوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الْأَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَالحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ.

أفضلها: اسم التفضيل، مضاف إلى معرفة ، ها: ضمير متصل، مبني على السكون، معمول اسم التفضيل، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه

أدناها: اسم التفضيل، مضاف إلى معرفة ، ها: ضمير متصل، مبني على السكون، معمول اسم التفضيل، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

٢ـ إِنَّ أَقَلَّ سَاكِنِي الجَنَّةِ النِّسَاءُ.

٣ـ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيْقِ الأَعْلَى.

٤ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ القِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً.

٥ـ كَمْ مِنْ أَشْعَثَ أَغْبَرَ ذِيْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ.

٦ـ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا أَلْفَى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ السَّحَرَ الأَعْلَى فِي بَيْتِي أَوْعِنْدِي إِلَّا نَائِمًا.

٧ـ عَنْ أَبِي مُوْسَى رضي الله عنه قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الإِسْلَامِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ المُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ.

٨ـ قَالَ: سَمِعْتُ البَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ قَرَأَ فِي العِشَاءِ بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا أَحْسَنَ صَوْتًا مِنْهُ.

٩ـ كَانَ النَّبِيُّ صلّى اللّٰهُ عليه وسلّم أَجْوَدَ النَّاسِ صَدْرًا وَأَصْدَقَ النَّاسِ لَهْجَةً وَأَلْيَنَهُمْ عَرِيْكَةً وَأَكْرَمَهُمْ عَشِيْرَةً مَنْ رَآهُ بَدِيْهَةً هَابَهُ وَمَنْ خَالَطَهُ مَعْرِفَةً أَحَبَّهُ.

١٠ـ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَجْوَدَ النَّاسِ بِالخَيْرِ وكَانَ أَجْوَدَ مَا يَكُوْنُ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ حَتّٰى يَنْسَلِخَ فَيَأْتِيْهِ جِبْرِيلُ فَيَعْرِضُ عَلَيْهِ القُرْآنَ فَإِذَا لَقِيَهُ جِبْرِيْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ المُرْسَلَةِ.

١١ـ قَالَ عَلِيٌّ رضي الله عنه قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى أَجْمَلِ فَتَاةٍ فِي قُرَيْشٍ قَالَ: وَمَنْ هِيَ؟ قُلْتُ: ابْنَةُ حَمْزَةَ قَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا حَرَّمَ مِنَ النَّسَبِ.

١٢ـ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: مَا خُيِّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلَّا اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا، فَإِنْ كَانَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

إِنَّمَا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ عَنْهُ وَمَا انْتَقَمَ لِنَفْسِهِ إِلَّا أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللّٰهِ فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ بِهَا وَكَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ غَضَبًا وَأَسْرَعَهُمْ رِضًا.

التمرين ـ ٦

نموذج في الإعراب:

ما من ذنب أشد فيه الوعيد منه في أكل الربا.

ما: حرف نفي، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

من: حرف جر زائد، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

ذنب: مجرور لفظا، ومرفوع حكمًا؛ لأنه مبتدأ.

أشد: خبرمرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

فيه: في: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

ه: ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر بحرف جر،

الجار و المجرور متعلقان بمحذوف، حال من الوعيد، تقديره: "كائنا".

الوعيد. فاعل أشد، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

منه: من: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

ه: ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر بحرف جر والجار والمجرور متعلقان بـ"أشد".

في: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

أكل: اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره، وهو مضاف.

الربا: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة المقدرة على اخره؛ لأنه مقصور.

الجار والمجرور متعلقان بمحذوف، حال من الضمير "ه" في "منه" تقديره: "كائنًا".

والجملة "ما من ذنب ....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ ما من دين أيسر به الإتباع منه بدين الإسلام.

٢ ـ إنّ أثقل شيءٍ يوضع في ميزان المؤمن يوم القيامة خلق حسن.

٣ ـ قال النبي ﷺ: إن أولى الناس بي يوم القيامة أكثرهم علي صلاة.

٤ ـ كان ابن عباس رضي الله عنهما من أقرأ الصحابة للقرآن وأفقههم لمعانيه وأعلمهم بشرع الله.

٥ ـ قال سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه: ما رأيت أحدًا أحضر فهمًا ولا ألب لبًا ولا أكثر علمًا ولا أوسع حلمًا من ابن عباس رضي الله عنهما.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس السادس عشر

اسم الزمان والمكان

اسم المكان والزمان على وزن مَفْعَل

١ ـ مِنًى مَرمَى الجَمرَاتِ. مَرْمَى الجَمرَاتِ يَوْمُ النَّحْرِ.

٢ ـ مَطْلَعُ الشَّمْسِ جِهَةُ الشَّرْقِ. مَطْلَعُ الشَّمْسِ يَتَعَجَّلُ صَيْفاً.

٣ ـ عَرَفَاتُ مَجْمَعُ الحُجَّاجِ. يَوْمُ عَرَفَاتَ مَجْمَعُ الحُجَّاجِ.

اسم المكان والزمان على وزن مَفْعِل

١ ـ مَوْلِدُ الرَّسُوْلِ ﷺ مَكَّةُ المُكَرَّمَةُ. مَوْلِدُ الرَّسُوْلِ ﷺ شَهْرُ رَبِيْعِ الأول.

٢ ـ مَكَّةُ المُكَرَّمَةُ مَهْبِطُ الوَحْيِ. شَهْرُ رَمَضَانَ مَهْبِطُ الوَحْيِ.

اسم المكان والزمان على وزن اسم المفعول

۲۔ اگر عطف البیان کا تابع أل سے خالی ہو اور متبوع ایسا مضاف الیہ ہو جس کے مضاف پر أل داخل ہو سکتا ہو (یعنی اس کا مضاف اسم مشتق ہو اور اضافت غیر محضہ یعنی لفظیہ ہو) تو اس کے اعراب عطف البیان کے ہونگے بدل کے نہ ہونگے، جیسے جملہ ۴۔ نَحْنُ الْمُوَقِّرُوا الْقَائِدِ الْجَلِیْلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ میں تابع خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ أَلْ سے خالی ہے اور متبوع الْقَائِدِ الْجَلِیْلِ ایسا مضاف الیہ ہے جس کا مضاف الْمُوَقِّرُوا اسم مشتق ہے اور اس پر أل داخل ہے، لہذا خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ کے اعراب عطف البیان کے ہونگے بدل کے نہ ہونگے۔

۳۔ جملہ ۵۔ یَا خَلِیْفَةُ عَلِیًّا میں عَلِیًّا عطف البیان ہی ہوگا، اس کو بدل بنانا ممکن نہیں کیونکہ بدل علی نیة تکرار العامل ہوتا ہے فتقدیرہ یَا خَلِیْفَةُ یَا عَلِیًّا یعنی تکرار عامل یا کی وجہ سے کلمہ عَلِیًّا کے اعراب میں فساد لازم آ رہا ہے، کیونکہ منادیٰ جب علم مفرد ہوتا ہے تو وجوبا مبني علی الضم ہوتا ہے، چنانچہ جملہ ۵۔ میں عَلِیًّا صرف اسی وقت منصوب واقع ہو سکتا ہے جبکہ اس میں تکرار عامل نہ ہو اور یہ صرف عطف البیان میں ہی ممکن ہے، کیونکہ عطف البیان علی نیة تکرار العامل نہیں ہوتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مواضع عطف البيان

درج ذیل پانچ مواضع ایسے ہیں جن کے بعد واقع ہونے والا اسم عموماً عطف البيان ہی ہوتا ہے:

۱۔ اللقب بعد الاسم جیسے: أبو بكر الصديق۔

۲۔ الاسم بعد الكنية جیسے: حلف بالله أبو حفص عمر۔

۳۔ الموصوف بعد الصفة جیسے: الكليم موسى۔

۴۔ التفسير بعد المفسَّر جیسے: العسجد أي الذهب۔

۵۔ اسم اشارہ کے بعد معرف اسم جیسے: هذا الكتاب مفيد۔

أوجه التخالف بين عطف البيان والتوابع الأخرى

عطف البيان اور نعت حقیقی میں یہ فرق ہے کہ نعت حقیقی اپنے منعوت کے کسی ایک وصف کی وضاحت کرتی ہے جبکہ عطف البیان اور البدل المطابق نفس متبوع کی وضاحت کرتے ہیں۔ جبکہ عطف البیان اور بدل الکل میں درج ذیل فرق ہے:

۱۔ عطف البيان ضمیر واقع نہیں ہوتا۔

۲۔ عطف البيان نہ جملہ ہوتا ہے اور نہ اس کا تابع بخلاف البدل۔

۳۔ عطف البيان اور اس کا تابع فعل نہیں ہو سکتے بخلاف البدل۔

قواعد:

۱۔ عطف البیان وہ اسم جامد ہے جو کہ متبوع کی وضاحت کے لئے لایا جاتا ہے جبکہ متبوع معرفہ ہو۔ اور متبوع کی تخصیص کے لئے لایا جاتا ہے جبکہ وہ نکرہ ہو۔

۲۔ مندرجہ ذیل تین صورتوں کے علاوہ باقی تمام صورتوں میں عطف البیان بدل كلٍ من كلٍ بن سکتا ہے:

(ا) اگر عطف البيان ایسی ضمیر پر مشتمل ہو جو خبر کو مبتدا سے ملاتی ہے تو اس صورت میں اس تابع سے استغناء ناممکن ہے، لہٰذا عطف البیان بدل کل من کل نہیں بن سکتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ب) اگر عطف البيان أل سے خالی ہو اور متبوع ایسا مضاف الیہ ہو جس کے مضاف پر أل داخل ہو سکتا ہو تو اس صورت میں بھی عطف البيان بدل كل من كل نہیں بن سکتا۔

(ج) اگر عطف البيان مفرد، معرفہ اور منصوب واقع ہو اور متبوع منادی مبني على الضمة ہو تو اس صورت میں بھی عطف البيان بدل كل من كل نہیں بن سکتا۔

التمرين-١

استخرج ممّا يأتي عطف بيان ومتبوعه، وبين ما يجب إعرابه عطف بيان وما يجوز إعرابه عطف بيان وبدل:

نموذج: ١ـ وَإِلَى عَادٍ أَخَاهُمْ هُوْدًا.

هودًا: عطف بيان ويجوز إعرابه بدل كل من كل. أخاهم: متبوع.

٢ـ قَالَ مُدِيْرُ الْمَدْرَسَةِ: يَا مُجْتَهِدُ زَيْدًا خُذْ جَائِزَتَكَ.

زيدًا: عطف بيان ولا يصح إعرابه بدل كل من كل. مجتهد: متبوع.

٣ـ خَدِيْجَةُ اسْتُشْهِدَ عَمْرٌو ابْنُهَا. ٤ـ قبيلة دوس أسلم الطفيل سيدها.

٥ـ قَالَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ: يَا قَائِدُ خَالِدًا اغْزُ بِسْمِ اللّٰهِ. ٦ـ نصر اللّٰه مع الناصري الدين الحنيف الإسلام.

٧ـ خرج الخليل إبراهيم عليه السلام من نار نمروذ سالمًا.

٨ـ أبو سفيان رضي اللّٰه عنه ساد معاوية ابنه العرب قاطبة.

٩ـ أرسى الخليفة عمر رضي اللّٰه عنه دعائم الدولة الإسلامية.

١٠ـ كان كليم اللّٰه موسى عليه السلام يلقي عصاه ويُصيّرها ثعبانًا.

١١ـ بلغت الدولة العباسية في عهد الخليفة هارون الرشيد ذرى المجد والرفعة.

١٢ـ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا جَادَ عَبْدُ اللّٰهِ رضي اللّٰه عنه ابْنُهَا بِنَفْسِهِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ.

١٣ـ لما حضرت أبا طالب الوفاة جاءه رسول اللّٰه ﷺ وقال: يا عمّ قل: لا إله إلا اللّٰه كلمة أشهد لك بها عند اللّٰه عزّ وجلّ.

محكم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٤ ـ كان الإمام السيد أحمد بن عرفان الشهيد من أكبر دعاة الإسلام الذين عملوا على تخليص الدين من شوائب الخرافات وضلال الأوهام.

١٥ ـ لَمَّا تُوُفِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أسْنِدَتِ الخِلاَفَةُ إِلى صَدِيْقِهِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. ثُمَّ تَوَلَّى الخِلاَفَةَ بَعْدَهُ عُمَرُ بن الخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالِدُ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا. وَتَوَلَّها بَعْدَهُ الخَلِيْفَةُ عُثْمَان بْنُ عَفَّان ثُمَّ الإِمَامُ عَلِيّ بْن أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا.

التمرين ـ ٢

استخرج من الآيات التالية عطف بيان وبين موقعه من الإعراب:

نموذج: أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ إِرَمَ ذَاتِ العِمَادِ.

إرم: عطف بيان لـ "عاد" مجرور وعلامة جرّه الفتحة الظاهرة على أخره عوضا عن الكسرة لأنه ممنوع من الصرف للعلمية والتأنيث بغير الألف.

٢ ـ وَقَالَ مُوْسٰى لِأَخِيْهِ هَارُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ.

٣ ـ وَأَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا وَبِئْسَ الْقَرَارُ.

٤ ـ وَإِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰى أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ قَوْمَ فِرْعَوْنَ.

٥ ـ وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهُ.

٦ ـ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوْبَ إِذْ نَادٰى رَبَّهُ أَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ.

٧ ـ هٰذَا ذِكْرٌ وَّإِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَآبٍ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ.

٨ ـ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ لِأَبِيْهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا آلِهَةً إِنِّيْ أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.

٩ ـ فَلَمَّا أَتَاهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى إِنِّيْ أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى.

١٠ ـ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٣

نموذج في الإعراب:

١ - وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَى ثَمُوْدَ أَخَاهُمْ صَالِحًا.

و: استئنافية، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

لقد: لـ: موطئة للقسم المحذوف، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب.

قد: حرف تحقيق، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

أرسلنا: فعل ماض، مبني على السكون؛ لاتصاله بضمير الرفع البارز "نا"، **نا:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل رفع، فاعل.

إلى: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

ثمود: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جرّه الفتحة الظاهرة على آخره نيابة عن الكسرة؛ لأنه غير منصرف.

إلى ثمود: جار ومجرور، متعلقان بالفعل "أرسلنا".

أخاهم: أخا: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الألف، لأنه من الأسماء الستة، **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

صالحًا: عطف البيان أو بدل كل من كل لـ "أخاهم"، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ - يا مجتهدُ سالمًا أبشر بالفوز.

يا: حرف النداء، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

مجتهد: منادى، مبني على الضم، في محل نصب؛ لأنه نكرة مقصودة.

سالمًا: عطف البيان لـ "مجتهد" منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره؛ لأنه تابع للمجتهد في محله.

أبشر: فعل أمر، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنت".

بالفوز: بـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب، **الفوز:** اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جرّه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الكسرة الظاهرة على اخره.

بالفوز: جار ومجرور، متعلقان بالفعل "أبشر".

الجملة "يا مجتهد سالما.... ": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "أبشر بالفوز ": جواب نداء، لا محل لها من الإعراب.

٣ـ انطلق زائرو الحرم مكة المكرمة.

انطلق: فعل ماض، مبني على الفتح الظاهر على اخره.

زائرو: فاعل "انطلق" مرفوع، وعلامة رفعه الواو؛ لأنه جمع مذكر سالم، وحذفت النون؛ لأجل الإضافة.

الحرم: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره.

مكة: عطف البيان لـ "الحرم" مجرور وعلامة جره الفتحة الظاهرة على اخره نيابة عن الكسرة؛ لأنه غير منصرف؛ للعلمية والتأنيث.

المكرمة: نعت لـ "مكة" مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره.

أعرب ما يأتي:

١ـ سليم وفَّي سعدًا صديقه.

٢ـ كان القاتل الخليفة العادل عمر رجلاً مجوسيًا.

٣ـ يا فتاةُ خديجة تعلمي تدبير المنزل.

٤ـ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسٰى وَأَخَاهُ هَارُوْنَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثاني والعشرون

عطف النسق [1]

الأمثلة:

١ ـ قالَ تعالى: وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالأَرْضِ.

٢ ـ قالَ تعالى: وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّإِبْرَاهِيْمَ.

٣ ـ قالَ تعالى: وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيْلُ.

٤ ـ قالَ تعالى: ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ.

٥ ـ قالَ تعالى: أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ.

٦ ـ قالَ ﷺ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ الْأَذٰى حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشاكها فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا مِن خَطَايَاهُ.

٧ ـ قالَ تعالى: فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ أَهْلِيْكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ.

٨ ـ قالَ تعالى: لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰى أَنْفُسِكُمْ أَنْ تَأْكُلُوْا مِنْ بُيُوْتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ آبَائِكُمْ.

٩ ـ قالَ تعالى: قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ.

١٠ ـ قالَ تعالى: وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى أَوْ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.

١١ ـ قالَ تعالى: فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا.

١٢ ـ قالَ تعالى: ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً.

١٣ ـ قالَ تعالى: سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ.

١٤ ـ قالَ تعالى: قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللّٰهُ.

(١) نسق کے معنی ''ملانا'' ہیں، یعنی اگلے کلام کو پچھلے کلام سے ملانا/مابعد کو ماقبل سے ملانا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٥ـ اَلْمُؤْمِنُوْنَ يَقْصِدُوْنَ بِأَعْمَالِهِمْ كُلِّهَا الْآخِرَةَ لَا الْأُوْلٰى وَالآجِلَةَ لَا الْعَاجِلَةَ.

١٦ـ لَا يَعْرِفُ الْمُؤْمِنُ الْخِيَانَةَ لٰكِنِ الْأَمَانَةَ.

١٧ـ تَلَوْتُ جُزْءًا مِنَ الْقُرْآنِ بَلْ جُزْئَيْنِ.

١٨ـ مَا صَامَ زَيْدٌ يَوْمًا بَلْ يَوْمَيْنِ.

١٩ـ قالَ تعالى: إِنَّمَا أَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْ إِلَى اللّٰهِ.

٢٠ـ أَنَا وَأَنْتَ طَالِبَانِ.

٢١ـ أَتَانِيْ عَلِيٌّ وَأَنْتَ.

٢٢ـ قالَ تعالى: فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَصْحَابَ السَّفِيْنَةِ.

٢٣ـ قالَ تعالى: يَآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ.

٢٤ـ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا.

٢٥ـ قالَ تعالى: فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا.

شرح وتفصیل:

عطف النسق ایسا تابع ہے جو حروف عاطفہ میں سے کسی ایک حرف عطف کے ذریعہ اپنے متبوع سے متصل ہوتا ہے۔ حرف عطف سے پہلے جو اسم ہوتا ہے اسے معطوف علیہ (یا متبوع) کہتے ہیں اور اسکے بعد آنے والے اسم کو معطوف (یا تابع) کہتے ہیں، جیسے قول تعالیٰ: ﴿والذین آمنوا باللّٰہ ورسولہ﴾ میں لفظ الجلالہ اللّٰہ معطوف علیہ اور رسولہ معطوف ہے۔

حروف عطف نو (۹) ہیں: الواو، الفاء، ثم، حتی، أو، أم، لَا، لکن، بل [1]۔

۱ـ الواو: لمطلق الجمع:

یہ حرف عطف دو اسموں کے درمیان مطلقا اشتراک اور جمع کا فائدہ دیتا ہے جبکہ کلام کسی قرینہ سے خالی ہو، جیسے

(۱) انکی دو قسمیں ہیں: ۱ـ معطوف اور معطوف علیہ کی شرکت صرف اعراب میں ہوتی ہے۔ اسکے لئے تین حروف (لا، بل، لکن) استعمال ہوتے ہیں۔ ۲ـ معطوف اور معطوف علیہ کی شرکت حکم اور اعراب (معنیً ولفظاً) دونوں اعتبار سے ہوتی ہے اسکے لئے چھ حروف (واو، فاء، ثم، حتی، أو، أم) استعمال ہوتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

جملہ۱۔ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ (ترجمہ: اور اللہ ہی کی ہے سب حکومت آسمان میں بھی اور زمین میں بھی) میں "و" مطلقا جمع کا فائدہ دے رہا ہے۔ اور اگر جملہ میں کوئی قرینہ موجود ہو تو یہ اس قرینہ کے مطابق دوسرے اضافی معنی پر بھی دلالت کرتا ہے، جیسے جملہ۲۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا وَإِبْرَاهِيْمَ (ترجمہ: اور ہم نے نوح اور ابراہیم علیہما السلام کو بھیجا) میں "و" اشتراک اور ترتیب زمنی کا فائدہ دے رہا ہے اور جملہ۳۔ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيْلُ (ترجمہ: اور جبکہ اٹھا رہے تھے ابراہیم علیہ السلام دیواریں خانۂ کعبہ کی اور اسماعیل علیہ السلام بھی) میں "و" اشتراک اور مصاحبت کا فائدہ دے رہا ہے۔

۲۔ الفاء: للترتيب والتعقيب:

یہ حرف عطف ترتیب[۱] وتعقیب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ترتیب دو قسم کی ہے: معنوی اور ذکری۔

۱۔ ترتیب معنوی یہ ہے کہ زمانے کے اعتبار سے معطوف کا تحقق معطوف علیہ کے بعد ہو۔ ۲۔ ترتیب ذکری میں معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان وہی ترتیب پائی جاتی ہے جو کہ گفتگو کے دوران کلام سابق میں ہوتی ہے اور اس میں زمانے کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا[۲] اور تعقیب[۳] کے معنی یہ ہیں کہ معطوف معطوف علیہ کے فوراً بعد واقع ہو، جیسے جملہ۴۔ ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ (ترجمہ: اس کو موت دی پھر اس کو قبر میں لے گیا) میں فاء ترتیب وتعقیب کا فائدہ دے رہا ہے، کیونکہ إقبار إماتة کے فوراً بعد ہوتا ہے۔

۳۔ ثُمَّ: للترتيب والتراخي:

یہ حرف عطف ترتیب وتراخی کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ تراخی کا مطلب یہ ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان کچھ زمانہ ہو، جیسے جملہ۵۔ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ (ترجمہ: اس کو موت دی پھر اس کو قبر میں لے گیا پھر جب اللہ چاہے گا اس کو دوبارہ زندہ کریگا) میں أنشر معطوف اور أقبر معطوف علیہ ہے اور حرف عطف ثمّ ہے جو ترتیب و تراخی کا فائدہ دے رہا ہے۔

(۱) چونکہ فاء ترتیب کا فائدہ دیتا ہے اس لئے اگر معطوف سے پہلے ایک سے زائد معطوفات ہوں تو معطوف سے فورا پہلے واقع ہونے والا معطوف علیہ ہوگا، جیسے جملہ: دخل زيد في الصف وعمرو وحامد فبلال فأحمد میں عمرو اور حامد زید پر معطوف ہیں جبکہ بلال حامد پر، اور احمد بلال پر معطوف ہے۔

(۲) جیسے: أخبر الأستاذ عن أحوال آدم وموسى ومحمد فعيسى عليهم الصلاة والسلام۔

(۳) یعنی معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان کم سے کم مدت ہو، مدت کی کمی یا زیادتی کا اعتبار عرف عام پر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ ۔ حتّٰی: للغاية:

یہ حرف عطف مطلقاً جمع اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔ غایت کے معنی انتہا کے ہیں (یعنی معطوف کمی یا زیادتی میں معطوف علیہ کی نسبت انتہا تک پہنچ جاتا ہے)۔ یہ درج ذیل شروط کے ساتھ عطف کے معنی ادا کرتا ہے:

۱۔ معطوف، مفرد اسم ہو، فعل، حرف یا جملہ نہ ہو۔

۲۔ معطوف اسم ظاہر اور صریح ہو، ضمیر اور مؤول بالمصدر نہ ہو۔

۳۔ معطوف معطوف علیہ کا فرد یا جزء[1] ہو یا اس کے لوازم میں سے ہو۔

۴۔ معطوف اور معطوف علیہ رتبہ کے اعتبار سے یا ضعف وقوت کے اعتبار سے باہم متفاوت ہوں یعنی ایک اعلی اور دوسرا ادنی ہو، جیسے جملہ ۶۔ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيبُهُ الْأَذَى حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشَاكُهَا فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ میں معطوف الشَّوْكَةُ مفرد اور اسم ظاہر ہے اور معطوف علیہ الأذی کا جزء ہے اور رتبہ میں معطوف علیہ الأذی سے کمتر ہے۔

۵۔ معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان موجود حسی یا معنوی غایت سے نئے معنی کا تحقق ہو پس یوں کہنا ٹھیک نہ ہوگا:

قرأتُ الكُتُبَ حتّی كتابًا یا سافرتُ البلادَ حتّی بلدًا۔

٥ ۔ أو: للتخيير أو الشك أو التفصيل:

یہ حرف عطف مفردات اور جملوں کو عطف کرتا ہے اور چار معنوں میں استعمال ہوتا ہے:

(ا) الإباحة والتخيير:

أو العاطفة اگر اسلوب طلب کے بعد واقع ہو تو تخییر یا اباحت کے معنی ادا کرتا ہے۔ تخییر میں معطوف اور معطوف علیہ کو جمع کرنا جائز نہیں ہوتا، لہذا جہاں پر دو معطوفین کو جمع کرنا ممکن نہ ہو وہاں پر أو تخییر کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ۷۔ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ میں یہ تخییر کے معنی ادا کر رہا ہے یعنی مخاطب کو إطعام یا کسوة یا تحریر رقبة میں سے کسی ایک کا اختیار دیا جا رہا ہے۔

اور اباحت میں معطوف اور معطوف علیہ کو جمع کرنا جائز ہوتا ہے، لہذا جہاں دو معطوفین کو جمع کرنا ممکن ہوگا وہاں أو اباحت کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ۸۔ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى أَنْفُسِكُمْ أَنْ تَأْكُلُوا مِنْ بُيُوتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ آبَائِكُمْ میں أو اباحت کا فائدہ دے رہا ہے یعنی مخاطب کو

(۱) جیسے: أعْجَبَتْنِي الفتاةُ حتى وجهُها یا: رَاعَنِي الطائرُ حتى لونُه۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اجازت ہے کہ چاہے وہ اپنے گھر سے کھائے چاہے اپنے آباء واجداد کے گھر سے یا چاہے دونوں گھروں سے کھائے۔

(ب) الشك والإبهام (۱):

اگر أو العاطفة جملہ خبریہ کے بعد واقع ہو تو شک یا ابہام کے معنی ادا کرتا ہے، جیسے جملہ ۹۔ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوم میں أو شک کا فائدہ دے رہا ہے اور جملہ ۱۰۔ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَى هُدًى أَوْ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (ترجمہ: بیشک ہم یا تم ضرور راہ راست پر یا صریح گمراہی میں ہیں) میں أو ابہام کا فائدہ دے رہا ہے کیونکہ متکلّم نے مخاطب پر بات کو واضح نہیں کیا، بلکہ اسکو مبہم رہنے دیا، یعنی متکلّم مخاطب پر بات کو ظاہر کرنا نہیں چاہتا، بلکہ اس خاص طریقے سے مبہم رکھنا چاہتا ہے۔

(ج) التفصيل بعد الإجمال والتقسيم:

أو العاطفة اختصار کے بعد تفصیل کے معنی میں استعمال ہوتا ہے چاہے یہ جملہ خبریہ کے بعد واقع ہو یا طلبیہ کے بعد، جیسے: اختلف القوم فيمن ذهب، فقالوا ذهب زيد أو حامد أو علي، أي بعضهم قال كذا وبعضهم قال كذا، اور جیسے قولہ تعالی ﴿وَ قَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا أَوْ نَصَارٰى تَهْتَدُوْا﴾ (أي قالت اليهود كونوا هودًا وقالت النصارى كونوا نصارى)۔ اسی طرح یہ تقسیم اور کسی چیز کی اقسام بتانے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے: الكلمة اسم أو فعل أو حرف۔

(د) الإضراب:

أو العاطفة، اضراب (۲) یعنی بل کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱۲۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً (ترجمہ: ایسے ایسے واقعات کے بعد تمہارے دل پھر بھی سخت ہی رہے تو ان کی مثال پتھر کی سی ہے یا سختی میں ان سے زیادہ) میں أو بل کے معنی ادا کر رہا ہے۔

٦۔ أم المتصلة أو المنقطعة:

(ا) أم المتصلة:

اگر أم کے بعد آنے والا کلام اپنے سے پہلے آنے والے کلام سے متّصل ہو اور دونوں کا حکم مشترک ہو تو یہ أم

---

(۱) "الشكُّ" من المتكلم في الحكم و"الإبهام" من المتكلم على المخاطَب.

(۲) ماقبل سے اعراض کرکے مابعد کے لئے اس کا حکم ثابت کرنے کو اضراب کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

المتصلة کہلاتا ہے اور عطف کا فائدہ دیتا ہے۔ أم المتصلة کی پہچان یہ ہے کہ اس سے پہلے والے جملے میں همزة التسوية [1] یا همزة الاستفهام ہوتی ہے، چنانچہ اس کی مزید دو اقسام ہیں:

۱۔ أم المسبوقة بهمزة التسوية:

أم المتصلة جب همزة التسوية کے بعد واقع ہو تو ایسے دو خبریہ جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے جنکی تأویل مصدر سے کرنا صحیح ہوتا ہے۔ یعنی دونوں خبریہ جملے اپنے ادوات (أ، أم) سمیت مصدر کے قائم مقام ہوتے ہیں اور انکی تأویل مفرد اسم سے کرنا صحیح ہوتا ہے، اور دونوں خبریہ جملے جنکی تأویل مفرد اسم سے کی جاتی ہے ان کے درمیان واو عاطفہ آتا ہے جو أم سے مستغنی کر دیتا ہے، جیسے جملہ ۱۳۔ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ [2] کی تقدیر یوں ہوگی: إنذارك وعدمه سواء۔ یعنی پہلے خبریہ جملے أأنذرتهم اور دوسرے خبریہ جملے لم تنذرهم کی تأویل مفرد اسم سے کرنا صحیح ہے اور ان دونوں مفرد اسماء کے درمیان واو عاطفہ ہے جس نے حرف عطف أم سے مستغنی کر دیا ہے۔

۲۔ أم المسبوقة بهمزة التعيين:

یہ وہ قسم ہے جس میں أم ایسے دو امور کے درمیان واقع ہوتا ہے جن کو متکلّم جانتا ہے لیکن حکم کی نسبت کے بارے میں متکلّم کے ذہن میں شک ہوتا ہے، لہذا أم کے ذریعے سے دونوں امور میں سے کسی ایک امر کی تعیین چاہتا ہے۔ ان دونوں امور سے پہلے همزة الاستفهام واقع ہوتا ہے۔ همزة الاستفهام اور أم دونوں کے ذریعے سے اس امر کو متعین کرنا مقصود ہوتا ہے جس کے بارے میں متکلّم کے ذہن میں شک ہوتا ہے، جیسے: أعليٌّ مسافر أم زيد؟ میں أم دو اسموں علي اور زيد کے درمیان واقع ہے اور ان دونوں سے پہلے همزة الاستفهام ہے اور متکلّم یہ بات جانتا ہے کہ دو میں سے ایک مسافر ہے لیکن کون مسافر ہے یہ نہیں جانتا اس لئے وہ چاہتا ہے کہ مخاطب یقینی طور پر یہ بیان کردے کہ مسافر کون ہے۔ اسی طرح جملہ ۱۴۔ قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللّٰهُ میں أم ضمیر منفصل أنْتُمْ اور لفظ الجلالہ اللّٰہ کے درمیان واقع ہوا ہے اور ان دونوں سے پہلے همزة الاستفهام ہے۔ اس همزة اور أم سے متکلّم کا مقصود یہ ہے کہ مخاطب ان دونوں میں سے کسی ایک کی تعیین کردے۔

---

(۱) همزة التسوية: سواء، ما أبالي اور أدري کے بعد آتا ہے اور اپنے بعد والے جملے کو بتأویل مصدر کر دیتا ہے۔

(۲) في الآية "سواء": مقدم عن الجملة التي بعده لتأويلها بمصدر أي إنذارك، أو عكسه فسواءٌ: مبتدأ والمصدر المؤول خبره.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ب) أمْ المُنْقَطِعة أو المُنْفَصِلَة:

أم المنقطعة وہ ہے جو دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہو۔ ان میں سے ہر ایک جملہ معنی کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے، یعنی ایک کی ادائیگی دوسرے جملے پر موقوف نہیں ہوتی اور نہ ہی دونوں جملوں میں معنی کے اعتبار سے اتنا ربط ہوتا ہے کہ ایک کو دوسرے کا جزء کہہ سکیں، لہذا یہ اضراب (یعنی بل) کے معنی ادا کرتا ہے اور بسا اوقات أم المنقطعة اضراب کے ساتھ ساتھ استفہام انکاری کے معنی بھی ادا کرتا ہے اور یہ عطف کا فائدہ نہیں دیتا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ یہ نہ تو مطلقاً ہمزہ تسویہ کے بعد واقع ہوتا ہے اور نہ ہمزہ استفہام کے بعد، بلکہ مندرجہ ذیل انواع میں سے کسی نوع کے بعد واقع ہوتا ہے:

۱۔ یہ کبھی خبر محض کے بعد واقع ہوتا ہے، جیسے قولہ اللہ تعالیٰ: ﴿وَإِذَا تُتْلٰی عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَ هُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ أَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرَاهُ﴾ أي: بل يَقُولُونَ افْتَرَاهُ، یعنی اس آیت میں أم خبر محض سِحْرٌ مُّبِيْنٌ کے بعد واقع ہوا ہے اور حرف اضراب بل کے معنی ادا کر رہا ہے، کیونکہ أم ایسے دو جملوں (هذا سحر مبين، يقولون افتراه) کے درمیان واقع ہوا جو معنی کے اعتبار سے مستقل ہیں۔

۲۔ ہمزہ کے علاوہ دوسرے ادوات استفہام (جیسے: هل) کے بعد بھی واقع ہوتا ہے، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّوْرُ﴾۔

۳۔ اور کبھی ایسے ہمزہ کے بعد واقع ہوتا ہے جو غیر حقیقی استفہام (یعنی استفہام انکاری یا تقریری[1]) کا فائدہ دیتا ہے، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ﴾ میں أم اضراب اور استفہام انکاری دونوں کا معنی ادا کر رہا ہے، کیونکہ اگر أم کو صرف اضراب کے معنی میں لیا جائے تو اس آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں (العیاذ باللہ) اور یہ نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرنا محال ہے۔

۷۔ لا: لنفي الحكم عن المعطوف:[2]

یہ ایسا حرف ہے جس کے ذریعے سے معطوف سے حکم کی نفی ہوتی ہے۔ یہ حرف لكن کے برعکس ہے، یعنی لكن

(۱) استفہام انکاری سے متکلم کا مقصد سوال کرنا نہیں ہوتا، بلکہ رد کرنا ہوتا ہے اور استفہام تقریری سے متکلم اپنی بات کو یقینی طور پر ثابت کرنا چاہتا ہے۔ (۲) لا عاطفة کے ذریعے عطف سے مقصود حکم کو ما قبل پر منحصر کرنا ہوتا ہے خواہ قصر افراد ہو یا قصر قلب۔ قصر افراد: جیسے: زيد كاتبٌ لا شاعر۔ یہ جملہ اس شخص کو کہا جائے گا جو زید کے بارے میں کاتب اور شاعر ہونے کا گمان رکھتا ہو۔ قصر قلب: جیسے زيد عالم لا جاهل۔ یہ جملہ اس شخص کو کہا جائے گا جو زید کو جاہل سمجھتا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کے ذریعے ما بعد کے کلام کا اثبات ہوتا ہے جبکہ لا کے ذریعے ما بعد کے کلام کی نفی ہوتی ہے۔ یہ چار شروط کے ساتھ عطف کے معنی ادا کرتا ہے:

۱۔ معطوف مفرد ہو، جملہ نہ ہو۔

۲۔ اس سے ماقبل کلام مثبت ہو، منفی نہ ہو۔

۳۔ معطوف اور معطوف علیہ دونوں ایک دوسرے کی قبیل میں سے نہ ہو، چنانچہ غسلت الثوب لا المنديل کہنا صحیح نہ ہوگا کیونکہ اس میں معطوف المنديل معطوف علیہ الثوب کی نوع میں سے ہے۔ اسی طرح رأيت بلبلا لا طائرًا میں معطوف علیہ بلبلاً معطوف طائرًا کے افراد میں سے ہے۔

۴۔ کسی بھی حرف عطف کے ساتھ واقع نہ ہو، چنانچہ جملہ أسابيع الشهر خمسة لا بل أربعة میں بل حرف عطف واقع ہوا ہے جبکہ لا مجرد نفی کے لئے ہے۔

۵۔ لا کے بعد واقع ہونے والے مفرد اسم کو، لا سے پہلے واقع ہونے والے اسم کی خبر (جیسے: الغلام لا صبي ولا شابٌّ) صفت (جیسے: هذه دار لا قديمة ولا جديدة) یا حال (جیسے: عرفت هذا الكتاب لا نافعا ولا منتفعا) بنانا ممکن نہ ہو۔ کیونکہ اس صورت میں لا عاطفہ نہ ہوگی، بلکہ نافیہ ہوگی اور اس کا تکرار واجب آئے گا۔

۸۔ لكن: للاستدراك:

لكن تین شروط کے ساتھ عطف اور استدراک[1] کے معنی ادا کرتا ہے۔ اگر ان میں سے کوئی ایک شرط بھی مفقود ہو تو یہ صرف حرف ابتداء اور استدراک ہوگا۔

۱۔ معطوف مفرد ہو، جملہ نہ ہو۔

۲۔ اس سے پہلے نفی یا نہی ہو۔

۳۔ لکن، واو کے فورًا بعد واقع نہ ہو، جیسے قولہ تعالی: ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّنْ رِجَالِكُمْ وَلَٰكِنْ رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ﴾ میں لكن حرف عطف نہیں ہے چونکہ لكن واو کے فورا بعد واقع ہو رہا ہے اس لئے لكن یہاں پر حرف استدراک ہے اور لكنْ رسولَ الله میں رسول كان محذوفہ کی خبر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ جملہ ۱۶۔ لا يَعْرِفُ

(۱) پچھلے کلام کی نفی یا نہی سے پیدا ہونے والے اشکال کا ازالہ کرنے کو استدراک کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الْمُؤْمِنُ الْخِيَانَةَ لٰكِنِ الأَمَانَةَ میں معطوف الأمانة مفرد ہے اور جملہ حرف نفی لَا سے شروع ہو رہا ہے اور لکن سے پہلے واو واقع نہیں ہے، لہٰذا یہاں لکن عطف کا فائدہ دے رہا ہے۔

۹۔ بَل:

بل ایسا حرف ہے جس کے معنی اور حکم مابعد کے کلام کے اعتبار سے مختلف ہو جاتے ہیں۔

(ا) اگر بل مفرد اسم پر داخل ہو تو حرف عطف کہلاتا ہے، لیکن ماقبل کلام کی مناسبت سے اس کے معنی مختلف ہو جاتے ہیں:

۱۔ اگر بل مثبت کلام یا صیغہ امر کے بعد آئے تو اس صورت میں یہ إضراب یعنی معطوف علیہ سے حکم سلب کر کے وہی حکم معطوف کے لئے ثابت کرنے کا فائدہ دیتا ہے، جیسے جملہ ۱۷۔ تَلَوْتُ جُزْءًا مِنَ الْقُرْآنِ بَلْ جُزْئَيْنِ۔

۲۔ اگر بل نفی یا نہی کے بعد واقع ہو تو مکمل طور پر لکن کی طرح ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱۸۔ مَا صَامَ زَيْدٌ يَوْمًا بَلْ يَوْمَيْنِ۔

(ب) اگر بل جملے پر داخل ہو تو حرف ابتداء کہلاتا ہے اور صرف إضراب إبطالي یا إضراب انتقالي کا فائدہ دیتا ہے[1]۔

أحكام تتعلق بعطف النسق

معطوف اور معطوف علیہ اسماء ظاہرہ بھی ہو سکتے ہیں اور ضمائر بھی لہٰذا یہ ان چار صورتوں میں واقع ہو سکتے ہیں:

۱۔ عطف الظاهر على الظاهر: جیسے جملہ ۱۹۔ إِنَّمَا أَشْكُوْ بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللّٰهِ میں معطوف علیہ بث اور معطوف حزن دونوں اسماء ظاہرہ ہیں۔

۲۔ عطف المضمر على المضمر: جیسے جملہ ۲۰۔ أنا وأنتَ طالبان میں معطوف علیہ أنا اور معطوف أنت دونوں ضمائر ہیں۔

---

(۱) إضراب کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔ إضراب إبطالي اور ۲۔ إضراب انتقالي۔ إضراب إبطالي: میں بل سے پہلے واقع ہونے والے کلام کی نفی کی جاتی ہے کہ یہ کلام باطل ہے اور اسکا مدعی جھوٹا ہے اس طور پر کہ بل کے بعد واقع ہونے والے کلام میں دوسرے حکم کا اثبات ہوتا ہے، جیسے: وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهُ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ کی تقدیر یوں ہوگی: لقد اتخذ الرحمن ولدا لا فإن الذين اتخذهم هم عباد مكرمون۔
إضراب انتقالي: میں بل سے پہلے واقع ہونے والے کلام کا حکم اپنے حال پر باقی رہتا ہے صرف غرض بدل جاتی ہے۔ یعنی کلام ایک غرض سے دوسری غرض کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، جیسے: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلّٰى بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَالآخِرَةُ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى میں بل سے پہلے والے کلام کی غرض اللہ کی اطاعت ہے اور بل کے بعد والے کلام کی غرض حب الدنیا۔ اور دونوں غرضوں کا حکم اپنے حال پر باقی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ عطف المضمر علی الظاهر: جیسے جملہ ۲۱۔ جاء ني عليٌّ وأنت میں معطوف علیہ علي اسم ظاہر ہے اور معطوف أنت ضمیر ہے۔

٤۔ عطف الظاهر على المضمر: جیسے جملہ ۲۲۔ فَأَنْجَيْنَاهُ وأَصْحَابَ السَّفِيْنَةِ میں معطوف علیہ ہ ضمیر متّصل ہے اور معطوف أصحاب اسم ظاہر ہے۔

قواعد:

۱۔ عطف نسق ایسا تابع ہے جو حروف عاطفہ میں سے کسی ایک حرف عطف کے ذریعے اپنے متبوع سے متّصل ہوتا ہے اس تابع کو معطوف اور متبوع کو معطوف علیہ کہتے ہیں۔

۲۔ یہ تابع اعراب میں معطوف علیہ کے مطابق ہوتا ہے۔

۳۔ حروف عطف نو ہیں:

(۱) الواو: یہ مطلقاً اشتراک اور جمع کا فائدہ دیتا ہے اور بسا اوقات کسی قرینہ کی وجہ سے تعقیب، ترتیب اور مصاحبت کا فائدہ بھی دیتا ہے۔

(۲) الفاء: یہ ترتیب اور تعقیب کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

(۳) ثم: یہ ترتیب اور تراخی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

(۴) حتی: یہ مطلقاً جمع اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔

(۵) أو: یہ چار معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۱۔ الإباحة والتخيير ۲۔ الشك أو الإبهام ۳۔ التفصيل بعد الإجمال والتقسيم ٤۔ الإضراب۔

(٦) أم المتصلة أو المنقطعة: المتصلة: یہ دو چیزوں کے درمیان تسویہ (برابری) پر دلالت کرنے کے لئے یا دو میں سے ایک کی تعیین کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ المنقطعة: یہ دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے اور إضراب یعنی بل کے معنی ادا کرتا ہے۔

(۷) لا: اس کے ذریعے مابعد کے کلام کی نفی ہوتی ہے۔

(۸) لکن: یہ حرف استدراک ہے اگر اس سے پہلے نفی یا نہی ہو تو استدراک کے ساتھ عطف کا فائدہ بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دیتا ہے۔

(۹) بل: اگر مثبت کلام یا صیغہ امر کے بعد آئے تو اضراب کا فائدہ دیتا ہے اور اگر نفی یا نہی کے بعد واقع ہو تو استدراک کا فائدہ دیتا ہے۔

۴۔ معطوف اور معطوف علیہ ان چار صورتوں میں واقع ہو سکتے ہیں:

(ا) ظاہر کا عطف ظاہر پر۔　　(ب) ضمیر کا عطف ضمیر پر۔

(ج) ضمیر کا عطف ظاہر پر۔　　(د) ظاہر کا عطف ضمیر پر۔

التمرين - ۱

أعرب الكلمات الملونة في الجمل الآتية مبينًا سبب الإعراب كما في المثال:

نموذج: ١ - تطمئن النفس بذكر الله، لا تطمئن بالفرش المؤطّاة والقصور المشيدة.

لا: نافية، ليست بعاطفة لأن المعطوف جملة لا مفرد، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

تطمئن: جملة فعلية، استئنافية، بيانية، لا محل لها من الإعراب.

٢ - بالتواضع يُرفع المرء لا الدراهم والدنانير.

لا: حرف نفي وعطف؛ لعدم اقترانها بعاطف ولأن المعطوف مفرد، والكلام مثبت وعدم اقترانها بعاطف، واختلاف جنس المتعاطفين مختلف، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

الدراهم: اسم مجرور معطوف على "التواضع"، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٣ - على الله يتوكل المؤمن لا الأسباب.

لا: حرف نفي وعطف؛ لاستيفاء الشروط الخمسة، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

الأسباب: اسم مجرور معطوف على لفظ الجلالة "الله"، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٤ - يقوم المجدّ بواجبه حبا لا كرها.　　٥ - لا تصدّق الأكاذيب بل قول الحق.

٦ - لا تصاحب رجلا طالحًا لكن صالحًا.　　٧ - تعرّض لعلاج المشكلة لا أسبابها فقط.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٨ـ الخلق الحسن يستهوي الناس حتى الأعداء. ٩ـ المخلص لا يتوخى العاجلة بل يتوخى الآجلة.

١٠ـ مكث النبي ﷺ في مكة عشرًا بل ثلاث عشرة سنة.

١١ـ لا يكون المسلم فاحشًا ولا متفحشًا ولكن سهلاً ليّنًا.

١٢ـ كان النبي ﷺ يحسن إلى الناس جميعا حتى الكفار.

١٣ـ قال النبي ﷺ: كل شيء بقضاء وقدر حتى العجز والكيس.

١٤ـ فدى الصحابة رضي الله عنهم الدين بكل غال ورخيص حتى أرواحهم.

التمرين ـ ٢

ميّز أم المتصلة من المنقطعة في الآيات التالية:

نموذج: آللّٰهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُوْنَ.

أ: همزة للاستفهام. أم: متصلة عاطفة.

٢ـ أَأَنْتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا. ٣ـ أَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ أَقْفَالُهَا.

٤ـ إِنْ أَدْرِيْ أَقَرِيْبٌ أَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ. ٥ـ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ.

٦ـ سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَدَعَوْتُمُوْهُمْ أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُوْنَ. ٧ـ قَالُوْا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوَاعِظِيْنَ.

٨ـ أَعِنْدَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى.

٩ـ أَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ أَمِ ارْتَابُوْا أَمْ يَخَافُوْنَ أَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهُ.

١٠ـ أَأَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُوْرُ أَمْ أَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا.

التمرين ـ ٣

استخرج من الآيات الآتية حروف العطف مبيّنا معناها وعيّن المعطوف والمعطوف عليه وأعربهما:

نموذج: وَالَّذِي يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ.

ثم: حرف عطف (للترتيب مع التراخي). يميتني: جملة فعلية، صلة الموصول الاسمي، لا محل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لها من الإعراب (معطوف عليه). يحيين: جملة فعلية معطوف على الجملة "يميت" لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا.

٣ ـ لَقَدْ كُنْتُمْ أَنْتُمْ وَآبَاءُ كُمْ فِي ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ.

٤ ـ وَالَّذِي أَخْرَجَ الْمَرْعٰى فَجَعَلَهُ غُثَاءً أَحْوٰى.

٥ ـ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَاءِ هِمْ.

٦ ـ وَإِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوْهَا.

٧ ـ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ.

٨ ـ يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرَّاكِعِيْنَ.

٩ ـ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ إِنْ يَّشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ يَّشَأْ يُعَذِّبْكُمْ.

١٠ ـ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ.

١١ ـ وَآخَرُوْنَ اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّآخَرَ سَيِّئًا.

١٢ ـ وَأَوْحَيْنَا إِلَى إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْأَسْبَاطِ.

١٣ ـ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِي أَنْفُسِكُمْ.

١٤ ـ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ.

١٥ ـ وَفِي مُوْسٰى إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُوْنٌ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُوْدَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ.

١٦ ـ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنْزَلَ التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِلنَّاسِ وَأَنْزَلَ الْفُرْقَانَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٤

ميِّز حروف العطف من غيرها مبينة معناها:

نموذج: عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: سِبابُ المُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتالُهُ كُفْرٌ.

و: حرف عطف لمطلق الجمع.

٢ـ إنّ النَّبِيَّ ﷺ قالَ يَوْمَ الفَتْحِ: لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهادٌ وَنِيَّةٌ.

٣ـ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّي فِي الأَضْحَى وَالفِطْرِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدَ الصَّلَاةِ.

٤ـ سُئِلَ البَرَاءُ أَكَانَ وَجْهُ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَ السَّيْفِ؟ قَالَ: لَا بَلْ مِثْلَ القَمَرِ.

٥ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوصِينِي بِالجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ.

٦ـ إنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُم فَلْيَجْعَلْ فِي أَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْثُرْ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ.

٧ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ : لَا يَتْفِلَنَّ أَحَدُكُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَمِينِهِ وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ رِجْلِهِ.

٨ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ غَدَا إِلَى المَسْجِدِ وَرَاحَ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ نُزُلَهُ مِنَ الجَنَّةِ كُلَّمَا غَدَا أَوْ رَاحَ.

٩ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يُبَالِي المَرْءُ بِمَا أَخَذَ المَالَ أَمِنْ حَلَالٍ أَمْ مِنْ حَرَامٍ.

١٠ـ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ ﷺ مُنْذُ قَدِمَ المَدِيْنَةَ مِنْ طَعَامِ البُرِّ ثَلَاثَ لَيَالٍ تِبَاعًا حَتّٰى قُبِضَ.

١١ـ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أُطَيِّبُ النَّبِيَّ ﷺ بِأَطْيَبِ مَا يَجِدُ حَتّٰى أَجِدَ وَبِيصَ الطِّيْبِ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ.

١٢ـ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ مَرَّ فِي شَيْءٍ مِنْ مَسَاجِدِنَا أَوْ أَسْوَاقِنَا بِنَبْلٍ فَلْيَأْخُذْ عَلَى نِصَالِهَا لَا يَعْقِرْ بِكَفِّهِ مُسْلِمًا.

١٣ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: حُرِّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ المَدِيْنَةِ عَلَى لِسَانِي، وَأَتَى النَّبِيُّ ﷺ بَنِي حَارِثَةَ فَقَالَ: أَرَاكُمْ يَا بَنِي حَارِثَةَ قَدْ خَرَجْتُمْ مِنَ الحَرَمِ ثُمَّ الْتَفَتَ فَقَالَ: بَلْ أَنْتُمْ فِيهِ.

١٤ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: المَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ إِلَى كَذَا فَمَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا أَوْ آوٰى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ عَدْلٌ وَلَا صَرْفٌ.

١٥ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ لِأَخِيْهِ مِنْ عِرْضِهِ أَوْ شَيْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ اليَوْمَ قَبْلَ أَنْ لَا يَكُونَ دِيْنَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ إِنْ كَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِهِ وَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ فَحُمِلَ عَلَيْهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

الَّذِي خَلَقَ فَسَوّٰى وَالَّذِي قَدَّرَ فَهَدَى.

الّذي: اسم موصول، مبني على السكون، في محل جر، نعت ثان لـ "ربك".

خلق: فعل ماض، مبني على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر فيه جوازًا، تقديره: "هو"، يرجع إلى "الذي".

فسوى: فـ: حرف عطف للترتيب والتعقيب، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. **سوّى:** فعل ماض، مبني على الفتحة المقدرة على الألف، منع من ظهورها التعذر؛ لأنه ناقص وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

و: حرف عطف، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. **الذي:** اسم موصول، مبني على السكون، في محل جر؛ لأنه معطوف على "الذي" الأول.

قدر: فعل ماض، مبنى على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

فهدى: فـ: حرف عطف لـلترتيب والتعقيب، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. **هدى:** فعل ماض، مبني على الفتحة المقدرة على الألف، منع من ظهورها التعذر؛ لأنه ناقص، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

الجملة "خلق": من الفعل والفاعل صلة الموصول الاسمي، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "سوى": من الفعل والفاعل معطوفة على جملة صلة الموصول، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "قدر": من الفعل والفاعل صلة الموصول الاسمي، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "هدى": من الفعل والفاعل معطوفة على جملة صلة الموصول، لا محل لها من الإعراب.

أعرب ما ياتي:

١ ـ اذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُونَ. ٢ ـ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِيْنَ.

٣ ـ سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِن مَّحِيْصٍ. ٤ ـ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا.

٥ ـ قَالَ إِنَّمَا أَشْكُوْ بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللّٰهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثالث والعشرون

واو المعية

الأمثلة:

١ - قال تعالى: فَأَجْمِعُوْا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَ كُمْ

٢ - كُنْ أَنْتَ وَتَلَامِذَتَكَ كَالْأَبِ.

٣ - كيف أَنْتَ وَالامتِحانَ؟

٤ - قال تعالى: يَآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو سرخ کلمات (شُرَكَاءَ كُمْ، تَلَامِذَتَكَ، الامتِحانَ) واو کے بعد منصوب واقع ہوئے ہیں یہ مفعول معہ کہلاتے ہیں۔ ان کو منصوب کرنے والا عامل فعل [1] یا ایسا اسم مشتق ہوتا ہے جو کہ فعل کا عمل کرتا ہے، جیسے: أنا سائر و شاطئ البحر اور رويدك والغاضب (أي أمهل نفسك مع الغاضب)۔ کسی بھی اسم کو مفعول معہ ہونے کی بناء پر منصوب کرنے کے لئے درج ذیل امور کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے:

۱۔ مفعول معہ اسم ہو، حرف یا جملہ نہ ہو۔

۲۔ یہ زائد ہو، یعنی جملے کا بنیادی جزء نہ [2] ہو۔

۳۔ یہ اسم واو بمعنی "مع" کے بعد واقع ہو۔

۴۔ اس واو سے پہلے واقع ہونے والے جملے میں فعل یا ایسا اسم مشتق پایا جائے جو کہ فعل کا عمل کرے۔

مندرجہ بالا جملوں پر مزید غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ "واو" کے بعد واقع ہونے والے اسم میں چار صورتیں ممکن ہیں:

---

(۱) عربوں سے بعض مثالیں ایسی بھی سنی گئی ہیں جن میں مفعول معہ ما استفہامیہ اور کیف استفہامیہ کے بعد منصوب واقع ہوا ہے جبکہ اس سے پہلے نہ تو فعل ہے اور نہ ہی اسکے مشابہ اسم مشتق ہے جو کہ فعل کا عمل کرتا ہے، جیسے: ما أنت والحوتَ؟ و كيف أنت والامتحانَ؟ اور نحویوں نے ان مثالوں میں فعل کو مقدر ٹھہرایا ہے جسکی تقدیر یوں بیان کی ہے: ما تكون والحوتَ؟، و كيف تكون والامتحانَ؟۔

(۲) جیسے مبتدأ، خبر یا فاعل کہ جسکے بغیر نحوی ترکیب کے اعتبار سے جملہ صحیح نہ ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١۔ وجوب المعية:

اگر واو کو حرف عطف بنانے سے معنی میں فساد پیدا ہوتا ہو تو اس کے بعد واقع ہونے والا اسم مفعول معہ ہونے کی وجہ سے وجوبًا منصوب ہوگا (یعنی واو کے بعد واقع ہونے والا اسم واو سے پہلے واقع ہونے والے اسم کے ساتھ فعل میں مشترک نہ ہو)، جیسے: جملہ ا۔ فَأَجْمِعُوْا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ترجمہ: سو تم اپنی تدبیر مع اپنے شرکاء کے پختہ کرلو، میں "واو" واو المعية ہے۔ اور شركاء مفعول معہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے، اس واو کو عاطفہ بنانا جائز نہیں، کیونکہ پھر جملہ کی تقدیر اس طرح ہوجائے گی: فأجمعوا أمركم وأجمعوا شركاء كم ترجمہ: تم اپنی تدبیر کو پختہ کرلو اور اپنے شرکاء کو پختہ کرلو، اور یہ کہنا صحیح نہیں ہے چونکہ أجمع [1] معانی سے متعلق ہے نہ کہ ذوات سے۔ اسی طرح لفظی ترکیب میں فساد پیدا ہونے کی صورت میں "واو" کے بعد واقع ہونے والا اسم مفعول معہ ہونے کی وجہ سے وجوبا منصوب ہوگا، جیسے جملہ: ما شأنُكَ وزَيْدًا؟ میں "واو" واو المعية ہے کیونکہ ضمیر مجرور "ك" پر لفظ شأن کو لوٹائے بغیر زید کا عطف جائز نہیں۔

٢۔ وجوب العطف:

اگر واو کو واو المعية بنانے سے معنی میں فساد پیدا ہوتا ہو تو واو کو وجوبا حرف عطف بنائیں گے یعنی واو کے بعد واقع ہونے والا اسم واو سے پہلے واقع ہونے والے اسم کے ساتھ فعل میں مشترک ہو اور ایک سے زائد افراد کو چاہتا ہو، جیسے: اتَّفَقَ زَيْدٌ وَعَمْرو عَلَى الذَّهَابِ إِلَى الحَفْلَةِ میں فعل اتفق ایک سے زائد افراد کو چاہتا ہے اور اسی طرح اخْتَصَمَ خَالِدٌ وَعَمْرٌو۔

٣۔ ترجيح المعية على العطف:

اگر واو کو حرف عطف بنانے سے کلام ایسے معنی پر دلالت کرے جو متکلّم کی مراد نہ ہو تو اس صورت میں واو کو حرف عطف بنانے کے بجائے واو بمعنی "مع" بنانا زیادہ بہتر ہے، جیسے جملہ ٢۔ كُنْ أَنْتَ وَتَلَامِذَتَكَ كَالأَبِ میں متکلم یہ کہنا چاہتا ہے کہ تم اپنے شاگردوں کے ساتھ باپ کی طرح سلوک کرو، چنانچہ اس جملہ میں "واو" واو المعية ہے اور تلامذة مفعول معہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اگر اس "واو" کو حرف عطف بنایا جائے تو اس کے معنی یہ ہونگے کہ تم اور تمہارے شاگرد باپ کی طرح ہوجائیں، جبکہ متکلّم کی مراد یہ نہیں، لہذا اس واو کو واو المعية بنانا زیادہ بہتر ہے۔

---

(١) أجمع الأمر: عزم کرنا اور پختہ ارادہ کرنا یقال: أُجْمِعُ أَمْرِي وَرَأْيِي ولَا يُقَالُ: أُجْمِعُ شُرَكَائِي.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ ـ ترجيح العطف على المعية:

اگر واوکوحرف عطف بنانے یا واو المعية بنانے سے کلام میں تبدیلی واقع نہ ہوتو واوکوحرف عطف بنانا زیادہ بہتر ہے، کیونکہ واواصل میں عطف ہی کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ ٤۔ یـاٰدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ میں واوکوحرف عطف بنانے سے معنی میں فساد پیدانہیں ہوتا، لہذا "واو" بمعنی "مع" کہنے کے بجائے حرف عطف سمجھنا زیادہ بہتر ہے۔

قواعد:

ا۔مفعول معہ ایسا منصوب اسم ہے جو واوبمعنی "مع" کے بعد واقع ہوتا ہے، اوراس سے پہلے جملے میں کسی فعل یا اس سے مشابہ اسم مشتق کا پایا جانا ضروری ہے۔

۲۔ واو کے بعد واقع ہونے والے اسم کی چارصورتیں ہیں: (ا) وجوب المعية (ب) وجوب العطف (ج) ترجيح المعية على العطف (د) ترجيح العطف على المعية

التمرين ـ ١

بيّن في أي الجمل الآتية تتعين الواو للمعية أو للعطف وفي أيها تُرَجَّح المعية على العطف وفي أيها يُرجَّح العطف على المعية وأعرب الاسم الذي يقع بعد الواو:

نموذج: قَطَعْنَا البَرِيَّةَ وَظِلَامَ اللَّيْلِ.

و: تعينت الواو هنا للمعية. ظلام: مفعول معه منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ ـ مَشَى عُمَرُ وَالنَّهرَ.
٣ ـ طُفْنَا بِالبَيْتِ وَشُرُوقَ الشَّمْسِ.
٤ ـ احْتَرَقَتِ الدَّارُ وَأَثَاثُها.
٥ ـ أَصْبَحَت خَدِيجَةُ وَصَدِيقَاتها كَالأُخْتِ.
٦ ـ اعْتَمَرَ أُسَامَةُ وَصَدِيقُه.
٧ ـ لَاقَى زَيْدٌ وَأَحْمَد بَعْدَ مُدَّةٍ مِنَ الزَّمَنِ فِي مَأْدُبَةٍ.
٨ـ تَصَدَّقَتْ عائِشَةُ وَأُخْتها.
٩ ـ سِرْتُ وتَغْرِيْد الطُّيُورِ فِي الغَابَةِ كَثِيْرَةِ الأَشْجَارِ.
١٠ ـ سَارَ القِطَارُ وجِدَارِ القَصْرِ.
١١ ـ اعْلَمْ أَنَّ الجَهْلَ والغُرُور آفَتَان مِن أَخْطَرِ الآفَاتِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٢ ـ رَجَعَ المُسَافِرُ وإسْفار الصُّبْحِ.
١٣ ـ قَاتَلَ المُسْلِمُوْنَ وَالرُّوْم فِي مَعْرِكَةِ مُؤْتَة قِتالاً عَنِيْفًا.
١٤ ـ مَرَرْتُ بِالحَدِيقَةِ الغَنّاءِ والصَّدِيق.
١٥ ـ اجْتَمعَ المُسْلِمُون والصَّلِيْبِيُّوْنَ عنْدَ حِطّين لِلْقتال.
١٦ ـ أَفْطَرَ الصَّائِمُونَ وَغُرُوب الشَّمْسِ.
١٧ ـ يَجِبُ أَنْ نُقَابِلَ نِعَمِ اللّٰه بِحَمْدِهِ وَشُكْره وإسْدَاء الجَمِيْل إلى خَلْقِهِ.

التمرين ـ ٢

ترجم إلى العربية:

۱۔ فاطمہ اذان فجر کے ساتھ اٹھی۔
۲۔ صدر مملکت نے وفد کے آتے ہی کانفرس ملتوی کردی۔
۳۔ ریل گاڑی گھنے کھیتوں کے ساتھ چلتی رہی۔
۴۔ چوکیدار نے گھنٹہ بجنے کے ساتھ ہی مدرسے کا گیٹ بند کردیا۔
۵۔ مجاہدوں نے طلوع شمس کے ساتھ قتال شروع کیا۔
۶۔ خطبہ ختم ہوتے ہی جمعہ کی اذان کے لئے اقامت دی گئی۔
۷۔ زید نے اپنے دوست کے ساتھ امتحانوں کی تیاری شروع کی۔
۸۔ عمرو نے چاند نکلتے ہی اپنا آبائی شہر ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیا۔
۹۔ طالبات نے مدرسے میں داخل ہوتے ہی صفائی شروع کردی۔
۱۰۔ باپ نے اپنی بیٹی کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ: تم اپنی دوستوں کے ساتھ بہن جیسا سلوک کرو۔

التمرين ـ ٣

نموذج في الإعراب:

١ ـ لَا ترجُ النجاحَ وعمل السيّء.

لَا: ناهية، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب. **ترجُ:** فعل مضارع، مجزوم بلا الناهية، وعلامة جزمه حذف الواو من آخره؛ لأنه من الأفعال الناقصة، والفاعل ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت".

النجاحَ: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

و: للمعية وجوبًا، مبنية على الفتحة، لا محل له من الإعراب.

عمل: مفعول معه منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

السيء: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٢ ـ رويدك والمديون.

رويدك: رويْد: اسم فعل أمر، بمعنى "أمهِلْ / مَهْلًا" مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب، والفاعل ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت".

ك: حرف خطاب، مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب.

و: للمعية وجوبا، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

المديون: مفعول معه منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

أعرب ما يلي:

١ ـ صَهْ والمجَانين.

٢ ـ زيد سائر وشاطئ البحر.

٣ ـ لا يحصل على العلم والكبر.

٤ ـ لا يمكن الفوز وضياع الوقت.

٥ ـ لا تهو حسن العاقبة والذنوب.

٦ ـ هاجر النبي ﷺ وأبا بكر رضي الله عنه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الرابع والعشرون

الاستثناء

أداة الاستثناء کے ذریعے اس کے بعد آنے والے اسم کو اس کے ماقبل کے حکم سے خارج کرنے کو نحو کی اصطلاح میں "استثناء" کہتے ہیں، مثلاً: نَجَحَتِ الطَّالِبَاتُ إِلَّا زَيْنَبَ اس جملے میں طالبات پر کامیابی کا حکم لگایا گیا ہے اور أداة الاستثناء إِلَّا کے ذریعے اس کے بعد آنے والے اسم زَيْنَبَ کو کامیابی کے حکم سے خارج کر دیا گیا ہے۔

استثناء کا اسلوب أدوات الاستثناء، مستثنی اور مستثنی منه پر مشتمل ہوتا ہے:

أدوات الاستثناء:

وہ کلمات جن کے ذریعے استثناء کیا جاتا ہے آٹھ ہیں: إِلَّا، غَيْر، سِوَى، عَدَا، مَا عَدَا، خَلَا، مَا خَلَا، حَاشَا، لَيْسَ، لَا يَكُوْن۔ ان میں سے إِلَّا حرف ہے، غير، سِوَى اسماء ہیں، مَا عَدَا، مَا خَلَا، لَيْسَ، لَا يَكُون افعال ہیں اور عَدَا، خَلَا اور حَاشَا افعال بھی بن سکتے ہیں اور حروف جارہ بھی۔

مستثنى:

وہ اسم جسے جملے کے اعرابی حکم سے خارج کیا جاتا ہے مستثنی کہلاتا ہے، مستثنی، أداة الاستثناء کے فوراً بعد آتا ہے۔

مستثنى منه:

جس اسم کے لئے حکم ثابت کیا جاتا ہے وہ مستثنى منه کہلاتا ہے اور یہ أداة الاستثناء سے پہلے آتا ہے۔

مذکورہ بالا مثال نَجَحَتِ الطَّالِبَاتُ إِلَّا زَيْنَبَ میں زَيْنَب مستثنى اور الطَّالِبَات مستثنى منه ہے۔

اسلوب استثناء کی تفصیل جاننے سے پہلے چند اصطلاحات کا سمجھ لینا ضروری ہے:

الکلام التام: وہ کلام جس میں مستثنى منه مذکور ہو، مثلاً: حَضَرَ الْقَوْمُ إِلَّا زَيْدًا میں مستثنى منه قوم مذکور ہے۔

الکلام الناقص: وہ کلام جس میں مستثنى منه مذکور نہ ہو، مثلاً: مَا حَضَرَ إِلَّا زَيْدٌ میں مستثنى منه (حضر کا فاعل) مذکور نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الكلام الموجب: وہ کلام جومثبت ہومنفی نہ ہو،مثلاً: دَرَسَ الطَّالِبُ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيْلًا۔

الكلام غير الموجب: وہ کلام جومنفی ہو(چاہے لفظاً ہو یا معنًی)، جیسے: مَا دَرَسَ الطَّالِبُ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيْلًا میں جملہ لفظاً منفی ہے اور يَأبَى الْمُسْلِمُ إِلَّا الصِّدْقَ میں جملہ معنًی منفی ہے۔ نهي، استفهام إنكاري [1] اور استفهام توبيخي وغیرہ بھی نفی کے حکم میں ہوتے ہیں۔

الاستثناء المتصل: وہ استثناء جس میں مستثنی، مستثنی منه کی جنس میں سے ہو استثناء متصل کہلاتا ہے یعنی مستثنی، مستثنی منه کے افراد میں سے ایک فرد ہو یا اس کا ایک جزء حقیقی ہو، جیسے: أَكَلْتُ الْأَرْنَبَ الْمَشْوِيَّ إِلَّا الْيَدَ میں مستثنی "اليَد" مستثنی منه "الأَرْنَب" کا جزء حقیقی ہے اور حَضَرَ الطُّلَّابُ إِلَّا زَيْدًا میں مستثنی "زَيْد" مستثنی منه "الطلّاب" کا ایک فرد ہے۔

الاستثناء المنقطع: وہ استثناء جس میں مستثني، مستثني منه کی جنس میں سے نہ ہو استثناء منقطع کہلاتا ہے یعنی نہ تو اس کے افراد میں سے کوئی فرد ہو اور نہ ہی اس کا جزء حقیقی ہو، مثلاً: حَضَرَ الطُّلَّابُ إِلَّا سَيَّارَاتِهِم میں سَيَّارَات، طُلَّاب کا فرد نہیں ہے اور بَلَّتِ الطُّيُوْرُ إِلَّا أَعْشَاشَهُمْ میں أَعْشَاش، طُيُوْر کا جزء حقیقی نہیں ہے [2]۔

ألف: الاستثناء بإلّا

(ألف) وجوب نصب المستثنى بعد إلّا

١ ـ قال تعالى: فَشَرِبُوْا مِنْهُ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ.

٢ـ وَصَلَ الْحُجَّاجُ إلى بِلَادِهِم إِلَّا أَمتِعَتَهُم.

٣ ـ قال تعالى: مَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ .

٤ ـ وَمالِيَ إِلَّا آلَ مُحمَّدٍ شِيْعَةٌ.

(١) استفهام إنكاري اور استفهام توبيخي دونوں میں مخاطب سے کوئی سوال کرنا مقصود نہیں ہوتا، استفهام إنكاري میں مخاطب پر نکیر کرنا اور استفهام توبيخي میں مخاطب کو ڈانٹنا مقصود ہوتا ہے، ان کے درمیان ایک فرق یہ بھی ہوتا ہے کہ استفهام إنكاري میں جس بات پر نکیر کی جاتی ہے وہ نہ حقیقت میں موجود ہوتی ہے نہ ہی اس کا حصول ممکن ہوتا ہے یعنی اس بات کا دعوی کرنے والا جھوٹا ہوتا ہے، مثلاً: ﴿كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَأَنْتُمْ تُتْلَى عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهُ﴾، جبکہ استفهام توبيخي میں جس بات پر ڈانٹا جاتا ہے وہ ہوتی تو ممکنات میں سے ہے یعنی اس کا مدعی سچا ہوتا ہے، لیکن اس کے مذموم ہونے کی وجہ سے اس کا فاعل زیر عتاب آتا ہے، مثلاً: أَتَأْكُلُوْنَ أَمْوَالَ النّاس بِالْبَاطِلِ۔

(٢) استثناء منقطع کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مستثنی، مستثنی منه سے من كل الوجوه منقطع ہو، بلکہ دونوں کے درمیان معنوی تعلق ہوتا ہے، جیسے: أعشاش، طيور کا جزء حقیقی تو نہیں، لیکن اس کا تعلق طيور سے ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ب) النصب على الاستثناء أو الاتّباع على البدلية

١ ـ لَا يَفُوْزُ مِنَ الطُّلَّابِ أحدٌ إلَّا المُجِدَّ / المُجِدُّ.

٢ ـ شَكَى المُعَلِّمُ إلى المُدِيرِ عن تَقْصِيْرِ الطُّلَّابِ وَقَالَ: مَا قَامُوْا بِشُؤُوْنِ الْمَدْرَسَةِ إلَّا قَلِيْلٌ مِنْهُمْ/ قَلِيْلاً.

٣ ـ مَنْ يَسْمُ إلى ذَرْوَةِ الْكَمَالِ إلَّا الْمُجْتَهِدُوْن.

(ج) إعراب ما بعد إلّا على حسب العوامل (الاستثناء المفرّغ)

١ ـ قال تعالى: فَهَلْ يُهْلَكُ إلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُوْن.

٢ ـ قال تعالى: وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ إلَّا الْحَقَّ.

٣ ـ قال تعالى: وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّءُ إلَّا بِأَهْلِهِ.

٤ ـ قال تعالى: وَيَأْبَى اللّٰهُ إلَّا أَنْ يُّتِمَّ نُوْرَه.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں استثناء کے اسلوب پر مشتمل ہیں، اوران میں أداة الاستثناء حرف إلّا ہے، مجموعہ الف کی تمام مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مستثنی درج ذیل صورتوں میں وجوبا منصوب واقع ہوتا ہے:

ا۔ اگر کلام تام، موجب اور مستثنی متّصل ہو تو مستثنی وجوبا منصوب ہوتا ہے، جیسا کہ جملہ ا۔ فَشَرِبُوْا مِنْهُ إلَّا قليلاً مِّنْهُمْ میں کلام تام ہے یعنی مستثنی منه (شربوا کا فاعل واو الجماعة) مذکور ہے اور مستثنی قليلاً متّصل ہے کیونکہ مستثنی قليلاً مستثنی منه (شربوا کا فاعل واوالجماعة) کی جنس میں سے ہے یعنی کم لوگ جنہوں نے پانی نہیں پیا وہ ان لوگوں کی جماعت میں شامل تھے جن لوگوں نے پانی پیا تھا۔

۲۔ اگر استثناء منقطع ہو تو چاہے کلام موجب ہو یا غیر موجب دونوں صورتوں میں مستثنی وجوبا منصوب [1] ہوتا ہے، جیسا کے جملہ۲۔ وَصَلَ الحُجَّاجُ إلى بِلَادِهِم إلّا أَمتِعَتَهُم میں کلام موجب ہے اور مستثنی منقطع ہے۔ اور جملہ۳۔ مَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إلَّا اتِّبَاعَ الظَّن میں کلام غیر موجب اور مستثنی منقطع ہے۔

(۱) یہ حجازیین کا مذہب ہے اور قرآن کی آیت ﴿وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَى إلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَى﴾ ﴿وَمَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ﴾ اس پر شاہد ہے، لیکن بعض نحویین کے نزدیک اگر کلام تام غیر موجب ہو تو اس صورت میں مستثنی کے دو اعراب (۱۔ النصب على الاستثناء، ۲۔ الاتباع على البدلية) جائز ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ اگر مستثنی، مستثنی منه سے پہلے واقع ہوتو مستثنی وجوبا منصوب ہوتا ہے جیسا کہ جملہ۴۔ وَمالِيَ إلَّا آلَ مُحمَّدٍ شِيْعَة میں مستثنی آلَ مُحمَّدٍ مستثنی منه "شِيْعَة" سے پہلے واقع ہوا ہے۔

مجموعہ ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں مستثنی منه مذکور ہے اور ان تمام جملوں کی ابتداء نفی (لفظا یا معنی) سے ہورہی ہے اور مستثنی، مستثنی منه کی جنس میں سے ہے، یعنی کلام تام، غیر موجب اور استثناء متّصل ہے اس صورت میں مستثنی کے دو اعراب جائز ہیں:

۱۔ النصب علی الاستثناء ۲۔ الاتباع علی البدلية

جملہ ۱۔ لا يفوز من الطلاب أحد إلَّا المُجِدّ / المُجدُّ أداة النفي "لا" سے شروع ہورہا ہے اور چونکہ مستثنی منه أحَدٌ اس میں مذکور ہے اس لئے مستثنی المُجدّ منصوب (علی الاستثناء) بھی ہوسکتا ہے اور مرفوع (علی البدلية) بھی۔ اسی طرح جملہ۲۔ ما قامُوْا بِشُؤُونِ الْمَدْرَسَةِ إلَّا قَلِيْلٌ مِنْهُمْ/ قَلِيْلًا أداة النفي "ما" سے شروع ہورہا ہے اور مستثنی منه فاعل واو الجماعة في "قَامُوا" في محل رفع ہے اس لئے مستثنی قَلِيْلٌ مرفوع (علی البدلية) بھی ہوسکتا ہے اور منصوب (علی الاستثناء) بھی۔ اور اسی پر مثال ۳ کو قیاس کریں گے۔

مجموعہ ج پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تمام مثالیں (لفظا یا معنًی) منفی ہیں اور ان میں مستثنی منه محذوف ہے، چنانچہ اس صورت میں إلّا کے بعد آنے والے اسماء کے اعراب اپنے ماقبل عامل کے مطابق ہوں گے، جملہ ۱۔ فَهَلْ يُهْلَكُ إلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُوْن میں إلّا کے بعد آنے والا اسم القوم يُهْلَكُ کا نائب الفاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور جملہ۲۔ وَلا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ إلَّا الْحَقَّ میں الحَقَّ مفعول به ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور جملہ۳۔ وَلا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّءُ إلَّا بِأَهْلِه میں أَهْلِه حرف جر باء کی وجہ سے مجرور ہے، یہ تینوں جملے منفی ہیں، کیونکہ ان سے پہلے حرف نفی (جیسے: لا) یا نفی سے مشابہ حروف (جیسے: هل) لفظا موجود ہیں، جبکہ جملہ۴۔ وَيَأْبَى اللّٰهُ إلَّا أنْ يُتِمَّ نُوْرَهُ میں بظاہر کوئی أداة النفي نہیں ہے، لیکن فعل يأبى معنی کے اعتبار سے نفی پر دلالت کرتا ہے اس لئے یہ جملہ بھی معنی کے اعتبار سے منفی ہے، چنانچہ اس آیت کی تقدیر یوں ہوگی: لا يريد الله إلّا إتمام نوره۔ اسے استثناء مفرّغ بھی کہتے ہیں، کیونکہ مستثنی منه کے محذوف ہونے کی صورت میں إلّا سے پہلے واقع ہونے والا عامل اس کے بعد آنے والے اسم پر عمل کرنے کے لئے فارغ ہوتا ہے یعنی وہ إلّا سے پہلے واقع ہونے والے عامل کا معمول ہوتا ہے اور إلّا کا عمل باطل ہوجاتا ہے اور وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

حصر کے معنی دیتا ہے۔

وقوع المستثنى جملة:

استثناء منقطع ہو یا متّصل، مستثنی جملہ بھی ہوسکتا ہے، جملہ اسمیہ بھی اور جملہ فعلیہ بھی۔ اور اس صورت میں مستثنی کے اعراب محلی ہوں گے، جیسے: ﴿لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُسَيْطِرٍ إِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ﴾

مَنْ تَوَلّٰى ....: جملة اسمية في محل نصب على الاستثناء المنقطع من الضمير "هم"۔

قواعد:

۱۔ أداة استثناء کے ذریعے اس کے بعد آنے والے اسم کو اس کے ماقبل کے حکم سے خارج کرنے کو استثناء کہتے ہیں۔

۲۔ اگر کلام تام اور موجب ہو اور استثناء متّصل ہو تو مستثنی وجوبا منصوب ہوگا۔

۳۔ اگر کلام تام ہو اور استثناء منقطع ہو تو مستثنی وجوبًا منصوب ہوگا۔

۴۔ اگر کلام تام ہو اور مستثنی مقدّم ہو اور مستثنی منه مؤخر ہو تو مستثنی وجوبًا منصوب ہوگا۔

۵۔ اگر کلام تام اور غیر موجب ہو اور استثناء متّصل ہو تو مستثنی منصوب بھی ہوسکتا ہے اور مستثنی منه کا تابع بھی ہوسکتا ہے۔

۶۔ اگر کلام غیر تام اور غیر موجب ہو تو استثناء کے اعراب إلّا سے ماقبل عامل کے مطابق ہونگے۔

إلّا المكرّرة

أداة الاستثناء إلّا کی تکرار کی صورت میں دو قسمیں ہیں:

۱۔ مؤكّدة ۲۔ مؤسِّسَة

۱۔ مؤكِّدَة:

اس قسم میں إلّا المكرّرة سے إلّا الأولى کی تاکید مقصود ہوتی ہے اور إلّا المكرّرة کے بعد واقع ہونے والے مستثنی منه کی درج ذیل تین صورتیں ممکن ہوتی ہیں:

۱،۲۔ بدل یا عطف البیان، جیسے جملہ: لَمْ يتزوّج النبيُّ ﷺ بِكْرًا إلّا بنت أبي بكر رضي الله عنه إلّا عائشة رضي الله عنها

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

میں عائشة بدل الكل من الكل یا عطف البیان ہے، جبکہ إلّا الثانیة زائدة ہے۔

۳۔ عطف النسق، جیسے جملہ: حضَرَ القومُ إلا سعدًا وإلا زیدًا میں زیدًا عطف النسق ہے اور إلّا الثانیة توکید لفظی ہے۔

۲۔ مؤسِّسَة:

اس صورت میں إلّا المکرّرة سے استثناء جدید مقصود ہوتا ہے، جیسے: بکَر الفلّاحون إلّا عَمْرًا إلّا سعیدًا إلّا محمودًا ۔ اس اسلوب میں إلّا المکرّرة کے بعد واقع ہونے والا اسم مستثنی ہوتا ہے جبکہ مستثنی منه میں درج ذیل تفصیل ہے:

۱۔ اگر إلّا المکرّرة سے قبل مذکور مستثنی سے استثناء ممکن نہ ہو تو اس صورت میں پہلا مستثنی منه باقی تمام مستثنی کا مستثنی منه ہوگا، جیسے مندرجہ بالا جملے میں سعیدًا اور محمودًا مستثنی ہیں جبکہ الفلاحون مستثنی منه ہے کیونکہ محمود کا سعید اور سعید کا عمرو سے استثناء ممکن نہیں۔

۲۔ اگر إلّا المکرّرة سے قبل مذکور مستثنی سے استثناء ممکن ہو تو اس صورت میں إلّا المکرّرة سے ما قبل مذکور اسم کو مستثنی منه بنانا جائز ہے، جیسے جملہ: أنفقتْ فاطمةُ عشرة إلّا ستة إلّا ثلاثة إلّا واحدة۔

إلّا المؤسسة اور إلّا المؤكدة میں فرق یہ ہے کہ إلّا المؤكدة کو حذف کرنے سے ترکیب کلام میں خلل اور معنی میں فساد واقع نہیں ہوتا بخلاف المؤسسة کے۔

إلّا المکرّرة المؤسسة کے بعد واقع ہونے والے مستثنی کے اعراب کی درج ذیل صورتیں ممکن ہیں:

۱۔ اگر کلام تام موجب ہے تو تمام مستثنی وجوبا منصوب ہوں گے، جیسے جملہ: ظهرت النجومُ إلّا القمرَ إلّا الشمسَ إلّا الزُحلَ۔

۲۔ اگر کلام تام غیر موجب ہے تو تمام مستثنی وجوبا منصوب ہونگے سوائے پہلے مستثنی کے، اس میں دو اعراب (النصب علی الاستثناء، الاتباع علی البدلية) جائز ہیں، جیسے: ما غابت النجوم إلا الشّمْسُ إلّا القمرَ إلّا الزُحَلَ۔

۳۔ اگر استثناء مفرغ ہے تو إلّا الأولی کے بعد واقع ہونے والے مستثنی کے اعراب موقع محل کے مطابق ہونگے جبکہ باقی تمام مستثنیات منصوب واقع ہوں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ب: الاستثناء بـ" غير وسوى "

(ألف) وجوب النصب

١ ـ يَنْقُصُ كُلُّ شَيْءٍ بِالإِنْفَاقِ غَيْرَ الْعِلْمِ / سِوَى الْعِلْمِ.

٢ ـ قَرَأْتُ الْكِتَابَ غَيْرَ بَابَيْنِ / سِوَى بَابَيْنِ.

٣ ـ أَهْدَيْتُ إِلَى زُمَلَائِي غَيْرَ غَائِبٍ / سِوَى غائبٍ.

(ب) النصب على الاستثناء أو الاتّباع على البدليّة

١ ـ لا يَعْمَلُ أَحَدٌ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ غَيْرَ الْكَيِّسِ / غَيْرُ الْكَيِّسِ / سِوَى الْكَيِّسِ.

٢ ـ لا أَسْلُكُ مَسْلَكًا غَيْرَ الْحَقِّ / سِوَى الْحَقِّ.

٣ ـ لا يَخْضَعُ الْمُؤْمِنُ لأَحَدٍ غيرَ اللّٰه / غيرِ اللّٰه / سِوَى اللّٰه.

(ج) الاستثناء المفرّغ

١ ـ لا يُحِبُّ الأَنْصَارَ غيرُ مُؤْمِنٍ وَلا يُبْغِضُهُم غيرُ مُنَافِقٍ / سِوَى مُنَافِقٍ.

٢ ـ لا تَثِقْ بِـغَيْرِ الأَمِيْنِ / سِوَى الأَمِيْن.

٣ ـ لا تَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلامِ / سِوَى الإِسْلامِ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا تمام مثالوں میں أداة الاستثناء غیر اور سوی إلّا کی جگہ استعمال ہوئے ہیں اور اسی معنی پر دلالت کرتے ہیں جس پر إلّا کرتا ہے، فرق صرف یہ ہے کہ إلّا حرف ہے اور حرف کے اپنے کوئی اعراب نہیں ہوتے جبکہ غیر اور سوی اسماء ہیں اور ان کے اعراب إلّا کے بعد واقع ہونے والے مستثنی کی طرح ہوتے ہیں، چنانچہ جس طرح کلام تام اور موجب ہونے کی صورت میں إلّا کے بعد واقع ہونے والا مستثنی وجوبا منصوب ہوتا ہے اسی طرح غیر اور سوی اس صورت میں وجوبًا منصوب ہوتے ہیں اور جس طرح کلام کے تام اور غیر موجب ہونے کی صورت میں إلّا کے بعد واقع ہونے والے مستثنی میں اعراب کی دو صورتیں الاتباع علی البدلیة اور النصب علی الاستثناء جائز ہوتی ہیں اسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

طرح غیر اور سوی کے بھی اس صورت میں دونوں اعراب جائز ہوتے ہیں اور جس طرح کلام کے غیر تام اور غیر موجب ہونے کی صورت میں إلّا کے بعد واقع ہونے والا مستثنی إلّا کے ماقبل عامل کا معمول بنتا ہے اسی طرح غیر اور سوی بھی اپنے ماقبل عامل کے معمول بنتے ہیں۔ غیر اور سوی کے بعد آنے والا مستثنی ہمیشہ مفرد ہوتا ہے (یعنی جملہ یا شبہ الجملة نہیں ہوتا) اور مضاف إلیه ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے۔

مجموعہ الف کے تمام جملوں میں کلام تام اور موجب ہے لہذا سوی اور غیر مستثنی ہونے کی بنا پر وجوبا منصوب ہیں، مجموعہ ب کے تمام جملوں میں کلام تام اور غیر موجب ہونے کی بناء پر غیر اور سوی کے اعراب میں دو صورتیں جائز ہیں:

۱۔ الاتباع علی البدلیة ۲۔ النصب علی الاستثناء

مجموعہ ج کے تمام جملوں میں استثناء مفرّغ ہے لہذا سوی اور غیر کے اعراب ان سے پہلے واقع ہونے والے عامل کے مطابق ہیں۔

غیر اور سوی کے درمیان موازنہ:

غیر اور سوی کے درمیان درج ذیل امور میں فرق ہوتا ہے:

۱۔ غیر کے اعراب ظاہری حرکات سے ہوتے ہیں، جبکہ سوی کے اعراب (اسم مقصور ہونے کی وجہ سے) تقدیری حرکات سے کئے جاتے ہیں۔

۲۔ غیر کا استعمال عموماً نعت کے طور پر ہوتا ہے یا اسماء جامدہ (جیسے: مبتدأ، خبر، فاعل یا مفعول به) یا لا النافیة کی طرح ہوتا ہے۔ أداة الاستثناء کے طور پر اسکا استعمال زیادہ نہیں ہوتا، جبکہ سوی کا استعمال عموماً أداة الاستثناء کے طور پر ہوتا ہے۔

۳۔ غیر کے بعد آنے والا مضاف الیہ کسی قرینے کی موجودگی کی بنا پر حذف بھی ہوسکتا ہے، جیسا کہ جملہ: عرفت خمسین لیس غیر میں محذوف ہے یعنی لیس غیر الخمسین جبکہ سوی کے مضاف الیہ کو حذف کرنا جائز نہیں، چنانچہ یہ کہنا صحیح نہیں: عرفت خمسین لیس سوی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قواعد:

ا۔غیر اور سوی کے اعراب تمام احوال میں إلّا کے بعد واقع ہونے والے مستثنٰی کی طرح ہوتے ہیں۔

۲۔ غیر کے اعراب ظاہری اور سوی کے اعراب تقدیری ہوتے ہیں اور ان دونوں کے بعد آنے والا اسم مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے۔

ج: الاستثناء بـ "خلا، عدا، حاشا، ليس ولا يكون"

(ألف) خلا، عدا، حاشا

١ ـ سَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ في الحياة خَلَا وَجْهَ اللّٰه / وَجْهِ اللّٰه.

٢ ـ يَغْفِرُ اللّٰهُ كُلَّ الذُّنُوْبِ عَدَا الشِّرْكَ باللّٰهِ / الشِّرْكِ بِاللّٰهِ.

٣ ـ كُلُّ ابنِ آدَمَ خَطَّاءٌ حاشَا الأنبياءَ / الأنبياءِ.

(ب) مَا خَلَا، مَا عَدَا

١ ـ الشُّعَرَاءُ لَمْ يَخْلُ شِعْرُهُمْ من الغزل مَا خَلا الخنساءَ.

٢ ـ دَرَسْنَا أَبْوَابَ النَّحْوِ مَا عَدَا بَابَ النَّعْتِ.

(ج) لَيْسَ، لا يَكُون

١ ـ تَصْدَأُ كُلُّ المَعَادِنِ لَيْسَ ذَهَبًا.

٢ ـ سَمِعْتُ الْقَصِيْدَةَ لا يَكُونُ بَيْتَيْنِ.

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف اور ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں خَلَا، عَدَا، حَاشَا أدوات الاستثناء کے طور پر استعمال ہوئے ہیں۔ان أدوات کی موجودگی میں ضروری ہے کہ استثناء میں درج ذیل امور ملحوظ رکھے جائیں:

ا۔استثناء متصل ہو(منقطع یا مفرغ نہ ہو)۔ ۲۔کلام تام ہو چاہے موجب ہو یا غیر موجب۔

مجموعہ الف کی تمام مثالیں ما سے مجرد ہیں، چنانچہ اس صورت میں ان أدوات کو بطور أفعال ماضیة بھی استعمال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

کر سکتے ہیں اور بطور حروف جارۃ بھی۔ اور جب یہ أدوات بطور افعال استعمال ہوں گی تو ان کے بعد والا اسم مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہوگا اور جب ان کو حروف جارہ کے طور پر لایا جائے گا تو ان کے بعد آنے والا اسم مجرور ہوگا، جیسا کہ مجموعہ الف کے ذیل میں جملہ ا۔ سَيَفْنَى كُلُّ شَيْءٍ في الحياة خَلَا وَجْهَ اللهِ / وَجْهِ اللهِ میں خَلَا کے بعد واقع ہونے والا اسم وَجْـــه منصوب بھی ہوسکتا ہے اور مجرور بھی یعنی اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں۔ اسی پر مثال ۲ اور ۳ کو قیاس کریں گے۔

مجموعہ ب کے ذیل میں دونوں مثالیں أدوات الاستثناء (خلا ، عدا) ما المصدرية سے مقترن ہیں چنانچہ اس صورت میں یہ أدوات صرف افعال کے طور پر ہی آ سکتی ہیں اور ان کے بعد آنے والا اسم مفعول بہ ہونے کی بناء پر منصوب ہوگا۔

مجموعہ ج کی مثالیں لَيْسَ، لَا يَكُون پر مشتمل ہیں یہ أفعال ناقصة میں سے ہیں جو اسم کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرتے ہیں، کبھی یہ دونوں إلّا استثنائية کا معنی بھی دیتے ہیں، اس صورت میں جس طرح إلّا سے استثناء کیا جاتا ہے اسی طرح ان دونوں سے بھی کیا جاتا ہے، ان کا مستثنى وجوبا منصوب ہوتا ہے کیونکہ وہ ان کی خبر بن کر آتا ہے، جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

قواعد:

۱۔ أدوات الاستثناء " خلا ، عدا ، حاشا" افعال کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہیں اور حروف جارہ کے طور پر بھی۔

۲۔ خلا اور عدا "ما " سے مقترن ہونے کی صورت میں صرف افعال کے طور پر آتے ہیں۔

۳۔ أدوات الاستثناء "لیس" اور "لا یکون" کا مستثنی ان کی خبر ہونے کی بنا پر وجوبا منصوب ہوتا ہے۔

التمرين - ۱

استخرج أداة الاستثناء والمستثنى والمستثنى منه مما يأتي وأعرب المستثنى واذكر نوعه:

نموذج: كُلُّ العَدَاوَاتِ تُرْجَى إِزَالَتُهَا إِلَّا عَدَاوَةَ مَنْ عَادَاكَ مِنْ حَسَدِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

إلا: أداة الاستثناء. العداوات: مستثنى منه.

عَدَاوَةَ: مستثنى منصوب على الاستثناء وجوبًا وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره والاستثناء متصل والكلام تام موجب.

٢ ـ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ إِلَّا الحَمَاقَةَ فَإِنَّهُ لَا دَوَاءَ لَهَا.

٣ ـ مَا أَخْرَجَ البُخَارِيُّ مِن حَدِيْثِ أَحْمَدَ إِلَّا حَدِيْثَيْن.

٤ ـ قَدْ يَهُوْنُ العُمْرُ إِلَّا سَاعَةً وَتَهُوْنُ الأَرْضُ إِلَّا مَوْضِعًا.

٥ ـ قَالَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: مَا كَتَبْتُ حَدِيْثًا إِلَّا وَقَد عَمِلْتُ بِهِ.

٦ ـ إِنَّ هذَا الرَّجُلَ يَدَّعِي العِلْمَ وَمَا هُوَ إِلَّا جَاهِلٌ يُقَلِّبُ الحَقَائِقَ.

٧ ـ لَمْ يُخْرِجْ مُسْلِمٌ فِي صَحِيْحِهِ عَنْ أَحْمَدَ شَيْئًا إِلَّا قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ حَدِيْثًا.

٨ ـ كَانَ رَسُولُ اللّهِ ﷺ يَجْعَلُ يَمِيْنَهُ لِطَعَامِهِ وَيَجْعَلُ شِمَالَهُ لِمَا سِوَى ذٰلِكَ.

٩ ـ قَالَ الشَّافِعِيُّ: مَا نَاظَرْتُ أَحَدًا إِلَّا تَمَعَّرَ وَجْهُهُ مَا خَلَا مُحَمَّدَ بنَ الحَسَنِ.

١٠ ـ إِنَّ ثُلُثَيْ كِتَابِ أَبِي دَاودَ صِحَاحٌ وَمَا عَدَاهَا حِسَانٌ وَضِعَافٌ ضُعْفًا يَسِيْرًا.

١١ ـ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَالحَسَنِ قَالَا: لَيْسَ فِي العِظَامِ قِصَاصٌ مَا خَلَا السِّنَّ أَوِ الرَّأْسَ.

١٢ ـ عَن عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ لَا يَحْجبُهُ مِنْ قِرَاءَةِ القُرْآنِ شيءٌ لَيْسَ الجَنَابَةَ.

١٣ ـ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ لَيْسَتْ غَيْرَ في بعض الأحيان تُقَلِّبُ حَيَاتَ إنسان رَأْسًا عَلَى عَقِبٍ.

١٤ ـ قَالَ سَهْلُ بنُ مزَاحِم: كُنَّا نَدْخُلُ عَلى أَبِيْ حَنِيْفَةَ فَلَا نَرَى فِي بَيْتِهِ شَيْئًا إِلَّا البَوَارِي.

١٥ ـ لَمْ يُخْرِجْ أَحْمَدُ فِي مُسْنَدِهِ عَنْ مَالِكٍ عَن نَافِعٍ بِطَرِيْقِ الشَّافِعِيِّ سِوَى أَرْبَعَةِ أَحَادِيْثَ.

١٦ ـ إِنَّ بَنَاتِ النَّبِيِّ ﷺ الطَّاهِرَاتِ مِتْنَ كُلُّهُنَّ فِيْ حَيَاتِهِ ﷺ غَيْرَ السَّيِّدَةِ الزَّهْرَاءِ فَإِنَّهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تُوُفِّيتْ بَعْدَهُ بِسِتَّةِ أَشْهُرٍ.

١٧ ـ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ القَاسِمِ: كُلُّ عَمَلٍ يُعْرَفُ ثَوَابُهُ إِلَّا الصَّبْرَ، قال اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٨ ـ قالَ أبُوْ بَكْرٍ: أيُّكُمْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ فِي الجَدَّةِ شَيْئًا؟ فقالَ مُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ: أنَا، قَالَ: مَاذَا قالَ؟ قالَ: أعْطَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ سُدُسًا، قالَ: أ يَعْلَمُ ذٰلِكَ أحَدٌ غَيْرُكَ؟ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أنَا، فَأعطاها أبُو بَكْرٍ السُّدُسَ.

التمرين ـ ٢

مثّل لما يأتي في جمل مفيدة:

١ ـ مستثنى منقطع. ٢ ـ غير الاستثنائية. ٣ ـ مستثنى واجب النصب.

٤ ـ مستثنى مفرغ. ٥ ـ ليس الاستثنائية. ٦ ـ مستثنى جائز النصب والاتباع.

٧ ـ مستثنى جملة. ٨ ـ لا يكون الاستثنائية. ٩ ـ أداة الاستثناء يجوز جر ما بعدها و نصبه.

١٠ ـ مستثنى متصل. ١١ ـ أداة الاستثناء "حاشا". ١٢ ـ مستثنى بـ "عدا" بشرط أن يكون مثنى.

التمرين ـ ٣

اجعل كلّ اسم مما يأتي مستثنى في جملة مفيدة وبيّن حكمه الإعرابي:

١ ـ أخوك. ٢ ـ كتابان. ٣ ـ وردتان. ٤ ـ عصفور.

التمرين ـ ٤

ضع في كل مكان من الأمكنة الخالية مستثنى مناسبا واضبطه بالشكل وإذا جاز في بعضها وجهان فاذكرهما:

نموذج: مَا سَعَى الْمُؤْمِنُ فِي أَمْرٍ إلَّا الْخَيْرَ / الْخَيْرِ.

٢ ـ لَا مَلْجَأَ لَنَا الْيَوْمَ أحَدٌ إلَّا ـــــ. ٣ ـ لَمْ يَكْسِبْ الشَّقِيُّ سِوَى ـــــ .

٤ ـ الْكَافِرُ لَا يَهُمُّهُ هَمٌّ إلَّا ـــــ. ٥ ـ مَا أكْرَمَ النِّسَاءَ إلَّا ـــــ وَ لَا أهَانَهُنَّ إلَّا ـــــ.

٦ ـ كَانَ أبُو بَكْرٍ ﷺ يُحَرِّرُ عَبِيْدًا ضِعافَ الْجَسَدِ لَا لِشَيْءٍ إلَّا ـــــ.

٧ ـ مَنْ رَفَضَ الإيْمَانَ وَ أبَى إلَّا ـــــ أنْزَلَ اللّٰهُ بِهِ مَا شَاءَ مِنَ الْعَذَابِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٨ـ تيقَّنَ زَيْدٌ أنَّ ما نزَلَ بِهِ مِنْ نِقْمَةٍ لَيْسَ إلَّا ـــــ على نَكَارتِهِ الْجَمِيْلَ.

٩ـ قالَ كَعْبٌ ﷺ: لَمْ أتخلَّفْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فِي غَزْوَةٍ غزاها قَطُّ إلَّا ـــــ.

١٠ـ قالَ معاذُ بْنُ جَبَلٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ: واللّٰهِ يا رَسُولَ اللّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ إلَّا ـــــ.

التمرين ـ ٥

ضع في كلّ مكان من الأمكنة الخالية مستثنى منه مناسبًا:

نموذج: يغفر اللّٰه كل ذنب ما عدا الشرك.

٢ـ رَسَبَ ـــــ حاشَا زَيْدًا. ٣ـ لَا تَخْشَى مِن ـــــ غيرَ غَضَبِ اللّٰهِ.

٤ـ كُلُّ ـــــ النَّبِي ﷺ ثيِّباتٌ سِوى عَائِشَة رضي اللّٰه عَنْها.

٥ـ يُضَاعَفُ العَذابُ لِـ ـــــ يوم القيامة إلا مَن تابَ وَآمَنَ وأصْلَحَ.

٦ـ قالَ سَعْدٌ ﷺ: رَأيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ مَا لَنَا ـــــ إلَّا وَرَقُ الحبلةِ حتّى يَضَعَ أحَدُنا مَاتَضَعُ الشَّاةُ.

التمرين ـ ٦

ضع "غير" بدل "إلّا" في الجمل الآتية واضبطها بالشكل مع بيان السبب:

نموذج: وما المَالُ والأهلُونَ إلا وَدَائِعُ ولا بدَّ يومًا أن تُرَدَّ الوَدائِعُ

إلا ودائع: غير ودائع. غير: خبر مرفوع لأن الاستثناء مفرغ.

٢ـ لا نَقْبَلُ حَياةً لِلْمُسْلِمِيْنَ إلَّا حَياةَ الوحْدة. ٣ـ لَا تُصَاحِبْ إلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يأكُلْ طَعامَكَ إلا تَقِيٌّ.

٤ـ قُتِلَ مُصْعَبُ بن عُمَيْرٍ ﷺ يومَ أحُدٍ فلَمْ نَجِدْ لَهُ شيئًا نُكَفِّنُهُ فِيهِ إلَّا نَمِرَةً.

٥ـ أرسَلَ اللّٰهُ ﷻ نوحًا عليه السلام إلى قومِهِ ولكنّهُ لَم يُؤْمِنْ منهُمْ إلَّا قَلِيْلٌ.

٦ـ قالَ سَعْدٌ ﷺ: يا نَبِيَّ اللّٰهِ إنِّي أمْلِكُ مالاً وَإنِّي لَمْ أتْرُك إلا بِنْتًا وَاحِدَةً فأُوْصِي بِثُلُثَيْ مالي وَأتْرُكُ الثُّلُثَ...

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٧

أعرب كلمة "غير" وميّز الاستثنائية عن غيرها :

نموذج: ١ ـ قَالَ أَبُو بَكْرٍ رضي الله عنه: لَا أَرَى يَمِيْنًا أُرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا قَبِلْتُ رُخْصَةَ اللّٰهِ وَفَعَلْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ.

غيرها: مفعول به منصوب، وليس فيه أسلوب الاستثناء.

٢ ـ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ بَيْتًا بِالْمَدِيْنَةِ غَيْرَ بَيْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ إِلَّا عَلَى أَزْوَاجِهِ فَقِيْلَ لَهُ فَقَالَ: إِنِّي أَرْحَمُهَا قُتِلَ أَخُوهَا مَعِي.

غير بيت: منصوب على الاستثناء جوازًا، ويجوز نصبه على البدلية؛ لأن الكلام تام غير موجب والاستثناء متصل.

٣ ـ قَالَ ﷺ: مَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ فَهُوَ كَمَا قَالَ.

٤ ـ قَالَ ﷺ: مَنْ أُفْتِيَ بِفُتْيَا مِنْ غَيْرِ ثَبَتٍ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى مَنْ أَفْتَاهُ.

٥ ـ قَالَ عَلِيٌّ رضي الله عنه: مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَجْمَعُ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ غَيْرِ سَعْدٍ.

٦ ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما: مَا صَامَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ شَهْرًا كَامِلًا قَطُّ غَيْرَ رَمَضَانَ.

٧ ـ قَالَ ﷺ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى أَفْضَلِ الصَّدَقَةِ؟ ابْنَتُكَ مَرْدُوْدَةٌ إِلَيْكَ لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ.

٨ ـ قَالَ ﷺ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرَ شَاكٍّ فِيهِمَا إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ.

٩ ـ عَنْ أَبِي مُوسَى رضي الله عنه قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ بَعْدَ أَنِ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَقَسَمَ لَنَا وَلَمْ يَقْسِمْ لِأَحَدٍ لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ غَيْرَنَا.

١٠ ـ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه خَادِمِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ وَلَيْسَ فِي أَصْحَابِهِ أَشْمَطُ غَيْرَ أَبِي بَكْرٍ فَغَلَفَهَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

١١ ـ أَتَتِ النَّبِيَّ ﷺ بَوَاكِي فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا مَرِيْئًا مَرِيْعًا نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ، قَالَ: فَأَطْبَقَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٢ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ مِنْ إِجْلَالِ اللّٰهِ إِكْرَامَ ذِي الشَّيْبَةِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْآنِ غَيْرِ الْغَالِي فِيْهِ وَالْجَافِي عَنْهُ وَإِكْرَامَ ذِي السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ.

١٣ ـ قَالَ عُمَرُ رضي الله عنه: صَلَاةُ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ الْفِطْرِ رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ الْأَضْحىٰ رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ السَّفَرِ رَكْعَتَانِ تَمَامٌ غَيْرُ قَصْرٍ عَلَى لِسَانِ مُحَمَّدٍ.

١٤ ـ إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ أَخْبَرَنَا أَنَّ إِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا أُلْقِيَ فِي النَّارِ لَمْ تَكُنْ فِي الْأَرْضِ دَابَّةٌ إِلَّا أَطْفَأَتِ النَّارَ غَيْرَ الْوَزَغِ فَإِنَّهَا كَانَتْ تَنْفُخُ عَلَيْهِ فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِقَتْلِهِ.

١٥ ـ قَالَ ﷺ: مَا مِنْ أَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا وَإِنَّ لَهُ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ غَيْرَ الشَّهِيْدِ فَإِنَّهُ يَتَمَنّٰى أَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ.

١٦ ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَامَ يَعْنِي يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ: إِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِي حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَإِنِّي أُبَايِعُ لَهُ فَضَرَبَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِسَهْمٍ وَلَمْ يَضْرِبْ لِأَحَدٍ غَابَ غَيْرَهُ.

١٧ ـ عَنْ أَسْمَاءَ رضي الله عنها أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ لِي ضَرَّةً فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ إِنْ تَشَبَّعْتُ مِنْ زَوْجِي غَيْرَ الَّذِي يُعْطِيْنِي فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَي زُوْرٍ.

١٨ ـ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ شُغِلَ عَنْهَا (صَلَاةِ الْعِشَاءِ) لَيْلَةً فَأَخَّرَهَا حَتّٰى رَقَدْنَا فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا ثُمَّ رَقَدْنَا ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ثُمَّ قَالَ: لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ اللَّيْلَةَ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ غَيْرُكُمْ.

١٩ ـ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ: قَدِمَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ رضي الله عنهما الْمَدِيْنَةَ آخِرَ قَدْمَةٍ قَدِمَهَا فَخَطَبَنَا فَأَخْرَجَ كُبَّةً مِنْ شَعَرٍ فَقَالَ: مَا كُنْتُ أُرٰى أَنَّ أَحَدًا يَفْعَلُ هٰذَا غَيْرَ الْيَهُوْدِ وَإِنَّ النَّبِيَّ ﷺ سَمَّاهُ الزُّوْرَ يَعْنِي الْوِصَالَ فِي الشَّعَرِ.

٢٠ ـ قَالَ أَنَسٌ رضي الله عنه: مَا كَانَ لَنَا خَمْرٌ غَيْرُ فَضِيْخِكُمْ هٰذَا الَّذِي تُسَمُّوْنَهُ الْفَضِيْخَ فَإِنِّي لَقَائِمٌ أَسْقِي أَبَا طَلْحَةَ وَفُلَانًا وَفُلَانًا إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: وَهَلْ بَلَغَكُمُ الْخَبَرُ؟ فَقَالُوا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، قَالُوا: أَهْرِقْ هٰذِهِ الْقِلَالَ يَا أَنَسُ!، قَالَ: فَمَا سَأَلُوا عَنْهَا وَلَا رَاجَعُوْهَا بَعْدَ خَبَرِ الرَّجُلِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٨

استخرج أداة الاستثناء والمستثنى والمستثنى منه من الآيات الآتية وأعرب المستثنى واذكر نوعه:

نموذج: قال تعالى: فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ إِلَّا إِبْلِيسَ.

إلا: أداة الاستثناء الملائكة: مستثنى منه.

إِبْلِيسَ: منصوب وجوبًا على الاستثناء المنقطع، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، ولم ينوّن لأنه ممنوع من الصرف للعجمية والعلمية، والكلام تام موجب.

٢ ـ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا.

٣ ـ وَأَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ.

٤ ـ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ.

٥ ـ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ.

٦ ـ وَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَى أَهْلِهِ إِلَّا أَنْ يَصَّدَّقُوْا.

٧ ـ وَمَنْ يَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ إِبْرَاهِيْمَ إِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهُ.

٨ ـ إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي.

٩ ـ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيْمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ.

١٠ ـ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيْمًا إِلَّا قِيْلًا سَلَامًا سَلَامًا.

١١ ـ وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰى إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَى.

١٢ ـ عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضَى مِنْ رَّسُوْلٍ.

١٣ ـ وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ.

١٤ ـ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَّأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ.

١٥ ـ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهِ إِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدْتُّمْ.

١٦ ـ لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ.

١٧ ـ وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ.

١٨ ـ إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا.

١٩ ـ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ إِيْمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

غَضَبٌ مِّنَ اللَّهِ.

٢٠ ـ قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا قُلْ إِنِّي لَنْ يُّجِيْرَنِي مِنَ اللَّهِ أَحَدٌ وَّلَنْ أَجِدَ مِنْ دُوْنِهِ مُلْتَحَدًا إِلَّا بَلَاغًا مِّنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ.

التمرين ـ ٩

استخرج الشاهد من الأحاديث الآتية وأعربه كما في المثال:

نموذج: عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَا بَقِيَ مِنْهَا؟ قَالَتْ: مَا بَقِيَ مِنْهَا إِلَّا كَتِفُهَا، قَالَ ﷺ: بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا.

إلّا: للحصر. كتف: فاعل، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، والاستثناء مفرغ.

كلُّها: ها: مستثنى منه، مجرور بالإضافة، مضاف إليه، في محل جر. غير: أداة الاستثناء، منصوب وجوبًا؛ لأن لكلام تام موجب، والاستثناء متصل، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره. كتف: مستثنى، مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

٢ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ فِي الْمَالِ حَقًّا سِوَى الزَّكَاةِ.

٣ ـ قَالَ ﷺ: لَا يَمُوتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَيَلِجَ النَّارَ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ.

٤ ـ قَالَ ﷺ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيرٌ مِن أَلفِ يَومٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ.

٥ ـ قَالَ خَبَّابٌ رضي الله عنه: الْمُسلِمُ يُؤجَرُ فِي كُلِّ شَيءٍ خَلَا مَا يَجعَلُ فِي هَذَا التُّرَابِ.

٦ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ لِلَّهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اسْمًا مِئَةً إِلَّا وَاحِدًا مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ.

٧ ـ قَالَ ﷺ: أَصدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيدٍ: أَلَا كُلُّ شَيءٍ مَا خَلَا اللَّهَ بَاطِلٌ.

٨ ـ قَالَ ﷺ: صَلَاةٌ فِي مَسجِدِي هَذَا خَيرٌ مِن أَلفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ إِلَّا الْمَسجِدَ الْحَرَامَ.

٩ ـ قَالَ ﷺ: مَنْ أَمْسَكَ كَلْبًا فَإِنَّهُ يَنْقُصُ كُلَّ يَومٍ مِنْ عَمَلِهِ قِيرَاطٌ إِلَّا كَلْبَ حَرْثٍ أَوْ مَاشِيَةٍ.

١٠ ـ قَالَ ﷺ: لَا تَدْخُلُوا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ إِلَّا أَنْ تَكُونُوا بَاكِينَ أَنْ يُصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَهُمْ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١١ ـ قَالَ ﷺ: مَا لأَحَدٍ عِندَنَا يَدٌ إِلا وَقد كَافَيْنَاهُ مَا خَلَا أَبَا بَكرٍ فَإِنَّ لَهُ عِندَنَا يَدًا يُكَافِيهِ اللّٰهُ بِهَا يَومَ القِيَامَةِ.

١٢ ـ قَالَ ﷺ: لَوْ كَانَ لِي مِثْلُ أُحُدٍ ذَهَبًا لَسَرَّنِي أَنْ لَا يَمُرَّ عَلَيَّ ثَلَاثُ لَيَالٍ وَعِنْدِي مِنْهُ شَيْءٌ إِلَّا شَيْءٌ أُرْصِدُهُ لِدَيْنٍ.

١٣ ـ قَالَ ﷺ: الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ إِذَا أَتَتَا عَلَى الْوَقْتِ تَغْتَسِلَانِ وَ تُحْرِمَانِ وَتَقْضِيَانِ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ.

١٤ ـ قَالَ ﷺ: كُلُّ بَنِي آدَمَ يَطْعُنُ الشَّيْطَانُ فِي جَنْبَيْهِ بِإِصْبَعِهِ حِينَ يُولَدُ غَيْرَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذَهَبَ يَطْعَنُ فَطَعَنَ فِي الْحِجَابِ.

١٥ ـ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ إِلَّا رَمَضَانَ وَمَا رَأَيْتُهُ أَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِي شَعْبَانَ.

١٦ ـ قَالَ ﷺ: مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَرَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَكْمَلَهَا وَأَحْسَنَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُونَهَا وَيَتَعَجَّبُونَ وَيَقُولُونَ لَوْلَا مَوضِعُ اللَّبِنَةِ.

١٧ ـ قَالَ ﷺ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا غَيْرَ رَبِّي لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ وَلَكِنْ أُخُوَّةُ الإِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهُ، لَا يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ بَابٌ إِلَّا سُدَّ إِلَّا بَابَ أَبِي بَكْرٍ.

١٨ ـ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّي فِي السَّفَرِ عَلَى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ يُومِي إِيمَاءً صَلَاةَ اللَّيْلِ إِلَّا الفَرَائِضَ وَيُوتِرُ عَلَى رَاحِلَتِهِ.

١٩ ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: لَدَدْنَا النَّبِيَّ ﷺ فِي مَرَضِهِ فَقَالَ: لَا تَلُدُّونِي، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةَ الْمَرِيضِ لِلدَّوَاءِ فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ: لَا يَبْقَى أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلَّا لُدَّ غَيْرَ الْعَبَّاسِ فَإِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ.

٢٠ ـ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ خَتَنِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ أَخِي جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ ﷺ قَالَ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ عِنْدَ مَوْتِهِ دِرْهَمًا وَلَا دِينَارًا وَلَا عَبْدًا وَلَا أَمَةً وَلَا شَيْئًا إِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَأَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً.

٢١ ـ قَالَ ﷺ: إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ: يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا يَسْمَعُ صَوتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَهُ صَعِقَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢٢ ـ قالَ ﷺ: حَرَّمَ اللّٰهُ مَكَّةَ فَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي وَلَا لِأَحَدٍ بَعْدِي، أُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا تُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُعَرِّفٍ فَقَالَ العَبَّاسُ رضي الله عنه: إِلَّا الإِذْخِرَ لِصَاغَتِنَا وَقُبُورِنَا فَقَالَ: إِلَّا الإِذْخِرَ.

التمرين ـ ١٠

نموذج في الإعراب:

١ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامَ.

قال: فعل ماض، مبني على الفتح، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

صلّى: فعل ماض، مبني على الفتحة المقدرة على الألف، منع من ظهورها التعذر.

اللّٰه: لفظ الجلالة فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

عليه: على: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر بحرف جر.

و: عاطفة، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب.

سلّم: فعل ماض، مبني على الفتح وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

إن: حرف نصب وتوكيد ومشبه بالفعل، لا محل له من الإعراب.

في الحبة: في: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **الحبة:** اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، والجار والمجرور متعلقان بخبر مقدم محذوف لـ "إن".

السوداء: نعت لـ "الحبة" مجرور، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

شفاء: اسم "إن" مؤخر منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

من كل: من: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، **كل:** اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

والجار والمجرور متعلقان باسم مؤخر "إن".

داء: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، وهو مستثنى منه.

إلا: أداة الاستثناء، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

السّام: منصوب على الاستثناء المتصل وجوبًا؛ لأن الكلام تام موجب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

الجملة "قال ﷺ": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "صلّى الله عليه وسلم": دعائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "إن في الحبة السوداء شفاء .... الخ": في محل نصب، مقول القول.

٢ـ أعجبتني القصيدة كُلُّها حاشا بيتٍ / بيتًا / ما عدا بيتًا.

أعجبتْ: أعجب: فعل ماض، مبني على الفتحة. **ت:** للتأنيث، لا محل لها من الإعراب. **ن:** للوقاية. **ي:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل نصب مفعول به.

القصيدة: مستثنى منه، فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

كلها: كل: توكيد معنوي مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

ها: ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

١ـ حاشا: حرف جر، مبني على السكون.

بيت: مستثنى، مجرور بحرف جرٍّ، وعلامة جره الكسرة الظاهره على آخره.

حاشا بيت: الجار والمجرور متعلقان بـ "أعجبت".

٢ـ حاشا: فعل ماض جامد، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا: "هو" يعود إلى المستثنى منه.

بيتا: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

الجملة "أعجبتني القصيدة ....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة الفعلية "حاشا بيتا": في محل نصب حال من المستثنى منه.

٣ـ ما: مصدرية، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عدا: فعل ماض جامد، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر، تقديره: "هو" يعود إلى المستثنى منه.

بيتا: مستثنى مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

ما عدا بيتا: الجملة في محل نصب حال من المستثنى منه.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ لَا يَعْمَلُ أَحَدٌ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ سِوَى الْكَيِّسِ.

٢ ـ قَالَ ﷺ: مَن حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الإِسْلَامِ كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَهُوَ كَمَا قَالَ.

٣ ـ جَزِيْرَةُ الْعَرَبِ مُحِيْطَةٌ بِالْمَاءِ مِن جَمِيعِ الْجِهَاتِ حَاشَا جِهَةً وَاحِدَةً.

٤ ـ قَالَ ﷺ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ تَأْكُلُهُ الْأَرْضُ إِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ، مِنْهُ خُلِقَ وَفِيْهِ يُرَكَّبُ.

٥ ـ قال ﷺ: لَا تَكْتُبُوا عَنِّي شيئًا إِلَّا الْقُرْآن، مَنْ كَتَبَ عَنِّي شَيْئًا غَيْرَ الْقُرْآنِ فَلْيَمْحُه.

٦ ـ قَالَ ﷺ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ إِلَّا الصَّوْمَ فَإِنَّهُ لِي، وَأَنَا أَجْزِي بِهِ.

٧ ـ قالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ: أَصْدَقُ كَلِمَةٍ قالَها الشاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ: أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ باطِلٌ.

٨ ـ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نوحًا إِلَى قَوْمِهِ فَلَبِثَ فِيْهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا فَأَخَذَهُمُ الطُّوفَانُ وَهُمْ ظَالِمُوْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الخامس والعشرون

النداء

الأمثلة:

(أ) عَلَم مفرد

١ ـ قالَ تعالى: قَالَ يَآدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ.

٢ ـ قالَ تعالى: يامَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِيْنَ.

٣ ـ قالَ تعالى: وَنَادَيْنَاهُ أَنْ يَآ إِبرَاهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيا.

(ب) نكرة مقصودة

١ ـ قالَ تعالى: قِيْلَ يآ أَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَ يَا سَمَآءُ أَقْلِعِيْ.

٢ ـ قالَ تعالى: يا نَارُ كُونِي بَرْداً وَّ سَلاَمًا عَلى إِبْرَاهِيْمَ.

٣ ـ يا رَجُلُ لاَ تَعْجَلْ فَإِنَّ فِي الْعَجَلَةِ النَّدَامَةَ.

(ج) نكرة غيرمقصودة

١ ـ يا ظَالِمًا لَكَ حِسَابٌ عَسِيْرٌ.

٢ ـ يا كَيِّسًا استعدَّ لِمَا بَعْدَ المَوْتِ.

٣ ـ يا عَاصِيًا تُبْ إِلَى اللّهِ.

(د) المضاف

١ ـ قالَ تعالى: يا نِسَآءَ النَّبِي لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ.

٢ ـ قالَ تعالى: يا بَنِيٓ آدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ.

٣ ـ قالَ تعالى: يا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ أَمِ اللّهُ الْواحِدُ الْقَهَّارُ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(٥) الشبيه بالمضاف

١ ۔ يا واسعًا عِلْمُهُ إيَّاكَ وَالْغُرُوْرَ.

٢ ۔ يا غاصبًا مَالَ غَيْرِكَ اتَّقِ اللّٰهَ.

٣ ۔ قالَ تعالى: يا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ.

شرح وتفصیل:

مخاطب کو بلانے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے عربی میں جو اسلوب استعمال ہوتا ہے اسے نحو کی اصطلاح میں "أسلوب النداء" کہتے ہیں۔ یہ اسلوب حرف النداء اور منادی پر مشتمل ہوتا ہے۔ حروف النداء آٹھ ہیں: یـا، أیا، هَیَا، أي، آيْ، أ، آ، وا[1]۔ منادی اس اسم کو کہتے ہیں جسے پکارا جارہا ہو، یہ حرف نداء کے فوراً بعد آتا ہے۔

أقسام المنادى وأحكامه

منادی کی پانچ قسمیں ہیں:

١ ۔ علم مفرد:

مجموعہ الف کے ذیل میں جو مثالیں ہیں ان میں یا حرف نداء ہے اور اس کے بعد آنے والے اسماء آدم، مریم، إبراهیم منادی علم مفرد[2] ہیں یعنی مضاف یا شبیہ بالمضاف نہیں۔ منادی علم مفرد مَبْنِيٌّ فِي مَحَلِّ نَصْبٍ ہوتا ہے اور اس کے بناء کی علامت وہی ہوتی ہے جو اس کے رفع کی علامت ہے یعنی اسم مفرد، جمع تکسیر، جمع مؤنث سالم ضمہ پر مبنی ہوں گے کیونکہ یہ ضمہ سے مرفوع ہوتے ہیں، اسی طرح مثنی الف پر اور جمع سالم واو پر مبنی ہوگا۔ بناء کی علامت کبھی ظاہری ہوتی ہے جیسا کہ جملہ ١ اور ٢۔ قالَ يَآدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَآئِهِم، يامَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي اور کبھی تقدیری جیسا کہ جملہ ٣۔ يا مُوْسٰى لَا تَخَفْ[3]۔

(١) ان حروف میں سے حرف "وا" منادی مندوب کے لئے مخصوص ہے جس کا تفصیلی ذکر آئندہ دروس میں آئے گا۔

(٢) علم مفرد کے تحت مفرد مذکر، جیسے: یا محمد، اسکا مثنی: یا محمدان، اس کی جمع: یا محمدون، مفرد مؤنث، جیسے: یا عائشة، اس کا مثنی: یا عائشتان، اسکی جمع: یاعائشات اور وہ اعلام جو نداء سے پہلے ہی مرکب ہوں، جیسے: یا سیبویہ سب داخل ہیں۔

(٣) ﴿يا موسى﴾ موسى: منادى علم مفرد مبني على الضم المقدر على آخره منع من ظهورها التعذر في محل نصب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۲۔ نکرة مقصودة:

مجموعہ ب کی تمام مثالیں منادی نکرہ مقصودہ أرض، سماء، نار، رجل پر مشتمل ہیں۔نکرہ مقصودہ کے ذریعے ایک ہی جنس کے بہت سے افراد میں سے ایک یا ایک سے زیادہ افراد کی نداء کے ذریعے تعیین کی جاتی ہے اس تعیین کی وجہ سے وہ فرد معرفہ سمجھا جاتا ہے، جیسا کہ جملہ۲۔ یَا نَارُ كُوْنِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى إِبْرَاهِيْم میں یا نار سے واضح ہے کہ کلمہ نار خطاب سے پہلے نکرہ تھا، لیکن جب اس کے ذریعے ایک خاص آگ (یعنی وہ آگ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے سلگائی گئی تھی) کو مخاطب کیا گیا تو یہ نکرہ مقصودہ ہوگیا۔ منادی نکرہ مقصودہ کے اعراب منادی علم مفرد کی طرح ہوتے ہیں۔

۳۔ نكرة غير مقصودة:

مجموعہ ج کی تمام مثالیں منادی نکرہ غیر مقصودہ ظالمًا، كَيِّسًا، عاصيًا پر مشتمل ہیں، اس میں ایک ہی جنس کے کسی فرد کو بغیر تعیین کے مخاطب کیا جاتا ہے اور چونکہ اس نداء کے ذریعے سے کوئی خاص فرد مقصود نہیں ہوتا اس لئے اس کو نکرہ غیر مقصودہ کہتے ہیں، جیسا کہ جملہ۱۔ يا ظالمًا لَكَ حِسَابٌ عَسِيْرٌ میں ظالمًا سے ہر وہ شخص مراد ہے جو ظالم ہو۔ منادی نکرہ غیر مقصودہ وجوبًا منصوب ہوتا ہے۔

٤۔ مضاف:

مجموعہ د کی مثالوں میں تمام منادی نساء، بني، صاحبي مضاف ہیں، منادی مضاف بھی وجوبًا منصوب ہوتا ہے۔

٥۔ الشبيه بالمضاف:

مجموعہ ہ کی مثالوں میں تمام منادی وَاسِعًا، غَاصِبًا، حَسْرَةً شبیہ بالمضاف ہیں[1]، جملہ۱۔ يَا وَاسِعًا عِلْمُه إِيَّاكَ والغرور میں شبیہ بالمضاف وَاسِعًا کا معمول عِلْم فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور جملہ۲۔ يَا غَاصِبًا مَالَ غَيْرِكَ إِتَّقِ اللّٰه میں شبیہ بالمضاف غَاصِبًا کا معمول مَالَ غَيْرِكَ مفعول بہ منصوب ہے اور جملہ۳۔ يَا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ میں شبیہ بالمضاف حَسْرَةً کا معمول عَلَى العِبَادِ جار ومجرور ہے، منادی شبیہ بالمضاف بھی وجوبًا منصوب ہوتا ہے۔

(۱) شبیہ بالمضاف وہ اسم ہے جس کے معنی اسکے بعد آنے والے معمول کے بغیر اداء نہ ہوں یعنی جس طرح مضاف اپنے مضاف الیہ کے بغیر مکمل معنی ادا نہیں کرسکتا اسی طرح شبیہ بالمضاف کا معنی اس کے معمول کے بغیر ادا نہیں ہوتا اسی لئے ایسے اسم کو شبیہ بالمضاف کہتے ہیں، البتہ ظاہری اعتبار سے دونوں میں یہ فرق ہوتا ہے کہ مضاف الیہ اپنے عامل (مضاف) سے مجرور ہوتا ہے، جبکہ شبیہ بالمضاف کا معمول مرفوع، منصوب اور اس سے متعلق جار ومجرور بھی ہوسکتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قواعد:

ا۔ مخاطب کو بلانے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے عربی میں جو اسلوب استعمال ہوتا ہے اسے نحو کی اصطلاح میں أسلوب النداء کہتے ہیں اسکے آٹھ حروف ہیں: یا، أیا، هیا، أيْ، آيْ، أ، آ، وا۔

۲۔ منادیٰ کی پانچ قسمیں ہیں: ١۔ علم مفرد ٢۔ نكرة مقصودة ٣۔ نكرة غير مقصودة ٤۔ مضاف ٥۔ شبيه بالمضاف۔

۳۔ منادیٰ علم مفرد اور منادیٰ نکرہ مقصودہ مبني في محل نصب ہوتے ہیں۔

۴۔ منادیٰ نکرہ غیر مقصودہ، منادیٰ مضاف اور منادیٰ شبیہ بالمضاف وجوبًا منصوب ہوتے ہیں۔

أمور تتعلق بالمنادى

۱۔ حذف حرف النداء:

١۔ قال تعالى: يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا.

٢۔ قال تعالى: رَبِّ أَرِنِي أَنْظُرْ إِلَيْكَ.

٣۔ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ الهُدٰى وَالتُّقٰى وَالعَفَافَ وَالغِنٰى.

شرح وتفصیل:

حرف نداء اگر یــا ہو تو اسکو لفظاً حذف کرنا جائز ہے، اسکے علاوہ کسی اور حرف نداء کو حذف کرنا جائز نہیں، جملہ ا اور ۲۔ يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا، رَبِّ أَرِنِي أَنْظُرْ إِلَيْكَ میں حرف نداء یا محذوف ہے۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں یا کو بھی حذف کرنا جائز نہیں:

ا۔ المنادى المندوب، مثلاً: يَا حَسْرَتَا عَلَى مَا فَرَّطْتُ فِي جَنْبِ اللّٰهِ، ترجمہ: ہائے افسوس ان تقصیروں پر جو میں نے اللہ کے بارے میں کیں۔

۲۔ نداء لفظ الجلالة غير المختوم بميم مشددة، مثلاً: يَا أَللّٰهُ ارْحَمِ الضُّعَفَاء[1]، ترجمہ: اے اللہ ضعفاء پر رحم کیجئے۔

(۱) یا لگنے کے بعد لفظ جلالہ اللہ کا ہمزہ، همزة القطع ہو جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ المنادی المستغاث به، مثلاً: يَا لَلّٰهِ لِلْمُسْلِمِيْن، ترجمہ: اے اللہ! مسلمانوں کی مدد کیجئے۔

۴۔ المنادی النکرۃ غیر المقصودۃ، مثلاً: حَذَارِ حَذَارِ يَا مُبْتَدِعًا فَإِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ، ترجمہ: خبردار اے بدعتی، ہر بدعت گمراہی ہے۔

۵۔ المنادی المتعجب منه، مثلاً: يَا لَفَضْلِ الْأُسْتَاذِ، ترجمہ: استاد کے کتنے زبردست احسانات ہیں یا استاد کا کتنا فضل ہے۔

۶۔ المنادی ضمیر المخاطب، مثلاً: يا أنتَ اصْبِر، الصَّبْرُ نِصْفُ الإِيْمَانِ، ترجمہ: اے شخص صبر کرو، صبر آدھا ایمان ہے۔

اگر منادی اسم اشارہ ہو تو یا کا حذف بھی جائز ہے اور اثبات بھی، لیکن اثبات افضل ہے، جیسے: يَا هٰذَا أَطِعْ أَبَاكَ، هٰذَا! أَطِعْ أَبَاكَ۔

اگر منادی لفظ جلالہ اللّٰہ ہو تو اکثر اس یا[1] کو حذف کر کے اس کے عوض میم مشدّدۃ مفتوحۃ کو تعظیما لفظ جلالہ اللہ کے آخر میں ملحق کر دیا جاتا ہے، جیسے جملہ ۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى[2]۔

۲۔ حذف المنادی:

۱۔ أَلَا يَا اسْجُدُوْا لِلّٰهِ.

۲۔ يَا رَحِمَكَ اللّٰهُ جِئْتُ أَطْلُبُ مِنْكَ عِلْمًا.

۳۔ يَا حَبَّذَا الْجَنَّةُ وَاقْتِرَابُهَا طَيِّبَةٌ وَبَارِدًا شَرَابُهَا.

۴۔ قال تعالی: يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا.

۵۔ يَا رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الآخِرَةِ.

(۱) واضح رہے کہ لفظ جلالہ اللہ سے پہلے یا کے علاوہ اور کوئی حرف نداء نہیں آتا۔

(۲) اللّٰهم عموما نداء کیلئے استعمال ہوتا ہے، لیکن کبھی کبھی جوابی حرف نعم یا لا سے پہلے سامع کے لئے جواب کی تقویت اور مضمون کی تاکید کیلئے آتا ہے مثلاً: سئلتُ زيدًا: هل ترغَبُ في عِلمِ الحَدِيثِ؟ فقال: اللّٰهم نعم، فسئلتُه: وهل لكَ رغبةٌ في الفَلْسَفةِ؟ فأجاب: اللّٰهم لا گویا کہ زید یہ کہنا چاہتا ہے کہ واللہ نعم یا واللہ لا اور کبھی کسی چیز کے شاذ یا بعید الوقوع ہونے پر دلالت کرتا ہے، جیسے: سَأَتَعَلَّمُ الفِقْهَ اللّٰهُمَّ إِلّا إِذَا أَبَى الأُسْتَاذ، کیونکہ یہ بعید از امکان ہے کہ استاد تعلیم پر راضی نہ ہو۔ ان صورتوں میں اس کے اعراب نداء کی طرح ہوں گے، البتہ یہ نداء غیر حقیقی ہے یعنی اپنے اصلی معنی کے بجائے ایک دوسرے معنی میں مستعمل ہے یعنی پختگی جواب اور تاکید مضمون یا شذوذ اور بُعدِ وقوع کا فائدہ دے رہا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح و تفصیل:

اصل یہ ہے کہ منادی کلام میں مذکور ہو، لیکن درج ذیل صورتوں میں اس کا حذف کرنا بھی جائز ہے:

۱۔ حرف نداء یا کے بعد فوراً فعل امر آئے، جیسے جملہ ۱۔ أَلَا يَا اسْجُدُوا لِلّٰهِ، أي: ألا يا قوم اسجدوا لِلّٰهِ۔

۲۔ یا کے بعد ایسا فعل ماضی آئے جس سے مراد دعا ہو، جیسے جملہ ۲۔ يَا رَحِمَكَ اللّٰهُ جِئْتُ أَطْلُبُ مِنْكَ عِلْمًا أي يا عالم رحمك الله جئتُ أطلب منك علمًا۔

۳۔ یا کے بعد فعل حبّذا آئے، جیسے جملہ ۳۔ يَا حَبَّذَا الْجَنَّةُ وَاقْتِرَابُهَا طَيِّبَةً وَبَارِدًا شَرَابُهَا أي يا قوم حبذا الجنّة واقترابها۔

۴۔ یا کے بعد لیت واقع ہو، جیسے جملہ ۴۔ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا، أي: يا قوم ليتني كنت معهم فأفوز فوزًا عظيمًا۔

۵۔ یا کے بعد رُبّ واقع ہو، جیسے جملہ ۵۔ يَا رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الآخِرَةِ أي يا قوم نساء رُبّ كاسية في الدنيا عارية في الآخرة۔

قواعد:

۱۔ حرف نداء یا کو حذف کرنا جائز ہے بشرطیکہ سیاق اس پر دلالت کرے۔

۲۔ اگر یا کے بعد فعل امر یا فعل ماضی دعائیہ یا فعل حبذا یا حرف رُبَّ یا لیت آئے تو منادی کو حذف کرنا جائز ہے۔

۳۔ المنادى المضاف إلى ياء المتكلم:

(أ) منادى صحيح الآخر

١ ـ يَا عِبَادِيْ أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ.

٢ ـ قال تعالى: يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا.

٣ ـ قال تعالى: يَا عِبَادِ فَاتَّقُوْنِ.

٤ ـ قال تعالى: يَا وَيْلَتٰى أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٥ ـ يا طَالِبَ اجْتَهِدْ.

٦ ـ يَا أَبَتِ / يَا أَبَتَ / يَا أَبَهْ فَضْلُ فوزي يَرْجِعُ إليكَ.

٧ ـ يَا أُمَّتِ / يَا أُمَّتَ / يَا أُمَّهْ جَنَّتِي تَحْتَ قَدَمَيْكِ.

٨ ـ يَابْنَ خَالِيْ / خالِيَ لَا تَسْتَصْغِرْ حَسَنَةً.

٩ ـ قال تعالى: يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي.

١٠ ـ قال تعالى: قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِي.

١١ ـ يَا سَائِقِي / سَائِقِي إِلَى الخَيْرَاتِ جُزِيْتَ خَيْرًا.

(ب) منادى معتل الآخر

١ ـ يَا فَتَايَ احْذَرْ أَنْ يَكُوْنَ عِلْمُكَ حُجَّةً عَلَيْكَ.

٢ ـ يَا هَادِيَّ إِلَى الحَيَاةِ الطَّيِّبَةِ أَفَاضَ اللّٰهُ عَلَيْكَ رَحَمَاتِهِ.

٣ ـ يَا تِلْمِيْذِيَّ إن تجتهدا تفوزا.

٤ ـ يَا مُعَلِّمِيَّ بِكُمْ نِلْتُ مَا نِلْتُ.

٥ ـ يَا بُسْتَانِيَّ اجْعَلْ لِي بَاقَةً مِنَ الْأَزْهَارِ الْمُلَوَّنَةِ.

شرح وتفصیل:

منادی مضاف إلى ياء المتكلم یا تو صحیح الآخر ہوتا ہے یا معتل الآخر، مجموعہ الف کی مثالوں میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منادی مضاف إلى ياء المتكلم اگر صحیح الآخر ہو تو اسکی درج ذیل صورتیں ہوں گی:

ا۔ اگر اضافت معنوی[1] ہوگی تو یاء المتکلم میں پانچ صورتیں جائز ہوں گی:

(ا) یاء المتکلم ساکن ہو، جیسے جملہ ا۔ يَا عِبَادِي أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ[2]۔

---

(۱) اضافت معنویہ وہ اضافت ہے جس میں وصف کی اضافت اپنے معمول کی طرف نہ ہو، یہ مضاف کو تعریف یا تخصیص کا فائدہ دیتی ہے، جیسے: مفتاح الدار۔

(۲) عبادي: عبادِ: منادى مضاف منصوب وعلامة نصبه الفتحة المقدرة على اخره منع من ظهورها الكسرة التي جاء ت لمناسبة الياء، ي: مضاف إليه مبني على السكون في محلّ جرّ بالإضافة مضاف إليه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(۲) یاء المتکلم مفتوح ہو، جیسے جملہ۲۔ یا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا۔

(۳) یاء المتکلم محذوف ہواور مضاف کے آخری حرف پر کسرہ ہو جو یاء المتکلم پر دلالت کرے، جیسے جملہ۳۔ یا عِبَادِ فَاتَّقُوْنِ۔[1]

(۴) کسرہ کو فتحہ اور یاء المتکلم کو الف سے بدل دیا جائے، جیسے جملہ۴۔ یَا وَيْلَتٰی أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ[2]، اس صورت میں الف کے بعد هاء السکت بھی لگ سکتا ہے، جیسے: یَا وَيْلَتَاهْ۔

(۵) یاء المتکلم جو الف میں تبدیل ہوگیا ہے محذوف ہواور اس سے پہلے والے حرف پر فتحہ ہو، جیسے جملہ۵۔ یا طالبَ اجْتَهِدْ[3]۔

۲۔ اگر منادی مضاف إلی یاء المتکلم کلمہ أب یا أمّ ہوتو اس میں مندرجہ بالا پانچ صورتوں کے علاوہ مزید تین صورتیں جائز ہیں:

(۱) یاء المتکلم کو حذف کرکے اس کی جگہ تاء التأنیث الحرفیة المبنیة علی الکسر لائی جائے، جیسے جملہ ۶ اور ۷۔ یا أبتِ فَضْلُ فَوزِي يَرْجِعُ إليكَ، يا أُمَّتِ جنَّتِي تَحْتَ قَدَمَيْكِ[4]۔

(۲) یاء المتکلم کو حذف کرکے اس کی جگہ تاء التأنیث الحرفیة المبنیة علی الفتح لائی جائے، جیسے جملہ ۶ اور ۷۔ یا أبتَ فَضْلُ فَوزِي يَرْجِعُ إليك، يا أُمَّتَ جَنَّتِي تَحْتَ قَدَمَيْكِ۔

(۳) وقف کی صورت میں اس تاء کو هاء میں تبدیل کردیا جائے، جیسے جملہ ۶ اور ۷۔ یا أبَهْ فَضْلُ فَوزِي يَرْجِعُ إليك، يا أُمَّهْ جَنَّتِي تَحْتَ قَدَمَيْكِ۔

۳۔ اگر منادی ایسے اسم کا مضاف ہو جو یاء متکلم کی طرف مضاف ہوتو اس یاء کا اثبات ضروری ہے چاہے وہ یاء مفتوح ہو یا ساکن، جیسے جملہ ۸۔ یَا بْنَ خَالِيْ / خالِيَ لَا تَسْتَصْغِرْ حَسَنَةَ البتہ ابن أم اور ابن عم اس قاعدے سے مستثنی ہیں، ان دونوں میں یاء کا اثبات اور حذف دونوں جائز ہے، لیکن حذف أفصح ہے، حذف کی صورت میں اسکے بدلے کسرہ اور فتحہ

(۱) یا عبادِ: عباد: منادی منصوب بالفتحة المقدرة على ما قبل ياء المتكلم المحذوفة للتخفيف.

(۲) ويلتى: منادى منصوب وعلامة نصبه الفتحة المقدرة على ما قبل ياء المتكلم المنقلبة ألفًا والمفتوح ما قبلها.

(۳) يا طالب: منادى منصوب وعلامة نصبه الفتحة المقدرة على ما قبل ياء المتكلم المنقلبة ألفًا المحذوفة تخفيفًا والمفتوح ما قبلها.

(٤) يا أبت: أب: منادى منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة وهو مضاف وياء المتكلم المحذوفة مضاف إليه، ت: تاء التأنيث جاءت عوضًا عن ياء المتكلم مع بقائها حرفًا للتأنيث وليست المضاف إليه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دونوں لا سکتے ہیں، جیسے جملہ ۹ اور ۱۰۔ قَالَ ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي، قَالَ ابن أمّ إنّ القومَ اسْتَضْعَفُونِي۔

۴۔ اگر اضافت لفظی ہو(۱) اور منادی مفرد ہو(۲) تو یاء المتکلّم فتحہ یا سکون پر مبنی ہوگی اور اسکا حذف کرنا جائز نہ ہوگا، جیسے جملہ ۱۱۔ یا سائِقِي / سائِقِيَ إلى الخَيْرَاتِ جُزِيْتَ خَيْرًا۔

مجموعہ ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منادی معتل الآخر اگر مضاف إلی یاء المتکلم ہو تو اس کی یاء حذف نہیں ہوتی اور ہمیشہ مفتوح رہتی ہے، منادی معتل الآخر مضاف إلی یاء المتکلم کی پانچ صورتیں ہیں:

۱۔ المقصور، جیسے جملہ ۱۔ يَا فَتَايَ احْذَرْ أَنْ يَكُوْنَ عِلْمُكَ حُجَّةً عَلَيْكَ۔

۲۔ المنقوص، جیسے جملہ ۲۔ يَا هَادِيَّ إِلَى الحَيَاةِ الطَّيِّبَةِ أَفَاضَ اللّٰهُ عَلَيْكَ رَحَمَاتِهِ۔

۳۔ المثنی، جیسے جملہ ۳۔ يَا تِلْمِيْذَيَّ إن تجتهدا تفوزا۔

۴۔ جمع المذکر السالم، جیسے جملہ ۴۔ يَا مُعَلِّمِيَّ بِكُمْ نِلْتُ مَا نِلْتُ۔

۵۔ المختوم بیاء مشددة، جیسے جملہ ۵۔ يَا بُسْتَانِيَّ اِجْعَلْ لِي بَاقَةً مِنَ الأَزْهَارِ المُلَوَّنَةِ۔

قواعد:

۱۔ اگر منادی صحیح الآخر مضاف إلی یاء المتکلم ہو اور اضافت معنوی ہو تو اس کی یاء میں پانچ صورتیں جائز ہیں:

۱۔ یاء المتکلم الساکنة کا باقی رکھنا۔

۲۔ یاء المتکلم المفتوحة کا باقی رکھنا۔

۳۔ یاء المتکلم کو حذف کرنا اور مضاف کے آخری حرف کی کسرہ کو باقی رکھنا۔

۴۔ کسرہ کو فتحہ اور یاء المتکلم کو الف سے بدلنا۔

۵۔ یاء المتکلم سے پہلے والے حرف پر فتحہ کو باقی رکھنا۔

۲۔ اگر منادی صحیح الآخر مضاف إلی یاء المتکلم کی اضافت لفظی ہو اور منادی مفرد ہو تو یاء المتکلم میں دو

---

(۱) اضافت لفظیہ وہ اضافت ہے جو کسی تعریف یا تخصیص کا فائدہ نہ دے، بلکہ اس میں وصف کی اضافت اس کے معمول کی طرف ہو، یہ صرف تخفیف کا فائدہ دیتی ہے یعنی منوّن کی تنوین اور جمع مذکر سالم اور مثنی کا نون الجماعة / التثنية حذف کر دیتی ہے۔

(۲) جمع مکسر اور جمع مؤنث سالم مفرد صحیح الآخر کے حکم میں ہوتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

صورتیں جائز ہیں:

ا۔ ياء المتكلم الساكنة کا باقی رکھنا۔ ۲۔ ياء المتكلم المفتوحة کا باقی رکھنا۔

۳۔ منادی معتل الآخر مضاف إلى ياء المتكلم کی یا ہمیشہ مفتوح رہتی ہے۔

٤ ـ أحكام توابع المنادى:

(أ)

١ ـ يَا ذَا النُّوْرَيْنِ عُثْمَانُ.

٢ ـ يَا أَبَا بَكْرٍ وَ عُمَرُ.

٣ ـ يَا عَلِيُّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ.

٤ ـ يَا طَلْحَةُ وَأَبَا عُبَيْدَةَ.

(ب)

١ ـ يَا أَبَا حَنِيْفَةَ الْفَقِيْهَ.

٢ ـ يَا أَهْلَ الْعِلْمِ كُلَّكُمْ.

٣ ـ يَا أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ.

٤ ـ يَا مُعَلِّمَ الْخَيْرِ وَالْمُتَعَلِّمَ.

(ج)

١ ـ يَا مُعَاوِيَةُ أَمِيْرَ الشَّامِ.

٢ ـ يَا مُحَدِّثُوْنَ كُلَّكُمْ.

٣ ـ يَا حَمْزَةُ أَسَدَ اللّٰهِ.

٤ ـ يَا أُسْتَاذُ وَطَالِبَ الْعِلْمِ.

(د)

١ ـ يَا مُحَمَّدُ الْفَقِيهُ النفسِ/ الحليمُ.

٢ ـ يَا عُمَّالُ أَجْمَعُوْنَ/ أَجْمَعِيْنَ.

٣ ـ يَا سَعْدُ الْفَاتِحَ الْقَادْسِيَّةِ.

٤ ـ يَا أَمِيْنُ وَالصَّادِقُ الْقَوْلِ.

(ه)

١ ـ قال تعالى: يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ.

٢ ـ قال تعالى: يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ.

٣ ـ يَا هٰؤُلَاءِ التَّلَامِذَةُ.

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منادی کے بعد اس کا تابع بدل عثمان، أمير المؤمنين

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

یا عطف النسق مجرد من أل عمر، أبا عبيدة بن کر آرہا ہے، اس صورت میں تابع کے اعراب مستقل منادی کی طرح ہوں گے [1] اور یہ تابع علم مفرد یا نکرہ مقصودہ ہونے کی صورت میں مبنی ہوگا اور مضاف، شبیہ بالمضاف اور نکرہ غیر مقصودہ ہونے کی صورت میں منصوب ہوگا، چنانچہ مجموعہ الف جملہ ۱۔ یا ذَا النُّوْرَیْنِ عُثْمَانُ میں تابع عثمان اور جملہ ۲۔ یا أَبَا بَکْرٍ عُمَرُ میں تابع عمر علم مفرد ہونے کی وجہ سے مبنی ہیں، جملہ ۳۔ یَاعَلِيُّ أُمِیرَ المؤمنین میں تابع أمیر المؤمنین اور جملہ ۴۔ یَا طَلْحَةُ وَ أَبَا عُبَیْدَةَ میں تابع أبا عبیدة مضاف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے، لہذا منادی معرب ہو یا مبنی دونوں صورتوں میں تابع المنادی کے اعراب مستقل منادی کی طرح ہوں گے، منادی کا معرب یا مبنی ہونا تابع پر اثر انداز نہیں ہوگا، جملہ ۱، ۲ میں منادی معرب ہے اور جملہ ۳، ۴ میں مبنی ہے۔

مجموعہ ب کی مثالوں میں منادی منصوب ہے اور اس کا تابع نعت، توکید، عطف البیان یا عطف النسق معرف بأل ہے اس صورت میں تابع وجوبًا منصوب ہوتا ہے، جملہ ۱۔ یا أبا حَنِیْفَةَ الفَقِیْهَ میں تابع نعت ہے، جملہ ۲۔ یا أَهْلَ العَلْمِ کُلَّکُم میں تابع توکید ہے، جملہ ۳۔ یا أبا بَکْرٍ الصِّدِّیْقَ میں تابع عطف البیان ہے اور جملہ ۴۔ یا مُعَلِّمَ الخَیْرِ و المُتَعَلِّمَ میں تابع عطف النسق معرف بأل ہے۔

مجموعہ ج کی تمام مثالوں میں منادی مبني ہے اور اس کے تابع نعت، توکید، عطف بیان اور عطف النسق ہیں جو مضاف ہیں، لیکن یہ مضاف "أل" سے خالی ہیں، اس صورت میں بھی تابع وجوبًا منصوب ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱۔ یا مُعَاوِیَةُ أمیرَ الشَّامِ میں تابع نعت، جملہ ۲۔ یا محدّثون کلَّکم میں تابع توکید، جملہ ۳۔ یا حمزةُ أسدَ اللّٰه میں تابع عطف البیان اور جملہ ۴۔ یا أستاذُ و طالبَ العلم میں تابع معطوف عطف النسق ہے۔

مجموعہ د کی مثالوں میں منادی مبنی ہے اور اس کے تابع نعت، توکید، عطف بیان اور عطف النسق ہیں اور یہ سارے توابع مفرد یا مضاف مقترن بـ "أل" ہیں، اس صورت میں تابع کے دو اعراب جائز ہیں:

۱۔ البناء تبعًا للفظ المنادی.

۲۔ النصب تبعًا لمحلّ المنادی.

جملہ ۱۔ (یا محمدُ الفقیهُ النفس / الحلیمَ) میں تابع نعت ہے، اور جملہ ۲۔ (یا عُمَّالُ أجمعون / أجمعین) میں تابع

(۱) یعنی یہ توابع بذات خود منادی بنیں تو اس صورت میں ان کے جو اعراب ہوں گے وہی اعراب ان کے توابع بننے کی صورت میں ہوں گے گویا کہ متکلم یوں کہہ رہا ہے کہ: یا ذا النورین یا عثمانُ ، یا أبا بکر یا عمرُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ا۔ منادی علم ہو ۲۔ ضمہ پر مبنی ہو ۳۔ چار یا چار سے زائد حروف پر مشتمل ہو

مجموعہ الف کی تمام مثالوں میں منادی مجرّد مِن التاء جَعْفُ، أَحْمُ، زَيْنُ کے آخر میں سے ایک حرف کو ترخیم کی وجہ سے حذف کیا گیا ہے کیونکہ ان میں مذکورہ بالا تمام شرائط موجود ہیں، ترخیم سے پہلے یہ جَعْفَرُ، أَحْمَدُ، زَيْنَبُ تھے، یہ تینوں منادی اعلام ہیں، مبني علی الضم ہیں اور چار حروف پر مشتمل ہیں، لہذا ان کے آخری حروف (راء، دال، باء) کو ترخیم کی غرض سے حذف کرنا جائز ہے۔

۲۔ الترخيم بحذف حرفين:

اگر منادی مجرّد مِن التاء میں اوپر بیان کی گئی شرائط کے ساتھ مندرجہ ذیل شرائط موجود ہوں تو اسکی ترخیم میں دو حروف کو حذف کیا جاتا ہے:

ا۔ آخری حرف سے پہلے والا حرف اصلی نہ ہو، زائد ہو [1]۔

۲۔ آخری سے پہلے والا حرف ''حرفِ'' مد ہو [2]۔

۳۔ آخری سے پہلے والا حرف اپنے کلمہ کا چوتھا یا اس کے بعد والا حرف ہو یعنی منادی پانچ یا پانچ سے زائد حروف پر مشتمل ہو۔

مجموعہ ب کی تمام مثالوں میں منادی مجرّد مِن التاء عِمْرُ، أَسْمُ، مَنْصُ کے آخری دو حرف بغرض ترخیم محذوف ہیں، ترخیم سے پہلے یہ عِمْران، أَسْمَاء، مَنْصُور تھے، یہ تینوں پانچ حروف پر مشتمل ہیں، ان کا آخری سے پہلے والا حرف ''حرف مد'' ہے، زائد ہے اور اپنے کلمہ کا چوتھا حرف ہے اسلئے ترخیم کی صورت میں ان کے آخری دو حروف کا حذف کرنا واجب ہے، ان کے آخر میں سے ایک حرف کا حذف کرنا جائز نہیں ہے [3]۔

إعراب المنادى المرخّم

منادی مرخّم کے اعراب میں دو لغت جائز ہیں: ١۔ لغة من ينتظر ٢۔ لغة من لا ينتظر

(۱) آخری حرف اصلی بھی ہوسکتا ہے جیسے: أسماء اور منصور کا همزة اور راء، اور زائد بھی ہوسکتا ہے، جیسے: عمران کا نون۔

(۲) حرف علت اس وقت حرف مد کہلاتا ہے جب وہ ساکن ہو اور اس سے پہلے والے حرف کی حرکت اسکے مناسب ہو یعنی واو سے پہلے ضمہ، یاء سے پہلے کسرہ اور الف سے پہلے فتحہ ہو۔

(۳) ترخیم بذات خود تو واجب نہیں جائز ہے، لیکن اگر ان کلمات کی ترخیم کی جائے جن میں مجموعہ ب والی شرائط موجود ہوں تو ان کی ترخیم میں دو حروف کا حذف کرنا واجب ہے، ایک حرف کا حذف کرنا جائز نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لُغَةُ مَن يَنتَظِر:

اسکو لغة مَن يَنتظر اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ حرف محذوف کا انتظار کرتے ہیں اوراس کو موجود سمجھتے ہیں، اس لغت کے مطابق حرف محذوف سے پہلے والے حرف (جواب آخری حرف بن گیا ہے) کی حرکت کو برقرار رکھا جاتا ہے، چاہے وہ حرکت ضمّہ ہو، جیسے: یَا مَنْصُورُ سے یا مَنْصُ، چاہے فتحہ ہو، جیسے یَا عِمْرَان سے یَا عِمْرَ، چاہے کسرہ ہو جیسے یَا إسماعِيْل سے يَا إسماع۔ اس لغت کے تحت منادی مرخم کے اعراب یوں ہونگے: مُنَادى مرخّم مبني عَلَى الضَّمَّةِ المُقَدَّرَةِ عَلَى الحرفِ المَحْذُوفِ فِي مَحَلِّ نَصْبٍ۔

لُغَةُ مَن لَا يَنتَظِر:

اس کو لغة مَن لَا يَنْتَظِر اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں آخری حرف کا (جو کہ محذوف ہے) انتظار نہیں کرتے اس لغت کے مطابق حرف محذوف سے پہلے والے حرف کو آخری حرف سمجھتے ہوئے اسکی بناء ضمّہ پر کی جاتی ہے مثلاً: یاجعفُ اوراس لغت کے تحت منادی مرخم کے اعراب یوں ہونگے: مُنَادى مُرَخَّم مَبْنِي عَلَى الضَّمِّ فِي مَحَلِّ نَصْبٍ۔

قواعد:

۱۔ نداء کا وہ اسلوب جس میں منادی کے آخر سے ایک یا ایک سے زائد حرف کو تخفیف یا استہزاء یا تملیح کے لئے حذف کیا جائے، ترخیم کہتے ہیں۔

۲۔ منادی مختوم بالتاء اگر علم مفرد یا نکرہ مقصودہ ہوتو اسکی ترخیم مطلقا جائز ہے۔

۳۔ منادی مجرّد مِن التاء علم ہو، مبني على الضم ہواور چار یا چار سے زائد حروف پر مشتمل ہوتو اسکے آخری حرف کو بغرض ترخیم حذف کرنا جائز ہے۔

۴۔ اگر منادی مجرّد مِن التاء میں مذکور شروط کے ساتھ مزید تین شرائط موجود ہوں تو اسکی ترخیم میں دو حروف کو حذف کیا جائے گا: ۱۔ آخری سے پہلے والا حرف زائد ہو ۲۔ حرف مد ہو ۳۔ اپنے کلمے کا چوتھایا اس کے بعد والا حرف ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ١

عيِّن ما رخِّم بحذف حرف وما رخم بحذف حرفين مع ذكر ما جوَّز الترخيم وأعربه واذكره غير مرخَّم:

نموذج: يَا نُعَمَ! اَلْجَمَاعَةُ رَحْمَةٌ وَالْفُرْقَةُ عَذَابٌ.

نُعَمَ: منادى، علم مفرد، ترخيم "نعمان"، حذف منه حرفان؛ لأنه علَم، مبني على الضم وقبل آخره حرف مدّ زائد رابعا، وهو منادى (نُعَمَ)، مبني على الضمة المقدرة على الحرف المحذوف، في محل نصب (عند لغة من ينتظر). ومنادى (نُعَمُ)، مبني على الضمة، في محل نصب (عند لغة من لا ينتظر).

٢ـ يَا مُحَاوِ! صَدَقَةُ السِّرِّ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ.

٣ـ يَا وَائِلُ! رَهْبَانِيَّةُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ الْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللّٰه.

٤ـ يَا سَالُ! كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ.

٥ـ يَا طَالِبَ! أَرْبَى الرِّبَا اسْتِطَالَةُ الرَّجُلِ فِي عِرْضِ أَخِيهِ.

٦ـ يَا مَسْعُ! غَدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيْلِ اللّٰه خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا.

٧ـ يَا قَتَادُ! أَحْبِبْ حَبِيبَكَ هَوْنًا مَا عَسَى أَنْ يَكُونَ بَغِيضَكَ يَوْمًا مَا.

٨ـ يَا ثَوْبَ! أَتَعْلَمُ أَنَّ مَنْ حَبَسَ فَرَسًا فِي سَبِيْلِ اللّٰه كَانَ سِتْرَهُ مِنَ النَّارِ؟

٩ـ يَا عُقَبَ! أَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلَى خَطِيئَتِكَ.

١٠ـ يَا لُبَابَ! صَلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ أَفْضَلُ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ.

التمرين - ٢

رخّم المنادى:

١ـ يا سمعان	٢ـ يا خليفة	٣ـ أي مقداد	٤ـ يا خنساء
٥ـ أي فهيم	٦ـ يا عكاشة	٧ـ يا أُسيد	٨ـ يا إسماعيل
٩ـ يا لائبة	١٠ـ يا طبيبة	١١ـ يا سعيد	١٢ـ يا سفيان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٣ـ يا مالك	١٤ـ آ مؤمنة	١٥ـ يا سلمان	١٦ـ يا حارث
١٧ـ يا أسود	١٨ـ يا أمجد	١٩ـ يا هريرة	٢٠ـ يا أكثم
٢١ـ هيا تائبة	٢٢ـ يا مصعب	٢٣ـ يا مختار	٢٤ـ يا يعلى

التمرين ـ ٣

بيّن ما يرخّم بحذف حرف واحد وما يرخّم بحذف حرفين وما لا يرخّم مما يأتي مع بيان السبب:

١ـ يا عمر	٢ـ يا أنس	٣ـ يا قطامِ	٤ـ يا فرعون	٥ـ آي مكحول
٦ـ يا فهد	٧ـ يا كافر	٨ـ يا عمرة	٩ـ يا إبراهيم	١٠ـ يا شاب قرناها
١١ـ يا بكر	١٢ـ آ سعد	١٣ـ يا بخيلًا	١٤ـ يا سيبويه	١٥ـ يا عبد الرحمٰن
١٦ـ يا ماعز	١٧ـ يا بلال	١٨ـ يا منقاد	١٩ـ يا مسافرًا	٢٠ـ يا أمير باكستان
٢١ـ يا معاذ	٢٢ـ يا أستاذ	٢٣ـ يا زرارة	٢٤ـ أي هارون	٢٥ـ يا مولعًا بالكتب
٢٦ـ يا جرير	٢٧ـ يا حسن	٢٨ـ يا كعب	٢٩ـ يا عرباض	٣٠ـ يا فاتح قسطنطنية
٣١ـ يا تلميذ	٣٢ـ هيا حذامِ	٣٣ـ يا نواس	٣٤ـ أي مردويه	٣٥ـ أيا مفتى المدرسة
٣٦ـ هيا فقيه	٣٧ـ يا كريمًا	٣٨ـ يا موسى	٣٩ـ يا أهل العلم	٤٠ـ يا ساعيًا بالنميمة
٤١ـ يا جابر	٤٢ـ أيا تاجر	٤٣ـ يا حسين	٤٤ـ يا صالحون	٤٥ـ يا صاحب الدكان
٤٦ـ آ عبادة	٤٧ـ يا رفاعة	٤٨ـ أيا عثمان	٤٩ـ آي مهندس	٥٠ـ يا مشغوفًا بحب الدنيا

التمرين ـ ٤

كوّن الجمل لما يأتي:

١ـ مُنَادًى نَكِرَةٌ مَقْصُودَةٌ مَخْتُومٌ بِالتَّاءِ مُرَخَّمًا.

٢ـ مُنَادًى عَلَمٌ مُفْرَدٌ مَخْتُومٌ بِالتَّاءِ مُرَخَّمًا (ثلاثي).

٣ـ مُنَادًى عَلَمٌ مُفْرَدٌ غَيْرُ مَخْتُوْمٍ بِالتَّاءِ مُرَخَّمًا بِحَذْفِ حَرْفٍ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ ـ مُنَادٰى عَلَمٌ مُفْرَدٌ غَيْرُ مَخْتُومٍ بِالتَّاءِ مُرَخَّمًا بِحَذْفِ حَرْفَيْنِ.

٥ ـ مُنَادٰى عَلَمٌ مُفْرَدٌ مَخْتُومٌ بِالتَّاءِ مُرَخَّمًا (رُبَاعِيٌّ أَوْ خُمَاسِيٌّ).

التمرين ـ ٥

استخرج من الأحاديث الآتية المنادى المرخم وأعربه مع ذكر ما جوّز الترخيم:

نموذج: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ ﷺ: يَا أَبَا هِرَّ.

هرّ: مرخم؛ لأنه مختوم بالتاء وأصله "هرّة" مضاف إليه مجرور وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره.

٢ ـ عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ فِي الثقل وَأَنْجَشَةُ غُلَامُ النَّبِيِّ ﷺ يَسُوقُ بِهِنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَا أَنْجَشُ رُوَيْدَكَ سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيْرِ.

٣ ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَا عَائِشُ! هٰذَا جِبْرِيْلُ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ، قُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.

٤ ـ قَالَ مَالِكٌ: بَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِي أَهْلِي حِيْنَ مَتَعَ النَّهَارُ إِذَا رَسُوْلُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يَأْتِيْنِي فَقَالَ: أَجِبْ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ حَتّٰى أَدْخُلَ عَلٰى عُمَرَ فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ عَلٰى رِمَالِ سَرِيْرٍ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فِرَاشٌ مُتَّكِئٌ عَلٰى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسْتُ فَقَالَ: يَا مَالِ! إِنَّهُ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ قَوْمِكَ أَهْلُ أَبْيَاتٍ وَقَدْ أَمَرْتُ فِيْهِمْ بِرَضْخٍ فَاقْبِضْهُ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ. فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَوْ أَمَرْتَ بِهِ غَيْرِيْ، قَالَ: اقْبِضْهُ أَيُّهَا الْمَرْءُ!

٥ ـ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ: أَصَبْتُ شَارِفًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِي مَغْنَمٍ يَوْمَ بَدْرٍ قَالَ: وَأَعْطَانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ شَارِفًا أُخْرٰى فَأَنَخْتُهُمَا يَوْمًا عِنْدَ بَابِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أَحْمِلَ عَلَيْهِمَا إِذْخَرًا لِأَبِيْعَهُ وَمَعِي صَائِغٌ مِنْ بَنِي قَيْنُقَاعَ فَأَسْتَعِيْنَ بِهِ عَلٰى وَلِيْمَةِ فَاطِمَةَ، وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَشْرَبُ فِي ذٰلِكَ الْبَيْتِ مَعَهُ قَيْنَةٌ فَقَالَتْ: أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ. فَثَارَ إِلَيْهِمَا حَمْزَةُ بِالسَّيْفِ فَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا ثُمَّ أَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٦ـ مُحَمَّدُ بنُ إبْرَاهِيمَ اليَشْكُرِيُّ البَصْرِيُّ قالَ: حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي أُمُّ كُلْثُومٍ بنتُ ثُمَامَةَ: أَنَّهَا قَدِمَتْ حَاجَّةً فإنَّ أخاها المَخارِقَ بنَ ثُمامَةَ قالَ: ادْخُلِي عَلى عَائِشَةَ وَسَلِيهَا عَن عُثْمَانَ بنِ عَفَّانَ فإنَّ النَّاسَ قد أَكْثَرُوا فِيهِ عِندَنا، قالَتْ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهَا فَقُلْتُ: بَعْضُ بَنِيكِ يُقْرِئُكِ السَّلامَ وَيَسْأَلُكِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَتْ: وَعَلَيْهِ السَّلامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قَالَتْ: أَمَّا أنا فأَشْهَدُ عَلى أَنِّي رَأَيْتُ عُثْمَانَ في هذَا البَيْتِ فِي لَيْلَةٍ قَائِظَةٍ وَنَبِيُّ اللّٰهِ ﷺ وَجِبْرِيلُ يُوحِي إلَيْهِ وَالنَّبِيُّ ﷺ يَضْرِبُ كَفَّ أَوْ كَتِفَ بْنَ عَفَّانَ بِيَدِهِ اكْتُبْ عُثْمُ! فَمَا كَانَ اللّٰهُ يُنْزِلُ تِلْكَ المَنْزِلَةَ مِنْ نَبِيِّهِ ﷺ إلَّا رَجُلاً عَلَيْهِ كَرِيمًا فَمَنْ سَبَّ بْنَ عَفَّانَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ.

٧ـ عنْ عُقْبَةَ بنِ عامِرٍ قالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ خُدَّامَ أَنْفُسِنَا نَتَنَاوَبُ الرِّعَايَةَ رِعَايَةَ إبِلِنَا فَكَانَتْ عَلَيَّ رِعَايَةُ الإبلِ فروحتها بالعشي فأَدْرَكْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَخْطُبُ النَّاسَ فَسَمِعْتُه يَقُولُ: مَا مِنْكُم مِنْ أَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الوُضُوءَ ثُمَّ يَقُومُ فَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ يُقْبِلُ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهِ وَوَجْهِهِ إلَّا فَقَدْ أَوْجَبَ. فَقُلْتُ: بَخٍ بَخٍ مَا أَجْوَدَ هٰذِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِن بَيْنِ يَدَيَّ: الَّتِي قَبْلَهَا يَا عُقْبَ! أَجْوَدُ مِنْهَا فَإِذَا هُوَ عُمَرُ بنُ الخَطَّابِ فَقُلْتُ: مَا هِيَ يَا أَبَا حَفْصٍ؟ قالَ: إنَّهُ قالَ آنِفًا قَبْلَ أنْ تَجِيءَ: مَا مِنْكُم مِنْ أَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الوُضُوءَ ثُمَّ يَقُولُ حِينَ يَفْرُغُ مِن وُضُوئِهِ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ إلَّا فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّها شَاءَ.

التمرين ـ ٦

نموذج في الإعراب:

يَا جُنْدُ! أَفْشِ السَّلامَ وَأَطْعِمِ الطَّعَامَ وَصَلِّ وَالنَّاسُ نِيَام تَدْخُلِ الجَنَّةَ بِالسَّلامِ.

يا: حرف نداء، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب. **جند:** منادى مرخم، علم مفرد، مبني على الضمة، في محل نصب. **أفش:** فعل أمر، مبني بحذف حرف العلة من اخره، وفاعله ضمير مستتر وجوبا، تقديره: "أنت".

السلام: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

و: عاطفة مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب. **أطعم:** فعل أمر، مبني على السكون، وحرك بالكسرة؛ لالتقاء الساكنين، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت". **الطعام:** مفعول به منصوب، وعلامة نصبه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الفتحة الظاهرة على آخره. **و**: عاطفة، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب. **صلّ**: فعل أمر، مبني على حذف حرف العلة من اخره، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت". **و**: حالية، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب. **الناسُ**: مبتدأ مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

نيام: خبر مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره. **تدخل**: فعل مضارع مجزوم، في جواب الطلب بشرط محذوف، دلّ عليه فعل الطلب المذكور وتقديره: "إن تُفْشِ السلام" وعلامة جزمه السكون، وحرّك بالكسرة؛ لالتقاء الساكنين، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت". **الجنة**: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره. **بالسلام**: **بـ**: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب. **السلام**: اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على اخره. والجار والمجرور متعلقان بالفعل "تدخل".

والجملة "يا جند....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "أفش السلام": جواب النداء، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "أطعم الطعام": معطوفة على "أفش السلام" لا محل لها من الإعراب.

والجملة "صلّ": معطوفة على "أطعم الطعام" لا محل لها من الإعراب.

والجملة "الناس نيام": حالية، في محل نصب.

أعرب ما يأتي:

١ـ يا مرو ! لا تسأل عمّا لا يعنيك.

٢ـ يا سُمَى ! أكثري مِن قول الحمد لله.

٣ـ يا صائم ! لا تبالغي في المضمضة والاستنشاق.

٤ـ يا خُزَيْم ! لا تصعّر خدّك للنّاس ولا تمش في الأرض مرحًا.

٥ـ يا ثب ! حياتك أنفاس تُعدّ كلّما مضت نفسٌ نقصت حياتك.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس التاسع والعشرون

التحذير والإغراء

التحذير

الأمثلة :

١ ـ الكَذِبَ.

٢ ـ الكَسَلَ الكَسَلَ.

٣ ـ قال تعالى: نَاقَةَ اللّٰهِ وَ سُقْيَاهَا.

٤ ـ إِيَّاكَ والنَّمِيْمَةَ، إِيَّاكَ وَالتَّعَرُّضَ لِلعُيُوْبِ.

٥ ـ إِيَّاكَ تَحْكِيْمَ الْأَهْوَاءِ فَإِنَّ عَاجِلَهَا ذميمٌ وآجِلَهَا وَخِيْمٌ.

٦ ـ إِيَّاكَ مِنْ مُوَاخَاةِ الْأَحْمَقِ، فَإِنَّهُ يُرِيْدُ أَنْ يَنْفَعكَ فَيَضُرَّكَ.

شرح وتفصیل:

کسی شخص کو برے فعل سے روکنے اور خبردار کرنے کے لئے جو اسلوب استعمال ہوتا ہے اسے نحو کی اصطلاح میں "تحذیر" کہتے ہیں۔ یہ اسلوب تین عناصر پر مشتمل ہوتا ہے:

١ ـ المحذِّرُ (برے کام سے روکنے والا)۔

٢ ـ المحذَّر (جس کو روکا جائے (مخاطب) یعنی جس کی طرف تنبیہ متوجہ ہو)۔

٣ ـ المحذَّر منه (جس بات سے روکا جائے)۔

مندرجہ بالا مثالیں اس اسلوب کی چار ممکنہ صورتوں پر مشتمل ہیں جنکی وضاحت حسب ذیل ہے:

ا ـ محذَّر منه (وهو الأمر المكروه) بغیر تکرار یا بغیر عطف کے مذکور ہو تو اسکو منصوب کرنے والا فعل جوازاً محذوف ہوتا ہے، جیسے جملہ ا ـ میں محذَّر منه الكِذْبَ جوازاً منصوب ہے (یعنی محذَّر منه منصوب بھی ہوسکتا ہے اور مرفوع بھی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

منصوب ہونے کی صورت میں یہ فعل محذوف جوازاً کا مفعول بہ ہوگا اور اسکی تقدیر یوں ٹھہرائی جائے گی: اجْتَنِبْ الكِذْبَ مرفوع ہونے کی صورت میں یہ مبتدا ہوگا اور اس کی خبر محذوف ہوگی اور اسکی تقدیر یوں ٹھہرائی جائے گی: الكِذْبُ مذمومٌ لیکن اس حالت میں یہ تحذیر کے اسلوب میں داخل نہ ہوگا چونکہ تحذیر کے اسلوب میں بنیادی شرط یہ ہے کہ محذَّر منه مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہو اور اس کا فعل اپنے فاعل کے ساتھ محذوف ہو۔

۲۔ اگر محذَّر منه تکرار یا عطف کے ساتھ مذکور ہو تو اسکو منصوب کرنے والا فعل وجوبا محذوف ہوتا ہے، جیسے جملہ۲۔ الكَسَلَ الكَسَلَ میں محذَّر منه الكسل کو منصوب کرنے والا فعل وجوبًا محذوف ہے اسکی تقدیر دراصل یوں ہے: احْذَرِ الكَسَلَ الكَسَلَ، مکرر لانے کی صورت میں الكسل الثاني، الكسل الأول کی توکید لفظی ہے۔اسی طرح جملہ۳۔ نَاقَةَ اللّٰهِ وَ سُقْيَاهَا میں محذَّر منه کو عطف[1] کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔اور اس صورت میں سُقْيَا محذَّر منه ناقة[2] پر معطوف ہے اور اسکی تقدیر یوں ٹھہرائی جائے گی: احْذَرُوْا نَاقَةَ اللّٰهِ وَ سُقْيَاهَا۔

۳۔ اگر محذَّر ضمیر منصوب إيَّاكَ وفروعه[3] ہو اور محذَّر منه (اسم ظاہر) محذَّر کے بعد واقع ہو تو اس ضمیر کو منصوب کرنے والا فعل وجوبا محذوف ہوگا اور محذَّر منه کی تین ممکنہ صورتیں بن سکتی ہیں:

(۱) محذَّر منه واو العطف کے ساتھ مقترن ہو تو اسکو منصوب کرنے والا فعل وجوبا محذوف ہوگا اور زیادہ مناسب یہ ہے کہ محذر منه کے مناسب فعل محذوف کی تقدیر ٹھہرائی جائے، جیسے: بَاعِدْ، تَجَنَّبْ، تَوَقَّ، قِ چنانچہ ایک ہی اسلوب میں دو فعل محذوف ہو سکتے ہیں، جیسے جملہ۴۔ إيَّاكَ وَالتَّعَرُّضَ لِلْعُيُوْبِ میں مُحَذَّر مِنْه التَّعَرُّضَ فعل محذوف وجوبًا سے منصوب ہے، اسی طرح مُحَذَّر إيَّاكَ بھی فعل محذوف وجوبًا سے منصوب ہے، جملہ دراصل یوں ہے: إيَّاكَ أُحَذِّرُ وأُقَبِّحُ التعرُّضَ للعيوبِ۔

(۲) محذَّر منه واو العطف سے مقترن نہ ہو، جیسے جملہ۵۔ إيَّاكَ تَحْكِيْمَ الأَهْوَاءِ میں محذَّر إيَّاكَ مفعول بہ اول ہے اور محذَّر منه تَحْكِيْمَ الأَهْوَاءِ مفعول بہ ثانی ہے اور ان دونوں سے پہلے ایک فعل وجوبًا محذوف ہے، چنانچہ جملہ دراصل

---

(۱) اس اسلوب میں واو العطف کے علاوہ دوسرے حروف عاطفہ استعمال نہیں ہوتے۔ عام طور پر واو عاطفہ ہی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، لیکن بسا اوقات معیت اور عطف دونوں کے معنی دیتا ہے جیسے: أَصَابِعَكَ وَالجِبْرَ وتقديره: بَاعِدْ أَصَابِعَكَ مع الجِبْرِ، یا صرف معیت کے معنی دیتا ہے جیسے: الإجَادَةَ والمُثَابَرَةَ كَيْ تَحْصُلَ على ما تَهْوى وتقديره: الْزَمِ الإجَادَةَ مَعَ المُثَابَرَةِ۔ (۲) ناقة: مفعول به لفعل محذوف على التحذير أي: ذروا ناقة الله، أي: احذروا عقرها.

(۳) إيَّاكَ، إيَّاكما، إيَّاكم، إيَّاكِ، إيَّاكما، إيَّاكُنَّ...

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

یوں ہوگا: أُحذِّرُكَ تَحْكِيمَ الْأهْوَاءِ[1]۔

۳۔ محذّر منه سے پہلے حرف جر "من" واقع ہو، جیسے جملہ ۶۔ إيّاك من مؤاخاة الأحمق... میں محذّر إيّاك فعل محذوف وجوبا سے منصوب ہوگا اور جار مجرور من مؤاخاة الأحمق اس فعل محذوف سے متعلق ہونگے۔

مندرجہ بالا تمام صورتوں میں محذّر إيّاك کو مکرر بھی ذکر کر سکتے ہیں، مکرر لانے کی صورت میں سابقہ اعراب متاثر نہیں ہونگے، کیونکہ إيّاك اول کو إيّاك ثانی کی توکید لفظی کے طور پر لایا جاتا ہے۔

قواعد:

۱۔ تحذیر کا اسلوب مخاطب کو برے فعل سے روکنے اور خبردار کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

۲۔ جب محذر منه بغیر تکرار اور عطف کے ہو تو اس کو منصوب کرنے والا فعل جوازاً محذوف ہوتا ہے۔

۳۔ جب محذر منه تکرار اور عطف کے ساتھ مذکور ہو یا تحذیر إيّاك کے لفظ کے ساتھ ہو تو اس کو منصوب کرنے والا فعل وجوبًا محذوف ہوتا ہے۔

الإغراء

الأمثلة:

۱۔ الصِّدْقَ.

۲۔ الْأَدَبَ الْأَدَبَ.

۳۔ الْمُرُوْءَةَ وَ النَّجْدَةَ.

شرح وتفصیل:

کسی انسان کو کسی اچھے کام کی ترغیب دینے کے لئے جو اسلوب استعمال کیا جاتا ہے اسے نحو کی اصطلاح میں "إغراء" کہتے ہیں۔ اغراء کا اسلوب تین عناصر پر مشتمل ہوتا ہے:

۱۔ المُغري (ترغیب دینے والا)۔

(۱) إيّاكَ تحكيمَ الأهواء میں تحكيم الأهواء مصدر صریح ہے، اس کی جگہ مصدر مؤول بھی آ سکتا ہے، جیسے: إيّاكَ أن تُحَكِّمَ الأهواء اور اسکے اعراب یوں ہونگے: مصدر مؤول في محل نصب، لأنه مفعول به ثانٍ لفعل محذوف تقديره "احذر"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۲۔ المُغرَی (مخاطب، جس کو ترغیب دی جائے)۔

۳۔ المُغْرَی بِهِ (جس بات کی ترغیب دی جائے)۔

مندرجہ بالا مثالوں میں اغراء کی ممکنہ صورتیں مذکور ہیں جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

۱۔ مغـرَی بـه بغیر تکرار وعطف کے مذکور ہوتو اس کو منصوب کرنے والا فعل جوازاً محذوف ہوگا جیسے جملہ ۱۔ الصِّدْقَ میں مُغْرَی بِهِ جوازاً منصوب ہے۔ منصوب ہونے کی صورت میں یہ فعل محذوف کا مفعول بہ ہوگا اور تقدیر کلام اِلْزَمِ الصِّدْقَ ہوگی، مرفوع ہونے کی صورت میں یہ مبتدا ہوگا اور اس کی خبر محذوف ہوگی اور اس کی تقدیر یوں ہوگی: الصِّدْقُ مَحْمُوْدٌ، لیکن اس صورت میں یہ اغراء کے اسلوب میں داخل نہ ہوگا۔

۲۔ مُغرَی بـه کو تکرار یا عطف کے ساتھ ذکر کیا جائے تو اسکو منصوب کرنے والا فعل وجوباً محذوف ہوتا ہے، جیسے جملہ ۲۔ الأدبَ الأدبَ میں الأدَبَ فعل محذوف وجوبًا سے منصوب ہے۔ جملہ دراصل یوں ہے: الزَم الأدبَ الأدَبَ، اس صورت میں الأدب الثاني کو الأدب الأول کی تو کید لفظی کے طور پر لایا گیا ہے، اسی طرح جملہ ۳۔ المُرُوْءَ ةَ وَ النَّجْدَةَ میں مُغْرَی بِهِ کو عطف کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے، اور اس صورت میں مُغرَی به المُرُوْءَ ةَ، النَّجْدَةَ پر معطوف ہوگا، تقدیر کلام: اِلْزَمُوا المُرُوْءَ ةَ وَالنَّجْدَةَ ہوگی۔

قواعد:

۱۔ اغراء کا اسلوب کسی انسان کو کسی اچھے کام کی ترغیب دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

۲۔ جب المغری بہ بغیر تکرار اور عطف کے ہوتو اس کو منصوب کرنے والا فعل جوازاً محذوف ہوتا ہے۔

۳۔ جب المغری بہ تکرار اور عطف کے ساتھ مذکور ہوتو اس کو منصوب کرنے والا فعل وجوبًا محذوف ہوتا ہے۔

التمرين ۔ ۱

استخرج من العبارة الآتية أساليب الإغراء والتحذير واذكر نوعها وقدّر الأفعال المحذوفة فيها وبيّن حكم حذفها:

نموذج: النار النار.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

النار الأولى: من أسلوب التحذير منصوب وجوبًا بفعل محذوف وجوبًا، تقديره: "احذر النارَ".

نوعه: تكرار.

١ ـ سَرِّحْ طَرْفَكَ فِي عَالَمِ الْقَرْنِ السَّادِسِ الْمَسِيْحِيِّ، هَلْ تَرٰى لِلْمُرُوْءَةِ حَيَاةً فِي نَاحِيَةِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ؟! احْبِسْ نَفْسَكَ وَاسْتَمِعْ! هَلْ تُحِسُّ لَهَا عِرْقًا يَنْبِضُ وَقَلْبًا يَخْفِضُ؟ لَقَدِ انْتَصَرَ الشَّرُّ عَلَى الْخَيْرِ وَالرَّذِيْلَةُ عَلَى الْفَضِيْلَةِ وَإِذَا بِهٰذِهِ الْجُثَّةِ الْهَامِدَةِ يَدِبُّ فِيْهَا دَبِيْبُ الْحَيَاةِ وَإِذَا بِهٰذِهِ الْجُثَّةِ الْبَارِدَةِ يَهْتَزُّ اهْتِزَازًا، وَذٰلِكَ بِبِعْثَةِ النَّبِيِّ الْأَعْظَمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَهُبُّ النَّاسَ مِنْ سُبَاتِهِمُ الْعَمِيْقِ يُنَادِي: النَّارَ النَّارَ، أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ، إِيَّاكُمُ الْعِصْيَانَ! إِيَّاكُمْ مِنَ الْغَفْلَةِ! السُّرْعَةَ السُّرْعَةَ! الْجَنَّةَ وَنَعِيْمَهَا! الطَّاعَةَ! الْبِرَّ! فَهَبَّ الْجَمِيْعُ مِنْ رُقَادِهِمْ وَوَقَوْا أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيْهِمُ النَّارَ وَفَرُّوْا إِلَى اللّٰهِ وَالْجَنَّةِ وَأَصْبَحَتِ الْبِيْئَةُ الْبَشَرِيَّةُ طَاقَةَ زَهْرٍ لَاشَوْكَ فِيْهَا...

التمرين ـ ٢

عيّن فيما يلي أساليب الإغراء و التحذير وبيّن ما يجب فيه حذف الفعل وما يجوز مع ذكر السبب:

نموذج: ١ ـ التَّصَبُّرَ! فَإِنَّ مَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ.

التَّصَبُّرَ: من أسلوب الإغراء، ويجوز فيه حذف الفعل؛ لخلوّه من التكرار والعطف ولفظ "إياك".

٢ ـ الطَّمْعَ الطَّمْعَ! فَإِنَّ مَنْ لَزِمَ الطَّمْعَ عَدِمَ الْوَرْعَ.

الطَّمْعَ الطَّمْعَ: من أسلوب التحذير ويجب فيه حذف الفعل؛ لأنه مكرر.

٣ ـ النَّوَالَ النَّوَالَ! قَبْلَ السُّؤَالِ.

٤ ـ الْكِذْبَ وَالْخِيَانَةَ! فَإِنَّهُمَا مِنْ خِصَالِ الْمُنَافِقِ.

٥ ـ حُبَّ الْمَالِ! فَإِنَّهُ رَأْسُ كُلِّ الْخَطِيْئَةِ.

٦ ـ إِيَّاكَ أَنْ تُهْلِكَ نَفْسَكَ بِالْاِنْغِمَاسِ فِي الشَّهَوَاتِ.

٧ ـ التَّضْحِيَةَ التَّضْحِيَةَ! لِإِعْلَاءِ كَلِمَةِ اللّٰهِ.

٨ ـ التَّعَلُّمَ وَالتَّفَقُّهَ! فَإِنَّهُ لَا يُوْلَدُ أَحَدٌ عَالِمًا وَلَا فَقِيْهًا.

٩ ـ الْبَغْيَ! فَإِنَّهُ يَصْرَعُ الرِّجَالَ وَيَقْطَعُ الْآمَالَ.

١٠ ـ الطَّاعَةَ وَالشُّكْرَ لِلّٰهِ لِأَنَّهُ أَحَقُّ أَنْ يُطَاعَ وَلَا يُكْفَرَ.

١١ ـ تَقْوَى اللّٰهِ! فَإِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا حَدَائِقَ وَأَعْنَابًا.

١٢ ـ إِيَّاكَ وَالْعُجْلَةَ فَإِنَّ مَنْ رَكِبَ الْعَجَلَ أَدْرَكَهُ الزَّلَلُ.

١٣ ـ إِيَّاكَ وَالدَّعَابَةَ! فَإِنَّ كَثْرَةَ الدَّعَابَةِ تُذْهِبُ الْمَهَابَةَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٤ـ الْحَيَاءَ! مِنْ ذَمِّ مَنْ لَوْكَانَ حَاضِرًا لَبَالَغْتَ فِي مَدْحِهِ.

١٥ـ إِيَّاكَ مُجَالَسَةَ السُّفَهَاءِ! فَإِنَّكَ بِمُجَالَسَتِهِمْ تُعَدُّ مِنْهُمْ.

١٦ـ الْغِيْبَةَ الْغِيْبَةَ! وَهِيَ أَمْرٌ قَدْ نَهَى اللّٰهُ عَنْهَا وَنَفَّرَ عِبَادَهُ مِنْهَا.

١٧ـ الْعُجْبَ وَالْكِبْرَ! فَإِنَّهُ لَيْسَ لِمُعْجِبٍ رَأْيٌ وَلَا لِمُتَكَبِّرٍ صَدِيْقٌ.

١٨ـ إِيَّاكَ مِنِ اشْتِكَاءِ ضُعْفِكَ إِلَى عَدُوِّكَ! فَإِنَّكَ بِذٰلِكَ تُشْمِتُهُ بِكَ وَتُطْمِعُهُ فِيْكَ.

١٩ـ سَمِعَ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ رَجُلًا يَغْتَابُ رَجُلًا فَقَالَ: إِيَّاكَ وَالْغِيْبَةَ! فَإِنَّهَا إِدَامُ كِلَابِ النَّاسِ.

٢٠ـ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَلَيْكُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ فَإِنَّهُ شِفَاءٌ وَإِيَّاكُمْ وَذِكْرَ النَّاسِ فَإِنَّهُ دَاءٌ.

٢١ـ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ رَحِمَهُ اللّٰهُ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَخٍ لَهُ: إِيَّاكَ أَنْ تَغُرَّكَ الدُّنْيَا فَإِنَّ الدُّنْيَا دَارُ مَنْ لَا دَارَ لَهُ وَمَالُ مَنْ لَا مَالَ لَهُ...

٢٢ـ أَوْصَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرَ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ابْنَتَهُ فَقَالَ: إِيَّاكِ وَالْغَيْرَةَ! فَإِنَّهَا مِفْتَاحُ الطَّلَاقِ وَإِيَّاكِ وَكَثْرَةَ الْعَتَبِ فَإِنَّهُ يُوْرِثُ الْبَغْضَاءَ.

٢٣ـ عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَمَوَاقِفَ الْفِتَنِ! قِيْلَ: وَمَا مَوَاقِفُ الْفِتَنِ؟ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ! قَالَ: أَبْوَابُ الْأُمَرَاءِ يَدْخُلُ أَحَدُكُمْ عَلَى الْأَمِيْرِ فَيُصَدِّقُهُ بِالْكَذِبِ وَيَقُوْلُ مَا لَيْسَ فِيْهِ.

٢٤ـ وَعَظَ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ ابْنَهُ الْحَسَنَ فَقَالَ: يَا بُنَيَّ إِيَّاكَ وَمُصَادَقَةَ الْبَخِيْلِ! فَإِنَّهُ يُبْعِدُ عَنْكَ أَحْوَجَ مَا تَكُوْنُ إِلَيْهِ وَإِيَّاكَ وَمُصَادَقَةَ الْفَاجِرِ! فَإِنَّهُ يَبِيْعُكَ بِالتَّافِهِ وَإِيَّاكَ وَمُصَادَقَةَ الْكَاذِبِ فَإِنَّهُ كَالسَّرَابِ يُقَرِّبُ عَلَيْكَ الْبَعِيْدَ وَ يُبْعِدُ عَلَيْكَ الْقَرِيْبَ.

٢٥ـ رُوِيَ أَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعَثَ جَيْشًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا يُدْعَى سَارِيَةَ بْنَ الْحَصِيْنِ فَبَيْنَمَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَخْطُبُ جَعَلَ يَصِيْحُ فِي خُطْبَتِهِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: يَا سَارِيَةُ! الْجَبَلَ الْجَبَلَ! فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَكَتَبْتُ تَارِيْخَ تِلْكَ الْكَلِمَةِ فَقَدِمَ رَسُوْلُ مُقَدَّمَةِ الْجَيْشِ فَقَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَزَوْنَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي وَقْتِ الْخُطْبَةِ فَهَزَمُوْنَا فَإِذَا بِإِنْسَانٍ يَصِيْحُ: يَا سَارِيَةُ! الْجَبَلَ الْجَبَلَ فَأَسْنَدْنَا ظُهُوْرَنَا إِلَى الْجَبَلِ فَهَزَمَ اللّٰهُ الْكُفَّارَ وَظَفِرْنَا بِالْغَنَائِمِ الْعَظِيْمَةِ بِبَرَكَةِ ذٰلِكَ الصَّوْتِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٣

حذِّر مما يأتي واستوف صور التحذير:

١ ـ البخل ٢ ـ الكسل ٣ ـ المال الحرام ٤ ـ اليأس ٥ ـ الفظاظة ٦ ـ الشهرة ٧ ـ العقوق

التمرين ـ ٤

أغرِ على ما يأتي واستوف صور الإغراء:

١ ـ الحلم ٢ ـ الحياء ٣ ـ الاستشارة ٤ ـ الجود ٥ ـ الحبّ في اللّٰه

التمرين ـ ٥

ترجم إلى العربية:

۱۔ حیا سے متصف رہو، یہ مؤمن کا زیور ہے۔ ۲۔ توبہ کرو، یہ سب سے خوشنما سفارش کرنے والا ہے۔

۳۔ لالچ سے بچو، یہ انتہائی ذلت کا باعث ہے۔ ۴۔ اس آگ سے بچو جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔

۵۔ مطالعہ کرو، مطالعہ کرو، کیونکہ یہی علم کا راستہ ہے۔ ۶۔ خاموش رہو، جو نامناسب بات کہتا ہے ناگوار بات سنتا ہے۔

۷۔ تعصب سے بچو، تعصب سے بچو، یہ اندھا اور بہرا کر دیتا ہے۔

۸۔ علانیہ جس چیز سے بچتے ہو خلوت میں بھی اُس سے اجتناب کرو۔

۹۔ حسد سے بچو یہ دین کو تباہ کرنے والا ہے، یقین کی کمزوری کا سبب ہے اور شخصیت کو برباد کر دیتا ہے۔

۱۰۔ چغل خوری اور غیبت سے احتراز کرو، جو ان دونوں میں مبتلا ہو جاتا ہے قریبی لوگ اس سے کتراتے ہیں اور اجنبی اسے ناپسند کرتے ہیں۔

التمرين ـ ٦

ترجم إلى الأرديّة:

١ ـ الخَمْرَ والغَناءَ! فإنّهما بَرِيْدُ الزِّنٰى. ٢ ـ الصَّلاةَ باللّيلِ! فإنّه حُسْنُ الْوَجْهِ فِي النَّهارِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ اَلْمِزَاحَ الْمِزَاحَ! فإنه يُوْرِثُ النِّزَاعَ. ٤ـ الصَّمْتَ والصِّدْقَ، فالصَّمْتُ حِرْزٌ و الصِّدْقُ عزٌ.

٥ـ اَلعَفْوَ العَفْوَ! فَإنَّ مَنْ يَعفُ يُعفَ عنْهُ. ٦ـ الضِحْكَ! فإنّ العَالِمَ إذَا ضَحِكَ ضَحْكَةً مجّ مِنَ العِلْمِ مَجّة.

٧ـ إيَّاكَ وحَبْسَ الزّكَاةِ! فَإنَّهُ مَا حَبَسَ قَوْمٌ الزّكَاةَ إلّا حَبَسَ اللّٰهُ عنْهُم الْمَطَرَ.

٨ـ إيَّاكَ وحُبَّ الدُّنْيا! فَإنَّهُ خَمْرُ الشَّيْطَانِ مَنْ شَرِبَ مِنْهَا لَمْ يُفِقْ مِنْ سَكْرَاتِهَا.

٩ـ إيَّاكَ مِن الْكَذِبِ! فَإنَّ الْكَذُوْبَ مُتَّهمٌ وإنْ صَدَقَتْ لَهْجَتُهُ ووَضُحَتْ حُجَّتُهُ.

١٠ـ إيَّاكَ وفُضُوْلَ الْكَلَامِ! فإنَّهُ يُظْهِرُ مِنْ عُيُوْبِكَ مَا بَطَنَ ويُحَرِّكُ مِنْ عَدُوِّكَ مَا سَكَنَ.

التمرين ـ ٧

استخرج من الأحاديث الآتية أساليب الإغراء والتحذير واذكر نوعها وقدِّر الأفعال المحذوفة وبين حكم حذفها مع بيان الإعراب:

نموذج: قالَ ﷺ: إيَّاكُمْ وَسُوءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَإنَّهَا الْحَالِقَةُ.

إياكم وسوء ذات البين: أسلوب التحذير

إياكم: ضمير منفصل، مبني على السكون، في محل نصب لفعل محذوف وجوبًا؛ لأجل العطف و تقديره: "أُحَذِّر"، كم: ضمير للخطاب، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب. سوء: مفعول به، منصوب بفعل محذوف وجوبا، تقديره: "أقبِّح" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

٢ـ قال ﷺ: إيَّاكَ وَاللَّوْ! فَإنَّ لَو تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ.

٣ـ قالَ ﷺ: إيَّاكُمْ وَالظَّنَّ! فَإنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيْثِ.

٤ـ قال ﷺ: إيَّاكُم وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ! فَإنَّهُنَّ يَجْتَمِعْنَ عَلَى الرَّجُلِ حَتّٰى يُهْلِكْنَهُ.

٥ـ قال ﷺ: إنَّ فِي جَهَنَّمَ وَادِيًا يُقَالُ لَهُ هَبْهَبُ يَسْكُنُهُ كُلُّ جَبَّارٍ فَإيَّاكَ أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ.

٦ـ قالَ ﷺ: اللّٰهَ اللّٰهَ فِيمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ، أَشْبِعُوْا بُطُوْنَهُمْ، وَاكْسُوْا ظُهُوْرَهُمْ وَأَلِيْنُوا الْقَوْلَ لَهُمْ.

٧ـ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: إيَّاكُمْ وَأَحَادِيْثَ إلّا حَدِيْثًا كَانَ فِي عَهْدِ عُمَرَ فَإنَّ عُمَرَ كَانَ يُخِيفُ النَّاسَ فِي اللّٰهِ ﷻ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٨ـ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ آخِرُ كَلَامِ النَّبِيِّ ﷺ: الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، اتَّقُوا اللّٰهَ فِيمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُم.

٩ـ قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: يَا بُنَيَّ إِيَّاكَ وَالْاِلْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ فَإِنَّ الْاِلْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ هَلَكَةٌ.

١٠ـ قَالَ ﷺ حِيْنَ أَرَادَ بَنُو سَلِمَةَ أَنْ يَنْتَقِلُوا إِلَى قُرْبِ الْمَسْجِدِ: يَا بَنِي سَلِمَةَ دِيَارَكُمْ، تُكْتَبُ آثَارُكُمْ، دِيَارَكُم، تُكْتَبُ آثَارُكُمْ.

١١ـ قَالَ ﷺ: إِيَّاكُمْ أَنْ تَتَّخِذُوا ظُهُورَ دَوَابِّكُمْ مَنَابِرَ فَإِنَّ اللّٰهَ إِنَّمَا سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُبَلِّغَكُمْ إِلَى بَلَدٍ لَمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنْفُسِ وَجَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فَعَلَيْهَا فَاقْضُوا حَاجَتَكُمْ.

١٢ـ قَالَ ﷺ: إِيَّاكُمْ وَعُقُوقَ الْوَالِدَيْنِ فَإِنَّ رِيحَ الْجَنَّةِ يُوْجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ أَلْفِ عَامٍ وَاللّٰهِ لَا يَجِدُهَا عَاقٌّ وَلَا قَاطِعُ رَحِمٍ وَلَا شَيْخٌ زَانٍ وَلَا جَارٌّ إِزَارَهُ خُيَلَاءَ إِنَّمَا الْكِبْرِيَاءُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

١٣ـ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ وَقَفَ بِعَرَفَةَ وَهُوَ مُرْدِفٌ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَقَالَ: هٰذَا الْمَوْقِفُ وَكُلُّ عَرَفَةَ مَوْقِفٌ ثُمَّ دَفَعَ يُسِيْرُ الْعَنَقَ وَجَعَلَ النَّاسُ يَضْرِبُونَ يَمِيْنًا وَشِمَالًا وَهُوَ يَلْتَفِتُ وَيَقُولُ: السَّكِيْنَةَ أَيُّهَا النَّاسُ السَّكِيْنَةَ أَيُّهَا النَّاسُ.

١٤ـ قَالَ ﷺ: أَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ أَقُوْلُ: إِيَّاكُمْ وَجَهَنَّمَ، إِيَّاكُمْ وَالْحُدُوْدَ، إِيَّاكُمْ وَجَهَنَّمَ، إِيَّاكُمْ وَالْحُدُوْدَ، إِيَّاكُمْ وَجَهَنَّمَ، إِيَّاكُمْ وَالْحُدُوْدَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَإِذَا أَنَا مِتُّ تَرَكْتُكُمْ وَأَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ فَمَنْ وَرَدَ أَفْلَحَ.

١٥ـ قَالَ ﷺ: إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُ مَا بَعَثَنِي اللّٰهُ بِهِ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَتَى قَوْمًا فَقَالَ: يَا قَوْمِ إِنِّي رَأَيْتُ الْجَيْشَ بِعَيْنَيَّ وَإِنِّي أَنَا النَّذِيْرُ الْعُرْيَانُ، فَالنَّجَاءَ، فَأَطَاعَهُ طَائِفَةٌ مِنْ قَوْمِهِ فَأَدْلَجُوا فَانْطَلَقُوا عَلَى مَهْلِهِمْ فَنَجَوْا وَكَذَّبَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ فَأَصْبَحُوا مَكَانَهُمْ فَصَبَّحَهُمُ الْجَيْشُ فَأَهْلَكَهُمْ وَاجْتَاحَهُمْ فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ أَطَاعَنِي فَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِهِ وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِي وَكَذَّبَ مَا جِئْتُ بِهِ مِنَ الْحَقِّ.

التمرين ـ ٨

نموذج في الإعراب:

١ـ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وسُقْيَاهَا.

فـ: عاطفة، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب. **قال:** فعل ماض، مبني على الفتح.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لهم: لـ: حرف جر، مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب، **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بحرف جر، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "قال". **رسول:** فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف. **اللّٰه:** لفظ الجلالة مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره.

ناقة: مفعول به، منصوب بفعل محذوف وجوبًا على التحذير، تقديره: "احذروا أو ذروا" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره وهو مضاف. **اللّٰه:** لفظ الجلالة مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره. **و:** عاطفة، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

سقياها: سقيا: معطوف على "ناقة" منصوب، وعلامة نصبه الفتحة المقدرة على آخره، منع من ظهورها التعذر، وهو مضاف، **ها:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

والجملة " قال لهم رسول اللّٰه...": معطوفة على الاستئنافية، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "(ذروا) ناقةَ اللّٰه": في محل نصب، مقول القول.

٢ ـ إيّاكَ وتركَ الصلاة / إيّاكَ تركَ الصلاةِ.

١ ـ **إياك: إيا:** ضمير منفصل، مبني على السكون، في محل نصب، مفعول به لفعل محذوف وجوبا، تقديره: "أحذِّرك"، **ك:** ضمير للخطاب، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب.

و: عاطفة، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب. **ترك:** مفعول به، منصوب لفعل محذوف وجوبا، تقديره: "أقبّح" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

الصلاة: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

الجملة "إياك أيْ أحذرك": جملة ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "(أقبّح) ترك الصلاة": معطوفة على "أحذرك" لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ **ترك:** مفعول به ثان لفعل محذوف وجوبا، تقديره: "أحذرك ترك الصلاة".

٣ ـ العلمَ والعملَ فإنه بدون العمل مهلكة.

العلم: مفعول به، منصوب بفعل محذوف وجوبًا، تقديره: "التمسوا" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

و: للمعية، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب. **العمل:** مفعول معه منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره. **فـ:** السببية، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب.

إن: حرف نصب وتوكيد ومشبه بالفعل، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

ه: ضمير متصل، مبني على الضمة، في محل نصب اسم "إن".

بـ: حرف جر مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب. **دون:** ظرف، مجرور بحرف جر، متعلق بـ"مهلكة"، وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

العمل: مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

بدون العمل: الجارو المجرور متعلقان بـ"مهلكة".

مهلكة: خبر لـ "إن" مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

والجملة "(التمسوا) العلم والعمل" : ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "فإنه بدون .....": جملة سببية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ التَّوَكُّلَ عَلَى اللهِ فَإِنَّهُ رَسُوْلُ النَّجاحِ. ٢ ـ إِيَّاكَ الْغَدْرَ فَإِنَّه لَا دِيْنَ لِمَنْ لَا وَفَاءَ لَهُ.

٣ ـ اللِّسَانَ فَإِنَّهُ صَغِيْرٌ جِرْمُهُ كَبِيْرٌ جُرْمُهُ. ٤ ـ الرِّفْقَ الرِّفْقَ فَإِنَّهُ لَا يَكُوْنُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ.

٥ ـ إِيَّاكَ والْجَزَعَ فَإِنَّه لَا يَرُدّ مَيِّتًا ولَا يَطْرُدُ حُزْنًا.

٦ ـ إِيَّاكَ والحسدَ والسُّخْفَ والعَظَمَةَ فإنَّها عَدَاوَةٌ مُجْتَلَبَةٌ مِنْ غَيْرِ إِحْنَةٍ.

٧ ـ إِيَّاكُمْ والسَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ الشِّرْكَ بِاللهِ وَالسِّحْرَ وقَتْلَ النَّفْسِ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَكْلَ الرِّبَا وأَكْلَ مَالِ الْيَتِيْمِ والتَّوَلِّي يَوْمَ الزَّحْفِ وقَذْفَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثلاثون

الاختصاص

الأمثلة:

١۔ نَحْنُ ـ الْأَسَاتِذَةَ ـ لا نَأْلُو جُهْدًا فِي تَرْبِيَةِ النَّشْءِ الْجَدِيْدِ.

٢۔ بِنَا ـ تَمِيْمًا ـ يُكْشَفُ الضَّبَابُ.

٣۔ قال ﷺ: إِنَّا ـ آلَ مُحَمَّدٍ ـ لا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ.

٤۔ أَنْتُمْ ـ طُلَّابَ الْعِلْمِ ـ مُلْزَمُوْنَ بِتَقْدِيْمِ الْخِبْرَةِ وَالْجُهْدِ لِأُمَّتِكُمْ.

٥۔ عَلَيَّ ـ أَيُّهَا الْمِقْدَامُ ـ يُعَوَّلُ فِي نَوَائِبِ الْحَقِّ.

٦۔ اعْفُ عَنَّا ـ أَيَّتُهَا الْفِئَةُ النَّادِمَةُ ـ.

شرح وتفصیل:

ضمائر کا مدلول چونکہ عام ہوتا ہے اس لئے جب کلام میں ضمائر (مثلا: نَحْنُ، أَنْتَ) کا استعمال کیا جاتا ہے تو سامع کے ذہن میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ اس ضمیر سے کون مراد ہے؟ کس جنس یا کس گروہ سے اسکا تعلق ہے؟ مثلا جملہ ا میں اگر یوں کہا جاتا کہ نَحْنُ لا نَأْلُو جُهْدًا فِي تَرْبِيَةِ النَّشْءِ الْجَدِيْدِ تو سامع پر یہ مبہم رہتا کہ نحن کا مدلول کون ہے؟ نحن العرب یا نحن الأساتذة یا نحن الأمهات یا کوئی اور، یعنی ضمائر کا یہ عموم وابہام تخصیص وتوضیح کا محتاج ہوتا ہے، لہذا اگر ضمیر کے بعد ایسا اسم ظاہر لایا جائے جو معرفہ ہو اور ضمیر کے مدلول پر دلالت کرتا ہو تو ضمیر کا عموم وابہام زائل ہو جائے گا اور تعیین وتخصیص کی وجہ سے کلام کا مفہوم واضح ہو جائے گا، جیسے جملہ ا۔ نَحْنُ الْأَسَاتِذَةَ لا نَأْلُو جُهْدًا فِي تَرْبِيَةِ النَّشْءِ الْجَدِيْدِ میں نحن کے بعد آنے والا اسم ظاہر الأساتذة معرفہ ہے اور ضمیر نحن ہی کے مدلول پر دلالت کر رہا ہے لیکن ضمیر کا مدلول عام اور مبہم ہے جبکہ اس اسم ظاہر کا مدلول معین ومخصوص اور واضح ہے لہذا اس اسم کے اضافے سے سامع کے ذہن میں اُٹھنے والا سوال دور ہو گیا۔ اس طور پر ضمیر کی تعیین وتخصیص اور وضاحت کرنے کو نحو کی اصطلاح میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

"الاختصاص" اور جس معرفہ اسم ظاہر سے اس کی تخصیص وتوضیح کی جاتی ہے اس کو مختص یا مخصوص کہا جاتا ہے۔ یہ اسلوب دو عناصر پر مشتمل ہوتا ہے:

۱۔ ضمیر متصل یا منفصل: جو عموماً متکلم کی ہوتی ہے، جیسے جملہ ۱، ۲، ۳ اور بسا اوقات مخاطب کی جیسے جملہ ۴[1]۔

۲۔ اسم ظاہر جو معرفہ ہو اس کا اور اس سے ماقبل ضمیر کا مدلول ایک ہی ہو اور یہ اسم ضمیر کے مدلول کو مخصوص ومعین کر کے اس کے عموم وابہام کو زائل کر دے۔

اسم مختص یا تو معرف بہ "أل" یا علم یا ان دونوں کی طرف مضاف ہوتا ہے[2]، جیسے جملہ ۱۔ نَحْنُ ۔ الْأَسَاتِذَةَ ۔ لا نَألُو جُهْدًا فِي تَرْبِيَةِ النَّشْءِ الْجَدِيْدِ میں الأساتذة اسم مختص ہے جو کہ معرف بہ أل ہے اور اپنے سے ماقبل ضمیر منفصل نحن کی وضاحت کر رہا ہے۔ اور جملہ ۲۔ بِنَا ۔ تَمِيْمًا ۔ يُكْشَفُ الضَّبَابُ میں تميما اسم مختص ہے جو کہ عَلَم ہے اور اپنے سے ماقبل ضمیر متصل نا کی وضاحت کر رہا ہے۔ جملہ ۳۔ إِنَّا ۔ آلَ مُحَمَّدٍ ۔ لا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ میں اسم مختص آل محمد علم کی طرف مضاف ہے اور اپنے سے ماقبل ضمیر متصل نا کی وضاحت کر رہا ہے۔ جملہ ۴ میں اسم مختص طلاب معرّف بہ "أل" اسم العلم کی طرف مضاف ہے اور اپنے سے ماقبل ضمیر منفصل أنتم کی وضاحت کر رہا ہے اور یہ تمام اسماء ظاہرہ فعل محذوف وجوباً سے منصوب ہیں۔ کبھی لفظ أيها، أيتها بھی اسم مختص بنتے ہیں اور جس طرح نداء میں استعمال ہوتے ہیں اسی طرح أسلوب الاختصاص میں استعمال کئے جاتے ہیں[3]۔ جملہ ۵۔ عَلَيَّ ۔ أَيُّهَا الْمِقْدَامُ ۔ يُعَوَّلُ فِي نَوَائِبِ الْحَقِّ میں أيها اسم مختص ہے جو اپنے سے ماقبل ضمیر متصل ي کی وضاحت کر رہا ہے اور المقدام اس کا تابع ہونے کی وجہ سے لفظاً مرفوع ہے۔ اسی طرح جملہ ۶۔ اعْفُ عَنَّا ۔ أَيَّتُهَا الْفِئَةُ النَّادِمَةُ ۔ میں أيتها اسم مختص ہے اور اپنے سے ماقبل ضمیر متصل نا کی وضاحت کر رہا ہے اور الفِئَةُ النَّادمةُ اس کا تابع ہونے کی بنا سے لفظاً مرفوع ہے۔ أيها، أيتها اسم مختص ہونے کی صورت میں بمع اپنے تابع کے جملے کے بیچ میں بھی آسکتے ہیں اور جملے کے آخر میں بھی، جیسا کہ جملہ ۵ اور ۶ سے واضح ہے۔

أسلوب الاختصاص کا مقصد اپنے سے ماقبل ضمیر متصل یا منفصل کی وضاحت کرنا ہے، جیسے جملہ ۱، ۲ اور ۳ سے

---

(۱) ضمیر غائب اسم مختص سے پہلے شاذ ونادر ہی آتی ہے، جبکہ اسم ظاہر اسم مختص سے پہلے بالکل نہیں آسکتا۔ (۲) ان تمام صورتوں میں اسم مختص کے اعراب یوں ہونگے: منصوب على المفعولية لفعل محذوف وجوبًا تقديره: أخص أو أعني ۔ (۳) یعنی مبني على الضم في محلّ نصب مفعول به لفعل محذوف ہوتے ہیں اور انکے بعد آنے والا اسم معرف بہ "ال" ہوتا ہے اور انکا تابع (عطف بیان یا بدل) ہونے کی وجہ سے لفظاً مرفوع ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واضح ہے، بسا اوقات اس اسلوب کو فخر یا تواضع کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے، جملہ ۵ میں یہ اسلوب فخر کے لئے اور جملہ ۶ میں تواضع کے لئے استعمال ہوا ہے۔

أمور تتعلق بأسلوب الاختصاص

۱۔ اسم مختص اور اس کے فعل و فاعل (جو کہ محذوف ہیں) سے بننے والا جملہ جملة معترضة ہونے کی بنا پر لا محل لها من الإعراب ہوتا ہے۔

۲۔ اسم مختص سے جملے کی ابتدا نہیں ہو سکتی۔

۳۔ اسم مختص کا علم ہونا جائز تو ہے لیکن لغت میں اس کا استعمال بہت کم ہے۔

۴۔ اسم مختص ضمیر، اسم منکّر، اسم موصول یا اسم اشارہ نہیں ہو سکتا۔

۵۔ اسم اشارہ، أي، أية کا تابع نہیں بن سکتا۔

۶۔ أيّ أسلوب الاختصاص میں مذکر کے لئے خاص ہے چاہے مفرد مذکر ہو یا مثنی مذکر یا جمع مذکر، مؤنث کے لئے استعمال نہیں ہو سکتا، اسی طرح أية مؤنث کے لئے خاص ہے چاہے مفرد ہو چاہے مثنی یا جمع ہو۔

۷۔ أسلوب الاختصاص میں جب أي، أية استعمال ہوں تو ان کے آخر میں هاء التنبيه وجوبا ملحق ہوتی ہے۔

قواعد:

۱۔ ضمیر متصل یا منفصل کی اسم مختص سے تعیین و تخصیص اور وضاحت کرنے کو اختصاص کہتے ہیں۔

۲۔ اسم مختص یا تو معرف بہ "أل" یا علم یا ان دونوں کی طرف مضاف ہوتا ہے۔

۳۔ اسم مختص فعل محذوف سے وجوبا منصوب ہوتا ہے، اسکی تقدیر أخص یا أعني سے ہوتی ہے۔

۴۔ بسا اوقات لفظ أيها اور أيتها اسم مختص بنتے ہیں اسکے بعد آنے والا اسم اسکا تابع ہونے کی بنا پر لفظا مرفوع ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ١

استخرج من الجمل التالية الاسم المنصوب على الاختصاص وأعربه مع بيان الغرض:

نموذج: نَحْنُ العَرَبَ إِزَارُنَا الشَّرَفُ وَخِمَارُنَا الأَدَبُ.

العرب: اسم مختص منصوب بفعل محذوف وجوبًا تقديره "أخص" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره (للفخر).

٢ـ لَا تَنْهَرْنِي أَيُّهَا المِسْكِيْنُ.

٣ـ نَحْنُ رِجَالَ الإِسْعَافِ نُغِيْثُ المَلْهُوْفِيْنَ.

٤ـ أَنْتَ اللهَ الْمَنْجَأُ وَإِلَيْكَ الْمَلْجَأُ.

٥ـ بِكَلَامِي أَيُّهَا الشَّاعِرُ يُسْتَأْنَسُ عِنْدَ الوَحْشَةِ.

٦ـ بِنَا الْأُمَّهَاتِ يَنْشَأُ الْجِيْلُ الصَّالِحُ.

٧ـ نَحْنُ خُدَّامَ البَلَدِ لَا نَدَّخِرُ أَيَّ جُهْدٍ فِي رُقِيِّ بَلَدِنَا.

٨ـ اللّٰهُمَّ أَنْزِلْ عَلَيْنَا أَهْلَ القَحْطِ غَيْثًا.

٩ـ نَحْنُ المُسْلِمِيْنَ أَشِدَّاءُ عَلَى الكُفَّارِ رُحَمَاءُ فِيْمَا بَيْنَنَا.

١٠ـ بِسِهْرِنَا الْجُنُوْدَ تَكْتَحِلُ العُيُوْنُ بِالنَّوْمِ.

١١ـ نَحْنُ الدُّعَاةَ يَهُمُّنَا كَثِيْرًا انْحِرَافُ المُسْلِمِيْنَ عَنْ دِيْنِهِم.

١٢ـ نَحْنُ الفِئَةَ النَّادِمَةَ نَطْلُبُ العَفْوَ وَالعَافِيَةَ.

١٣ـ عَلَيْكُمْ طَلَبَةَ العِلْمِ مَسْئُوْلِيَةٌ عُظْمَى تُجَاهَ مِلَّتِكُمْ وَبَلَدِكُم.

١٤ـ عَلَيْكُمْ أَيُّهَا العُلَمَاءُ مَسْؤُلِيَّةٌ كُبْرَى نَحْوَ نَشْرِ الدِّيْنِ وَتَبْلِيْغِهِ.

التمرين - ٢

اجعل كلَّ اسم ممّا يلي منصوبًا على الاختصاص في جمل من إنشائك:

١ـ التّجار ٢ـ الرياضيون ٣ـ عمّال البترول ٤ـ المحامون ٥ـ رجال الجامعات

٦ـ الكتّاب ٧ـ معشر البدو ٨ـ أيها الشاعر ٩ـ أيها المذنب ١٠ـ المشرفون على الطلاب

التمرين - ٣

مثل لما يأتي في جمل من إنشائك:

١ـ الاسم المختص "أيّ".

٢ـ الاسم المختص المقصود منه الفخر.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ الاسم المختص "أية".
٤ـ الاسم المختص المقصود منه التواضع.
٥ـ الاسم المختص المعرّف بـ "أل".
٦ـ الاسم المختص المقصود منه توضيح الضمير.
٧ـ الاسم المختص المضاف إلى علم.
٨ـ الاسم المختص المضاف إلى المعرّف بـ "أل".

التمرين ـ ٤

ترجم الجمل الآتية إلى العربية مستخدما أسلوب الاختصاص:

۱ـ ہم امت محمدیہ کا شرف قرآن ہے۔
۲ـ یا اللہ مجھ گناہ گار کو معاف فرمائیں۔
۳ـ علماء تم انبیاء علیہم السلام کے وارث ہو۔
۴ـ ہم مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔
۵ـ اخلاص والوں تم اندھیروں کے چراغ ہو۔
۶ـ ہم اہل مدینہ ناپ تول میں کمی نہیں کرتے۔
۷ـ ہم ارباب حکومت اپنی رعایا کے خادم ہیں۔
۸ـ ظلم کرنے والو! میں تمہیں قیامت کے دن اندھیروں سے ڈرا رہا ہوں۔
۹ـ اندھیروں میں مسجدوں کی طرف چلنے والو! تم کو قیامت کے دن پورے نور کی خوشخبری ہو۔
۱۰ـ عادل بادشاہ تمہیں اللہ اس وقت اپنا سایہ دیں گے جس دن اسکے سایے کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔

التمرين ـ ٥

ترجم إلى الأردية:

١ـ بِكُمْ ـ الأَطْفَالَ ـ بَهَاءُ الدُّنْيَا.
٢ـ حُلِيِّتُنَا ـ أَيَّتُهَا الفَتَيَاتُ ـ الحَيَاءُ.
٣ـ أَنْتُم ـ مِلَّةَ الكُفْرِ ـ كَالأَنْعَامِ بَلْ أَضَلُّ.
٤ـ إِلَيَّ ـ أَيُّهَا الأُسْتَاذُ ـ يَرْجِعُ فَضْلُ نَجاحِ التَّلَامِذَةِ.
٥ـ أَنَا ـ المُسْلِمَ ـ أُحِبُّ لأَخِي مَا أُحِبُّ لِنَفْسِي.
٦ـ أَنَا ـ طَالِبَ العِلْمِ ـ لَا يَهُمُّنِي ذَهَابُ المَالِ وَإِيَابُهُ.
٧ـ لَنَا ـ أَهْلَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ـ الفَلَاحُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ.
٨ـ أَنْتَ ـ اللّٰهَ ـ مُؤنِسُ كُلِّ وَحِيدٍ وَصَاحِبُ كُلِّ فَرِيدٍ.
٩ـ إِذَا لَمْ يَزِدْكَ ـ طَالِبَ العِلْمِ ـ عِلْمُكَ هُدًى زِدْتَ مِنَ اللّٰهِ بُعْدًا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٠ ـ نَحْنُ ـ مَعْشَرَ الدُّعَاةِ ـ نُضَحِّي بِأَنْفُسِنَا وَأَمْوَالِنَا ابْتِغَاءَ رِضَى اللّٰهِ.

التمرين ـ ٦

استخرج أسلوب الاختصاص من الأحاديث الآتية وأعربه:

نموذج: قَالَ ﷺ: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينًا وَإِنَّ أَمِينَنَا أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ.

أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ: أسلوب الاختصاص. **أَيَّة:** مبني على الضم، في محل نصب على الاختصاص بفعل محذوف وجوبا، تقديره: "أَخُصُّ"، يوضح المقصود من ضمير "نا". **ها:** للتنبيه. **الأمة:** بدل من "أية" أو عطف بيان، مرفوع تبعا للفظ "أية".

٢ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّا مَعْشَرَ الْأَنْبِيَاءِ لَا نُوَرِّثُ مَا تَرَكْتُ بَعْدَ مُؤْنَةِ عَامِلِي وَنَفَقَةِ نِسَائِي صَدَقَةٌ.

٣ ـ قال ﷺ: أَنْذَرْتُكُمُ الدَّجَّالَ ثَلَاثًا فَإِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي إِلَّا قَدْ أَنْذَرَهُ أُمَّتَهُ وَإِنَّهُ فِيكُمْ أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ وَإِنَّهُ جَعْدٌ آدَمُ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ الْيُسْرَى، مَعَهُ جَنَّةٌ وَنَارٌ فَنَارُهُ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهُ نَارٌ.

٤ ـ قَالَ ﷺ: مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا بِلَيْلٍ فَأَقْبَلَتْ إِلَيْهَا هَذِهِ الْفَرَاشُ وَالدَّوَابُّ الَّتِي تَغْشَى النَّارَ فَجَعَلَ يَذُبُّهَا وَتَغْلِبُهُ إِلَّا تَقَحُّمًا فِي النَّارِ وَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ أَدْعُوكُمْ إِلَى الْجَنَّةِ وَتَغْلِبُونِي إِلَّا تَقَحُّمًا فِي النَّارِ.

٥ ـ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ لَمَّا فُتِحَتْ حُنَيْنٌ بَعَثَ سَرَايَا فَأَتَوْا بِالْإِبِلِ وَالشَّاءِ فَقَسَمَهَا فِي قُرَيْشٍ قَالَ: فَوَجَدْنَا أَيُّهَا الْأَنْصَارُ عَلَيْهِ، فَبَلَغَهُ ذَلِكَ فَجَمَعَنَا فَخَطَبَنَا فَقَالَ: أَلَا تَرْضَوْنَ أَنَّكُمْ أُعْطِيتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ فَوَاللّٰهِ لَوْ سَلَكَتِ النَّاسُ وَادِيًا وَسَلَكْتُمْ شِعْبًا لَاتَّبَعْتُ شِعْبَكُمْ، قَالُوا: رَضِينَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ!

٦ ـ عَنْ أُمِّ الْكِرَامِ أَنَّهَا حَجَّتْ قَالَتْ: فَلَقِيتُ امْرَأَةً بِمَكَّةَ كَثِيرَةَ الْحَشَمِ لَيْسَ عَلَيْهِنَّ حُلِيٌّ إِلَّا الْفِضَّةُ فَقُلْتُ لَهَا: مَا لِي لَا أَرَى عَلَى أَحَدٍ مِنْ حَشَمِكِ حُلِيًّا إِلَّا الْفِضَّةَ؟ قَالَتْ: كَانَ جَدِّي عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَأَنَا مَعَهُ عَلَيَّ قُرْطَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: شِهَابَانِ مِنْ نَارٍ فَنَحْنُ أَهْلَ الْبَيْتِ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَّا يَلْبَسُ حُلِيًّا إِلَّا الْفِضَّةَ.

٧ ـ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ ﷺ وَذَكَرَ ابْنُ السَّرْحِ قِصَّةَ تَخَلُّفِهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فِي غَـزْوَةِ تَبُوكَ قَالَ: وَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ عَـنْ كَلَامِـنَـا أَيُّهَا الثَّلَاثَة حَتَّى إِذَا طَالَ عَلَيَّ تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ أَبِي قَتَادَةَ وَهُوَ ابْنُ عَمِّي فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ ثُمَّ سَاقَ خَبَرَ تَنْزِيلِ تَوْبَتِهِ.

٨ـ إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى عَلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ﷺ ثَوْبًا مَصْبُوغًا وَهُوَ مُحْرِمٌ فَقَالَ عُمَرُ ﷺ: مَا هَذَا الثَّوْبُ الْمَصْبُوغُ يَا طَلْحَةُ؟ فَقَالَ طَلْحَةُ ﷺ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ إِنَّمَا هُوَ مَدَرٌ، فَقَالَ عُمَرُ ﷺ: إِنَّكُمْ أَيُّهَا الرَّهْطُ أَئِمَّةٌ يَقْتَدِي بِكُـمُ الـنَّـاسُ فَـلَـوْ أَنَّ رَجُلًا جَاهِلًا رَأَى هَذَا الثَّوبَ لَقَالَ: إِنَّ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ كَانَ يَلْبَسُ الثِّيَابَ الْمُصَبَّغَةَ فِي الْإِحْرَامِ فَلَا تَلْبَسُوا أَيُّهَا الرَّهْطُ شَيْئًا مِنْ هَذِهِ الثِّيَابِ الْمُصَبَّغَةِ.

التمرين ـ ٧

نموذج في الإعراب:

١ـ نحن ــ المسلمين ــ خَيْرُ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ للنَّاسِ.

نحن : ضمير منفصل، مبني على الفتحة، في محل رفع مبتدأ.

المسلمين: مفعول به، منصوب على الاختصاص بفعل محذوف وجوبًا، تقديره: "أخصُّ".

خيرُ: خبر مرفوع، وعلامة رفعه الضمّة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

أمّةٍ: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

أُخرِجَتْ: فعل ماض، مبني للمجهول، مبني على السكون، ونائب الفاعل ضمير مستتر فيه جوازًا، تقديره: "هي"، والتاء للتأنيث.

للناس: لـ : حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب.

الناس: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "أخرجت".

الجملة "نحن المسلمين": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "أخصُّ المسلمين" جملة اعتراضية، لا محل لها من الإعراب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الجملة "أخرجت للناس": في محل جر، نعت لـ "أمة".

٢ ـ نحن ـــ أيّتُها الصالحات ـــ حريصاتٌ على الإتقان.

نحن: ضمير منفصل، مبني على الفتحة، في محل رفع مبتدأ.

أيّةُ: مبني على الضم، في محل نصب مفعول به على الاختصاص بفعل محذوف وجوبًا، تقديره: "أَخُصُّ" والهاء للتنبيه، لا محل لها من الإعراب.

الصالحات: بدل من "أيّة" أو عطف بيان، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

حريصاتٌ: خبر مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

على: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

الإتقان: اسم مجرور بحرف جر، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، والجار و المجرور متعلقان بـ "حريصات".

الجملة "نحن أيتها الصالحات": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "(أخص) أيتها الصالحات": جملة اعتراضية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب ما يلي:

١ ـ نَحْنُ ـ المُثَقَّفِيْنَ ـ قُدْوَةٌ لِسِوَانَا.

٢ ـ لَنَا تَارِيْخٌ مَجِيْدٌ ـ أَيُّهَا المِصْرِيُّوْنَ ـ .

٣ ـ أَنْتُم ـ المُسْلِمِيْنَ ـ أرسيْتم حَضَارَةً مَجِيْدَةً قَدِيْمًا.

٤ ـ بِأَيْدِيْكُم ـ أَيُّهَا العُلَمَاءُ ـ تُرَاثُ الأَنْبِيَاءِ فَأَدُّوْا حَقَّهُ.

٥ ـ أَنَا ـ طَالِبَ العِلْمِ ـ أَنْتَزِعُ مِنْ خَطَئِي تَجْرِبَةً تَعْصِمُنِي مِنَ الزَّلَلِ مَرَّةً أُخْرَى.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الحادي والثلاثون

الاشتغال

الأمثلة:

١۔ المَالُ يُنْفِقُهُ المُؤْمِنُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ احتِسَابًا.

٢۔ الرِّفْقُ يَتَّصِفُ بِهِ المُعَلِّمُ اقْتِدَاءً بِالْمُعَلِّمِ الْأَعْظَمِ ﷺ.

٣۔ النَّصِيْحَةُ يَكْرَهُ قَبُولَهَا الشَّقِيُّ تَكَبُّرًا وعِنادًا.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے اشتغال کے اسلوب پر مبنی ہیں۔ اشتغال یہ ہے کہ ایک اسم پہلے مذکور ہو اور اس کے بعد ایک ایسا فعل مذکور ہو، جو اپنے سے بعد واقع ضمیر کے ساتھ (بالواسطہ یا بلا واسطہ) اس طور پر مشغول ہو کہ اگر یہ ضمیر موجود نہ ہو تو یہ فعل اپنے سے پہلے واقع ہونے والے اسم کو منصوب کر دے۔ اسم متقدم کو مشغول عنہ عامل کو مشغول اور ضمیر کو مشغول به کہتے ہیں۔ چنانچہ مندرجہ بالا جملوں میں المال، الرفق اور النصيحة مشغول عنه ہیں اور ینفق، یتصف اور یکرہ مشغول ہیں، اور ینفقه میں ضمیر ہ، یتصف به میں حرف جر کے ساتھ متصل ضمیر ہ اور یکرہ قبولها میں اسم ظاہر کے ساتھ متصل ضمیر ها مشغول به ہیں۔

مشغول عنه کے اعراب کی دو صورتیں ممکن ہیں:

۱۔ **مرفوع**: یعنی مشغول عنہ مبتدا ہونے کی بنا پر مرفوع ہوتا ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا جملہ فعلیہ اس کی خبر ہوتا ہے۔

۲۔ **منصوب**: مشغول عنہ مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے، اسکو منصوب کرنے والا فعل وجوبا محذوف ہوتا ہے اور مشغول عنہ کے بعد واقع ہونے والا جملہ مفسّرہ کہلاتا ہے، جس کے محل کے اعتبار سے کوئی اعراب نہیں ہوتے۔

فعل محذوف کی تقدیر ٹھہراتے وقت تین باتوں کو ملحوظ رکھا جاتا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۱۔ اگر فعل مذکور متعدی ہو اور اس کے ساتھ براہ راست مشغول بہ کی ضمیر متصل ہو تو اس صورت میں فعل محذوف لفظاً و معنیً فعل مذکور کے موافق ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱۔ المال ینفقه المؤمن في سبیل الله احتسابا میں مشغول کی ضمیر ہ فعل کے ساتھ براہ راست متّصل ہے، لہٰذا فعل محذوف لفظاً و معنیً فعل مذکور کے موافق ہے، چنانچہ جملے کی تقدیر یوں ہوگی: ینفق المال ینفقه المؤمن في سبیل الله احتسابا۔

۲۔ اگر فعل مذکور لازم ہو اور حرف جر کے ذریعے متعدی ہو رہا ہو، تو اس صورت میں فعل محذوف صرف معنیً فعل مذکور کے موافق ہوتا ہے، جیسے جملہ ۲۔ الرفق یتصف به المعلم اقتداء بالمعلم الأعظم ﷺ میں فعل یتصف حرف جر باء کے ذریعے متعدی ہے اور ضمیر مشغول بہ ہ حرف جر باء کے ساتھ متّصل ہے، لہٰذا فعل محذوف صرف معنیً فعل مذکور کے موافق ہے، چنانچہ جملے کی تقدیر یوں ہوگی: یلتزم الرفق یتصف به المعلم اقتداء بالمعلم الأعظم ﷺ۔

۳۔ اگر فعل مذکور متعدی ہو اور کسی ایسے اسم ظاہر کو منصوب کر رہا ہو جس کے ساتھ مشغول عنہ کی ضمیر متّصل ہو تو اس صورت میں بھی فعل محذوف صرف معنیً فعل مذکور کے موافق ہوتا ہے، جیسے جملہ ۳۔ النصیحة یکره قبولها الشقي تکبرًا وعنادًا میں فعل یکره اسم ظاہر قبول کو منصوب کر رہا ہے جس کے ساتھ ضمیر مشغول بہ متّصل ہے، لہٰذا فعل محذوف صرف معنیً فعل مذکور کے موافق ہے، چنانچہ جملے کی تقدیر یوں ہوگی: یردُّ النصیحة یکره قبولها الشقي تکبرًا وعنادًا۔

إعراب المشغول عنه

الأمثلة:

وجوب النصب:

١ ـ هَلِ العِلْمَ تَطْلُبُهُ مَعَ التَّساهُلِ وَالتَّوانِي.

٢ ـ هَلَّا كِتَابَ اللّٰهِ تَدَبَّرْتَ فِي مَعانِيهِ وَأَسْرَارِهِ.

ترجيح النصب:

٣ ـ أَ بَشَرًا مِنَّا وَاحِدًا نَتَّبِعُهُ.

٤ ـ الْغِيبَةُ اجتَنِبْها.

٥ ـ الْغَضَبُ لا تُنْفِذْهُ.

٦ ـ اللّٰهُمَّ عِبادَكَ ارْحَمْهُم وَاغْفِرْ لَهُم.

٧ ـ خَلَقَ الإِنْسانَ مِنْ نُطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُبِينٌ وَالأَنْعامَ خَلَقَها.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وجوب الرفع:

۸۔ جَلَسْتُ للمُطالَعةِ فإذا الكِتابُ فَقَدْتُهُ.

۹۔ المَغْفِرَةُ هلْ تَرُومُـهَا مَعَ الإصْرَارِ على المَعْصِيَةِ.

ترجیح الرفع:

۱۰۔ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلونَهَا.

استواء الرفع و النصب:

۱۱۔ العِزُّ يَتَحَقَّقُ لِلْمَرْءِ بِتَقْواهُ وَالذُّلُّ يَكْسِبُهُ المَرْءُ بِعِصْيانِهِ.

شرح و تفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مشغول عنہ کے اعراب کی پانچ صورتیں ہیں:

۱۔ وجوب النصب:

اگر مشغول عنہ ایسے کلمات (یعنی شرط، تحضیض، استفهام لغير الهمزة) کے بعد واقع ہو، جو کہ افعال کے ساتھ مختص ہیں تو اس صورت میں مشغول عنہ وجوبا منصوب ہوگا، جیسا کہ جملہ ۱۔ هَلِ العلمَ تَطْلُبُهُ مَعَ التَّساهُلِ و التَّوانِي میں مشغول عنہ العلم حرف استفہام هل کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے وجوبا منصوب ہے اور اسکا عامل محذوف تطلب ہے اور جملے کی تقدیر یوں ہے: هل تطلب العلم......۔ جملہ ۲۔ هلّا كِتابَ اللّٰهِ تَدَبَّرتَ في معانِيْهِ و أسْرارِهِ کو بھی اسی پر قیاس کریں۔

۲۔ ترجیح النصب:

مشغول عنہ مندرجہ ذیل تین صورتوں میں ترجیحا منصوب ہوتا ہے۔ اگر چہ انہی تین صورتوں میں اسکا مرفوع ہونا بھی جائز ہے۔

(ا) اگر مشغول عنہ ایسی ادوات (جیسے: لا النافية، ما النافية، همزة الاستفهام) کے بعد واقع ہو جن کے بعد اکثر فعل آتا ہے تو ترجیحا منصوب ہوگا، جیسے جملہ ۳۔ أ بَشَرًا مِنّا وَاحِدًا نَتَّبِعُهُ میں مشغول عنہ بشرًا ترجیحا منصوب ہے، کیونکہ یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

همزة الاستفهام کے بعد واقع ہوا ہے۔

(۲) اگر فعل مذکور فعل طلب (يعني الأمر والدعاء) ہو تو مشغول عنہ ترجیحا منصوب ہوگا، جیسے جملہ۴۔ الغِيْبَةَ اجْتَنِبْها میں مشغول عنہ الغيبة ترجیحا منصوب ہے، کیونکہ فعل مذکور اجتنبها فعل الأمر ہے۔ جملہ۵۔ الغَضَبَ لا تُنْفِذْهُ میں مشغول عنہ الغضب ترجیحا منصوب ہے، کیونکہ اس کے بعد جملہ ناہیہ لا تنفذه واقع ہے۔ جملہ۶۔ اللّٰهم عبادك ارحمهم واغفرلهم میں عبادك مشغول عنہ ہے ترجیحا منصوب ہے، کیونکہ اس کے بعد جملہ دعائیہ واقع ہے۔

(۳) اگر مشغول عنہ واو العطف کے ساتھ مقترن ہو اور اس سے پہلے جملہ فعلیہ ہو تو مشغول عنہ ترجیحا منصوب ہوگا، جیسے جملہ۷۔ خلق الإنسان من نطفة فإذا هو خصيم مبين والأنعام خلقها میں مشغول عنہ الأنعام ایسے عاطف (واو العطف) کے ساتھ مقترن ہے جس سے پہلے جملہ فعلیہ خلق الإنسان آیا ہے چنانچہ الأنعام کو منصوب کرنے کی صورت میں جملہ فعلیہ خلق الأنعام کا عطف جملہ فعلیہ خلق الإنسان پر ہو رہا ہے ور جملہ کی تقدیر یوں ہوگی: خلق الإنسان ...... وخلق الأنعام خلقها، جبکہ الأنعام کو مرفوع کرنے کی صورت میں جملہ اسمیہ کا عطف جملہ فعلیہ پر ہوگا جو کہ نامناسب ہے، اس لئے الأنعام کو منصوب کرنا اولی ہے۔

۳۔ وجوب الرفع:

مشغول عنہ دو صورتوں میں وجوبا مرفوع ہوتا ہے:

(۱) اگر مشغول عنہ ایسے کلمات کے بعد واقع ہو جو اسماء کے ساتھ مختص[۱] ہیں تو وجوبا مرفوع ہوگا، جیسے جملہ۸۔ جلستُ للمطالَعَةِ فإذا الكِتَابُ فقدتُهُ میں مشغول عنہ الكتاب إذا الفجائية[۲] کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے وجوبا مرفوع ہے۔

(۲) اگر مشغول عنہ ایسے کلمات (جیسے: أدوات الشرط، العرض، الاستفهام، التحضيض، لام الابتداء، ما النافية، ما التعجبية[۳]) سے پہلے واقع ہو جو جملے کی ابتداء میں واقع ہوتے ہیں تو مشغول عنہ وجوبًا مرفوع ہوگا، جیسے جملہ۹۔ المَغْفِرَةُ

(۱) یعنی ان کے فورا بعد اسم ہی واقع ہوسکتا ہے فعل نہیں آسکتا۔ مشغول عنہ کو منصوب کرنے کی صورت میں ان کلمات کے ساتھ فعل ناصب کو مقدر کرنے سے اس قاعدہ کی خلاف ورزی لازم آئے گی۔ (۲) إذا الفجائية جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور اس کے بعد آنے والا اسم مبتدا ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوتا ہے۔ (۳) ان کلمات کو صدارتِ کلام حاصل ہے ان کے بعد واقع ہونے والے عوامل (أفعال) اپنے سے پہلے واقع ہونے والے اسماء پر عمل نہیں کر سکتے، (أي لا يعمل ما بعد هذه الأدوات فيما قبلها)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

هَل تَرُومُـهَا مَـعَ الإِصْـرَارِ عَلَى المَعْصِيَةِ میں فعل مشغول تروم أداة الاستفهام هل کے بعد واقع ہوا ہے، اس لئے مشغول عنہ مبتدا ہونے کی وجہ سے وجوبًا مرفوع ہے اور اس کے بعد آنے والا جملہ استفہامیہ هل ترومها مع الإصرار مبتدا کی خبر ہے۔

٤۔ ترجيح الرفع:

اگر مشغول عنہ ان تمام امور سے خالی ہو جو نصب یا رفع کو واجب کرتے ہیں یا نصب کو ترجیح دیتے ہیں تو اس صورت میں مشغول عنہ تـرجیحـا مرفوع ہوگا، کیونکہ اگر اصل کلام تقدیر کے بغیر صحیح ہو تو تقدیر کو ترک کرنا افضل ہوتا ہے، جیسے جملہ ۱۰۔ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا۔

٥۔ استواء الرفع والنصب:

اگر مشغول عنہ واو العطف کے ساتھ مقترن ہو اور اس سے پہلے ایسا جملہ اسمیہ واقع ہو جس کی خبر جملہ فعلیہ بن کر آئے، تو اس صورت میں مشغول عنہ منصوب بھی ہوسکتا ہے اور مرفوع بھی یعنی اعراب کے اعتبار سے دونوں صورتیں برابر ہوتی ہیں، جیسے جملہ ۱۱۔ العِزُّ يَتَحَقَّقُ لِلمَرْءِ بِتَقْوَاهُ وَالذُّلُّ يَكْسِبُهُ المَرْءُ بِعِصْيَانِهِ میں مشغول عنہ الذل ایسے عاطف کے ساتھ مقترن ہے جس سے پہلے جملہ فعلیہ يَتَحَقَّقُ لِلْمَرْءِ بِتَقْوَاهُ مبتدا العز کی خبر بن کر آ رہا ہے، لہذا مشغول عنہ الذل مرفوع ہونے کی صورت میں مبتدا ہوگا اور اسکے بعد آنے والا جملہ فعلیہ يَكْسِبُهُ المَرْءُ بِعِصْيَانِهِ اس مبتدا کی خبر ہوگا اور اس طرح جملہ اسمیہ کا عطف اس سے پہلے واقع ہونے والے جملے اسمیہ پر ہوگا۔ مشغول عنہ الـــذل منصوب ہونے کی صورت میں فعل محذوف کا مفعول بہ ہوگا اور جملہ کی تقدیر یوں ہوگی: يكسب الذل يكسبه المرء بعصيانه اور جملہ فعلیہ اپنے سے پہلے واقع ہونے والے جملہ خبریہ پر معطوف ہوگا۔

قواعد:

۱۔ اشتغال کے اسلوب میں ایک اسم عامل سے پہلے واقع ہوتا ہے اور عامل اپنے سے بعد واقع ضمیر کے ساتھ اس طور پر مشغول ہوتا ہے کہ اگر یہ ضمیر جملہ میں موجود نہ ہو تو یہ عامل اسم متقدم کو منصوب کر دے۔

۲۔ یہ ضمیر فعل کے ساتھ براہ راست متصل ہوتی ہے اور بسا اوقات حرف جر کے ساتھ منسلک ہوتی ہے یا کسی ایسے اسم ظاہر کی طرف اسکی اضافت ہوتی ہے جس کا تعلق فعل سے ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ مشغول عنہ کی اعراب کے اعتبار سے پانچ صورتیں ہیں: ۱۔ وجوب النصب ۲۔ ترجیح النصب
۳۔ وجوب الرفع ٤۔ ترجیح الرفع ٥۔ استواء الرفع والنصب۔

التمرين ۔ ۱

استخرج من الجمل الآتية المشغول عنه وبيِّن إعرابه وبيِّن حكمه من حيث وجوب النصب أو وجوب الرفع أو ترجيح أحد الأمرين أو استواء الوجهين مع بيان السبب:

نموذج: ۱۔ إنّ الطاعَةَ قُمْتَ بِهَا فَأَخْلِصْ وَجْهَكَ لِلّٰهِ. ۲۔ الصدق التزم به فإنه مفض بك إلى الجنة.
۳۔ كَلامُ الْمُؤْمِنِ مَا أَلْيَنَهُ. ٤۔ الآخِرَةُ يُفَضِّلُهَا الْمُؤْمِنُ عَلَى دُنْيَاه.
٥۔ المَالُ يَنْتَقِصُ بِالإنْفَاقِ وَالعِلْمَ يَزِيْدُهُ المَرْءُ بِنَشْرِهِ.

المشغول عنه	إعرابه	حكمه	السبب
۱۔ الطاعة	مفعول به منصوب بفعل مضمر يفسّره ما بعده "قمت" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره	وجوب النصب	لأنه وقع بعد أداة تختص بالدخول على الأفعال.
۲۔ الصدق	مبتدأ مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره أو مفعول به منصوب بفعل مضمر يفسره ما بعده "التزام" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.	ترجيح النصب	لأنه وقع قبل جملة طلبية.
۳۔ كلام المؤمن	مبتدأ مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.	وجوب الرفع	لأنه وقع قبل أداة لها صدارة في الكلام.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ـ الآخرة	مبتدأ مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره أو مفعول به منصوب بفعل محذوف يفسّره ما بعده "يفضّل" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.	ترجيح الرفع	لأنه خال عما يوجب نصبه أو رفعه أو يرجح نصبه.
٥ـ العلم	مبتدأ مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره أو مفعول به منصوب بفعل محذوف يفسّره ما بعده "يزيد" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.	استواء الوجهين	لأنه وقع بعد عاطف قبله جملة اسمية خبرها جملة فعلية.

١ـ أسرّك أذَعْتَهُ؟ ٢ـ مَا كتابك طَالَعْتَهُ.

٣ـ اللغة العربية مَا أفْصَحها. ٤ـ أستاذك هَل انْتَفَعْتَ بِنُصْحِه؟

٥ـ حَيْثُمَا الفراغ وَجَدْتَهُ فَاغْتَنِمْهُ. ٦ـ آلاء اللّهِ إنْ عَدَدْتَها لَمْ تُحْصِهَا.

٧ـ مَتَى كتابك تَنْتَهِي مِن تَصْنِيفِهِ؟ ٨ـ هَلاَّ ولدك رَبَّيْتِهِ عَلى مَبَادِئ الدِّيْنِ.

٩ـ الجَنَّة لَا تَنالُهَا إلَّا بِمُجَاهَدَةِ النَّفْسِ. ١٠ـ العُلَمَاء مَجِّدْهُمْ وَاقْدِرْهُم حَقَّ قَدْرِهِمْ.

١١ـ اللّهُمَّ أعْدَائك شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَزَلْزِلْ أقْدَامَهُمْ. ١٢ـ وَصَلْتُ إِلَى المَسْجِدِ والإمام يُصَافِحُهُ النَّاسُ.

١٣ـ خَرَجْنَا مِنَ البَيْتِ فَإذا الشمس قَد وَارَتْهَا السُّحُبُ.

١٤ـ الفوز يُحْصَلُ بِالجِدِّ وَالخَيْبَة يَجْنِيهَا الإنْسَانُ بِغَيْرِ كَدٍّ.

١٥ـ خَلَقَ اللّهُ التُّرْبَةَ يومَ السَّبْتِ وَالجبال أرْسَاهَا فِيْهَا يومَ الأَحَدِ.

١٦ـ العِلْم لَا تَكْتُمْهُ فَإنَّ مَن كَتَمَهُ أُلْجِمَ يومَ القِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنَ النَّارِ.

١٧ـ ألَا عَملك تُتْقِنُهُ فَإنَّ اللّهَ يُحِبُّ إذَا عَمِلَ أحَدُكُم عَمَلاً أنْ يُتْقِنَهُ.

١٨ـ إذَا المجد تُرِيْدُهُ فَلا تَكُ فِي ضِيْقٍ مِمَّا يُواجِهُكَ وَابْذُلْ الغَالِيَ وَالرَّخِيصَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٢

احعل كل اسم من الأسماء الآتية مشغولا عنه في جملة تامة مع استيفاء الأحوال الخمسة:

١ - الوقت ٢ - العلم ٣ - الحكمة ٤ - القراءة ٥ - الصداقة

التمرين - ٣

ترجم إلى العربية:

۱۔آپ نے حقیر مال پر علم کو ترجیح کیوں نہ دی؟ ۲۔کیا آپ نے علم میراث پر کوئی کتاب لکھی ہے؟

۳۔میں مسجد میں داخل ہوا تو امام ٹھہر ٹھہر کر قرآن پڑھا رہے تھے۔

۴۔آپ اپنے آپ کو سچائی اور امانت سے مزین کیوں نہیں کرتے؟

۵۔اگر آپ لوگوں سے داد تحسین حاصل بھی کر لیں تو اجر تو آپ کو اللہ ہی دے گا۔

۶۔جہاں کہیں آپ کو مفید کتاب ملے آپ دوسروں کو بھی اس کے بارے میں بتائیے۔

۷۔حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ نے بچپن ہی میں یتیمی اور فقر وفاقے کا کڑوا جام پیا۔

۸۔اگر آپ کی اچانک کسی پریشان حال سے ملاقات ہو جائے تو اسکی مدد کریں اور اس سے اپنے لئے دعا کرائیں۔

۹۔غزوہ تبوک کے موقع پر دور کی مسافت اور مشقت کی زیادتی کی وجہ سے منافقین نے اپنے ارادے پست کر لئے۔

۱۰۔اے اللہ! اپنے بندوں کو اس ارادے اور راستے اور عمل اور قول سے نواز دے جسے تو پسند کرتا ہے اور جس سے تو راضی ہوتا ہے۔

التمرين - ٤

استخرج من الآيات التالية المشغول عنه وبيِّن حكمه من حيث وجوب النصب أو وجوب الرفع أو ترجيح أحد الأمرين أو الأمرين أو استواء الوجهين مع بيان الإعراب:

نموذج: وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنٰهُ طَائِرَهُ فِيْ عُنُقِهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

كل إنسان: كل: مشغول عنه، مفعول به، منصوب بفعل محذوف، يفسره ما بعده، تقديره: "ألزمنا كل "إنسان" وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اخره. حكمه: ترجيح النصب.

٢ ـ وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُم. ٣ ـ وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ.

٤ ـ أَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ. ٥ ـ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ.

٦ ـ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْأَمْثَالَ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيرًا. ٧ ـ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ.

٨ ـ يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمِينَ أَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا.

٩ ـ إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ وَالْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ.

١٠ ـ وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ.

١١ ـ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُم مِّن شَعَائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ.

١٢ ـ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ.

١٣ ـ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ وَالْجَانَّ خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ السَّمُومِ.

١٤ ـ أَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحَاهَا وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذَٰلِكَ دَحَاهَا أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَهَا وَمَرْعَاهَا وَالْجِبَالَ أَرْسَاهَا.

١٥ ـ وَجَعَلْنَا آيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوا فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا.

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

١ ـ إذا الأذى رأيتَهُ في الطريق فأَمِطْهُ.

إذا: ظرف لما يستقبل من الزمن، متضمّن معنى الشرط، غير الجازم، خافض لشرطه، منصوب بجوابه.

الأذى: مفعول به، منصوب على الاشتغال بفعل مضمر وجوبًا، يفسّره ما بعده، تقديره: "رأيتَ" وعلامة نصبه الفتحة المقدرة، منع من ظهورها التعذر.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

رأيته: فعل ماض، مبني على السكون؛ لاتصاله بضمير رفع متحرك. **ت:** ضمير رفع متحرك، مبني على الفتح، في محل رفع فاعل. **ه:** ضمير متصل مبني على الضمّ، في محل نصب مفعول به.

في: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

الطريق: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جّره الكسرة الظاهرة على آخره، الجار والمجرور متعلقان بـ"رأيتَ".

فأمِطْهُ: **فـ:** داخلة على جواب الشرط، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

أمطه: فعل أمر، مبني على السكون، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنت". **ه:** ضمير متصل، مبني على الضمّ، في محل نصب مفعول به.

الجملة "إذا الأذى رأيته....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة المحذوفة "رأيت الأذى": من الفعل والفاعل، في محل جر بإضافة "إذا" إليها.

الجملة "رأيته...": مفسّرة، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "أمِطْهُ": جواب شرط غير جازم، لا محل لها من الإعراب.

أعرب الجمل الآتية:

١ ـ هَلاَّ سُنَّة حَسَنَة سَنَنْتَها. ٢ ـ عَمَلك إنْ أخْلَصْتَهُ لِلّٰهِ نَفَعَكَ.

٣ ـ الوقت إمْلأهُ بِمَا يَعُودُ عَلَيْكَ بِالنَّفْعِ. ٤ ـ إنْ أمَانَتك ادَّيْتَها تَمَّ إيْمَانُكَ.

٥ ـ تَدَبَّرْتُ فَإذَا القُرْآن وَجَدْتُهُ مَمْلُوءًا حِكْمَةً وَعِلْمًا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثاني و الثلاثون

التنازع

الأمثلة:

١ ـ خَابَ وخَسِرَ الكَذَّابُ.

٢ ـ أَحْسَنْتُ وأَسْبَغتُ الوُضُوءَ.

٣ ـ استَفَدتُ وانتَفَعتُ بنصيحةِ المُعَلِّمِ.

٤ ـ أَنشَدَ وسمعتُ الشَّاعِرَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے تنازع کے اسلوب پر مشتمل ہیں، جملہ ا۔ خَابَ وخَسِرَ الكَذَّابُ میں دو عامل یعنی فعل خاب اور خسر مذکور ہیں ان میں سے ہر ایک کو معمول یعنی فاعل مطلوب ہے، جبکہ جملے میں صرف ایک فاعل الکذاب مذکور ہے اسی طرح جملہ ۲۔ أَحْسَنْتُ وأَسْبَغتُ الوُضُوءَ میں دو فعل أحسنت اور أسبغت مذکور ہیں جن میں سے ہر ایک کو معمول یعنی مفعول بہ مطلوب ہے، جبکہ جملے میں صرف ایک مفعول بہ الوضوء مذکور ہے۔ جملہ ۳۔ استَفَدتُ وانتَفَعتُ بنصيحةِ المُعَلِّمِ میں دو فعل استفدت اور انتفعت مذکور ہیں اور ان کے بعد صرف ایک معمول یعنی جار ومجرور بنصيحة المعلم مذکور ہے۔ جملہ ۴۔ أَنشَدَ وسمعتُ الشَّاعِرَ میں دو فعل أنشد اور سمعت مذکور ہیں، جن میں سے پہلے فعل أنشد کو فاعل مطلوب ہے اور دوسرے فعل سمعت کو مفعول بہ، جبکہ جملے میں صرف ایک معمول الشاعر مذکور ہے۔ مذکورہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر جملے میں دو یا دو سے زائد عامل مذکور ہیں، جو بعد میں آنے والے معمول[1] کو حاصل کرنے کے لئے آپس میں تنازع (جھگڑا) کر رہے ہیں۔ یعنی پہلے واقع ہونے والا ہر عامل اس معمول کو طلب کر رہا ہے اور اس کے اعراب پر اثر انداز ہونے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایسے اسلوب کو عربی قواعد کی اصطلاح میں "تَنَازُع" کہتے ہیں۔

---

(۱) معمول (متنازع فيه) ایک سے زائد بھی ہوسکتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عامل کو متنازِع یا عاملي التنازع اور معمول کو متنازَع فیه کہتے ہیں[1]۔

تنازع کی صحت کے لئے ضروری ہے کہ عامل کے اندر مندرجہ ذیل صفات پائی جائیں:

۱۔ عامل فعل متصرف ہو یا ایسا اسم ہو جو فعل کی طرح عمل کرتا ہو، جیسے اسم فاعل اور اسم مفعول۔ تنازع کے عامل کا فعل جامد یا حرف ہونا جائز نہیں۔

۲۔ ہر عامل اپنے معمول متنازع فیه سے پہلے مذکور ہو، لہذا اگر کوئی معمول درمیان میں یا پہلے مذکور ہو تو تنازع نہ ہوگا۔

۳۔ معنی کے اعتبار سے عامل ایک دوسرے کی ضد نہ ہوں۔

۴۔ دوسرے عامل سے پہلے عامل کی توکید لفظی مقصود نہ ہو، جیسے جملہ: هي الدنيا تقول بملء فيها حذارِ من بطشي وغدري میں حذار الثاني، حذار الأول کی توکید لفظی ہے اور اسلوب تنازع نہیں ہے۔

إعمال أحد العاملين

الأمثلة:

(ألف)

١ـ وَقَفَ وتَحَدَّثا أخواك.

٢ـ استقبلتُ وأكرمتُه الضَّيفَ.

٣ـ أَلَحُّوا واجتهدُوا فيهما في الدُّعاء والبكاء.

(ب)

٤ـ وقفا وتَحَدَّثَ أخواك.

٥ـ استقبلتُ وأكرمتُ الضَّيفَ.

٦ـ أَلَحُّوا واجتهدوا في الدعاء والبكاء.

٧ـ كنتُ وكان زيدٌ صديقًا إيَّاه.

٨ـ ظَنَّني وظننتُ أحمدَ مخلصا إيَّاه.

٩ـ استعَنتُ واستعَانَ عليَّ الصَّدِيقُ به.

---

(۱) اسلوب تنازع میں واقع عامل کی تین صورتیں ہیں:

۱۔ دونوں عامل فعل ہوں جیسے: خطب وسمعتُ الإمامَ۔

۲۔ دونوں عامل ایسے اسماء مشتقہ میں سے ہوں جو فعل کا کام کریں جیسے: المؤمن معظِّمٌ ومُبَجِّل الكبار۔

۳۔ دونوں عامل مختلف ہوں جیسے ایک فعل تو دوسرا اسم فعل ہو، مثلا: دارِكْ وعاوِن المظلوم، والتقدير: أدرِكْ وعاوِن المظلومَ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملے تنازع کے اسلوب پر مشتمل ہیں اور یکے بعد دیگرے دونوں عاملوں کے عمل کو ظاہر کر رہے ہیں۔
تنازع میں دو متقدم عامل ایک ہی معمول کو طلب کرتے ہیں، لیکن یہ جائز نہیں کہ دونوں عامل ایک معمول پر عمل کریں، لہذا ضروری ہے کہ ایک سے عمل کروایا جائے اور دوسرے کے عمل کو اس طور پر نظر انداز کر دیا جائے کہ اس کی جگہ اس کے ساتھ ایک ایسی ضمیر لگا دی جائے جو إفراد، تثنية، جمع اور تذكير وتأنيث میں معمول یعنی متنازع فیہ کے مطابق ہو، جملہ ۱۔ وَقَفَ وتَحَدَّثَا أَخَوَاكَ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دو عامل وقف اور تحدثا مذکور ہیں اور ان کے بعد صرف ایک معمول أخواك مذکور ہے اور دونوں عامل اس معمول أخواك کو طلب کر رہے ہیں تا کہ اپنا فاعل بنائیں، چونکہ تنازع میں یہ جائز نہیں کہ دونوں عامل ایک معمول پر عمل کریں، اس لئے جملہ ۱۔ وَقَفَ وتَحَدَّثَا أَخَوَاكَ میں پہلا عامل وقف عمل کر رہا ہے اور اس کا معمول أخواك ہے اور دوسرا عامل تحدثا چونکہ عمل نہیں کر رہا، اس لئے اس کے ساتھ معمول کی ضمیر ألف الاثنين متصل ہے، چنانچہ جملے کی تقدیر یوں ہوگی: وقف أخواك وتحدثا۔ اسی طرح جملہ ۲۔ استَقبَلتُ وأكرَمتُهُ الضَّيفَ میں پہلا عامل استقبلت معمول الضيف پر عمل کر رہا ہے اور دوسرا عامل أكرمته چونکہ عمل نہیں کر رہا، اس لئے اس کے ساتھ معمول الضيف کی منصوب ضمیر متصل ہے، چنانچہ جملے کی تقدیر یوں ہوگی: استقبلت الضيفَ وأكرمته۔
یہ بات ضروری نہیں کہ تنازع کے اسلوب میں صرف پہلا عامل ہی عمل کرے بلکہ دوسرا عامل بھی پہلے عامل کی طرح عمل کرتا ہے، فرق صرف یہ ہے کہ جب پہلے عامل سے عمل کروایا جاتا ہے تو دوسرے عامل کے ساتھ تمام حالات میں معمول متنازع فیہ کی ضمیر متصل ہوتی ہے خواہ یہ ضمیر مرفوع ہو یا منصوب ہو یا مجرور۔ جیسے مذکورہ بالا جملہ ۱۔ وَقَفَ وتَحَدَّثَا أَخَوَاكَ میں دوسرے عامل تحدثا میں ضمير الرفع البارز ألف الاثنين فاعل أخواك کے مطابق موجود ہے اور جملہ ۲۔ استَقبَلتُ وأكرَمتُهُ الضَّيفَ میں دوسرے عامل أكرمته میں ضمیر متصل منصوب "ہ" مفعول به الضيف کے مطابق موجود ہے۔ جملہ ۳۔ أَلِحُّوا واجتَهِدُوا فيهما في الدُّعاء والبكاء میں دوسرے عامل اجتهدوا کے بعد ضمیر متصل مجرور فيهما جار مجرور في الدعاء والبكاء کے مطابق موجود ہے۔
البتہ دوسرے عامل سے عمل کروانے کی صورت میں پہلے عامل کے ساتھ صرف مرفوع ضمیر ذکر کی جاتی ہے، جبکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

منصوب اور مجرور ضمیر کو ذکر نہیں کیا جاتا، اس کی وجہ یہ ہے کہ مرفوع ضمیر فاعل کی ہوتی ہے اور فاعل جملے کا اساسی رکن ہوتا ہے، جس کو ذکر کئے بغیر کلام مکمّل نہیں ہوتا، جبکہ منصوب اور مجرور ضمیر کو ذکر کئے بغیر بھی کلام سمجھ میں آجاتا ہے، جیسے جملہ۴۔ وقفا و تَحدَّثَ أخَواكَ میں دوسرا عامل تحدث فاعل أخواك پر عمل کر رہا ہے، اس لئے پہلے عامل وقفا کے ساتھ ضمیر الرفع البارز ألف الإثنين فاعل کے مطابق ذکر کی گئی ہے، جبکہ جملہ ۵۔ استَقبلْتُ و أكرَمتُ الضَّيف میں دوسرا عامل أكرمت مفعول به الضيف پر عمل کر رہا ہے، اس لئے پہلے عامل استقبلت کے ساتھ مفعول بہ کی منصوب ضمیر ذکر نہیں کی گئی، اسی طرح جملہ ۶۔ ألِحُّوا و اجتهِدوا في الدعاء والبكاء میں دوسرا عامل اجتهدوا جار مجرور في الدعاء والبكاء پر عمل کر رہا ہے، اس لئے پہلے عامل ألحوا کے ساتھ مجرور ضمیر ذکر نہیں کی گئی، لیکن اگر کلام میں التباس پیدا ہونے کا امکان ہو یا الأفعال المتنازعة کان وأخواتها یا ظنّ وأخواتها میں سے ہو تو منصوب اور مجرور ضمیر کو معمول کے بعد ذکر کرنا ضروری ہوتا ہے، جیسے جملہ ۷۔ كنتُ و كان زيدٌ صديقًا إيّاه میں دوسرا عامل اسم ظاہر پر عمل کر رہا ہے اور اسکا معمول صديقا اسکی خبر ہونے کی بنا پر منصوب ہے، اور پہلا عامل ضمیر مؤخر پر عمل کر رہا ہے اور اس ضمیر منصوب کو حذف کرنا جائز نہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ جس طرح فاعل جملے کا اساسی رکن ہوتا ہے اسکی طرح كان کی خبر بھی جملے کا اساسی رکن ہوتی ہے، کیونکہ وہ حقیقت میں مبتدا کی خبر ہوتی ہے اور خبر کا حذف جائز نہیں اسی پر جملہ ۸ کو قیاس کریں، اسی طرح جملہ۹۔ استَعَنتُ و استَعَانَ عليَّ الصَّدِيقُ به[1] میں سے مجرور ضمیر کا حذف جائز نہیں کیونکہ اگر ضمیر متّصل "ہ" کو جار مجرور بہ سے حذف کر دیا جائے تو اس میں فرق کرنا مشکل ہوگا کہ معمول الصديق مستعان به ہے یا مستعان عليه اور اگر کلام میں التباس نہ ہو تو منصوب اور مجرور ضمیر کو حذف کر دینا بہتر ہے، جیسے: مَرَرتُ و مرَّ بي الصديقُ۔

قواعد:

۱۔ تنازع کے اسلوب میں پہلے دو یا دو سے زائد عامل مذکور ہوتے ہیں، اور اس کے بعد ایک یا ایک سے زائد معمول مذکور ہوتے ہیں، پہلے واقع ہونے والا ہر عامل اس معمول کو طلب کر رہا ہوتا ہے۔

۲۔ تنازع میں اکثر اوقات دو یا دو سے زائد عاملوں کی طلب ایک ہوتی ہے (یعنی دونوں عامل فاعل کو طلب کرتے ہیں یا مفعول بہ کو) اور بسا اوقات یہ طلب مختلف بھی ہوتی ہے، یعنی ایک عامل معمول کو بطور فاعل

(۱) میں نے اپنے دوست سے مدد طلب کی اور اس نے میرے خلاف مدد طلب کی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

طلب کرتا ہے اور دوسرا عامل اسی معمول کو بطور مفعول طلب کرتا ہے۔

۳۔ اس اسلوب میں ایک ہی عامل سے عمل کرایا جاتا ہے اور دوسرے عامل کے عمل کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے، اگر پہلے عامل سے عمل کرایا جائے تو دوسرے کے ساتھ ایسی ضمیر کا لگانا ضروری ہے جو کہ معمول متنازع فیہ کے مطابق ہو، خواہ یہ ضمیر مرفوع، منصوب یا مجرور ہو اور اگر دوسرے عامل سے عمل کرایا جائے تو پہلے عامل کے ساتھ صرف مرفوع ضمیر ذکر کی جاتی ہے، بشرطیکہ عامل کان وأخواتها یا ظنّ وأخواتها میں سے نہ ہو، اور نہ ہی حذف کی صورت میں کلام میں التباس پیدا ہو۔

التمرين - ١

استخرج من الجمل الآتية الأفعال المتنازعة والمتنازع فيه وميّز ما يتفق فيه طلب المتنازعين وما يختلف فيه:

نموذج: نشر الصحابة وانتشر نور الإسلام في مشارق الأرض ومغاربها.

نشر وانتشر: من الأفعال المتنازعة، نور الإسلام: متنازع فيه، ويختلف فيه طلب المتنازعين، مشارق الأرض ومغاربها: متنازع فيه ويتفق فيه، طلب المتنازعين.

٢ـ عصينا ولم يحرمنا الله سبحانه وتعالى.

٣ـ لا يصلُحُ ويستقيم آخر هذه الأمة إلا بما صلح واستقام به أولها.

٤ـ لمّا أمطرت السماء اهتزت وربت وأنبتت الأرض من كل زوج بهيج.

٥ـ إن النبي ﷺ في بداية أمر الإسلام وصل وقطعه أقاربه وأعطى وحرمه الناس.

٦ـ إن الأمة المسلمة تنتظر وتترقب مثل صلاح الدين البطل لاسترداد فلسطين من براثن اليهود.

التمرين - ٢

اذكر أي العاملين هو العامل في المتنازع فيه وحول العمل إلى الآخر منهما في كل جملة:

نموذج: اعتصموا وتمسكوا بالكتاب والسنة.

العامل: تمسكوا، عند تحويل الأمر إلى الآخر: اعتصموا وتمسكوا بهما بالكتاب والسنة.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢ـ المسلم لا يؤذي ولا يخذله ولا يحسده أخاه المسلم.

٣ـ يا شبان المسلمين تأسّوا واقتدوا بهم بعظماء كم في التاريخ وقوادكم في الجهاد والإصلاح.

٤ـ إنّ المسلمين يمرون بمرحلة عصيبة فقد أحاط بهم وتكالب عليهم الأعداء فعليهم أن يستعينوا ويستغيثوا به بالله في أمرهم.

٥ـ يا للأسف الشديد أنه قد غرق وانغمسوا الناس في الشهوات والشبهات فلا بد من التذكير القارع بسير الصحابة رضي الله عنهم والتابعين.

٦ـ يعتري اليأس ويعلو القنوط بعض المسلمين اعتقادا منهم أن لا سبيل إلى إصلاح أمة الإسلام في هذا العصر وأن لا أمل إلى استرجاع مجد المسلمين وعزتهم وكيانهم.

التمرين ـ ٣

استخرج من الأحاديث الآتية الأفعال المتنازعة والمتنازع فيه وموقعه من الإعراب:

نموذج: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرو قالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: مَا أَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ وَلَا أَظَلَّتِ الْخَضرَاءُ مِنْ رَجُلٍ أَصْدَقَ لَهْجَةٍ مِن أَبِي ذَرٍّ.

أَقَلَّتْ وأَظَلَّتْ: من الأفعال المتنازعة.

أصدق: متنازع فيه، وهو مفعول به للفعل "أظلّت" على التنازع؛ لأنه لو كان مفعولا لـ "أقلّت" لكان الكلام "ما أقلت الغبراء ولا أظلّته الخضراء من رجل أصدق لهجة"، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على اخره.

٢ـ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: يَوَدُّ أَهْلُ العَافِيَةِ يَوْمَ القِيَامَةِ حِيْنَ يُعْطَى أَهْلُ البَلَاءِ الثَّوابَ لَوْ أَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِي الدُّنْيَا بِالْمَقَارِيْضِ.

٣ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ يَكُونُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَ فَمَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَقْضِيَ إِلَّا فِي شَعْبَانَ، قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: تَعْنِي الشُّغلَ مِنَ النَّبِيِّ أَوْ بِالنَّبِيِّ ﷺ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ـ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَتَبَ لَهُ الَّتِي فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ.

٥ـ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوٍ أَوْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ يُكَبِّرُ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ مِنَ الْأَرْضِ ثَلَاثَ تَكْبِيْرَاتٍ ثُمَّ يَقُولُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، آئِبُوْنَ، تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ، سَاجِدُوْنَ، لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ.

٦ـ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: لَعَنَ عَبْدُ اللّٰهِ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ. فَقَالَتْ أُمُّ يَعْقُوبَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَمَا لِيَ لَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ وَفِي كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَتْ: وَاللّٰهِ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُهُ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَئِنْ قَرَأْتِيهِ لَقَدْ وَجَدْتِيهِ ﴿وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾.

٧ـ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ أَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: قَدْ ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُورِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلَى وَالنَّعِيمِ الْمُقِيمِ، فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: يُصَلُّوْنَ كَمَا نُصَلِّيْ وَيَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ وَيَتَصَدَّقُوْنَ وَلَا نَتَصَدَّقُ وَيُعْتِقُوْنَ وَلَا نُعْتِقُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أَفَلَا أُعَلِّمُكُمْ شَيْئًا تُدْرِكُوْنَ بِهِ مَنْ سَبَقَكُمْ وَتَسْبِقُوْنَ بِهِ مَنْ بَعْدَكُمْ وَلَا يَكُوْنُ أَحَدٌ أَفْضَلَ مِنْكُمْ إِلَّا مَنْ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ؟ قَالُوْا: بَلَى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: تُسَبِّحُوْنَ وَتُكَبِّرُوْنَ وَتَحْمَدُوْنَ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ مَرَّةً.

التمرين ـ ٤

نموذج في الإعراب:

١ـ نَجَحَ وَأَفْلَحَ الصَّادِقُ.

نَجَحَ: فعل ماض، مبني على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر، تقديره: "هو" يعود على الصادق على التنازع.

وَ: حرف عطف، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب.

أَفْلَحَ: فعل ماض، مبني على الفتحة.

الصَّادِقُ: فاعل "أفلح" مرفوع بالضمة، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

والجملة "نجح....": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

والجملة "أفلح الصادق": معطوفة على "نجح" لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ قال آتُوْنِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا.

قال: فعل ماض، مبني على الفتح، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هو".

آتُوْنِي: فعل أمر، مبني على حذف النون، لأنه من الأفعال الخمسة، وفاعله واو الجماعة، مبني على السكون، في محل رفع، والنون للوقاية، والضمير المتصل "ي" مبني على السكون، في محل نصب، مفعول به أول.

أُفْرِغْ: فعل مضارع، مجزوم؛ لأنه جواب الطلب، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "أنا".

عليه: على: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب، ه: ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر بحرف جر، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "أفرغ".

قِطْرًا: مفعول به، منصوب وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وعامله "أفرغ" وهو متنازع فيه من الفعل "اتوني"؛ لأنه مفعول ثان له في المعنى[1].

والجملة "اتوني أفرغ": مقول القول، في محل نصب.

والجملة "أفرغ": لا محل لها من الإعراب، جواب شرط مقدر، غير مقترنة بالفاء، والتقدير: "إن تأتوني قطرا أفرغه عليه".

أعرب ما يأتي:

١ ـ أنفقت ولم ينتقص المال.

٢ ـ ينسى الناس ولا ينساهم ربهم.

٣ ـ تلوت وتدبرت جزءًا من القرآن.

٤ ـ فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَؤُوْا كِتَابِيَه.

(١) وقد أضمر في الأول ولو أعمل الأول لأضمر في الثاني وجوبا أي "اتوني أفرغه عليه قطرا".

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثالث والثلاثون

أسلوب التعجب

ما أَفْعَلَهُ وأَفْعِلْ بِهِ

الأمثلة:

(ألف)

١ـ ما أَجْمَلَ الوردةَ النَّاضرةَ. أَجْمِلْ بِـالوردةِ الناضرةِ.

٢ـ ما أَعْذَبَ القرآنَ. أَعْذِبْ بِـالقرآنِ.

(ب)

٣ـ ما أَحْسَنَ أن تواظب على الصلوات الخمسة. أَحْسِنْ بِـأن تواظب على الصلوات الخمسة.

٤ـ ما أجمل أن يكون الأولاد مطيعين لوالديهم. أَجْمِلْ بِأن يكون الأولاد مطيعين لوالديهم.

٥ـ الزَّرْعُ ما أَشدَّ اخضِرارًا في إِبَّانِ الرَّبِيْعِ. أَشْدِدْ بِـالزَّرْعِ اخْضِرارًا في إِبَّانِ الرَّبِيْعِ.

(ج)

٦ـ ما أَضرّ أن لا ينتفع بنصائح الأسلاف. أَضْرِرْ بِأن لا ينتفع بنصائح الأسلاف.

٧ـ ما أَحسن أَن يقال الحقُّ دائمًا. أَحْسِنْ بِـأَن يقال الحقّ دائمًا.

شرح وتفصیل:

بعض اوقات کسی چیز کا حسن یا قبح انسان کو حیرت اور تعجب میں ڈال دیتا ہے یعنی انسان کا نفس اس سے متاثر ہو جاتا ہے ایسے شخص کی داخلی کیفیات کو بیان کرنے کے لئے عربی زبان میں بہت سے اسالیب ہیں، جیسے: لله دَرُّ فلان، سبحان الله، اَللّٰهُمَّ وغیرہ اور بعض اوقات استفہام کا صیغہ بھی تعجب کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے، کقوله تعالى: ﴿كيف تَكْفُرُوْنَ بِاللهِ وَكُنتُمْ أَمْواتًا فَأَحْياكُمْ﴾ یہ تمام اسالیب سماعیہ ہیں۔ اس کے علاوہ عربی زبان میں دو صیغے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ما أَفْعَلَهُ، اور أَفْعِلْ بِهِ قیاسی ہیں جو انشاء تعجب اور اظہار تعجب کے لئے وضع کئے گئے ہیں[۱]۔

۱۔ ما أَفْعَلَهُ:

یہ صیغہ تین عناصر پر مشتمل ہے: ۱۔ ما التعجبية ۲۔ فعل التعجب ۳۔ المتعجب منه

۱۔ ما التعجبية:

یہ نکرہ تامہ[۲] بمعنی شيءٌ ہے اور مبتدا ہے یہاں مبتدا کا نکرہ واقع ہونا درست ہے کیونکہ ما تعجب کے معنی ادا کر رہا ہے (یعنی تعجب کے معنی کو متضمن ہے) اور اس کے بعد واقع ہونے والا جملہ فعلیہ (أفعله یا أفعل به) اس کی خبر ہے۔

۲۔ فعل التعجب: یہ فعل ماضی جامد ہے[۳] اور اسی فعل سے بنتا ہے جس میں درج ذیل آٹھ شروط پائی جاتی ہیں:

۱۔فعل ماضی ہو۔ ۲۔فعل متصرف ہو جامد نہ ہو۔ ۳۔ثلاثی ہو۔ ۴۔تام ہو ناقص نہ ہو۔ ۵۔مثبت ہو منفی نہ ہو۔

۶۔مبني للمعلوم ہو مجهول نہ ہو۔ ۷۔تفاوت کے قابل ہو یعنی کمی زیادتی قبول کرتا ہو، مثلاً: مات اور فَنِيَ ایسے افعال ہیں جو کمی اور زیادتی کو قبول نہیں کرتے۔ ۸۔اسکی صفت أفعل (مؤنثه فَعْلاء) کے وزن پر نہ ہو۔

۳۔ المتعجب منه: فعل تعجب کے بعد واقع ہونے والا منصوب اسم متعجب منہ کہلاتا ہے یہ اسم مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے۔

۲۔ أَفْعِلْ بِهِ:

یہ صیغہ بھی تین عناصر پر مشتمل ہے: ۱۔ فعل التعجب ۲۔ الباء ۳۔ المتعجب منه

۱۔ أفعل به:

لفظاً امر کا صیغہ ہے اور اصل میں ماضی کا صیغہ (بمعنی صار ذا کذا) ہے۔ پھر تعجب کے معنی میں استعمال کرنے کے لئے اس کے صیغے میں تبدیلی[۴] کردی گئی یعنی یہ أفعل سے أفعل به بن گیا۔

---

(۱) بعض نحاۃ نے فَعُلَ کا صیغہ بھی تعجب میں داخل کیا ہے، جیسے: فَهُمَ الطالِبُ أي ما أَفْهَمَه۔ (۲) بعض نحاۃ کے نزدیک یہ ما موصولہ ہے۔ اور اس کے بعد واقع ہونے والا جملہ صلة الموصول ہے۔ چنانچہ یہ دونوں (ما موصولة + صلته) ملکر مبتدا بنیں گے اور اس کی خبر وجوباً محذوف ہے جسکی تقدیر شيء عظيم ہے، جیسے: ما أحسن زيدًا کی تقدیر یوں ہوگی: الذي أحسن زيدًا شيء عظيم۔ (۳) تعجب سے پہلے یہ فعل متصرف تھا لیکن تعجب کے بعد جامد ہوگیا۔ (۴) اسم ظاہر کی طرف اسناد کی قباحت کی وجہ سے فاعل پر باء زائدہ کو بڑھا دیا گیا تاکہ مفعول بہ کی صورت پیدا ہو جائے۔ لیکن اصل میں یہ فاعل ہے مفعول نہیں یعنی أحسن بزيد اصل میں أحسن زيدٌ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۲۔ الباء :

حرف جر زائد ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا اسم لفظاً مجرور ہوتا ہے لیکن حکم کے اعتبار سے مرفوع ہوتا ہے۔ یہ حرف باء اگرچہ زائدہ ہے لیکن اسے حذف کرنا جائز نہیں۔

۳۔ المتعجب منه:

الباء الزائدة سے مجرور ہونے والا اسم متعجب منه کہلاتا ہے۔

الف کے ذیل میں سرخ مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تعجب کے یہ صیغے براہ راست ایسے ثلاثی افعال سے بنے ہیں جن کے لئے وہی تمام شرائط ہیں جو اسم تفضیل بنانے کے لئے درکار ہیں (ان شرائط کو تفصیل سے اسم تفضیل کے باب میں ذکر کردیا گیا ہے)۔

كيفية التعجب إذا كان الفعل غير مستوف للشروط الثمانية

ب کے ذیل میں سرخ مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایسے مصادر پر مشتمل ہیں جن سے تعجب کے معنی حاصل کرنا مقصود ہے لیکن ان مصادر کے افعال سے تعجب کے صیغے براہ راست نہیں بنتے کیونکہ ان میں مندرجہ بالا شرائط میں سے جو فعل تعجب کے لئے ضروری ہیں کوئی ایک شرط مفقود ہے، مثلا: جملہ۳۔ میں فعل تواظب غیر ثلاثی ہے اور مثال۴۔ میں فعل يكون ناقص ہے تام نہیں ہے اور جملہ ۵۔ میں فعل اخضرّ کا وصف أفعل کے وزن پر ہے۔

اگر فعل غیر ثلاثی ہو (جیسے: احمرَّ، أعجل، ضحّى) یا اسکا وزن أفعل (جیسے: حور سے أحور) کے وزن پر ہوتو ان افعال سے تعجب کا صیغہ براہ راست نہیں بنتا، لہذا ان سے تعجب کا معنی حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی مناسب فعل ثلاثی کو ما أَفْعَلَ یا أَفْعِلْ به کے وزن پر لاتے ہیں اور اس کے بعد اس فعل کا مصدر مؤول یا مصدر صریح (جس سے تعجب کا معنی حاصل کرنا ہو) کو بطور تمیز منصوب ذکر کرتے ہیں۔

مثال ٦۔ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فعل يقال سے تعجب کا اظہار براہ راست نہیں ہوتا چونکہ یہ فعل مبني للمجهول ہے اور نہ ہی فعل تنتفع سے براہ راست تعجب کا اظہار ہوتا ہے کیونکہ یہ جملہ منفی ہے چنانچہ ایسے افعال سے تعجب کے اظہار کے لئے ہم وہی طریقہ استعمال کریں گے جو کہ (ب) کی مثالوں میں کیا، فرق صرف یہ ہے کہ یہاں مصدر صریح کو استعمال نہیں کریں گے بلکہ صرف مصدر مؤول کو ہی استعمال کریں گے کیونکہ مصدر صریح سے یہ بات واضح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نہیں ہوتی کہ فعل مبني للمجھول ہے یا منفی ہے۔

اسی طرح اگر فعل جامد ہو، جیسے: نِعْمَ، بِئْسَ، عَسى اور لَيْس یا تفاوت کے قابل نہ ہو، جیسے: مات، فنِيَ یا هَلَكَ تو ان سے تعجب کا اظہار نہیں ہوسکتا کیونکہ تعجب سے انسان کی اندرونی کیفیات کی کمی اور زیادتی ظاہر ہوتی ہے اور ان افعال سے ایسا ممکن نہیں ہے۔

قواعد:

۱۔عربی زبان میں تعجب کے لئے کئی صیغے ہیں جن میں دو قیاسی ہیں: ۱۔ ما أَفْعَلَه ۲۔ أَفْعِلْ بِه۔

۲۔ براہ راست تعجب صرف انہیں افعال سے ہوتا ہے جن میں مندرجہ ذیل آٹھ شروط پائی جاتیں ہیں:

(۱)۔فعل ماضی ہو۔ (۲) فعل ثلاثی ہو۔ (۳) متصرف ہو۔ (۴) تام ہو۔ (۵) مثبت ہو۔

(۶) مبني للمعلوم ہو۔ (۷) تفاوت کے قابل ہو۔ (۸) اس کا وصف أفعل کے وزن پر نہ ہو۔

۳۔اگر فعل غیر ثلاثی، ناقص، یا اس کا وصف أفعل کے وزن پر ہو، تو تعجب کے اظہار کے لئے کسی مناسب ثلاثی فعل کو أفعل کے وزن پر لاتے ہیں اور اس کے بعد اس فعل کا مصدر صریح یا مؤول لاتے ہیں جسکا تعجب کے لئے استعمال کرنا مقصود ہو۔

۴۔اگر فعل منفی یا مبني للمجھول ہو تو اس سے تعجب کے اظہار کے لئے کسی مناسب فعل ثلاثی کو أفعَلَ کے وزن پر لاتے ہیں اور اس کے بعد صرف اس فعل کا مصدر مؤول لاتے ہیں جس نے تعجب میں ڈالا ہو۔

۵۔فعل جامد یا وہ فعل جو قابل تفاوت نہ ہو اس سے تعجب کا اظہار نہیں کیا جاتا۔

التمرين - ۱

عين صيغة التعجب والمتعجب منه فيما يأتي:

نموذج: مَا أَقْبَحَ مَنْ أَهْزَلَ دِينَهُ وَأَخْلَقَ أَخْلَاقَهُ.

صيغة التعجب: ما أَقْبَحَ. **المتعجب منه:** من أَهْزَلَ دِيْنَهُ.

۲ ـ مَا أَشْقَى حِرْصَ الملكِ فَإِنَّه يَحْسُدُ عَلَى الْقليلِ وَالكثيرِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ إنْ كُنْتَ حَرِيصًا عَلَى جَمْعِ الزَّادِ فما أخيرَ الزّادَ التَّقْوَى.

٤ـ ما أحْسن الإيْمان يَزِينُهُ التُّقى وَأحْسن بالتُّقى يَزِينُهُ الْعِلْمُ.

٥ـ ما أشَرَّ النَّدامَةَ يَومَ القِيامةِ إذا ضِيع عُمرُكَ فِي جَمعِ الدُّنيا.

٦ـ أشْدِدْ بتَعلُّقَ الْمُسلِمِينَ بِفِلَسْطِينَ لِوُجُودِ الْمَسْجِدِ الأقْصَى فِيْهِ.

٧ـ مَا أتقَى مَنْ أحْكَمَ سُلطانَهُ عَلَى نَفسِهِ لَمْ يَدَعْ لَها سَبيلاً لِتَرْتَعَ فِيمَا لاَ يَنْفَعُ.

٨ـ مَا أحسَنَ أن يَقْضِيَ الْمؤمنُ حَياتَهُ فِي طاعةِ اللّهِ فَإِنَّ عُمرَ الْفَرْدِ غَمْضَةُ عَيْنٍ.

٩ـ مَا أنْضَرَ الغُلامَيْنِ الْحَسَنَ وَالحسين رضي اللّه عنهما كَطَلْعَةِ الْبَدْرِ بَهاءً وَرواءً كَأكْمامِ الْوَرْدِ نَضارَةً وَطِيْبًا.

١٠ـ صَنَعَ عبدُ الملكِ بنِ مَروان طَعَامًا فَأكْثَرَ وَأطَابَ وَدعا إلَيْهِ النَّاسَ فَأكَلوا فقالَ بَعضُهمْ: مَا أطْيَبَ هذا الطَّعَامَ.

١١ـ مَا أشْجعَ سَعِيدَ بْنَ جُبيرٍ حِينَ قَامَ أمامَ حَجّاجِ بنِ يُوسفَ فإنَّهُ يُجيبهُ عَنْ كُلِّ مَسألةٍ بِجَنانٍ ثابتٍ وَبيانٍ ساحرٍ.

١٢ـ أصبِر بالإمام أحمد بن حنبلٍ رَحِمَهُ اللّهُ حِينَ كانَ يُضرَبُ ضَرباتٍ شديدةً وَهُوَ يَدعُو لهمْ: اللَّهمَّ اغفِرْ لِمَعْصِيَتِهِم.

التمرين ـ ٢

حوّل الجمل الآتية إلى أساليب للتعجب وغير ما يلزم:

نموذج: البِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ. (ما أعظم)

ما أعظم الخلق البر.

٢ـ لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ. (ما أشقى)

٣ـ لاَ يَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ إلاَّ الْبِرُّ. (ما أصدق)

٤ـ حُبُّكَ الشَّيءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ. (ما أقبح)

٥ـ لاَخَيْرَ فِي الْجُلُوسِ فِي الطُّرُقَاتِ. (ما أقْبَحَ)

٦ـ لاَ يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِه. (ما أقبح)

٧ـ خِيارُكُمْ الَّذِيْنَ إذَا رُؤُوا ذُكِرَ اللّهُ. (ما أفضل)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٨ـ لَا خَيْرَ فِي مَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ. (ما أشنع) ٩ـ مِنَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ. (ما أكبر الكبائر)

١٠ـ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ. (ما أحسن العبادة)

١١ـ شَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجَى خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ. (ما أشر)

١٢ـ التُّؤَدَةُ فِي كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ إِلَّا فِي عَمَلِ الآخِرَةِ. (ما أعلى)

١٣ـ لَعَنَ الرَّسُولُ ﷺ عَلَى مَنْ جَلَسَ وَسَطَ الْحَلْقَةِ. (ما أقبح)

١٤ـ أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ الْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ. (ما أفضل)

١٥ـ أَلْمُتَحَابُّونَ فِي اللّٰهِ فِي ظِلِّ الْعَرْشِ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ. (ما أرفع، ما أعظم)

التمرين ـ ٣

تعجب مما يأتي كما في المثال:

نموذج: حُمْرَةُ الشَّمْسِ وَقْتَ الْمَغِيبِ.

ما أبهى حمرة الشمس وقت المغيب.

٢ـ نُوْرُ الْبَدْرِ. ٣ـ حَيَاةُ النَّبِيِّ ﷺ. ٤ـ مَصَائِبُ الْمُهَاجِرِينَ.

٥ـ سَهْرُ اللَّيَالِي. ٦ـ تَغْرِيدُ الْعَصَافِيرِ. ٧ـ مَقْصَدُ حَيَاةِ الإِنْسَانِ.

٨ـ إِيثَارُ الأَنْصَارِ. ٩ـ تَعَاوُنُ الْجَمَاعَةِ. ١٠ـ مُسَاعَدَةُ الْجَارِ الْفَقِيرِ.

١١ـ زُرْقَةُ السَّمَاءِ. ١٢ـ مَسْئُولِيَّةُ هٰذِهِ الأُمَّةِ. ١٣ـ أَشْعَارُ حَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ.

١٤ـ بَهَاءُ الْبُسْتَانِ. ١٥ـ التَّقْصِيرُ فِي الصَّلَاةِ. ١٦ـ رَائِحَةُ الأَزْهَارِ الْمُفَتَّحَةِ.

١٧ـ صَوْتُ الْحَمِيرِ. ١٨ـ الإِنْفَاقُ عَلَى الْعَشِيْرَةِ. ١٩ـ رَفْعُ الْحَاجَةِ إِلَى غَيْرِ اللّٰهِ.

٢٠ـ الاسْتِمَاعُ إِلَى نَصِيحَةِ الأُسْتَاذِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٤

استخرج من الأساليب الآتية صيغتي التعجب وأعرب:

نموذج: ١ - ما أَعَفَّ غَضَّ الْمُؤْمِنِينَ أَبْصَارَهُمْ وَحِفْظَهُمْ فُرُوجَهُمْ.

ما: تعجبية بمعنى "شيء عظيم"، مبنية على السكون، في محل رفع مبتدأ.

أَعفّ: فعل ماض، جامد لإنشاء التعجب، مبني على الفتحة، وفاعله ضمير مستتر وجوبًا، تقديره: "هو".

غضّ: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

والجملة الفعلية في محل رفع، خبر المبتدأ.

٢ - أَكرِمْ بِمَنِ اخْتَارَ لِينَ الْجَانِبِ وَطِيْبَ الْكَلَامِ وَبِشْرَ الْوَجْهِ.

أَكرم: فعلٌ ماضٍ، جامد لإنشاء التعجب، جاء على صيغة الأمر، مبني على فتح مقدّرٍ؛ لمجيئه على هذه الصورة. بمن: بـ: حرف جرٍّ زائدٍ. من: اسم موصول، مبني على السكون، في محل رفع، فاعل.

٣ - مَا أَشَرَّ الْمَاكِلَ مَالُ الْيَتِيمِ.

٤ - مَا أَروعَ تَمَسُّكَ الْمسلمينَ بِدِينِهِمِ الْمَتِينِ.

٥ - أَحْسِنْ بِمَنْ جَعَلَ اللَّهَ مَلْجَأَهُ عِنْدَ كُلِّ نَائِبَةٍ تَنُوبُهُ.

٦ - مَا أقبحَ أن تَخْتَلِفَ آرَاءُ الْمُسلمينَ في الإِسْلَامِ وَالْقُرآنِ.

٧ - مَا أَحْسَنَ الْعِلْمَ يَزِينُهُ الْعَمَلُ وَمَا أَحْسَنَ الْعَمَلَ يَزِينُهُ الرِّفْقُ.

٨ - مَا أَرْخَصَ دَمَ الْمُسْلِمِينَ فِي الْبِلادِ الْمَغصوبَةِ في أَيْدِي الْكُفَّارِ.

٩ - أَنفِع بأَن يُمْسِكَ الْمَرْءُ لِسانَهُ عَنْ فُضُولِ الْكَلَامِ وَعَمَّا لَا يَعْنِيهِ.

١٠ - مَا أَصْبَرَ النَّبِيَّ ﷺ عَلَى الشَّدائِدِ وَمَا أَعْظَمَ أَجْرَهُ بِأَنَّهُ أُوذِيَ فِي اللَّهِ.

١١ - مَا أَعْجَبَ شَأْنَكَ أَنْ تُلْزِمَ نَفْسَكَ الصَّمْتَ حَتَّى قَوَّمْتَهَا عَلَى الْعَدْلِ.

١٢ - ما أحسنَ أنْ يُصْلَحَ بَيْنَ المسلِمينَ إلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلالًا وَأَحَلَّ حَرَامًا.

١٣ - مَا أَجْرَأَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ حُذَافَةَ حِيْنَ قَدِمَ عَلَى سَيِّدِ فَارِسَ وَعَلَيْهِ جَلالُ الْمُؤْمِنِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٤ ـ مَا أَذَلَّ دَارَ الدُّنْيَا أَوَّلُهَا عَنَاءٌ وَآخِرُهَا فَنَاءٌ فِي حَلَالِهَا حِسَابٌ وَفِي حَرَامِهَا عِقَابٌ.

١٥ ـ أَشْرِف بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ يَعِجُّ بِالوافِدِينَ عَلَى اللّٰهِ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ مُشَاةً وَرُكْبَانًا وَشُيُوخًا وَشَبَابًا.

التمرين ـ ٥

استخرج من الأحاديث الآتية أساليب التّعجب والمتعجب منه:

نموذج: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَا أَغْيَرَكَ يَا أُبَيّ إِنِّي لَأَغْيَرُ مِنْكَ وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّي.

ما أغيرك: أسلوب التّعجب ك: متعجب منه

٢ ـ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ ﷺ: مَا أَتْقَاه مَا أَتْقَاه مَا أَتْقَاه راعِي الغَنَمِ عَلى رَأْسِ الجَبَلِ يُقِيمُ فِيهَا الصَّلَاةَ.

٣ ـ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا أَحْسَنَ القَصْدَ فِي الغِنَى وَمَا أَحْسَنَ القَصْدَ فِي الفَقْرِ وَمَا أَحْسَنَ القَصْدَ فِي العِبَادَةِ.

٤ ـ كَانَ عَمرو بْنُ العَاصِ يَقُولُ: مَا أَبْعَدَ هَدْيَكُم مِنْ هَدْيِ نَبِيِّكُم ﷺ أَمَّا هُوَ فَكَانَ أَزْهَدَ النَّاسِ فِي الدُّنْيَا وَأَنْتُم أَرْغَبُ النَّاسِ فِيْهَا.

٥ ـ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عُرْوَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ إِلَى الطَّائِفِ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَقَتَلَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا أَشْبَهَ هذا بِصَاحِبِ يٰس.

٦ ـ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَأَبو بَكرٍ فِي طَائِفَةٍ مِنَ المَدِيْنَةِ قَالَ: فَجَاءَ فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ فَقَبَّلَهُ وَقَالَ: فِدًى لَكَ أَبِي وَأُمِّي مَا أَطْيَبَكَ حَيًّا وَمَيْتًا مَاتَ مُحَمَّدٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ.

٧ ـ مَرَّ نُعْمَانُ ابن أَبِي فَطِيمَةَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ بِكَبْشٍ أَقْرَنَ أَعينَ فَقَالَ ﷺ: مَا أَشْبَهَ هذا بِالْكَبْشِ الَّذِي ضَحّٰى إبراهيم فَاشْتَرٰى معاذ بن عَفْرَاء كَبْشًا أقرن أعين فَأَهداهُ النَّبِيَّ ﷺ فضحّٰى بِهِ.

٨ ـ عَنْ أَبِي الوَلِيْدِ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْحَصٰى الَّذِي فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ: مُطِرْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ فَأَصْبَحَتِ الْأَرْضُ مُبْتَلَّةً فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَأْتِي بِالْحَصٰى فِي ثَوْبِهِ فَيَبْسُطُهُ تَحْتَهُ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الصَّلَاةَ قَالَ: مَا أَحْسَنَ هذا.

٩ ـ دَخَلَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ رَجُلٌ مُتَنَكِّبٌ قَوْسًا فَأَعْجَبَتِ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: مَا أَجْوَدَ قَوْسَكَ، اشْتَرَيْتَهَا؟ قَالَ: لا وَلٰكن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

أَهْداها إِلَيَّ رَجُلٌ أَقْرَأْتُ ابْنَهُ القُرْآنَ قالَ: فَتُحِبُّ أَنْ يُقَلِّدَكَ اللّٰهُ قَوْسًا مِنَ النّارِ؟ قَالَ: لا، قالَ: فرُدَّها.

١٠ ـ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعاذٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ أَنَّهُ قالَ: حَقٌّ عَلى مَنْ قَامَ عَلى مَجْلِسٍ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْهِم وَحَقٌّ عَلى مَنْ قَامَ مِنْ مَجْلِسٍ أَنْ يُسَلِّمَ فَقامَ رَجُلٌ ورَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَتَكَلَّمُ فَلَمْ يُسَلِّمْ فَقالَ ﷺ: ما أَسْرَعَ ما نَسِيَ.

١١ ـ حَدَّثَنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ وَيَقُوْلُ: ما أَطْيَبَكِ وَأَطْيَبَ رِيْحَكِ ما أَعْظَمَكِ وَما أَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَحُرْمَةُ المُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ حُرْمَةً مِنْكِ مَالِهِ وَدَمِهِ وأَن نَظُنَّ بِهِ إِلَّا خَيْرًا.

١٢ ـ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَدْعُو فِي الصَّلاةِ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنَ المَأْثَمِ وَالمَغْرَمِ فَقالَ لَهُ قَائِلٌ: مَا أَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيْذُ مِنَ المَغْرَمِ فَقالَ: إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَرِمَ حَدَّثَ فَكَذِبَ وَوَعَدَ فَأَخْلَفَ.

١٣ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَثَلِي وَ مَثَلُ الأَنْبِياءِ عليهم الصلاة السلام كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى قَصْرًا فَأَكْمَلَ بِنَائَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَنَظَرَ النَّاسُ إِلَى القَصْرِ فَقَالُوْا: مَا أَحْسَنَ بُنْيَانَ هذا القَصْرِ لَوْ تَمَّتْ هذه اللَّبِنَةُ أَلَا فَكُنْتُ أَنا اللَّبِنَةَ أَلَا فَكُنْتُ أَنَا اللَّبِنَةَ.

١٤ ـ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَهُوَ يُوْعَكُ فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلَيْهِ فَوَجَدْتُ حَرَّهُ بَيْنَ يَدَيَّ فَوْقَ اللِّحَافِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَا أَشَدَّهَا عَلَيْكَ، قَالَ: إِنَّا كَذٰلِكَ يُضَعَّفُ لَنَا البَلَاءُ وَيُضَعَّفُ لَنَا الأَجْرُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الأَنْبِيَاءُ.

١٥ ـ حَدَّثَنِي شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ سُلَيْمٍ: يَا أُمَّ المُؤْمِنِيْنَ! مَا كَانَ أَكْثَرُ دُعَائِهِ يَا مُقَلِّبَ القُلُوْبِ! ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِيْنِكَ قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! مَا أَكْثَرَ دُعَائَكَ يَا مُقَلِّبَ القُلُوْبِ! ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِيْنِكَ قَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ! إِنَّهُ لَيْسَ آدَمِيٌّ إِلَّا وَقَلْبُهُ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ فَمَنْ شَاءَ أَقَامَ وَمَنْ شَاءَ أَزَاغَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٥

نموذج في الإعراب:

١ـ لَهُ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ.

له: **لـ:** حرف جر، مبني على الفتحة، لا محل له من الإعراب. **ه:** ضمير متصل، مبني على الضمة، في محل جر بحرف جر، والجار والمجرور متعلقان بخبر مقدم محذوف، تقديره: "كائن".

غيب: مبتدأ، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

السموات: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره.

و: عاطفة، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

الأرض: اسم مجرور معطوف على "السموات"، وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره.

أبصر: فعل ماض لإنشاء التعجب، أتى على صورة الأمر، مبني على الفتح المقدر؛ لمجيئه على صورة الأمر.

به: **بـ:** حرف جرٍّ زائد، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، مجرور لفظا، ومرفوع محلا، أو أنه مجرور بكسرة مقدرة على آخره، منع من ظهورها كسرة حرف الجرّ الزائد، في محل رفع.

و: عاطفة، مبنية على الفتحة، لا محل لها من الإعراب.

أسمع: فعل ماض لإنشاء التعجب، أتى على صورة الأمر، مبني على الفتح المقدر؛ لمجيئه على صورة الأمر، و "به" مقدر.

الجملة "له غيب السموات.....": لا محل لها من الإعراب، تعليلية.

الجملة "أبصر به": لا محل لها من الإعراب، استئنافية في حيز القول.

الجملة "أسمع (به)": معطوفة على جملة "أبصر به" لا محل لها من الإعراب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٢ـ قُتِلَ الإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهُ.

قُتِل: فعل ماض، مبني للمجهول، مبني على الفتح.

الإنسان: نائب الفاعل، مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

ما: تعَجُّبية، نكرة تامة، بمعنى "شيء"، في محل رفع، مبتدأ.

أَكْفَرَهُ: فعل ماض لإنشاء التعجب، مبني على الفتح، وفاعله ضمير مستتر فيه وجوبا، تقديره: "هو" في محل رفع يعود على "ما"، ه: ضمير متصل، مبني على الضمة، في محل نصب، مفعول به.

الجملة "قتل الإنسان": لا محل لها من الإعراب، استئنافية.

الجملة "ما أكفره": لا محل لها من الإعراب، استئناف بياني.

الجملة "أكفرَه": في محل رفع، خبر لمبتدأ "ما" التعجبية.

٣ـ أَحْسِنْ بِالأخلاق.

أَحْسِنْ: فعلٌ ماضٍ جامد، لإنشاء التعجب، على صورة الأمر، مبني على فتح مقدّرٍ، لمجيئه على هذه الصورة.

بالأخلاقِ: بـ: حرف جرٍّ زائدٍ، **الأخلاقِ:** فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضَّمَّة المقَدَّرة على الآخر، منع من ظهورها كسرة حرفِ الجرِّ الزائدِ.

الجملة "أحسن ...": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب ما يلي:

١ـ ما أحسن الإيمان يزينه التُّقى وأحسن بالتقى يزينه العلم.

٢ـ أنت النعيم لقلبي والعذاب له فما أمَرَّك في قلبي وأحْلاَك

٣ـ ما أَصْبَرَ النبيَّ ﷺ على الشدائد وما أعظمَ أجرَهُ بأنه أُوذِي في سبيله.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الرابع والثلاثون

أفعال المدح والذّم

نعم وبئس

الأمثلة:

١ ـ نِعْمَ الصَّدِيْقُ الوَفِيُّ	بِئْسَ الحَدِيْثُ الكِذْبُ.
٢ ـ نِعْمَ جَزَاءُ المُتَّقِيْنَ الجَنَّةُ	بِئْسَ أَمِيْرُ القَوْمِ الخَائِنُ.
٣ ـ نِعْمَ ثَمَرَةُ أَعْمَالِ المُجْتَهِدِ النَّجَاحُ	بِئْسَ جَزَاءُ أَعْمَالِ الكُفَّارِ النَّارُ.
٤ ـ نِعْمَ فَضِيْلَةً الصِّدْقُ	بِئْسَ طَالِبًا مَنْ لَا يَتَوَاضَعُ لِمُعَلِّمِهِ.
٥ ـ نِعْمَ مَا يُصَانُ اللِّسَانُ عَنْهُ الغِيْبَةُ	بِئْسَ مَا تَتَخَلَّقُ بِهِ الكِبْرُ.

شرح وتفصیل:

عربی زبان میں بہت سے ایسے الفاظ اور اسالیب ہیں جو تعریف اور مذمت پر دلالت کرتے ہیں۔ ان میں سے کچھ الفاظ وافعال تو اس پر صراحۃً دلالت کرتے ہیں، جیسے: أَمْدَحُ، أُثْنِي، أَسْتَحْسِنُ، أهجو، أَذُمّ وغیرہ۔
اور بعض مشتقات میں تعریف یا مذمت کے معنی پائے جاتے ہیں، جیسے: الجَمِيْلُ، العَظِيْمُ، الفَاضِلُ، البَخِيْلُ، الحَقُوْدُ وغیرہ۔
جبکہ بعض الفاظ یا اسالیب اچھائی اور برائی پر دلالت کرنے کے لئے قرائن کے محتاج ہوتے ہیں، جیسے: نفي، استفهام، تفضيل اور تعجب[1] یہ الفاظ کبھی کبھی اپنے خاص معنی ادا کرتے ہوئے کسی قرینہ کی موجودگی میں اچھائی یا برائی پر دلالت کرتے ہیں۔ نعم وبئس کا تعلق اس پہلی قسم کے الفاظ سے ہے جو اچھائی یا برائی پر صراحۃً دلالت کرتے ہیں،

---

(١) نفی مثلا: ما هذا بَشَرًا، استفهام مثلا: هَلِ العِلْمُ إِلَّا التَّفْسِير، تفضیل مثلا: كَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَحْرَصَ الصَّحَابَةِ رضي الله عنهم عَلَى الحَدِيْثِ النَّبَوِيِّ اور تعجب مثلا: مَا أَحْسَنَ قَوْلَ القَائِلِ مَنْ حَفِظَ المُتُوْنَ حَازَ الفُنُوْنَ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نعم تعریف کیلئے اور بئس مذمت کیلئے استعمال ہوتا ہے، یہ اسلوب تین ارکان پر مشتمل ہے:

۱۔ فعل (نعم ، بئس)

۲۔ فاعل (مثلا الصديق ، الحديث)

۳۔ مخصوص بالمدح و الذمّ (مثلا الوفيّ ، الكذب)

۱۔ أحكام أفعال المدح والذمّ (۱):

اس اسلوب کے احکام مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ یہ افعال ماضیہ، جامدہ اور لازمہ ہوتے ہیں یعنی ان سے مضارع اور امر کے صیغے نہیں بنتے اور نہ ہی ان سے دوسرے مشتقات نکلتے ہیں (۲)۔

۲۔ اگر فاعل اسم ظاہر مؤنث ہو تو فعل کے ساتھ تاء التأنيث لگانا بھی جائز ہے، جیسے: نِعْمَتِ الْخَصْلَةُ الصِّدْقُ اور اس کا حذف کرنا بھی ٹھیک ہے اگرچہ فاعل مؤنث حقیقی ہو، جیسے: بئس أو بئست الفتاة المتبرجة۔

۲۔ أحكام فاعل هذه الأفعال:

مندرجہ بالا مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے فاعل کی چند صورتیں ہیں:

۱۔ اسم ظاہر معرف بـ أل الجنسية أو العَهْدية ہو، جیسا کہ جملہ ۱۔ نِعْمَ الصَّدِيْقُ الوَفِيُّ، بِئْسَ الحَدِيْثُ الكِذْبُ۔

۲۔ اسم ظاہر معرف بـ أل کی طرف مضاف ہو، جیسا کہ جملہ ۲۔: نِعْمَ جَزَاءُ الْمُتَّقِيْنَ الجَنَّةُ، بِئْسَ أَمِيْرُ القَوْمِ الخَائِنُ۔

۳۔ اسم ظاہر ایسے اسم کی طرف مضاف ہو، جو معرف بـ أل کی طرف مضاف ہو، جیسا کہ جملہ ۳۔ نِعْمَ ثَمَرَةُ أَعْمَالِ الْمُجْتَهِدِ النَّجَاحُ، بِئْسَ جَزَاءُ أَعْمَالِ الكُفَّارِ النَّارُ۔

۴۔ فاعل ضمیر مستتر ہو جو اپنے بعد آنے والی تمیز پر لوٹے جو اس ضمیر میں موجود ابہام کو دور کر دے، جیسے جملہ ۴۔ نِعْمَ فَضِيْلَةً الصِّدْقُ، بِئْسَ طَالِبًا مَنْ لَا يَتَوَاضَعُ لِمُعَلِّمِهِ میں نِعْمَ کے بعد واقع ہونے والا نکرہ اسم فَضِيْلَة نعم کے فاعل (ضمیر مستتر وجوبًا) کی وضاحت کر رہا ہے، اسی طرح بِئْسَ کے بعد طَالِبًا۔

(۱) بسا اوقات ایسے افعال جو کہ فَعُلَ کے وزن پر ہوتے ہیں انہیں تعریف اور مذمت کے لئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ ان میں دو امور پائے جائیں:
۱۔ مدح و ذم کے لئے مناسب ہوں ۲۔ ان سے صیغہ تعجب أَفْعَلَ بن سکتا ہو، جیسے: حَسُنَ، شَرُفَ، كَبُرَ، خَبُثَ۔

(۲) ان افعال کے اعراب فعل ماضی کی طرح ہوتے ہیں، لیکن معنی یہ کسی بھی زمانے پر دلالت نہیں کرتے نہ ماضی پر نہ غیر ماضی پر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۵۔ مَا [1] یامَنْ المَوْصُوْلَة ہو، جیسا کہ جملہ ۵۔ نِعْمَ مَا یُصانُ اللِّسَانُ عَنْهُ الغِیْبَةُ، بِئْسَ مَا تَتَخَلَّقُ بِهِ الكِبْرُ میں مَا فاعل ہے اور اسکے بعد والا جملہ فعلیہ یُصانُ اللِّسَانُ عَنْهُ، تَتَخَلَّقُ بِهِ صلة الموصول ہے۔ اسی طرح آیت ﴿إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا [2] یَعِظُكُمْ بِهِ﴾ میں ما فاعل ہے اور اسکے بعد والا جملہ یَعِظُكُمْ بِهِ صلة الموصول ہے۔ اور اسی طرح نِعْمَ مَنْ تَصْحَبُهُ عزیزًا بِئسَ مَنْ تَرَاهُ مُنَافِقًا میں مَنْ فاعل ہے اور جملہ فعلیہ صلة الموصول ہے۔

۶۔ اسم موصول الذي ہو، جیسے: نعم الذي يقوى برؤيته إيمانك، بئس الذي تركه الناس اتقاء فُحشِه۔

۷۔ اسم نکرة مضاف إلى نكرة یاغیر مضاف ہو، جیسے: نعم معلّم أنت۔

۳۔ أحكام المخصوص بالمدح والذّمّ:

جس شخص یا چیز کی تعریف مقصود ہوتی ہے اسے مخصوص بالمدح اور جسکی مذمّت مقصود ہوتی ہے اسے مخصوص بالذمّ کہتے ہیں، اسکی علامت یہ ہے کہ اگر اس کو مبتدا بنایا جائے اور اس سے پہلے جو جملہ فعلیہ ہے (فعل المدح أو الذمّ اور اس کا فاعل) اسے خبر بنایا جائے تو جملہ کا مفہوم ومعنی درست رہے، جیسے جملہ ا۔ بِئْسَ الحَدِيْثُ الكِذْبُ میں مخصوص بالذم الكِذْبُ کو مبتدا بنایا جاسکتا ہے یعنی: الكذب بئس الحديث کہنے سے جملے کا مفہوم ٹھیک رہے گا۔

مخصوص بالمدح أو الذمّ کے لئے چند زائد شرائط درج ذیل ہیں:

ا۔ وہ معرفہ یا نکرہ مختصہ ہو چاہے یہ تخصیص کسی وصف کے ساتھ ہو یا اضافت کے ساتھ۔

۲۔ اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل وفاعل دونوں کے بعد آئے یا دونوں سے پہلے یعنی مخصوص بالمدح والذمّ کا فعل اور فاعل کے بیچ میں آنا درست نہیں۔

۳۔ اگر فاعل ایک ایسی ضمیر مستتر ہو جس کی وضاحت تمیز کر رہی ہو تو مخصوص بالمدح والذمّ تمیز کے بعد لانا

---

(۱) نعم اور بئس کے بعد جب ما آئے تو اس کے درج ذیل اعراب ممکن ہیں:

ا۔ اگر ما اسم مفرد کے بعد واقع ہو، جیسے قولہ تعالی: إن تبدوا الصدقات فنعما هي اس صورت میں اس کو فاعل بنانا بھی جائز ہے اور تمیز بھی۔

۲۔ اگر اس کے بعد جملہ فعلیہ واقع ہو، جیسے: نعم ما يقول الحكماء تو اس کے دو اعراب جائز ہیں: (ا) یہ نکرہ موصوفہ ہوگی اور تمیز واقع ہوگی اور اس کے بعد آنے والا جملہ اسکی نعت ہوگا۔ (ب) اسم موصول اور اس صورت میں اسکو صرف فاعل بنانا جائز ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا جملہ صلة الموصول ہوگا۔

۳۔ اگر اسکے بعد کچھ بھی واقع نہ ہو، جیسے: الإسراف في الرياضة بئسما اس صورت میں یہ نکرہ تامہ ہوگی یعنی اسکا فاعل یا تمیز بنانا جائز ہے۔

(۲) اصل میں یہ نعم ما تھا پھر ما کو فعل کے ساتھ مدغم کر دیا گیا اور التقاء الساکنین سے بچنے کے لئے حرف عین کو کسرہ دے دیا گیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ضروری ہے، جیسے: نِعمَ قَومًا الْمُسْلِمُونَ میں مخصوص بالمدح الْمُسْلِمُونَ تمیز قَومًا کے بعد واقع ہے اس کو تمیز سے پہلے لانا جائز نہیں، لیکن اگر فاعل اسم ظاہر ہو تو مخصوص بالمدح أو الذمّ تمیز سے پہلے بھی آسکتا ہے اور بعد میں بھی، جیسے: نِعْمَ الصَّحَابِيُّ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رضي الله عنه حَيَاءً میں مخصوص بالمدح عُثْمَانُ کو تمیز حَيَاءً سے پہلے لانا بھی جائز ہے۔

۴۔ اگر مخصوص مؤنث ہو تو فعل مذکر بھی ہو سکتا ہے اور مؤنث بھی، جیسے: نعمت خلق الرّحمٰن السّماء / نعم خلق الرّحمٰن السّماء اگرچہ فاعل مذکر ہو، البتہ فاعل کے مذکر ہونے کی صورت میں فعل کو مذکر رکھنا بہتر ہے تاکہ فعل اپنے فاعل کے مطابق رہے، جیسے: نِعْمَ خَلْقُ الرَّحْمٰنِ السماء۔

۵۔ نعم و بئس کے مخصوص پر نواسخ المبتدأ والخبر (إنَّ، کان، ظنَّ وأخواتها) داخل ہو سکتے ہیں، مثلا: نعم ما اتخذته سميرًا كان الكتاب، بئس الرجل ظننتُ زيدًا۔

مندرجہ بالا مثالوں میں مخصوص بالمدح (الوفيُّ، الجنّةُ، النجاح، الغِيْبَةُ، الصِّدْقُ) اور مخصوص بالذم (الكِذْبُ، الخائن، النار، الكبر) مرفوع اور معرفہ واقع ہوئے ہیں ان کے اعراب کی درج ذیل صورتیں ہیں:

۱۔ اگر مخصوص بالمدح أو الذمّ جملہ فعلیہ پر مقدم ہو یعنی فعل اور فاعل سے پہلے واقع ہو تو مبتدا ہونے کی بنا پر مرفوع ہوگا، مثلاً: الوفي نِعمَ الصَّدِيْقُ میں الوَفِيُّ مبتدا ہے اور جملہ فعلیہ نعم الصديق اس کی خبر ہے۔

۲۔ اگر مخصوص بالمدح و الذمّ جملہ میں مؤخر ہو (یعنی فعل اور فاعل کے بعد واقع ہو) تو اس کے اعراب میں دو صورتیں ممکن ہیں:

(الف) مخصوص بالمدح أو الذم مبتدا مؤخر اور اس سے پہلے واقع ہونے والا جملہ اس کی خبر مقدم بن کر آئے، جیسے: نِعْمَ الصَّدِيْقُ الوَفِيُّ میں الوَفِيُّ مبتدا مؤخر ہے اور اس سے پہلے واقع ہونے والا جملہ فعلیہ نِعْمَ الصَّدِيْقُ اس کی خبر ہے۔

(ب) مخصوص بالمدح أو الذمّ خبر ہونے کی بنا پر مرفوع ہو اور اس کا مبتدا وجوبًا محذوف ہو جس کی تقدیر ضمیر مستتر هو یا هي ٹھہرائی جائے یہاں ضمیر سے مراد الممدوح أو المذموم ہو، جیسے: نِعْمَ الْخُلُقُ هُوَ الْحَيَاءُ یعنی الممدوح الحياء۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

حذف المخصوص:

مخصوص بالمدح أو الذمّ کو تین شرطوں کے ساتھ حذف کرنا جائز ہے:

ا۔ جملہ مدحیہ یا ذمیّہ سے پہلے کوئی ایسا لفظ ہو جو مخصوص کو حذف کرنے کے بعد اس پر دلالت کرے چاہے یہ لفظ خود مخصوص بن سکتا ہو یا نہیں (۱)، یہ لفظ مُشْعِرٌ بالمخصوص کہلاتا ہے۔

۲۔ مشعر بالمخصوص کی موجودگی میں مخصوص کو ذکر کرنے کی ضرورت نہ ہو۔

۳۔ مخصوص کو حذف کرنے سے کلام میں التباس پیدا نہ ہو، مثلاً قرآن کریم میں داوٗد علیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمٰنَ نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ﴾، اس آیت کریمہ میں مخصوص بالمدح مذکور نہیں ہے، لیکن سیاق کلام اس پر دلالت کررہا ہے کہ مخصوص بالمدح داوٗد علیہ السلام ہیں اس لئے مخصوص بالمدح کو ذکر کرنے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی اسکے حذف کرنے سے کلام میں کوئی التباس پیدا ہورہا ہے۔

(ب) حبذا، لا حبّذا، ساء

الأمثلة:

١ ـ حَبَّذَا رَجُلٌ يَدَعُ مَا يَرِيبُهُ إِلَى مَا لَا يَرِيبُهُ.

٢ ـ لَا حَبَّذَا سُوْءُ الظَّنِّ بِالْمُؤْمِنِ.

٣ ـ سَاءَ رَجُلاً مَنْ يُحَدِّثُ بِكُلِّ مَا سَمِعَ.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں حبّذا، لا حبّذا اور ساءَ پر مشتمل ہیں، یہ افعال بھی ان اسالیب میں سے ہیں جو مدح یا ذم پر صراحۃ دلالت کرتے ہیں۔

حبّذا فعل ماضی حبَّ اور اسم اشارہ ذا سے مرکب ہے، یہ نِعم کی طرح کسی چیز کی اچھائی اور تعریف پر دلالت کرتا ہے، لیکن اس میں محبت اور پسندیدگی کے معنی اضافی ہوتے ہیں کیونکہ فعل حبّ مادۂ حب سے مشتق ہے، ذیل میں

(۱) یعنی مخصوص میں پائی جانے والی شرائط میں سے کوئی شرط اس لفظ میں نہ پائی جائے جیسے قولہ تعالی: ﴿إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ﴾ میں صابرًا مشعر بالمخصوص ہے اور مخصوص نہیں بن سکتا کیونکہ نکرۃ غیر مختصۃ ہے اور آیت کی تقدیر یوں ٹھہرائی جائے گی: نعم العبد الصابرُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

حبّذا سے متعلق چند امور مذکور ہیں:

ا۔ اسم اشارہ ذا فعل ماضی حبّ کا فاعل بن کر آتا ہے اور اسکی ایک ہی صورت (مفرد و مذکر) رہتی ہے چاہے مخصوص مفرد ہو یا مثنی یا جمع، مذکر ہو یا مؤنث۔

۲۔ حبّذَا کا مخصوص ہمیشہ فعل اور فاعل کے بعد آتا ہے نہ ان کے درمیان آسکتا ہے نہ ان سے پہلے۔

۳۔ اگر جملے میں تمیز ہو تو حبّذا کا مخصوص اس تمیز سے پہلے بھی آسکتا ہے اور بعد میں بھی، جیسے: حَبَّذا رَجُلاً الْمُجَاهِدُ۔

۴۔ حبّذا کے مخصوص بالمدح کے وہی اعراب ہوتے ہیں جو نِعم کے مخصوص بالمدح کے ہوتے ہیں۔

۵۔ حبّذا کے مخصوص بالمدح پر نواسخ المبتدأ والخبر داخل نہیں ہوسکتے۔

اگر حبّذا سے پہلے حرف نفی لا لگا دیں تو یہ اسلوب مدح کے بجائے ذمّ پر دلالت کرنے لگتا ہے واضح رہے کہ حبّذا سے پہلے لا کے علاوہ کوئی اور حرف نفی نہیں لگتا، حَبّذا اور لا حبّذا کے احکام میں کوئی فرق نہیں ہے، جملہ ا۔ حبّذا پر اور جملہ ۲۔ لَا حَبّذَا پر مشتمل ہے۔

جملہ ۳۔ سَاءَ رَجُلاً مَن يُحَدِّثُ بِكُلِّ مَا سَمِعَ میں سَاءَ ذم کیلئے استعمال ہوا ہے، جب یہ فعل ذم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے تو یہ ماضی جامد کے طور پر استعمال ہوتا ہے، یہ اپنے تمام احوال میں بئس کے مشابہ ہوتا ہے۔

اسی طرح ہر وہ فعل جسمیں درج ذیل دو شرائط پائی جائیں اس کو أفعال المدح والذم کے طور پر استعمال کرنا جائز ہے:

ا۔ فعل ثلاثی ہو اور اس میں فعل التعجب میں مشروط سات شرائط پائی جاتی ہوں۔

۲۔ یہ فَعُل کے وزن پر ہو، چاہے اصالۃً جیسے: ظَرُفَ و شَرُفَ، چاہے اسکو فَعُل کے وزن پر بدلا گیا ہو، جیسے: ضَرَبَ سے ضَرُبَ اور فَهِم سے فَهُم۔

قواعد:

ا۔ نعم فعل المدح اور بئس فعل الذّم ہے یہ دونوں افعال ماضیہ جامدہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

انکے فاعل کی پانچ صورتیں ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(۱) معرّف بأل الجنسية أو العهدية (۲) المضاف إلى المعرّف بأل (۳) المضاف إلى المضاف إلى المعرف بأل (۴) ضمیر مستتر يُفَسِّرُه التَّمْيِيز (۵) مَن أو ما الموصولة۔

۲۔ جس اسم کی تعریف مقصود ہو وہ مخصوص بالمدح کہلاتا ہے اور جس کی مذمت مقصود ہو وہ مخصوص بالذّم کہلاتا ہے اس کے اعراب دو طرح ممکن ہیں:

(۱) اگر یہ جملہ میں مؤخر ہو تو مبتدا بھی بن سکتا ہے اور خبر بھی ۔

(۲) اگر جملہ پر مقدم ہو تو صرف مبتدا بن سکتا ہے ۔

۳۔ حبذا، لا حبذا، ساء بھی أفعال المدح والذم میں سے ہیں۔ حبذا تعریف جبکہ لا حبذا اور ساء مذمت پر دلالت کرتے ہیں۔

التمرين - ١

عيِّن أساليبَ المدحِ والذّم وَبيِّنْ الفاعل والمخصوصَ في كُلِّ أسلوبٍ:

نموذج: مُطَالَعَةُ الْكُتُبِ تُرَوِّحُ الْأَذْهَانَ فَنِعْمَ الْمَسْلَاةُ.

نعم المسلاة: أسلوب المدح، والفاعل ضمير مستتر، تقديره: "هي" تعود على مطالعة الكتاب.

المسلاة: مخصوص بالمدح.

٢ ـ حَبَّذَا الْكِتَابُ النَّافِعُ.

٣ ـ لَا حَبَّذَا الْمَالُ الْمُلْهِيُّ عَنِ الآخِرَةِ.

٤ ـ بِئْسَتْ سَجِيَّةُ الثَّرْثَرَةُ.

٥ ـ حَبَّذَا مَدْرَسَةُ النَّاشِرَةُ لِلْعِلْمِ وَالْعِرْفَانِ.

٦ ـ الْقَنَاعَةُ نِعْمَتِ الْكَنْزُ.

٧ ـ تَسْلِيَةُ الْمَرِيْضِ نِعْمَ مَا يَعْمَلُهُ الطَّبِيْبُ.

٨ ـ حَبَّذَا الْعَنْدَلِيْبُ مُغَرِّدًا.

٩ ـ الصَّبْرُ يَرْفَعُ الدَّرَجَاتِ فَنِعْمَتِ الشِّيْمَةُ.

١٠ ـ بِئْسَ رِدَاءً رِدَاءُ الْعِصْيَانِ.

١١ ـ كَثْرَةُ الضَّحْكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ فَبِئْسَتِ الْعَادَةُ.

١٢ ـ نِعْمَ مَا تَقْرَأُ قَصَصُ الْجُوْدِ.

١٣ ـ بِئْسَ الْوَالِدَانِ الْمُقَصِّرَانِ فِي تَرْبِيَةِ أَوْلَادِهِمَا.

١٤ ـ لَا حَبَّذَا التَّاجِرُ مُحْتَكِرُ السِّلَعِ.

١٥ ـ إِفْشَاءُ السَّلَامِ يُوْرِثُ التَّحَابُبَ فَنِعْمَتِ الْعَادَةُ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٦ـ نِعْمَ سِلاَحًا الْعَفْوُ عِنْدَ الْمَقْدَرَة. ١٧ـ نِعْمَ الْمَصْرَعُ الاسْتِشْهَادُ دِفَاعًا عَنِ الإِسْلاَمِ.

١٨ـ لَا تَدَّخِرْ غَيْرَ الْعُلُوْمِ فَإِنَّهَا نِعْمَ الذَّخَائِرُ

فَالْمَرْءُ لَوْ رَبِحَ الْبَقَاءُ مَعَ الْجَهَالَةِ كَانَ خَاسِرُ

١٩ـ حَيَاةٌ عَلَى الضَّيْمِ بِئْسَ الْحَيَاةُ وَنِعْمَ الْمَمَاتُ إِذَا لَمْ نَعِزَّ

٢٠ـ فَنِعْمَ صَدِيْقُ الْمَرْءِ مَنْ كَانَ عَوْنَهُ وَبِئْسَ امْرُؤٌ مَنْ لَا يُعِيْنُ عَلَى الدَّهْرِ

التمرين ـ ٢

مثل لما يأتي:

١ـ فعل ذم فاعله "من".

٢ـ فعل ذم فاعله مضاف إلى المعرف بـ "أل".

٣ـ فعل ذم فاعله مؤنث.

٤ـ فعل مدح فاعله اسم ظاهر معرف بـ "أل".

٥ـ فعل مدح فاعله مذكر.

٦ـ فعل مدح فاعله ضمير مستتر يفسره التمييز.

٧ـ فعل ذم مخصوصه محذوف.

٨ـ فعل ذم مخصوصه مقدم على الفعل و الفاعل.

٩ـ فعل مدح فاعله مذكر ومخصوصه مؤنث.

١٠ـ فعل مدح فاعله مضاف إلى مضاف إلى معرف بـ "أل".

التمرين ـ ٣

اجعل كلّ اسم مِن الأسماء الآتية مخصوصًا بالمدح مرّةً وبالذمّ أخرى:

١ـ الغنى ٢ـ العزلة ٣ـ الفقر ٤ـ التورية

٥ـ العتاب ٦ـ المال ٧ـ المداراة ٨ـ الشفاعة

٩ـ المشورة ١٠ـ المزاح ١١ـ المناظرة ١٢ـ إعارة الكتب

١٣ـ السؤال ١٤ـ الاستغناء ١٥ـ تصعير الخدّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٤

ترجم إلى الأرديّة:

١ ـ لا حبذا السمر بالليل.

٢ ـ حبذا العمرة في رمضان.

٣ ـ نعم الأمير إذا كان بباب الفقير.

٤ ـ أفضل الصدقة جهد المقل فنعم الحسنة.

٥ ـ نعم من تصاحبه الذي تذكرك اللّٰه رؤيتُه.

٦ ـ حب الدنيا رأس كل خطيئة فبئس سجيةً.

٧ ـ بئس العبد عبد يستحل المحارم بالشبهات.

٨ ـ ذكر الموت يهذم اللذات فنعم دواء القلوب.

٩ ـ بئس المجلس مجلس لا يذكر فيه الرب جل جلاله.

١٠ ـ نعم ترجمان القرآن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما.

التمرين ـ ٥

ترجم إلى العربيّة:

۱۔ نماز میں چوری کرنا بدترین جرم ہے۔

۲۔ کتنا برا ہے وہ شخص جسکا کوئی دین نہ ہو۔

۳۔ بہترین شخص ہے وہ جس کے مصاحبین ربانی علماء ہوں۔

۴۔ کتنی بہترین ہے وہ دوستی جس میں اغراض کی ملاوٹ نہ ہو۔

۵۔ اثمد بہترین سُرمہ ہے بینائی کو تیز کرتا ہے اور بالوں کو بڑھاتا ہے۔

۶۔ کتنا برا ہوگا وہ دن جب مجرموں کو انکی معذرت کوئی فائدہ نہ دے گی۔

۷۔ بہترین باپ وہ جو ناصح رہنما ہو اور بہترین بیٹا وہ جو کہنا سنے اور مانے۔

۸۔ بدترین تفریح وہ ہے جو ان اقوام کی بستیوں میں ہو جو اللہ کے عذاب سے ہلاک ہو گئے۔

۹۔ حضرت ابو بکر کا ایمان کیا ہی بہترین ایمان ہے جس کی تعریف آپ علیہ السلام نے خود کی۔

۱۰۔ کتنی بری بات ہے کہ آپ کسی بات سے دوسروں کو منع کرتے ہیں اور خود اسے کرتے ہیں۔

۱۱۔ کتنے بہترین ہیں وہ الفاظ جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کی تسلّی کے لئے کہے۔

۱۲۔ کتنے برے تھے خندق والے جنہوں نے ایمان والوں سے صرف ان کے ایمان کی وجہ سے دشمنی کی۔

۱۳۔ دو طاقتیں کتنی بہترین ہیں جو کبھی زیر نہیں ہو سکتیں اللہ کی طاقت اور اسکی مخلوق ایمان والوں کی طاقت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٤۔ کتنی اچھی ہے وہ زندگی جس کی باگ دوڑ ایسے امیر کے ہاتھ میں ہو جس کا عزم وحوصلہ پہاڑوں جیسا ہو۔

التمرين - ٦

استخرج من الآيات الآتية أساليب المدح والذم وعيّن الفاعل والمخصوص بالمدح والذم:

نموذج: بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ إِيْمَانُكُمْ.

بئس: أسلوب الذمّ. ما: اسم موصول فاعل، والمخصوص بالذم محذوف، تقديره: "عبادة العجل".

٢ ـ إِنَّهَا سَاءَ تْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا.

٣ ـ إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ.

٤ ـ وَمَأْوٰهُم النَّارُ وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِيْنَ.

٥ ـ يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ.

٦ ـ سَاءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِآيَاتِنَا وَأَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ.

٧ ـ قُلْ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ إِلَى جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ.

٨ ـ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوْا يَحْكُمُوْنَ.

٩ ـ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰى إِلٰى قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِي مِنْ بَعْدِيْ.

١٠ ـ وَإِنْ يَّسْتَغِيْثُوا يُغَاثُوْا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَ تْ مُرْتَفَقًا.

١١ ـ أُولٰئِكَ جَزَاءُ هُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَنِعْمَ أَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ.

١٢ ـ الَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ.

التمرين - ٧

استخرج من الأحاديث الآتية أساليب المدح والذم وأعرب:

نموذج: قَالَ عُرْوَةُ بْنُ زُبَيْرٍ لِعَائِشَةَ ﵂: أَلَمْ تَرَيْ إِلَى فُلَانَةَ بِنْتِ الْحَكَمِ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ فَخَرَجَتْ، فَقَالَتْ: بِئْسَمَا صَنَعَتْ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بئس: فعل ماض، جامد، لإنشاء الذم مبني على السكون.

ما: في إعرابه وجهان: (١) اسم موصول، مبني على السكون، في محل رفع، فاعل "بئس"، (٢) نكرة موصوفة، في محل نصب، تمييز للضمير المستتر والتقدير: "بئس شيئا صنعت". صنعت: فعل ماض، مبني على الفتح، والتاء للتأنيث، وفاعله ضمير مستتر جوازًا، تقديره: "هي".

الجملة "صنعت": صلة الموصول، لا محل لها من الإعراب على الوجه الأول، ونعت، في محل نصب على الوجه الثاني، والمخصوص بالذم محذوف، تقديره: "الخروج".

٢ـ قَالَ ﷺ: بِئسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ زَعَمُوا.

٣ـ قَالَ ﷺ: نِعمَ سَحُورُ الْمُؤمِنِ التَّمرُ.

٤ـ قَالَ ﷺ: حَبَّذَا الْمُتَخَلِّلُوْنَ، قِيْلَ: وَمَا الْمُتَخَلِّلُوْنَ؟ قَالَ: فِيْ الْوُضُوْءِ وَالطَّعَامِ.

٥ـ قَالَ ﷺ: نِعْمَ مَا لِلْمَمْلُوْكِ أَنْ يُتَوَفَّى بِحُسْنِ عِبَادَةِ اللّٰهِ وَصَحَابَةِ سَيِّدِهِ نِعِمَّا لَهُ.

٦ـ قَالَ ﷺ: بِئْسَ الْعَبْدُ الْمُحْتَكِرُ إِنْ أَرْخَصَ اللّٰهُ الْأَسْعَارَ حَزِنَ، وَإِنْ أَغْلَاهَا فَرِحَ.

٧ـ قَالَ ﷺ: نِعمَ المَنِيحَةُ اللِّقحَةُ الصَّفِيُّ مِنحَةً والشَّاةُ الصَّفِيُّ تَغدُو بِإنَاءٍ وَتَرُوحُ بِإنَاءٍ.

٨ـ قَالَ ﷺ: نِعْمَتِ الْأَرْضُ الْمَدِيْنَةُ إِذَا خَرَجَ الدَّجَّالُ، عَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْ أَنْقَابِهَا مَلَكٌ لَا يَدْخُلُهَا.

٩ـ قَالَت عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عنهَا: نِعمَ النِّسَاءُ نِسَاءُ الأنصَارِ لَم يَمنَعهُنَّ الحَيَاءُ أن يَتَفَقَّهنَ فِي الدِّينِ.

١٠ـ قَالَ ﷺ: نِعمَ السُّورَتَانِ هُمَا يُقرَأُ بِهِمَا فِي رَكعَتَيِ الفَجرِ: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ وَ﴿قُلْ يَا أَيُّهَا الكَافِرُوْنَ﴾.

١١ـ ذُكِرَ عِندَ ابْنِ عَبَّاسٍ: يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ وَالْحِمَارُ وَالْمَرْأَةُ قَالَ: بِئْسَمَا عَدَلْتُمْ بِامْرَأَةٍ مُسْلِمَةٍ كَلْبًا وَحِمَارًا.

١٢ـ كَانَ ﷺ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ؛ فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ؛ فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ.

١٣ـ قَالَ ﷺ: بِئْسَمَا لِأَحَدٍ يَقُوْلُ: نَسِيْتُ آيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ، بَلْ هُوَ نُسِّيَ، اسْتَذْكِرُوْا الْقُرْآنَ فَلَهُوَ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ بِعُقُلِهَا.

١٤ـ قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ ﷺ: نَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَآذَتْنَا الْبَرَاغِيْثُ فَسَبَبْنَاهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا تَسُبُّوْهَا فَنِعْمَتِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدَّابَّةُ، فَإِنَّهَا أَيْقَظَتْكُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ.

١٥ ـ إِنَّ رَجُلًا خَطَبَ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَعْصِهِمَا فَقَدْ غَوٰى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: بِئْسَ الْخَطِيبُ أَنْتَ قُلْ: وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ.

التمرين ـ ٨

نموذج في الإعراب:

١ ـ نعم جزاء المتقين الجنّةُ.

نعم: فعل ماض، جامد، لإنشاء المدح، مبني على الفتح.

جزاء: فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على اخره، وهو مضاف.

المتقين: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الياء لأنه جمع مذكر سالم.

الجنّةُ: مخصوص بالمدح، مرفوع وعلامة رفعه الضمّة الظاهرة على اخره لأنه مبتدأ مؤخر أو خبر لمبتدأ محذوف، تقديره: "هي".

الجملة "نعم جزاء المتقين الجنة": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "نعم جزاء": خبر مقدم لمبتدأ مؤخر، في محل رفع.

٢ ـ بئسما اشتروا به أنفسهم أن يكفروا بما أنزل اللّٰه.

بئس: فعل ماض، جامد، لإنشاء الذم، مبني على الفتح.

ما: نكرة موصوفة، بمعنى "شيء"، في محل نصب على التمييز، وهي مفسّرة لفاعل "بئس" بمعنى: بئس شيئاً اشتروا.

اشتروا: فعل ماض مبني على الضم المقدر على الياء المحذوفة؛ للثقل والواو: ضمير متصل، مبني على السكون، في محل رفع، فاعل، والألف فارقة.

به: بـ: حرف جر، مبني على الكسر، لا محل له من الإعراب، ه: ضمير متصل، مبني على الكسرة، في محل جر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بحرف جر.

به: الجار والمجرور متعلقان بـ "اشتروا".

أنفسهم: مفعول، به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف . **هم:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جر بالإضافة، مضاف إليه.

أن: حرف نصب ومصدري ومستقبل، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

يكفروا: فعل مضارع، منصوب بأن، وعلامة نصبه حذف النون، و: ضمير متصل، في محل رفع، فاعل والألف فارقة.

بما: بـ: حرف جر، مبني على الكسر، لا محل له من الإعراب، **ما:** اسم موصول، مبني على السكون، في محل جر، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "يكفروا".

أنزل: فعل ماض، مبني على الفتح.

اللّٰه: لفظ الجلالة فاعل، مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

الجملة "بئسما ....": في محل رفع، خبر مقدم للمخصوص بالذم "أن يكفروا ....".

الجملة "اشتروا": في محل نصب، نعت لـ "ما"، ويجوز أن يكون "ما" اسما موصولا، في محل رفع، فاعل "بئس" والجملة بعده لا محل لها، صلة الموصول لـ "ما".

الجملة "أن يكفروا": في تأويل مصدر، في محل رفع، مبتدأ مؤخر؛ لأنه مخصوص بالذمّ، والجملة " بئسما اشتروا به أنفسهم " في محل رفع، خبر مقدّم.

الجملة "أنزل اللّٰه ....": صلة الموصول الإسمي، لا محل لها من الإعراب.

٣ ـ إن تبدوا الصدقات فَنِعِمّا هي.

إن: حرف شرط، جازم، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

تبدوا: فعل مضارع، مجزوم بإن، فعل الشرط، وعلامة جزمه حذف النون؛ لأنه من الأفعال الخمسة، والفاعل واو الجماعة، مبني على السكون، في محل رفع.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الصدقات: مفعول به، منصوب، وعلامة نصبه الكسرة الظاهرة على اخره لأنه جمع مؤنث سالم.

فـ: رابطة لجواب الشرط، لا محل لها من الإعراب.

نعم:فعل ماض، جامد لإنشاء المدح، مبني على الفتح.

ما:اسم موصول، مبني على السكون، في محل رفع، فاعل "نعم"[١].

هي:ضمير منفصل، في محل رفع، مبتدأ مؤخر، خبره جملة "نعمّا".

الجملة "إن تبدوا ....": مستأنفة، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "نعما": في محل رفع، خبر مقدم للمبتدأ "هي".

الجملة "فنعمّا هي": جملة اسمية، جواب الشرط، في محل جزم؛ لأنه مقترن بالفاء.

أعرب ما يأتي:

١ ـ حبذا الحياة العلمية.

٢ ـ نعم صدقةً الكلمة الطيّبة.

٣ ـ بئس عاقبة المجرمين النّار.

٤ ـ الإسراف بئس ما يتصف به المرء.

٥ ـ ساء ما قدّموا لأنفسهم من الذنوب.

(١) أو "ما" نكرة موصوفة تمييز للضمير المستتر فاعل "نعم" أي: نعم (هو) شيئا إبداؤها، وهو مخصوص بالمدح على حذف المضاف.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الخامس والثلاثون

أسماء الأفعال

الأمثلة:

(ألف) المرتجل

١ـ قالَ تعالى: هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ.

٢ـ قالَ تعالى: وَلَا تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا.

٣ـ قالَ ﷺ: إِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الجُمُعَةِ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ: صَهْ، فَقَدْ لَغَوْتَ.

(ب) المنقول

٤ـ قالَ تعالى: يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ.

٥ـ أَمَامَكُمْ أَمَامَكُمْ أَيُّهَا المُجَاهِدُوْنَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ.

٦ـ رُوَيْدَكَ أَيُّهَا المُتَعَلِّمُ فَمَنْ طَلَبَ العِلْمَ جُمْلَةً فَاتَهُ جُمْلَةً.

(ج) المعدول

٧ـ عَمَالِ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِهِ.

٨ـ وَصَالِ مَنْ قَطَعَكَ.

٩ـ تَرَاكِ المِرَاءَ وَإِنْ كُنْتَ مُحِقًّا.

شرح وتفصیل:

عربی زبان میں کچھ کلمات ایسے ہیں جو لفظاً اسماء ہوتے ہیں اور معنًی فعل اور کسی فعل معین پر دلالت کرتے ہیں ایسے کلمات افعال نہیں بلکہ "أسماء الأفعال" کہلاتے ہیں، جیسے جملہ ا۔ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ میں کلمہ هَيْهَاتَ معنی، عمل اور زمانے میں فعل ماضی بَعُدَ پر دلالت کرتا ہے، لیکن فعل ماضی کی کسی علامت کو قبول نہیں کرتا ہے۔ بقیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

مثالوں میں کلمات أُفّ، صَهْ، عليكم، أمامكم، رُوَيْدكَ، عَمَالِ، وَصَالِ، تَرَاكِ أسماء الأفعال ہیں۔ یہ نہ فعل کی علامات قبول کرتے ہیں[1] اور نہ ہی عوامل اعراب سے متاثر ہوتے ہیں[2]۔

ما يمتاز به اسم الفعل

أسماء الأفعال افعال ہی کے معنی ادا کرتے ہیں، لیکن ان میں دو خصوصیات ایسی ہیں جو افعال میں نہیں پائی جاتیں:

۱۔ اسم فعل جس فعل کے معنی پر دلالت کرتا ہے اس میں اس فعل سے زیادہ قوت اور مبالغہ پایا جاتا ہے، مثلا: فعل أَتَوَجَّعُ صرف تکلیف پر دلالت کرتا ہے جبکہ اسم فعل آہ جو بمعنی أَتَوَجَّعُ استعمال ہوتا ہے شدید تکلیف پر دلالت کرتا ہے۔

۲۔ اسم فعل معنی کے اعتبار سے فعل سے زیادہ بلیغ اور لفظا اس سے زیادہ مختصر ہوتا ہے، کیونکہ یہ عموما ایک ہی حالت میں رہتا ہے۔ افراد، تثنیہ، جمع، تذکیر وتانیث اس پر اثر انداز نہیں ہوتے، مثلا: مَه يَا وَلَدُ، يَا وَلَدَانِ، يَا بِنْتُ، يَا بِنْتَانِ وغیرہ، جبکہ اسکی جگہ اگر فعل استعمال ہوگا تو اس کے صیغے بدلتے رہیں گے، جیسے: اُكْفُفْ يَا وَلَدُ، اُكْفُفَا يَا وَلَدَانِ، اُكْفُفِي يَا بِنْتُ۔

أقسام أسماء الأفعال

القسم الأوّل:

زمانے کے اعتبار سے افعال کی طرح أسماء الأفعال کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ اسم فعل ماض ۲۔ اسم فعل مضارع ۳۔ اسم فعل أمر۔

مجموعہ الف کے جملہ ۱۔ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ میں کلمہ هَيْهَاتَ، اسم فعل ماض ہے جسکے معنی دور ہونے کے ہیں، جملہ ۲۔ وَلَا تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا میں أُفٍّ، اسم فعل مضارع ہے جسکے معنی اف کہنے کے ہیں۔ اور جملہ ۳۔ إِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ: صَهْ فَقَدْ لَغَوْتَ میں صَهْ، اسم فعل أمر ہے جسکے معنی خاموش رہنے کے ہیں۔ اکثر أسماء الأفعال امر پر دلالت کرتے ہیں، کچھ مضارع پر بھی دلالت کرتے ہیں جبکہ ماضی پر

(۱) اسم فعل ماضی تاء التأنيث اور تاء الفاعل کو، اسم فعل مضارع سين اور سَوْفَ کو، اور اسم فعل امر ياء المخاطبة کو قبول نہیں کرتا۔

(۲) أسماء الأفعال مضارع کی طرح ادوات ناصبہ اور جازمہ سے متاثر نہیں ہوتے، شرح میں لگائی گئی قید سے مصدر نائب عن فعله اور مشتقات بھی نکل گئے، کیونکہ یہ عوامل سے متاثر ہوجاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دلالت کرنے والے أسماء الأفعال بہت کم ہیں۔

القسم الثاني:

بناوٹ کے لحاظ سے أسماء الأفعال کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ اسم فعل سماعی ۲۔ اسم فعل قیاسی۔

۱۔ اسم فعل سماعي:

سماعی کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح اہل زبان سے سنا گیا اسی طرح ادا ہوگا۔ اس کے لئے کوئی قیاس اور قاعدہ مقرر نہیں، اسم فعل سماعی کی مزید دو قسمیں ہیں:

۱۔ **مرتجل**: مرتجل وہ کلمہ ہے جس کو ابتدا ہی سے اسم فعل کے لئے وضع کیا گیا ہو، جیسے جملہ ۱، ۲ اور ۳ میں هَيْهَاتَ، أُفٍّ، صه۔

۲۔ **منقول**: منقول اس کلمہ کو کہتے ہیں جو اسم فعل کے معنی کے لئے وضع نہ کیا گیا ہو، بلکہ کسی اور معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو، لیکن پھر اسم فعل کے معنی میں استعمال کیا جانے لگا ہو، یہ کلمہ کبھی جار و مجرور سے منقول ہوتا ہے کبھی ظرف سے اور کبھی مصدر سے، جیسے مجموعہ ب کے جملہ ۴۔ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ میں عَلَيْكُم بمعنی اِلْزَمُوْا کے استعمال ہوا ہے اور یہ جار و مجرور سے منقول ہے۔ جملہ ۵۔ أَمَامَكُمْ أَمَامَكُمْ أَيُّهَا الْمُجَاهِدُوْنَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ میں أَمَامَكُم بمعنی تَقَدَّمْ استعمال ہوا ہے اور یہ ظرف سے منقول ہے اور جملہ ۶۔ رُوَيْدَكَ أَيُّهَا الْمُتَعَلِّمُ فَمَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ جُمْلَةً فَاتَهُ جُمْلَةً میں رُوَيْدَكَ بمعنی تَمَهَّلْ استعمال ہوا ہے اور یہ مصدر سے منقول ہے[1]۔

۲۔ اسم فعل قیاسي:

اس کے بنانے کیلئے قاعدہ مقرر ہے وہ یہ ہے کہ فَعَالِ کے وزن پر اسم فعل امر بنایا جائے بشرطیکہ اس فعل میں تین شرطیں پائی جائیں:

۱۔ فعل ثلاثی ہو ۲۔ متصرف ہو جامد (مثلاً: لَيْسَ، عَسٰی، نِعْمَ) نہ ہو ۳۔ تام ہو، ناقص (مثلاً: ظَلَّ،

---

(۱) یہ کلمہ روید بعض اوقات منون ہوتا ہے، جیسے: رُوَيْدًا أَخَاكَ / رُوَيْدًا يَا سَائِقُ اور بعض اوقات مضاف، جیسے: رُوَيْدَ أَخِيْكَ، ان دونوں صورتوں میں روید مفعول مطلق ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے، لیکن جب یہ کلمہ روید اسم فعل کے طور پر استعمال ہوتا ہے تو غیر منون اور مبنی ہوتا ہے، مثلاً: رُوَيْدَ أُخَاكَ، اسکے ساتھ کاف الخطاب ملحق کرنا بھی جائز ہے مثلاً: رويدكَ أيُّهَا الفَارِسُ، لیکن اگر اسم فعل جار و مجرور سے منقول ہو تو کاف الخطاب کو الگ کرنا جائز نہیں یعنی عَلَيْكَ میں سے كَ کو عَلَى سے علیحدہ نہیں کرسکتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بات، کان) نہ ہو۔

مجموعہ ج میں عَمَالِ، وَصَالِ، تَرَاكِ أسماء الأفعال ہیں، یہ تینوں أسماء الأفعال عَمِلَ، وَصَلَ اور تَرَكَ سے (جو ثلاثی، متصرف اور تام ہیں) فَعَالِ کے وزن پر بنائے گئے ہیں ان کو معدول بھی کہتے ہیں۔ اسم فعل منقول اور معدول صرف امر کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں، جبکہ مرتجل ماضی، مضارع اور امر سب معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

أمور تتعلّق بأسماء الأفعال

۱۔ تمام أسماء الأفعال ہمیشہ مبنی ہوتے ہیں (۱)۔

۲۔ اسم فعل کا ایک ہی صیغہ مذکر، مؤنث، مفرد، مثنی، جمع (سب صورتوں) کے لیے استعمال ہوتا ہے، مثلا: صَهْ يَا غُلَامُ، صَه يَا غُلَامَان، صَه يَا غِلْمَانُ، البتہ جن أسماء الأفعال کے ساتھ کاف الخطاب ملحق ہو وہ مخاطب کے اعتبار سے بدلتے رہتے ہیں، مثلا: عَلَيكَ نَفْسَكَ، عَلَيكُم أنْفُسَكُم، عَلَيْكُنَّ أَنْفُسَكُنَّ۔

۳۔ اسم فعل ماضی کا فاعل اسم ظاہر بھی ہوسکتا ہے جیسے: هَيْهَاتَ بُلُوْغُ الأَمَانِي بِالتَّمَنِّي، اور ضمیر مستتر جوازا بھی، جیسے: المَنْزِلُ هَيْهَاتَ، جبکہ اسم فعل مضارع اور اسم فعل امر کا فاعل ضمیر مستتر وجوبا ہوتا ہے، واضح رہے کہ اسم فعل تو تمام حالات میں ایک ہی صیغہ پر رہتا ہے، لیکن اسکا فاعل حالات کے مطابق بدلتا رہتا ہے یعنی فاعل کی ضمیر اس فعل کے مطابق ہوتی ہے جسکے معنوں میں اسم فعل استعمال ہوا ہے، مثلا: أُفٍّ مِنْ تَبَرُّجِ النِّسَاءِ میں فاعل ضمیر مستر وجوبا کی تقدیر أنا ہے اور صَهْ يَا تَلَامِيْذُ إِذَا بَدَأَ الدَّرسُ میں فاعل ضمیر مستتر وجوبا کی تقدیر أنتم ہے۔

۴۔ أسماء الأفعال جن افعال پر دلالت کرتے ہیں انہی کا عمل کرتے ہیں یعنی اگر وہ فعل لازم ہے تو لازم کی طرح عمل کرتے ہیں اگر متعدی ہے تو متعدی کی طرح عمل کرتے ہیں (۲)۔ اسی طرح اگر کوئی اسم فعل مختلف افعال پر دلالت کرے اور ان میں سے بعض لازم ہوں اور بعض متعدی تو سیاق سے جو معنی مقصود ہوں گے اسی کا اعتبار ہوگا، مثلا: حَيَّهَلا الحفلة بمعنی إِيْتِ الحَفْلَةَ اور حَيَّهَلا عَلَى الحَسَنَاتِ بمعنی أَقْبِل عَلَى الحَسَنَاتِ اور إِذَا ذُكِرَ العَدْلُ فَحَيَّهَلاً بِعُمَرَ بمعنی

(۱) جیسے: هيهات: اسم فعل ماض بمعنى بَعُدَ، مبني على الفتحة، أُفٍّ: اسم فعل مضارع بمعنی أَتَضَجَّر مبني على الكسر والفاعل "أنا"، صَهْ: اسم فعل أمر بمعنى أُسْكُتْ، مبني على السكون والفاعل ضمير مستتر "أنت"۔

(۲) لیکن بعض اوقات اسم فعل لازم یا متعدی ہونے میں اپنے فعل کے مطابق نہیں ہوتا، مثلا: اسمُ فعلِ أمرٍ "آمین" بمعنی اسْتَجِبْ لازم ہے، لیکن فعل امر اسْتَجِبْ لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح اسمُ فعلِ أمرٍ "إيه" بمعنی زِدْنِي لازم ہے حالانکہ فعل امر زِدْنِي متعدی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فَأَسْرِعُوا بِذِكْرِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

۵۔ باوجود اس کے کہ یہ تمام کے تمام أسماء الأفعال مبنی ہوتے ہیں اور عام طور پر مبنی اسماء کا کوئی نہ کوئی اعرابی محل ضرور ہوتا ہے یعنی فاعل، مبتدا یا خبر ہونے کی صورت میں في محل رفع ہوتے ہیں اور مضاف الیہ ہونے کی صورت میں في محل جرّ اور مفعول بہ ہونے کی صورت میں في محل نصب ہوتے ہیں، لیکن أسماء الأفعال ایسے مبنی اسماء ہیں جنکا کوئی اعرابی محل نہیں ہوتا۔

۶۔ اسم فعل بمع اپنے فاعل کے جملہ فعلیہ کے حکم میں ہوتا ہے یعنی جملہ فعلیہ کی طرح خبر، صفة، صلة الموصول یا حال وغیرہ بن کر آتا ہے۔

۷۔ أسماء الأفعال کا معمول ہمیشہ بعد میں آتا ہے، أسماء الأفعال سے پہلے نہیں آسکتا۔

۸۔ أسماء الأفعال کے ساتھ نون التوكيد ملحق نہیں ہوسکتا۔

۹۔ أسماء الأفعال کے ساتھ جو كاف الخطاب ملحق ہوتا ہے اسکا کوئی اعرابی محل نہیں ہوتا۔

۱۰۔ منون أسماء الأفعال نکرہ کہلاتے ہیں اور غیر منون معرفہ، اور جو کبھی منون ہوتے ہیں اور کبھی غیر منون، منون ہونے کی حالت میں نکرہ اور غیر منون ہونے کی حالت میں معرفہ کہلاتے ہیں، اس لحاظ سے أسماء الأفعال کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ واجب التنكير، مثلاً: واهًا بمعنی أَتَعَجَّبُ.

۲۔ واجب التعريف، مثلاً: فَعَالِ (ایسے أسماء الأفعال جو فَعالِ کے وزن پر آئیں مثلًا: نَزَالِ).

۳۔ جائز التعريف والتنكير، مثلاً: صَهْ/ صهٍ، مَهْ/ مَهٍ[1].

قواعد:

۱۔ اسم فعل ایسا کلمہ ہے جو کہ فعل کے معنی پر دلالت کرتا ہے، لیکن اس کی علامات قبول نہیں کرتا۔

۲۔ زمانے کے اعتبار سے اسم فعل کی تین قسمیں ہیں:

(۱) أسماء الأفعال کے معرفہ اور نکرہ ہونے سے مراد یہ ہے کہ اگر متکلم کسی خاص معین موضوع پر سکوت اختیار کرنا چاہ رہا ہے تو اسم فعل صَهْ کا هاء ساکن ہوگا اس پر تنوین نہیں آئے گی اور اگر وہ مطلقا خاموش ہونے کا کہہ رہا ہے تو صَهٍ کے هاء پر کسرہ کی تنوین آئے گی، اسی طرح اسم فعل أمر إيهِ/ إيهٍ بمعنی زِدْنِي اگر بغیر تنوین کے مبني على الكسر ہوتو اس کے معنی ہوں گے: زِدْنِي مِن حَدِيثٍ خَاصٍّ مَعْرُوْفٍ لَنَا اور جب منون ہوگا تو اسکے معنی ہونگے: زِدْنِي مِن حَدِيثٍ أَيِّ حَدِيثٍ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ا) اسم فعل ماضي (ب) اسم فعل مضارع (ج) اسم فعل أمر.

۳۔ وضع کے اعتبار سے اسم فعل کی دو قسمیں ہیں: ا۔ سماعی ۲۔ قیاسی۔

۴۔ سماعی کی دو قسمیں ہیں:

(الف) مرتجل: وہ اسماء جو ابتدا ہی سے افعال کے معنوں پر دلالت کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں۔

(ب) منقول: یہ جار مجرور، ظرف اور مصدر سے منقول ہوتے ہیں تاکہ افعال کے معنوں پر دلالت کریں۔

۵۔ اسم فعل قیاسی فعل ثلاثی، متصرف تام سے فَعَالِ کے وزن پر بناتے ہیں۔

۶۔ تمام أسماء الأفعال ایک ہی صیغہ میں (مفرد، مثنی، جمع، مذکر، مؤنث کے لئے) استعمال ہوتے ہیں، لیکن اگر ان کے ساتھ كاف الخطاب متصل ہو تو یہ کاف مخاطب کے اعتبار سے بدلتا رہتا ہے۔

جدول لأهمِّ أسماء الأفعال

اسم الفعل	زمنه	معناه	مثاله
إليك كذا	أمر	خُذْ	إليك الوردة.
عليكَ	أمر	الزَمْ	عليك بالعلم.
أوه	مضارع	أتألّم	أوهٍ لوفاة العالِم.
هلمّ كذا	أمر	أحضِرْ	هلمَّ شهداء كم.
هَلُمَّ إلى	أمر	تعال	يا تلاميذ! هلم إليَّ.
قدك، قطك، بَس	أمر	اكتف بما كان وانته عمّاأنت فيه	قطك الدنيا الفانيةَ.
بخ	مضارع	أثني وأمدح	بخ بخ أيها الشاعر.
دونك	أمر	خُذْ	دونك الكتاب فاقرأه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

آمين	أمر	استجب	ربنا استر عيوبنا آمين.
حيهل	أمر	أقبلْ وعجّل	حيهل على فعل الخير.
مَه	أمر	اكفُفْ	تماديت في الأذى فمه.
مكانك	أمر	اثْبُتْ	مكانك تحمد وتدرك غايتك.
وَي	مضارع	أتعجّب	وي لقوم يقولون ما لا يفعلون.
هاك [1]	أمر	خُذْ	هاكم رأيي في هذا الموضوع.
شتّان	ماضٍ	افترق	شتان علي ومعاوية في الشجاعة.
واهًا	مضارع	أتعجّب	واهًا لتكاسلك وقد قرب الامتحان.
بَلْهَ	أمر	اتْرُكْ	بَلْهَ مسيئًا قد اعتذر واغفر له إساءته.
همهام	ماضٍ	نفد ولم يبق من الشيء بقيّة	هَمْهَامِ التَّمَنِّيَاتُ وَالآمَالُ بَعْدَ المَوْتِ.
وَيهًا	أمر	حَرِّض وأغرِ	وَيهًا المؤمنين على الأعمالِ الصالحةِ.
صهْ	أمر	اسْكُتْ	صه أيها التلميذ عند محاضرة الأستاذ.
إليَّ	أمر	أقبل	إليَّ أيها الصديق فإني أخوك الوفي العهد.
أمامك	أمر	تَقَدَّم	أمامَكَ إن واتَتْكَ الفرصة وساعفتك القوة.
هيت، هلاّ، هل	أمر	أسرع وتعال	قالَ تعالى: فَغَلَّقَتِ الأبوابَ وَقالتْ هيتَ لك.
حيَّ	أمر	أقْبِلْ	حي على الأعمال الصالحة قبل فوات الأوان.

(۱) ها اور هاء بمعنی خُذْ استعمال ہوتے ہیں پہلا کلمہ (ها) کے ساتھ کاف الخطاب ملحق ہوتا ہے، جیسے: هاكَ ، هاكما ، هاكم اور ان سب کا فاعل ضمیر مستتر ہوتا ہے جبکہ هاء میں دو صورتیں جائز ہیں: ۱۔ تمام صیغوں میں اس کی ایک ہی صورت رہے، مثلاً: هاءَ یا علیّ ، هاءَ یا علیّان ، هاء یا علیُّون ۔ ۲۔ صیغوں (مفرد، مثنی، جمع) کے اعتبار سے ان کی علامات متصل ہوں، مثلاً: هَاءَ یا عليُّ (بالبناء على الفتح)، وهاءِ يا عائشةُ (بالبناء على الكسر) ،هاءُما (في المثنى)، وهاؤُم (في جمع المذكر)، هاءُن (في جمع المؤنث) لہذا ضمیر "ما" مثنی میں، "م" جمع مذکر میں اور "ن" جمع مونث میں فاعل ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

سرعان[1]	ماضٍ	سَرُعَ	سرعان ما يعود المنصف إلى الحق عند ظهوره.
آهٍ	مضارع	أتوجّعُ	آهًا لها من ليالٍ هل تعود كما كانت وأيّ ليال عاد ما فيها
إليك	أمر	تنحَّ	تعرّض لي السحاب وقد قفلنا فقلت إليك فإن معي السحابا
أمامك، ورائك، فَرَطَك	أمر	احذر شيئًا بين يديك	وراءك إن كان في إدراك الفرصة غصة وفي نيلها حسرة وندامة.
دعْ دعْ	أمر	قم فانتعش من مكروه واسلم مما أصابك من السوء (يتضمن الدعاء بالسلامة)	أيُّها الشجاع دعدعْ من آثار السلاح.
لعًا ، دعدعًا	ماض	انتعش من مكروه أصابه و نهض من عثرة (يتضمن الدعاء بالسلامة)	دعدعًا المكروب وبلغ مرامه في الحياة.

التمرين - ١

استخرج مما يأتي أسماء الأفعال مبيّنًا معنى كل منها وموضّحًا معمولاتها:

نموذج: حَذارِ - بُنَيَّ - البغيَ لا تَقْرُبَنّه حَذارِ فإنّ البَغي وَخِمٌ مراتعُه.

حَذارِ: اسم فعل أمر قياسي بمعنى "احذر" وفاعله ضمير مستتر وجوبًا تقديره "أنت". البغي: مفعول به.

٢ - عليكَ نفسَك فتِّشْ عن معايبِها وخلِّ عنك عيوب الناس للناس.

٣ - أيُّ حَضارةٍ لا يقوم على الأخلاقِ العُليا إنّما هي حضارةٌ زائفةٌ كاذبةٌ يَخلُب النظرَ ببَريقِها ثم سُرْعَانَ

(١) بسا اوقات اس کلمہ سے کسی چیز کی تیزی پر تعجب کیا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ما يَخْبُو ضَوءُ ها ويَسدُل عليها سِتَارُ النِّسْيَان.

٤ـ شَكَا بَعضُ الشُّيُوخِ إلى طَبِيبٍ سُوءَ الهَضْمِ، فَقَالَ لَهُ الطبيبُ: رُوَيْدَ سوءَ الهَضْمِ، فإنّه مِن خَواصِّ الشَّيخُوخَة. فشكا ضُعفَ البصرِ، فقال له: بَلْهَ ضعفَ البصر، فإنّه مِن خَواصِّ الشَّيخُوخَة. فَاشتكى له ثِقلَ السَّمعِ، فقال: هَيهَاتَ السَّمعُ مِن الشّيوخِ، فإنَّ ضُعفَ السّمعِ مِن خَواصِّ الشَّيخُوخَة. فاشتكى له قِلّةَ الرُّقادِ، فقال: شَتّانَ الرُّقادُ والشّيوخُ، فإن قِلّةَ الرُّقادِ مِن خَواصِّ الشَّيخُوخَة. فاشتكى له ضُعفَ البَاهِ، فقال: سُرعَانَ ضُعفُ الباهِ إلى الشيوخِ، فإن ضعفَ الباه مِن خَواصِّ الشَّيخُوخَةِ. فقال الشَّيْخُ لِأَصحابِه: دُونَكُم الأحْمَقَ وعليكم الجاهِلَ وهَاكُم البَلِيْدَ الّذي لا فهمَ لَه، فإنّه لا فَرقَ بَينَهُ وبين الدُّرَّةِ إلا بالمُصَوَّرَةِ الإنْسَانِيَّةِ، فإنّه لا يستطيع إلا أن يتكلّم بِهَاتَينِ الكَلِمَتَينِ. فتَبَسَّم الطّبيبُ وقال: حَيَّهَل بِالغضَبِ يا شَيخُ، فإنّ هذا أيْضًا مِن خَواصِّ الشَّيخُوخَة.

التمرين ـ ٢

مَثِّل لما يأتي:

١ ـ اسم فعل ينصب مفعولا به ٢ ـ اسم فعل ماض ٣ ـ اسم فعل مرتجل ٤ ـ اسم فعل قياسي

٥ ـ اسم فعل فاعله ضمير مستتر ٦ ـ اسم فعل مضارع ٧ ـ اسم فعل منقول

التمرين ـ ٣

كوّن الجمل:

١ ـ سرعان ٢ ـ قطّ ٣ ـ هلمّ كذا ٤ ـ بله ٥ ـ واها ٦ ـ إيه ٧ ـ مكانك

التمرين ـ ٤

استبدل الكلمات الملوّنة في الجمل الآتية بأسماء الأفعال المذكورة:

قناع رويدك آه هلم أف إيه هات وي

محكم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عليك إليك واها أمامك صه ورائك شتان بله

نموذج: بَعُد النجاحُ إذا لم يتقدَّمْه الكِفَاحُ.

هيهات النجاحُ إذا لم يتقدَّمْه الكِفَاحُ.

٢ـ الْزَمِ الْأَدَبَ فإنّه الدِّيْنُ كلُّه.

٣ـ اقْنَعْ بما أُعطِيتَ فنِعم الكنزُ هي.

٤ـ وَا أَسَفَاهْ علىٰ مَن يَعْلَمُ ولا يَعْمَلُ.

٥ـ أَعْطِ الّذي عليكَ وَاسْئل اللّٰهَ الّذِي لَكَ.

٦ـ اسْكُتْ يا مُغْتَابُ، لا تُحبِطْ حسناتِك.

٧ـ أتضجَّر مِن الّذين يَتَّخِذُونَ العلماءَ غرضًا.

٨ـ يُوجِعُني ذهابُ العلماءِ واحدًا إثرَ واحدٍ.

٩ـ لا يستوي الَّذين يعلَمون والّذين لا يعلمون.

١٠ـ زِدْني أيُّها الأستاذُ فإنّ حديثَك كالغَيْثِ يُحْيِي المَيِّتَ.

١١ـ يا لَلْعَجَبِ مِنَ الإيمانِ كُلَّما أُوذِيَ صاحِبُهُ ازْدَادَ رُسُوخًا.

١٢ـ تَقَدَّمْ إذا كان التنافسُ في الدِّين وتَأَخَّرْ إذا كان في الدُّنيا.

١٣ـ لا يَسْمَحُ الإِسْلامُ بِعُقوقِ الآباءِ الكَفَرَةِ فَضْلاً عنِ المُسلِمِين.

١٤ـ على مهلٍ يا سائقُ فإنّ السرعةَ فِي الازدحامِ لا تَأمَنُ الاصطدام.

١٥ـ ابْعُدْ عمّا يقرِّبُكَ إِلَى النَّارِ مِن قولٍ أو عملٍ، وأَسرِعْ إِلَى مَا يُقَرِّبُكَ مِن الجنّةِ مِن قولٍ وعملٍ.

التمرين ـ ٥

ترجم إلى العربية:

۱۔آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک دعا نفع بخش ہے ان (مصائب) میں جو آچکے اور جو نہیں آئے، لہٰذا اے اللہ کے بندو! دعا کو لازمی پکڑو۔

۲۔آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے گھوڑے اور غلام کی زکوۃ تمہارے لئے معاف کردی تھی، لیکن تم چالیسواں حصہ دے دیا کرو، ہر چالیس درہم میں سے ایک درہم۔

۳۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: نہیں، میرے والد کی قسم، آپ ﷺ نے فرمایا: رکو! جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نے اللہ کے علاوہ کسی چیز کی قسم کھائی اس نے شرک کیا۔

۴۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: میں نے آپ ﷺ کی دس برس خدمت کی، آپ ﷺ نے مجھے نہ کبھی اُف کہا نہ یہ کہ یہ کیوں کیا یا یہ کیوں نہیں کیا۔

۵۔ آپ ﷺ نے فرمایا: واہ واہ! پانچ چیزیں ترازو میں کتنی زیادہ وزنی ہیں لا إله إلّا الله، الله أكبر، سبحان الله، الحمد لله اور وہ نیک اولاد جو وفات پا جائے تو اس کے والدین ثواب کی اُمید رکھتے ہوئے صبر کریں۔

التمرين - ٦

ترجم إلى الأردية:

١ ـ إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الحَبَّةِ السَّوْدَاءِ فَإِنَّ فِيْهَا شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامَ.

٢ ـ قَالَ ﷺ: مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ دَعَاهُ خَزَنَةُ الجَنَّةِ كُلُّ خَزَنَةِ البَابِ أَيْ فُلُ هَلُمَّ.

٣ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا حَسَدَتْكُمُ الْيَهُوْدُ عَلَى شَيْءٍ مَا حَسَدَتْكُمْ عَلَى آمِيْنَ فَأَكْثِرُوْا مِنْ قَوْلِ آمِينَ.

٤ ـ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ سَرِيْعٍ قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّي قَدْ مَدَحْتُ اللّٰهَ بِمَدْحَةٍ وَمَدَحْتُكَ بِأُخْرَى فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: هَاتِ وَابْدَأْ بِمَدْحَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

٥ ـ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: إِنِّيْ جَبَانٌ، وَإِنِّيْ ضَعِيْفٌ، فَقَالَ: هَلُمَّ إِلَى جِهَادٍ لَا شَوْكَةَ فِيْهِ، الْحَجُّ.

٦ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: بَخٍ بَخٍ لِخَمْسٍ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ مُسْتَيْقِنًا بِهِنَّ دَخَلَ الجَنَّةَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ وَبِالجَنَّةِ وَالنَّارِ وَالبَعْثِ بَعْدَ المَوْتِ وَالحِسَابِ.

٧ ـ إِنَّ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ ﷺ دَخَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ ﷺ وَهُوَ يَجْبِذُ لِسَانَهُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: مَهْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّ هٰذَا أَوْرَدَنِي المَوَارِدَ.

٨ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عن رمضان: تُفْتَحُ فِيْهِ أَبْوَابُ الجَنَّةِ وَتُغْلَقُ فِيْهِ أَبْوَابُ النَّارِ وَتُغَلُّ فِيْهِ الشَّيَاطِيْنُ وَيُنَادِي مُنَادٍ كُلَّ لَيْلَةٍ: يَا بَاغِيَ الخَيْرِ هَلُمَّ وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ أَقْصِرْ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين - ٧

استخرج أسماء الأفعال (مع الفاعل والمفعول به) من الآيات الآتية وأعرب:

نموذج: وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَكُمَا أَتَعِدَانِنِيْ أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ.

أُفٍّ: اسم فعل مضارع، بمعنى "أتضجّر"، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب، وفاعله ضمير مستتر فيه وجوبا، تقديره: "أنا"، في محل رفع.

٢ ـ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَائِلِيْنَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا وَلَا يَأْتُوْنَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيْلاً.

٣ ـ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُم إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ.

٤ ـ وَقَضٰى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوْا إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلاً كَرِيْماً.

٥ ـ وَأَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهُ بِالْأَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَوْلَا أَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا وَيْكَأَنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُوْنَ.

التمرين - ٨

استخرج من الأحاديث الآتية أسماء الأفعال واذكر معانيها وعيّن الفاعل والمفعول به:

نموذج: قال ﷺ: إِذَا قَالَ أَحَدُكُم: آمِيْنَ وَقَالَتِ الْمَلَائِكَةُ فِي السَّمَاءِ: آمِيْنَ فَوَافَقَت إِحْدَاهُمَا الْأُخْرٰى غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ.

آمِيْنَ: اسم فعل أمر، بمعنى "استجب"، وفاعله ضمير مستتر فيه وجوبًا، تقديره: "أنت".

٢ ـ قَالَ ﷺ: إِيْهًا يَاابْنَ الْخَطَّابِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ سَالِكًا فَجًّا قَطُّ إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ.

٣ ـ قَالَ ﷺ: إِنَّ السَّعِيْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ إِنَّ السَّعِيْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ إِنَّ السَّعِيْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ وَلَمَنِ ابْتُلِيَ فَصَبَرَ فَوَاهًا.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٤ـ قالَ ﷺ : إِنِّـي مُـمْسِكٌ بِحُجَزِكُمْ عَنَ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ وَتَغْلِبُوْنَنِي تَقَاحَمُوْنَ فِيْهِ تَقَاحُمَ الْفَرَاشِ أَوِ الْجَنَادِبِ فَأُوْشِكُ أَنْ أُرْسِلَ بِحُجَزِكُمْ.

٥ـ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: كَانَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِي الثَّقَلِ وَأَنْجَشَةُ غُلَامُ النَّبِيِّ ﷺ يَسُوقُ بِهِنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: وَيْحَكَ يَا أَنْجَشُ! رُوَيْدَكَ سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيْرِ.

٦ـ عَـنْ جَرِيْرٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فَـأَتَـى الـخَلَاءَ فَـقَضَى الحَاجَةَ ثُمَّ قَالَ: يَا جَرِيرُ! هَاتِ طَهُورًا فَأَتَيْتُهُ بِالْمَاءِ فَاسْتَنْجَى بِالْمَاءِ وَقَالَ بِيَدِهِ فَدَلَكَ بِهَا الْأَرْضَ.

٧ـ قَالَ ﷺ : مَا مِنْ يَوْمٍ طَلَعَتْ شَمْسُهُ إِلَّا وَبِجَنْبَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ نِدَاءً يَسْمَعُهُ خَلْقُ اللّٰهِ كُلُّهُمْ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ: يَاأَيُّهَا النَّاسُ! هَلُمُّوْا إِلَى رَبِّكُمْ إِنَّ مَا قَلَّ وَكَفَى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَأَلْهَى.

٨ـ عَـنِ ابْـنِ أُمِّ مَـكْـتُـومٍ أَنَّـهُ قَـالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! إِنَّ الْمَدِيْنَةَ كَثِيرَةُ الْهَوَامِّ وَالسِّبَاعِ قَالَ ﷺ: هَـلْ تَسْمَعُ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الفَلَاحِ؟ قَالَ: نَعَمْ! قَالَ: فَحَيَّ هَلًا وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهُ.

٩ـ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَـالَ: أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ وَعُدِّلَتِ الصُّفُوفُ قِيَامًا فَخَرَجَ إِلَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ فَلَمَّا قَامَ فِي مُصَلَّاهُ ذَكَرَ أَنَّهُ جُنُبٌ فَقَالَ لَنَا: مَكَانَكُمْ ثُمَّ رَجَعَ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ خَرَجَ إِلَيْنَا وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ فَكَبَّرَ فَصَلَّيْنَا مَعَهُ.

١٠ـ قَالَ ﷺ: وَالَّـذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنَّ المَعْرُوفَ وَالْمُنْكَرَ خَلِيْقَتَانِ يُنْصَبَانِ لِلنَّاسِ يَوْمَ القِيَامَةِ فَأَمَّا المَعْرُوْفُ فَيُبَشِّرُ أَصْحَابَهُ وَيُوعِدُهُمُ الخَيْرَ وَأَمَّا المُنْكَرُ فَيَقُولُ إِلَيْكُم إِلَيْكُم وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُ إِلَّا لُزُوْمًا.

١١ـ جَعَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَـلَـى الـرُّمَاةِ وَكَانُوا خَمْسِيْنَ رَجُلًا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جُبَيْرٍ يَوْمَ أُحُدٍ وَقَالَ: إِنْ رَأَيْتُمُ العَدُوَّ وَرَأَيْتُمُ الطَّيْرَ تَخْطَفُنَا فَلَا تَبْرَحُوا فَلَمَّا رَأَوُا الغَنَائِمَ قَالُوا: عَلَيْكُمُ الغَنَائِمَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَلَمْ يَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا تَبْرَحُوا.

١٢ـ قَالَ أَبُوْبَكْرٍ ﷺ: بَيْنَمَا أَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ إِذْ رَأَيْتُهُ يَدْفَعُ عَنْ نَفْسِهِ شَيْئًا وَلَا أَرَى شَيْئًا فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَـا الَّـذِيْ أَرَاكَ تَـدْفَـعُ عَـنْ نَفْسِكَ وَلَا أَرَى شَيْئًا؟ قَالَ: الدُّنْيَا تَطَوَّلَتْ لِي فَقُلْتُ: إِلَيْكِ عَنِّي فَقَالَت: أَمَا إِنَّكَ لَسْتَ بِمُدْرِكِي.

١٣ـ عَنِ ابْنِ دَارَةَ مَوْلَى عُثْمَانَ قَالَ: إِنَّا لَبِالبَقِيْعِ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ إِذْ سَمِعْنَاهُ يَقُولُ: أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ ﷺ يَـوْمَ القِيَامَةِ قَالَ: فَتَدَاكَّ النَّاسُ عَلَيْهِ فَقَالُوا: إِيْهٍ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ قَالَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِكُلِّ عَبْدٍ مُسْلِمٍ لَقِيَكَ مُؤْمِنٌ بِي

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لَا يُشْرِكُ بِكَ.

١٤ـ عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قُلْتُ: إِيْهِ يَا أَبَا ذَرٍّ مَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الجَنَّةِ قُلْنَا: مَاهَذَانِ الزَّوْجَانِ؟ قَالَ: إِنْ كَانَتْ رِجَالاً فَرَجُلَانِ وَإِنْ كَانَتْ خَيْلاً فَفَرَسَانِ وَإِنْ كَانَت إِبِلاً فَبَعِيْرَانِ حَتّٰى عَدَّ أَصْنَافَ المَالِ كُلِّهِ.

١٥ـ عَنْ مُحَمَّدِ بن سيرين قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقَانِ مِنْ كَتَّانٍ فَتَمَخَّطَ فَقَالَ: بَخْ بَخْ أَبُوهُرَيْرَةَ يَتَمَخَّطُ فِي الكَتَّانِ لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَإِنِّي لَأَخِرُّ فِيمَا بَيْنَ مِنْبَرِ النَّبِيِّ ﷺ إِلَى حُجْرَةِ عَائِشَةَ مَغْشِيًّا عَلَيَّ فَيَجِيْءُ الجَائِي فَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلَى عُنُقِي وَيُرٰى أَنِّي مَجْنُوْنٌ وَمَا بِي مِنْ جُنُوْنٍ مَا بِي إِلَّا الجُوْعُ.

التمرين ـ ٩

نموذج في الإعراب:

لَوْلَا أَنْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا وَيْكَأَنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُوْنَ.

لولا: حرف شرط، غير جازم، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب. **أن:** حرف نصب ومصدري ومستقبل، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب. **منّ:** فعل ماض، مبني على الفتح.

اللّٰه: لفظ الجلالة فاعل مرفوع وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

علينا: على: حرف جرّ، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب. **نا:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جرّ بحرف جرّ، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "منّ".

لخسف: لـ: واقعة في جواب "لولا"، مبنية على الفتح، لا محل لها من الإعراب. **خسف:** فعل ماض، مبني على الفتح، وفاعله ضمير مستتر فيه جوازًا، تقديره: "هو" في محل رفع.

بِنَا: بـ: حرف جرّ، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب. **نا:** ضمير متصل، مبني على السكون، في محل جرّ بحرف جرّ، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "خسَفَ".

وي: اسم فعل مضارع، بمعنى "أعجب"، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

كأنهُ: كَأنَّ: حرف مشبه بالفعل، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب. **ه:** ضمير الشأن، مبني على الضمة، اسم "كأنَّ"، في محل نصب.

لا: نافية، مبنية على السكون، لا محل لها من الإعراب.

يفلح: فعل مضارع، مرفوع؛ لتجرده من الناصب أو الجازم، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره.

الكافرون: فاعل مرفوع، وعلامة رفعه الواو؛ لأنه جمع مذكر سالم.

الجملة "لولا أنْ منَّ..": مستأنفة، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "أنْ منَّ الله": مصدر، مؤول في تأويل مصدر صريح، في محل رفع، مبتدأ والخبر محذوف، وتقديره: "موجود".

الجملة "منَّ الله": صلة الموصول الحرفي "أن"، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "خسف بنا": لا محل لها من الإعراب، جواب شرط لأداة غير جازم.

الجملة "ويكأنه لا يفلح ....": مستأنفة، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "لا يفلح الكافرون": في محل رفع، خبر "كأنَّ".

أعرب ما يلي:

١ ـ رويدك في التعلم فمن طلب العلم جملة فاته جملة.

٢ ـ الفكر قبل القول يؤمَن زيفُه شتان بين روية وبدية.

٣ ـ هي الدنيا تقول بملء فيها حَذَارِ حَذَارِ من بطشي وغدري

٤ ـ تذكرت أيامًا مضين من الصبا فهيهات هيهات إليك رجوعها

٥ ـ عليك نفسك هذِّبها فمن ملكتْ قيادَه النفسُ عاش الدهر مذمومًا.

٦ ـ قالت أم البنين أخت عمر بن عبد العزيز: أف للبخيل لو كان البخل قميصًا ما لبسته ولو كان طريقًا ما سلكته.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس السادس والثلاثون

اتصال الضمير وانفصاله

الأمثلة:

١ - قال النبي ﷺ: إِنْ يَكُنْهُ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْهُ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِي قَتْلِهِ[1]. (حديث ابن صياد)

٢ - بِبَذْلٍ وَحِلْمٍ سَادَ فِي قَوْمِهِ الفَتَى   وَكَوْنُكَ إِيَّاهُ عَلَيْكَ يَسِيرٌ.

٣ - قال تعالى: إِذْ يُرِيكَهُمُ اللّٰهُ فِي مَنَامِكَ قَلِيلًا وَلَوْ أَرَاكَهُمْ كَثِيرًا لَفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الأَمْرِ.

٤ - إِنَّ اللّٰهَ مَلَّكَكُمْ إِيَّاهُمْ وَلَوْ شَاءَ لَمَلَّكَهُمْ إِيَّاكُمْ. (حديث العبد)

٥ - قال تعالى: وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ.

شرح وتفصيل:

جزء اول میں یہ بات گزر چکی ہے کہ ضمائر متصل بھی ہوتی ہیں اور منفصل بھی۔ ضمائر متصلة مرفوعة جو فاعل الفعل بن کر آتی ہیں مندرجہ ذیل ہیں: (۱) التاء للمفرد المتکلم[2]: ذَهَبْتُ (۲) نا للجمع المتکلم: ذَهَبْنَا (۳) واو الجماعة: ذَهَبُوْا (۴) ألف الاثنين: ذَهَبَا (۵) نون النسوة: ذَهَبْنَ (۶) ياء المخاطبة: تَذْهَبِيْنَ، اور وہ ضمائر متصلة جو یا تو نصب کے محل میں مفعول بہ بن کر آتی ہیں یا جر کے محل میں بطور مضاف الیہ واقع ہوتی ہیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) یاء المتکلم، جیسے: أَدَّبَنِي رَبِّي، (۲) کاف الخطاب، جیسے: لا يُحْذِيكَ إِلَّا سَعْيُكَ، (۳) ضمیر الغائب، جیسے: من تَفَرَّغَ لعَمَلِهِ أَتْقَنَهُ۔

(۱) إِنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ انْطَلَقَ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي رَهْطٍ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ حَتَّى وَجَدُوْهُ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِي مَغَالَةَ وَقَدْ قَارَبَ ابْنُ صَيَّادٍ الحُلُمَ فَلَمْ يَشْعُرْ حَتَّى ضَرَبَ النَّبِيُّ ﷺ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ لِابْنِ صَيَّادٍ: تَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ الأُمِّيِّيْنَ، فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ ﷺ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ فَرَفَضَهُ وَقَالَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرُسُلِهِ فَقَالَ لَهُ: مَاذَا تَرَى؟ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ يَأْتِيْنِي صَادِقٌ وَكَاذِبٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: خُلِّطَ عَلَيْكَ الأَمْرُ ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ: إِنِّي قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيْئًا فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: هُوَ الدُّخُّ، فَقَالَ: اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: دَعْنِي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنْ يَكُنْهُ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْهُ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِي قَتْلِهِ....

(۲) تاء متحركة جو ضمہ پر مبنی ہوتی ہے یہ اصل ہے جبکہ باقی پانچ ضمائر (ذهبْتَ، ذَهَبْتِ، ذهبتما، ذهبتم، ذهبتن) اسکی فروع ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ضمائر منفصلہ چوبیس ہیں جن میں سے بارہ ضمائر مرفوع واقع ہوتی ہیں اور بارہ ضمائر منصوب۔ ضمائر مرفوعة منفصلة یہ ہیں: أنا، نحن، أنتَ، أنتِ، أنتما، أنتم، أنتن، هو، هي، هما، هم، هنَّ اور ضمائر منصوبة منفصلة یہ ہیں: إيّاي، إيّانا، إيّاكَ، إيّاكِ، إيّاكما، إيّاكم، إيّاكنَّ، إيّاه، إيّاها، إيّاهما، إيّاهم، إيّاهن۔

ضمیر اسم ظاہر کی قائم مقام ہوتی ہے اور اس کو کلام میں اختصار پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، ضمیر متصل چونکہ اپنی بناوٹ کے اعتبار سے ضمیر منفصل کی نسبت زیادہ مختصر ہوتی ہے۔ چنانچہ نحوی قاعدہ ہے کہ جب کلام میں ضمیر متصل کا استعمال ممکن ہو تو اس کی جگہ ضمیر منفصل کا لانا جائز نہیں۔ چنانچہ قاعدہ کی رو سے أکرمتُك کو أکرمتُ إيَّاكَ کہنا جائز نہیں۔ البتہ بسا اوقات کسی سبب کی وجہ سے ضمیر متصل کا استعمال ممکن نہیں رہتا تو اس صورت میں ضمیر منفصل کا استعمال ضروری ہو جاتا ہے، جن مواقع میں ضمیر منفصل کا استعمال ضروری ہے ان میں سے چند درج ذیل ہیں:

۱۔ حصر کی صورت میں جب کہ ضمیر عامل پر مقدم ہو، جیسے: قولہ تعالیٰ: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ إِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾ یا ضمیر عامل سے تو متأخر ہو لیکن إلا کے بعد واقع ہو، جیسے: قولہ تعالیٰ: ﴿وَقَضٰى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوْا إِلَّا إِيَّاهُ﴾۔

۲۔ ضمیر مبتدا یا خبر ہو، جیسے: قولہ تعالیٰ: ﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ أَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ﴾۔

۳۔ اس کا عامل حرف نفی ہو، جیسے: قولہ تعالیٰ: ﴿مَا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ﴾۔

۴۔ مصدر اپنے فاعل کی طرف مضاف ہو اور ضمیر کو منصوب کر رہا ہو، جیسے: أَعْجَبَنِي إِكْرَامُ عائِشَةَ إيَّاكُم۔

۵۔ اس کا عامل محذوف ہو، جیسے: إيَّاكُم و الحَسَدَ۔

۶۔ ضمیر اپنے سے پہلے والے اسم کا تابع (یعنی ضمیر اور اس کے عامل کے درمیان متبوع واقع ہو) ہو، جیسے قولہ تعالیٰ: ﴿يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ و إيَّاكُم﴾۔

۷۔ ضمیر إما کے بعد آئے، جیسے: إمَّا أنا و إمَّا أنتَ۔

اس قاعدہ سے دو صورتیں مستثنیٰ ہیں۔ ان میں اتصال کے امکان کے ساتھ ساتھ انفصال بھی جائز ہے:

۱۔ اگر کان وأخواتها کی خبر ضمیر ہو تو اس صورت میں اتصال اور انفصال دونوں جائز ہیں (چاہے اس کا اسم ضمیر ہو یا اسم ظاہر)، جیسے جملہ ۱۔ إِنْ يَكُنْهُ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَإِنْ لَّمْ يَكُنْهُ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِيْ قَتْلِهِ میں يَكُنْهُ میں کان کی خبر متصل واقع ہوئی ہے اور جملہ ۲۔ بِبَذْلٍ وَحِلْمٍ سَادَ فِي قَوْمِهِ الفَتَى وَكَوْنُكَ إِيَّاهُ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ میں کان کی خبر إِيَّاهُ منفصل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

واقع ہوئی ہے۔

أَيْلَةَ: مضاف إليه، مجرور، وعلامة جرّه الفتحة نيابة عن الكسرة؛ لأنه ممنوع من الصرف؛ للعلمية والتانيث.

لِلنَّبِيِّ ﷺ: لـ: حرف جر، مبني على الكسرة، لا محل له من الإعراب.

النبي: اسم مجرور، وعلامة جرّه الكسرة الظاهرة على آخره، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "أهدى".

بَغْلَةً: مفعول به، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

بَيْضَاءَ: نعت لـ"بغلة" منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، ولم ينوّن؛ لأنه ممنوع من الصرف؛

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

للوصفية ألف التانيث الممدودة.

الجملة "أهدى ملك إيلة": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

٢ ـ إِنَّ أَثْقَلَ شَيْءٍ فِي الْمِيْزَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُسْنُ الْخُلُقِ.

إِنَّ: حرف نصب توكيد ومشبه بالفعل، مبني على الفتح، لا محل له من الإعراب.

أَثْقَلَ: اسم "إن" منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو منصرف؛ لأنه مضاف إلى "شيء".

شَيْءٍ: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

فِي: حرف جر، مبني على السكون، لا محل له من الإعراب. **الْمِيْزَانِ**: اسم مجرور بحرف جرّ، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره، والجار والمجرور متعلقان بـ "أثقل".

يَوْمَ: ظرف زمان، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

الْقِيَامَةِ: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

حُسْنُ: خبر "إن" مرفوع، وعلامة رفعه الضمة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

الْخُلُقِ: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

الجملة "إن أثقل شيء": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

أعرب ما يلي:

١ ـ ليس شيء بأغلى من الوقت.

٢ ـ كان ابن قدامة إمام الحنابلة بجامع دمشق.

٣ ـ اصطفنا بسوات ومررنا هناك بحدائق غناء.

٤ ـ رفرفت راية الإسلام بعراق في عهد عمر ﷺ.

٦ ـ قال يزيد بن هارون: لم أر أعقل ولا أفضل ولا أروع من أبي حنيفة.

٥ ـ استشهد ثمامة بن أثال رضي الله عنه وهو يقاتل جيش مسيلمة الكذاب.

٧ ـ تزوج النبي ﷺ سودة بنت زمعة رضي الله عنها بمكة بعد وفاة خديجة رضي الله عنها.

٨ ـ كان من ضحايا طاعون عمواس معاذ وأبو عبيدة وشرحبيل رضي الله عنهم.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس الثامن و الثلاثون

كنايات العدد

الأمثلة:

١ـ كَمْ يَوْمًا فِي السَّنَةِ؟

٢ـ كَمْ عِظَةٍ/ عِظَاتٍ يَضُمُّهَا الْقُرْآنُ بَيْنَ دَفَّتَيْهِ.

٣ـ كَمْ رَجُلٍ/ رجالٍ أَدْرَكَتْهُ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ فِي غَفْلَةٍ عنها.

٤ـ كَمْ مِنْ سُوْرَةٍ/ سُوَرٍ حَفِظَ هَذَا الطِّفْلُ الصَّغِيْرُ.

٥ـ عَلَىٰ كَمْ بَلِيَّةٍ / بَلِيَّاتٍ صَبَرَ سَيِّدُنَا أَيُّوْبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ.

٦ـ مَجْلِسَ كَمْ عَالِمٍ حَضَرْتَ؟

٧ـ قال تعالى: كَأَيِّنْ مِّنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ.

٨ـ اشْتَرَيْتُ كَذَا كُتُبًا.

٩ـ رَكِبْتُ خِلَالَ رِحْلَتِي إِلَى مَكَّةَ كَذا سَيَّارَةً وَطَائِرَةً.

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کم کی دو قسمیں ہیں: کم الاستفهامية اور کم الخبرية۔

کم الاستفهامية کے ذریعے مبہم تعداد و مقدار معلوم کی جاتی ہے، جیسے جملہ ا۔ کَمْ يَوْمًا فِي السَّنَةِ؟ میں سال کے دنوں کی تعداد معلوم کی جا رہی ہے۔ جبکہ کم الخبريّة کے ذریعے مبہم تعداد و مقدار بیان کی جاتی ہے، کم الخبرية ایسی بات کی خبر دیتا ہے جو تعجب، فخر یا افسوس پر دلالت کرتی ہے، چنانچہ جملہ ۲۔ كَمْ عِظَةٍ/ عِظَاتٍ يَضُمُّهَا الْقُرْآنُ بَيْنَ دَفَّتَيْهِ میں متکلّم تعجب کے ساتھ کہہ رہا ہے کہ قرآن اپنے اندر کتنی نصیحتوں کو سمیٹے ہوئے ہے اور جملہ ۳۔ كَمْ رَجُلٍ / رجالٍ أَدْرَكَتْهُ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ فِي غَفْلَةٍ عنها میں متکلّم افسوس کے ساتھ کہہ رہا ہے کہ کتنے ہی لوگوں کو غفلت کی حالت میں موت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

آ گئی۔ جملہ۴۔ كَمْ مِنْ سُوْرَةٍ/ سُوَرٍ حَفِظَ هٰذَا الطِّفْلُ الصَّغِيْرُ میں متکلم فخر کے ساتھ کہہ رہا ہے کہ اس چھوٹے سے بچے نے کتنی ساری سورتیں حفظ کر لیں، چنانچہ كم الخبرية مبہم تعداد ومقدار کی زیادتی وکثرت پر دلالت کرتا ہے۔

كم الخبرية کی طرح كَأَيِّنْ (۱) بھی تکثیر کا فائدہ دیتا ہے اور صدارت کلام چاہتا ہے لیکن كَأَيِّنْ کی تمیز اکثر من جارہ سے مجرور ہوتی ہے بخلاف كم کے اور اسکی خبر مفرد واقع نہیں ہوتی بلکہ جملہ فعلیہ ہوتی ہے، جیسے جملہ۷۔ كَأَيِّنْ مِّنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ۔ (ترجمہ: بہت نبی ہو چکے ہیں جن کے ساتھ ہو کر بہت سے اللہ والے لڑے ہیں)۔

كَذَا كاف التشبيه اور ذا الإشارية کا مرکب ہے، ترکیب کے بعد یہ ایک نیا کلمہ بن جاتا ہے اور اپنے لفظی معنی (تشبیہ اور اشارے (۲)) سے نکل کر مقدار یا تعداد کو کنایۃً بیان کرتا ہے (۳)، یہ قلت اور کثرت دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے جملہ۸۔ اشْتَرَيْتُ كَذَا كُتُبًا میں كَذَا کثرت پر دلالت کر رہا ہے اور جملہ۹۔ رَكِبْتُ خِلَالَ رِحْلَتِيْ إِلَى مَكَّةَ كَذَا سَيَّارَةً وَطَائِرَةً میں كَذَا قلت پر دلالت کر رہا ہے، کثرت یا قلت پر دلالت کی پہچان سیاق کلام سے ہوگی۔

چونکہ یہ چاروں کلمات كم الاستفهامية، كم الخبرية، كأين اور كذا کسی مبہم تعداد ومقدار پر دلالت کرتے ہیں اور عدد کو متعیّن کئے بغیر اس کے قائم مقام ہوتے ہیں اس لئے یہ كنايات العدد کہلاتے ہیں۔

أحكام كنايات العدد

۱۔ كم الاستفهامية کے ذریعے ماضی اور مستقبل دونوں کے بارے میں سوال کیا جا سکتا ہے، جبکہ كم الخبرية صرف ماضی کی خبر دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

۲۔ كم الاستفهامية اور كم الخبرية دونوں صدارت کلام چاہتے ہیں پس مضاف اور حرف جارہ کے اور کوئی عامل ان پر عمل نہیں کرتا جیسے جملہ (۱،۲) میں كم الاستفهامية اور كم الخبرية جملے کے شروع میں واقع ہوئے ہیں اور جملہ ۵ میں حرف جر على كم پر داخل ہے جبکہ جملہ ۶ میں كم الاستفهامية مجلس کی طرف مضاف ہے۔ كأين ہمیشہ جملے کی ابتداء میں واقع ہوتا ہے، جیسے جملہ۷، كأين کے برعکس كذا ہمیشہ جملے کے درمیان میں واقع ہوتا ہے، جیسے کہ جملہ ۸ سے واضح ہے۔

(۱) اس کو تخفیف کے ساتھ كائن بھی پڑھتے ہیں۔ (۲) کبھی كذا تعداد ومقدار کے بجائے اپنے اصلی معنوں یعنی تشبیہ اور اشارے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے: المستحي لا يتعلم والمتكبر كذا، اس صورت میں کبھی اس پر هاء التنبيه بھی داخل ہوتی ہے جیسے: والمتكبر هكذا یا وهكذا المتكبر۔ (۳) کبھی كذا کے ذریعے (چاہے مکرر ہو یا غیر مکرر) عدد کے علاوہ بھی کسی عمل یا قول کو كناية بیان کیا جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے: يُقَالُ لِلْعَبْدِ: أَتَذْكُرُ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا؟، يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُمْ فَيَقُوْلُ مَنْ خَلَقَ كَذَا وَكَذَا؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۳۔ کم الاستفهامية، کم الخبرية، كذا اور كأين ہمیشہ مبني علی السکون ہوتے ہیں اور انکے اعراب محلّی ہوتے ہیں، فرق صرف اتنا ہے کہ کم الاستفهامية، کم الخبرية اور كذا کے اعراب موقع محل کی مناسبت[1] سے في محل رفع یا نصب یا جر ہوتے ہیں جبکہ کأین کے اعراب موقع محل کی مناسبت سے في محل رفع اور نصب ہوتے ہیں اور في محل جر نہیں ہوتے، کیونکہ کأین پر نہ تو حرف جر داخل ہوسکتا ہے اور نہ ہی اس سے پہلے مضاف آسکتا ہے۔

۴۔ کم الاستفهامية اپنے لفظ کے اعتبار سے مفرد مذکر ہوتا ہے لیکن معنی کے اعتبار سے یہ بسا اوقات مثنی، جمع یا مؤنث پر بھی دلالت کرتا ہے چنانچہ لفظ کی رعایت کرتے ہوئے اس کے لئے مفرد مذکر کی ضمیر استعمال کرنا بھی جائز ہے اور معنی کی رعایت کرتے ہوئے مثنی، جمع یا مؤنث کی ضمیر بھی استعمال کر سکتے ہیں، جیسے: كَمْ طَالِبًا تَفَوَّقَ فِي الاخْتِبَارِ أو تَفَوَّقَا أو تَفَوَّقُوْا اور كم طَالِبَةً أَخْفَقَ أو أَخْفَقَتْ أو أَخْفَقَتَا أو أَخْفَقْنَ۔ اسی طرح کم الخبرية اپنے لفظ کے اعتبار سے مفرد مذکر ہوتا ہے لیکن معنی کے اعتبار سے یہ جمع پر دلالت کرتا ہے لہذا اس کے لفظ کی رعایت کرتے ہوئے مفرد مذکر اور معنی کے اعتبار سے مثنی، جمع یا مؤنث کی ضمیر بھی استعمال کی جاسکتی ہے لیکن زیادہ فصیح یہ ہے کہ ضمیر اس کی تمییز کے مطابق لائی جائے، جیسے: كَمْ امْرَأَةٍ رَبَّتْ أَوْلَادَهَا عَلَى مَبَادِئِ الدِّيْنِ فَأَصْبَحُوْا سَادَةَ الْمُسْلِمِيْنَ أو كَمْ نِسَاءٍ رَبَّيْنَ۔

۵۔ کم الاستفهامية کی تمییز مفرد منصوب ہوتی ہے لیکن اگر اس سے پہلے حرف جر واقع ہو یا مضاف ہو تو اس صورت میں اس کی تمییز منصوب بھی ہوسکتی ہے اور مجرور بھی، جیسے جملہ ۵۔ مَجْلِسَ كَمْ عَالِمًا / عَالِمٍ حَضَرْتَ۔ کم الاستفهامية اور اس کی تمییز کے درمیان فصل کرنا درج ذیل صورتوں میں جائز ہے:

(الف) اگر کم الاستفهامية اپنی تمییز کی طرف مضاف ہو تو ان کے درمیان شبه الجملة (یعنی جار مجرور اور

---

(۱) کم (خواہ استفہامیہ ہو یا خبریہ) کے اعراب کی درج ذیل صورتیں ہیں:

۱۔ مبتدا ہوگا جبکہ اسکے بعد فعل لازم ہو، جیسے: كَمْ سَفِيْنَةً غَادَرَت؟ یا ایسا فعل متعدی ہو جسکا مفعول بہ مذکور ہو، جیسے: كَمْ طالباً ضَرَبْتَه؟ یا ظرف یا جار مجرور ہو، جیسے: كَمْ طالبًا وراءَكَ ان تمام صورتوں میں کم کے اعراب مبتدأ مبني علی السكون في محل رفع ہونگے۔ ۲۔ اگر كَمْ کے بعد فعل متعدی ہو لیکن اسکا مفعول مذکور نہ ہو تو مفعول بہ ہوگا، جیسے: كَمْ جُزْءًا تَلَوْتَ مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ؟ میں کم کے اعراب مفعولٌ به مبني علی السكون ہونگے۔

۳۔ اگر اس سے پہلے حرف جر یا مضاف ہو تو اس کے اعراب في محل جر ہونگے، جیسے: عَلَىٰ كَمْ مَوْضُوْعًا يَحْتَوِيْ هٰذَا الْكِتَابُ؟ اور مَجْلِسَ كَمْ عَالِمٍ حَضَرْتَ؟ ۔ اور ان صورتوں کے علاوہ کم کے اعراب عام طور پر مبتدا کے ہوتے ہیں۔ ۴۔ اگر کم کے بعد ظرف زمان یا ظرف مکان مذکور ہوں تو اس کے اعراب ظرف في محل نصب ہوتے ہیں، جیسے: كَمْ سَاعَةً قَضَيْتَهَا فِي الْمَسْجِدِ اور كَمْ مِيْلًا قَطَعَتِ السَّيَّارَةُ ۔ ۵۔ اگر کم کے بعد مصدر ہو یا اس کا نائب ہو تو اس کے اعراب مفعول مطلق في محل نصب ہوتے ہیں، جیسے: كَمْ طَوَافًا طُفْتَ حَوْلَ الْبَيْتِ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ظرف) سے فصل کرنا جائز ہے، جیسے: أُنَاسُ کَمْ فِي عَهْدِ الصِّدِّيق رضي اللّٰه عنهُ قَبِيْلَةٍ ارْتَدُّوْا عَنِ الإِسْلَامِ أو أُنَاسُ کَمْ بَعْدَ عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ قَبِيْلَةٍ ارْتَدُّوا عَنِ الإِسْلَامِ؟ اضافت کی صورت میں شبه الجملة کے علاوہ کوئی فاصل نہیں آسکتا۔

(ب) اگر کم الاستفهامية کی تمیز حرف جر من کے ذریعے مجرور ہو تو دونوں کے درمیان شبه الجملة سے فصل کرنا بھی جائز ہے اور جملے سے فصل کرنا بھی، جیسے: کَمْ افْتَتَحَ مِن بِلادٍ فِي عَهْدِ الفَارُوْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ؟

(ج) اگر کم الاستفهامية کی تمیز منصوب ہو تو جملہ اور شبه الجملة دونوں سے فصل کرنا جائز ہے، مثلا: کَمْ فِي الحَافِلَةِ رَاكِبًا؟ کَمْ سِرْتَ مِيْلًا؟ البتہ اگر ایسا جملہ فاصل ہو جس کا فعل متعدی ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو[1] تمیز کا مجرور بمن ہونا واجب ہوتا ہے تاکہ مفعول بہ سے التباس نہ ہو، جیسے: کَمْ اشْتَرَيْتَ مِنْ كِتَابٍ؟۔

۶۔ کم الخبرية کی تمیز مفرد، یا جمع مجرور بمن یا بالإضافة واقع ہوتی ہے لیکن افراد زیادہ فصیح ہے، جیسے جملہ۲۔ کَمْ عِظَةٍ/ عِظَاتٍ يَضُمُّهَا القُرْآنُ بَيْنَ دَفَّتَيْهِ۔ کم الخبرية اور اسکی تمیز کے درمیان فصل کی درج ذیل صورتیں ہیں:

(الف) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان جملہ فاصل کے طور پر آجائے تو تمیز واجب النصب ہوتی ہے، جیسے: مَا أَغْلَى صُحْبَةَ الأَبْرَارِ فَكَمْ نَفَعَنَا[2] مِنْهُمْ قَوْلًا۔

(ب) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان جار ومجرور اور ظرف دونوں ایک ساتھ فاصل ہوں تو تمیز واجب النصب ہوتی ہے، جیسے: کَمْ دُوْنَ الحُصُوْلِ عَلَى العِلْمِ كَفَاحًا وَكَمْ لَهُ بَعْدَ حُصُوْلِهِ انْبِسَاطًا۔

(ج) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان صرف ظرف یا صرف جار ومجرور فاصل ہو تو تمیز کا مجرور کرنا بھی جائز ہے اور منصوب کرنا بھی البتہ نصب زیادہ فصیح ہے، جیسے: کَمْ دُوْنَ تَحْصِيْلِ العِلْمِ كَفَاحًا/ كَفَاحٍ۔

(د) اگر کم الخبرية اور اس کی تمیز کے درمیان فاصل جملے میں ایسا فعل متعدی ہو جسکا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو تمیز کا مجرور بِمِنْ ہونا واجب ہوتا ہے تاکہ نصب کی حالت میں مفعول بہ سے التباس نہ ہو جائے، جیسے: کَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ۔

۷۔ کأین کی تمیز اکثر اوقات مجرور بِمِنْ ہوتی ہے، جیسے جملہ۷۔ کَأَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ اور بسا اوقات

---

(۱) یعنی فعل کے لازم ہونے کی صورت میں یا فعل متعدی کے مفعول بہ کے مذکور ہونے کی صورت میں تمیز کا مجرور بمن ہونا واجب نہیں۔
(۲) اس صورت میں فعل کا فاعل ضمیر مستتر وجوبا ہوتی ہے جو کم پر لوٹتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

منصوب بھی ہوتی ہے، جیسے: كَأَيِّنْ نِعْمَةً أَسْبَغَهَا اللّٰهُ عَلَى خَلْقِهِ، کأین اور اس کی تمیز کے درمیان فصل جائز ہے لیکن اگر ایسا جملہ فاصل ہو جس کا فعل متعدی ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو تمیز کا مجرور بِـمِـنْ ہونا واجب ہوتا ہے تا کہ مفعول بہ سے التباس نہ ہو، جیسے: كَأَيِّنْ أَسْبَغَ اللّٰهُ عَلَى عِبَادِهِ مِنْ نِعْمَةٍ، کأین اگر مبتدا واقع ہو تو اس کی خبر ہمیشہ جملہ یا شبہ الجملة ہوتی ہے، جیسے: كَأَيِّنْ مِنْ صَالِحٍ يَفْسُدُ بِفَسَادِ الآخَرِ، كَأَيِّنْ مِنْ كُتُبِ الرِّجَالِ فِي مَكْتَبَةِ دِمِشْقَ۔

۸۔ كـذا کی تمیز مفرد یا جمع منصوب وجوباً ہوتی ہے اور كـذا حرف عطف واو کے ساتھ مکرر بھی واقع ہوتا ہے، جیسے: اشْتَرَيْتُ كَذَا وَكَذَا قَلَمًا۔

۹۔ كـم الاستفهامية اور كـم الخبرية کی تمیز کا حذف کرنا جائز ہے جبکہ جملہ میں کوئی ایسا قرینہ موجود ہو جو تمیز پر دلالت کرے، جیسے: قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْبَعْضَ يَوْمٍ کی تقدیر یوں ہوگی: قَالَ كَمْ يَوْمًا لَبِثْتَ۔

۱۰۔ کم الاستفهامية کی تمیز کے بعد واقع ہونے والا بدل همزة الاستفهام سے مقرون واقع ہوتا ہے، جیسے: كَمْ طَالِبًا فِي الْفَصْلِ أَعَشَرَةٌ أَمْ عِشْرُوْنَ، میں عشرة "کم" کا بدل ہے اور همزة استفهامية سے مقترن ہے جبکہ کم الخبرية میں بدل سے پہلے همزه الاستفهام نہیں آسکتا کیونکہ یہ استفهام کے بجائے اخبار پر دلالت کرتا ہے، چنانچہ اس کا بدل بل کے ساتھ واقع ہوتا ہے، جیسے: كَمْ طُلَّاب حَضَرُوْا ثَمَانِيْنَ بَلْ تِسْعِيْنَ۔

قواعد:

ا۔ کنایات العدد چار ہیں: کم الاستفهامية، کم الخبرية، کأین اور کذا۔

۲۔ کم الاستفهامية کے ذریعہ مبہم تعداد ومقدار معلوم کی جاتی ہے اور اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے۔

۳۔ کم الخبرية کے ذریعہ مبہم تعداد ومقدار بیان کی جاتی ہے اور یہ مبہم تعداد ومقدار کی کثرت پر دلالت کرتا ہے اس کی تمیز مفرد یا جمع اور مجرور بمن یا بالإضافة ہوتی ہے۔

۴۔ کم الاستفهامية اور کم الخبرية کی تمیز حذف کرنا بھی جائز ہے جبکہ جملہ میں کوئی ایسا قرینہ موجود ہو جو محذوف پر دلالت کرے۔

۵۔ کـأیـن، کم الخبرية کی طرح تعداد کی زیادتی کو بتاتا ہے اکثر اوقات اس کی تمیز مفرد، مجرور بمن ہوتی ہے اور بسا اوقات منصوب ہوتی ہے نیز اس پر حرف جر داخل نہیں ہوتا اور اس کی خبر ہمیشہ جملہ یا شبـه الجملة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ہوتی ہے۔

۲۔ کذا کے ذریعے مقدار یا تعداد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے، اس کی تمیز مفرد منصوب یا جمع منصوب ہوتی ہے، کذا حرف عطف کے ساتھ مکرر بھی واقع ہوتا ہے۔

التمرين - ١

استخرج من الجمل الآتية كنايات العدد وتمييزها، واذكر إعرابه وجوبًا وجوازًا:

نموذج: مه عن اتباع الهوى فكم قد أفاتك من فضيلة وكم قد أوقعك فيها من رذيلة.

كم: خبرية، كناية العدد. من فضيلة: تمييز كم الخبرية، مجرور بمن وجوبًا؛ لأجل الالتباس.

كم: خبرية، كناية العدد من رذيلة: تمييز كم، مجرور بمن جوازا.

٢ ـ على كم فقير تصدقت؟

٣ ـ كم من عمل يقرب صاحبه إلى الله تعالىٰ.

٤ ـ كم شيخا ركبت إليه المطايا؟

٥ ـ كم من معصية حالت دون المرء والنعمة.

٦ ـ قطفت كذا زهرة من البستان.

٧ـ كم بلدًا من العالم بلغته الدعوة الإسلامية؟

٨ـ كافأت المدرسة كذا وكذا طلابا.

٩ ـ لله درك يا واعظ فكم أسديت من معروف.

١٠ ـ كم حديث ورد في فضل قيام الليل.

١١ ـ كم ملك ملكوا الدنيا فأصبحوا تحت ظلمة القبور.

١٢ ـ كم من معصية أوجبت انكسار جاه وقُبح ذكر مع إثم.

١٣ ـ كم من علماء جمعوا العلم والعمل فاحتلوا المقام الأسمى.

١٤ ـ كم من مرغوب فيه يسوء ولا يسرّ ومرهوب منه ينفع ولا يضر.

١٥ ـ كم من آيات في السموات والأرض تدل على عظمة صانعها وقدرته.

١٦ ـ كم من طلاب شدوا رحالهم إلى الإمام أبي حنيفة رحمه الله لطلب العلم.

١٧ ـ كأين من عبد أعوزه الدهر بعد غِنى وكأين من عبد أدركه الغنى بعد الفقر.

١٨ ـ كم من بطل خاض غمار المعارك في سبيل الله مدافعًا عن الحق ومع ذلك مات على فراشه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

التمرين ـ ٢

هات جملة لكل ما يأتي:

١ ـ هكذا.
٢ ـ كم خبرية، وقعت ظرف زمان.
٣ ـ كذا، في معناه اللفظي.
٤ ـ كم خبرية، الضمير بعدها مفرد.
٥ ـ كأين، تمييزها منصوب.
٦ ـ كم استفهامية، تمييزها محذوف.
٧ ـ كأين، تمييزها مجرور بمن.
٨ ـ كم استفهامية، الضمير بعدها جمع.
٩ ـ كم خبرية، بعدها استفهام.
١٠ ـ كم استفهامية، وقعت ظرف مكان.
١١ ـ كم استفهامية، وقعت مبتدأ.
١٢ ـ كم استفهامية، وقعت مفعولاً مطلقا.
١٣ ـ كم خبرية، وقعت مضافًا إليه.
١٤ ـ كذا، وقع كناية عن العدد في محل جر.
١٥ ـ كم خبرية، تمييزها محذوف.
١٦ ـ كذا، وقع كناية عن العدد في محل نصب.
١٧ ـ كم خبرية، دخلها عليها حرف جر.
١٨ ـ كم استفهامية بعدها استفهام وبدله مقرون بالهمزة.
١٩ ـ كم استفهامية تمييزها مفرد مؤنث يفصل بينهما فاصل.
٢٠ ـ كم خبرية تمييزها مضاف اليه يفصل بينهما شبه الجملة.
٢١ ـ كم خبرية، يفصل بينها وبين تمييزها شبها الجملة كلاهما.
٢٢ ـ كم خبرية تمييزها مجرور بمن يفصل بينهما جملة فعلية استوفى مفعوله.
٢٣ ـ كم استفهامية تمييزها مجرور بمن يفصل بينهما جملة فعلية لم يستوف مفعوله.

التمرين ـ ٣

ترجم الجمل الآتية إلى الأردية:

١ ـ نسخت القبلة كذا مرة.
٢ ـ كم سنوات من حياتي طويت في غفلة.
٣ ـ كم كيد كاده اليهود للمسلمين.
٤ ـ كتب كم فنون ألفه السيوطي رحمه الله.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٥ ـ في كم ميلا / ميلٍ تقصر الصلاة؟ ٦ ـ كم حديثا متفق عليه بين البخاري ومسلم؟

٧ ـ كم أناس حفظوا القرآن ثم تساهلوا عنه فنسوه.

٨ ـ كم حيطة احتاطه المحدثون في أخذ حديث الرسول ﷺ.

٩ ـ كم حديث في الصحيحين غريب، فليس كل غريب ضعيفًا.

١٠ ـ كأين من العلماء أفنوا أعمارهم في سبيل الحفاظ على الإسلام.

١١ ـ على كم روبيةٍ تجب الأضحية وصدقة الفطر ويحرم أخذ الزكاة؟

١٢ ـ صلى الإمام أبو حنيفة رحمه الله صلاة الفجر بوضوء صلاة العشاء كذا سنة.

١٣ ـ كم فقيها كانوا أركان شورى الإمام أبو حنيفة رحمه الله في تدوين المسائل؟

١٤ ـ كأين تلميذا يفوق أستاذه! لقد صدق ﷺ إذ قال: رب مبلغ أوعى له من سامع أو كما قال ﷺ.

التمرين ـ ٤

ترجم إلى العربية:

۱۔ امام بخاری کی صحیح میں کتنی ثلاثیات ہیں؟

۲۔ امام برہان الدین نے ہدایہ کی تالیف کتنے سالوں میں مکمل کی؟

۳۔ مظاہر اگر روزوں پر قادر نہ ہو تو کتنے مسکینوں کو کھانا کھلائے گا؟

۴۔ آپ اور عیسی علیہما الصلاۃ والسلام کے درمیان کا زمانہ فترت کتنا تھا؟

۵۔ کتنے صحابہ ایسے ہیں جو اسلام کی خاطر دور دراز ملکوں میں مدفون ہیں۔

۶۔ امام شافعی نے عربی ہونے کے باوجود کتنے سال عربی سیکھنے میں لگائے۔

۷۔ آپ ﷺ نے ۶۳ سال کی عمر پائی اور اتنی ہی ابو بکر رضی اللہ عنہ نے بھی۔

۸۔ کتنے نمازی ایسے ہیں جو سستی اور کاہلی کی وجہ سے جماعت کے ثواب سے محروم رہتے ہیں۔

۹۔ اللہ تعالی کے کتنے ولی ایسے ہیں جن کی نظر میں دنیا مکڑی کے جالے سے زیادہ بے حیثیت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۱۰۔ کتنے لوگ ایسے ہیں جو دنیا میں بھی تھک رہے ہیں اور آخرت میں بھی ان کے لئے کوئی راحت نہیں۔

التمرين - ٥

استخرج من الآيات الآتية كنايات العدد ومميزها:

نموذج: سَلْ بَنِي إِسْرَائِيْلَ كَمْ آتَيْنَاهُمْ مِنْ آيَةٍ بَيِّنَةٍ.

كم: خبرية من كنايات العدد. من آية: تمييز كم الخبرية مجرور بمن وجوبًا لأجل الالتباس.

٢ـ وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِي الْأَوَّلِيْنَ.

٣ـ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ.

٤ـ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً.

٥ـ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا.

٦ـ وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ.

٧ـ وَكَأَيِّنْ مِّنْ دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ.

٨ـ وَكَأَيِّنْ مِّنْ آيَةٍ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا.

٩ـ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنْبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ.

١٠ـ قَالَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ.

١١ـ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِي مَسَاكِنِهِمْ.

١٢ـ وَكَمْ مِّنْ مَلَكٍ فِي السَّمٰوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا إِلَّا مِنْ بَعْدِ أَنْ يَّأْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيَرْضٰى.

التمرين - ٦

استخرج من الأحاديث الآتية كنايات العدد وتمييزها، واذكر إعرابه وجوبًا أو جوازًا:

نموذج: عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ كُنْتُ إِلَى جَنْبِ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ فَقِيْلَ لَهُ: كَمْ غَزَا النَّبِيُّ ﷺ مِنْ غَزْوَةٍ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ.
قِيْلَ: كَمْ غَزَوْتَ أَنْتَ مَعَهُ؟ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ.

كم: استفهامية، من كنايات العدد. من غزوة: تمييز "كم" الاستفهامية، مجرور بمن وجوبًا؛ لأجل الالتباس. كم: استفهامية من كنايات العدد، وتمييزها محذوف، تقديره: "غزوةً".

٢ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: كَمْ مِنْ عِذْقٍ مُدَلًّى لِأَبِي الدَّحْدَاحِ فِي الْجَنَّةِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِذَا أُتِيَ بِاللَّبَنِ قَالَ: كَمْ فِي الْبَيْتِ بَرَكَةً أَوْ بَرَكَتَيْنِ.

٤ـ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فِي كَمْ أَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ: اخْتِمْهُ فِيْ شَهْرٍ. قُلْتُ: إِنِّي أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ.

٥ـ عَنْ مُعَاذَةَ أَنَّهَا سَأَلَتْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: كَمْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّيْ صَلَاةَ الضُّحٰى؟ قَالَتْ: أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَيَزِيْدُ مَا شَاءَ.

٦ـ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى قَالَ: إِحْيَاءُ الْحَدِيْثِ مُذَاكَرَتُهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ! كَمْ مِنْ حَدِيْثٍ أَحْيَيْتَهُ فِيْ صَدْرِيْ كَانَ قَدْ مَاتَ.

٧ـ قَالَ: ثُمَّ يُقَالُ: أَخْرِجُوْا بَعْثَ النَّارِ فَيُقَالُ: مِنْ كَمْ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، قَالَ: فَذَاكَ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا وَذٰلِكَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ.

٨ـ أُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِإِنَاءٍ وَهُوَ بِالزَّوْرَاءِ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ قَالَ قَتَادَةُ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: ثَلَاثَ مِائَةٍ أَوْ زُهَاءَ ثَلَاثِ مِائَةٍ.

٩ـ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَمْ أَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ؟ فَصَمَتَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَمْ أَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ؟ فَقَالَ: كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً.

١٠ـ سُئِلَ جَابِرٌ رضي الله عنه: كَمْ كَانُوْا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ؟ قَالَ: كُنَّا أَرْبَعَ عَشْرَةَ مَائَةً فَبَايَعْنَاهُ وَعُمَرُ آخِذٌ بِيَدِهِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَهِيَ سَمُرَةٌ فَبَايَعْنَاهُ غَيْرَ جَدِّ بْنِ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيِّ اخْتَبَأَ تَحْتَ بَطْنِ بَعِيْرِهِ.

١١ـ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: مَا أَدْرِيْ كَمْ رَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَائِمًا فِي السُّوْقِ يَقُوْلُ: يُقْبَضُ الْعِلْمُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قَالَ: قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا وَحَرَّفَهَا.

١٢ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ قَتَلَ وَزَغَةً فِيْ أَوَّلِ ضَرْبَةٍ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً، وَمَنْ قَتَلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّانِيَةِ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً لِدُوْنِ الْأُوْلٰى، وَإِنْ قَتَلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّالِثَةِ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً لِدُوْنِ الثَّانِيَةِ.

١٣ـ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَبِيْ شَيْخٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ سَالِمٍ فَمَرَّ بِنَا رَكْبٌ لِأُمِّ الْبَنِيْنَ مَعَهُمْ أَجْرَاسٌ فَحَدَّثَ نَافِعًا سَالِمٌ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رَكْبًا مَعَهُمْ جُلْجُلٌ كَمْ تَرٰى هٰؤُلَاءِ مِنَ الْجُلْجُلِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٤ ـ عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ أَنَّهُ طَبَخَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قِدْرًا فِيْ لَحْمٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: نَاوِلْنِي ذِرَاعَهَا فَنَاوَلْتُهُ فَقَالَ: نَاوِلْنِي ذِرَاعَهَا فَنَاوَلْتُهُ فَقَالَ: نَاوِلْنِي ذِرَاعَهَا فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! كَمْ لِلشَّاةِ مِنْ ذِرَاعٍ؟ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ! لَوْ سَكَتَّ لَأَعْطَتْكَ ذِرَاعًا مَا دَعَوْتَ بِهِ.

١٥ ـ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَو قَد جَاءَ مَالُ البَحرَينِ قَد أَعطَيتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا فَلَم يَجِئْ مَالُ البَحرَينِ حَتَّى قُبِضَ النَّبِيُّ ﷺ، فَلَمَّا جَاءَ مَالُ البَحرَينِ أَمَرَ أَبُوبَكرٍ فَنَادَى مَن كَانَ لَهُ عِندَ النَّبِيِّ ﷺ عِدَةٌ أَو دَينٌ فَلْيَأْتِنَا فَأَتَيتُهُ فَقُلتُ: إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِي كَذَا وَكَذَا فَحَثَى لِي حَثيَةً فَعَدَدتُهَا فَإِذَا هِيَ خَمسُ مِائَةٍ وَقَالَ: خُذْ مِثلَيهَا.

التمرين ـ ٧

ميّز من الأحاديث الآتية "كذا" الواقعة كناية عن العدد عن غيرها وأعربه:

نموذج: قَالَ ﷺ يَوْمَ بَدْرٍ: مَنْ فَعَلَ كَذَا وَكَذَا فَلَهُ مِنَ النَّفْلِ كَذَا وَكَذَا.

كذا و كذا: كناية عن العمل في محل نصب مفعول به. كذا و كذا: كناية عن العدد في محل رفع مبتدأ مؤخر.

٢ ـ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: مَا سَمِعْتُ عُمَرَ ﷺ لِشَيْءٍ قَطُّ يَقُوْلُ: إِنِّي لَأَظُنُّهُ كَذَا إِلَّا كَانَ كَمَا يَظُنُّ.

٣ ـ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يُحَدِّثُ بِنَحْوٍ مِن ثَلَاثِيْنَ أَلْفَ حَدِيْثٍ مَا أَسْتَحِلُّ أَنْ أَذْكُرَ مِنْهَا شَيْئًا وَأَنَّ لِي كَذَا وَكَذَا.

٤ ـ قَالَ ﷺ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّ أُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا كَذَا مَا كَذَا حَتّٰى يَقُوْلُوا: هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ.

٥ ـ قَالَ ﷺ: يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُم فَيَقُوْلُ مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ حَتّٰى يَقُوْلُ: مَن خَلَقَ رَبَّكَ؟ فَإِذَا بَلَغَهُ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ.

٦ ـ قَالَ ﷺ: المَدِينَةُ حَرَمٌ مِن كَذَا إِلَى كَذَا لَا يُقطَعُ شَجَرُهَا وَلَا يُحدَثُ فِيهَا حَدَثٌ مَن أَحدَثَ حَدَثًا فَعَلَيهِ لَعنَةُ اللّٰهِ وَالمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجمَعِينَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٧ـ مَرَّ ﷺ بِقَوْمٍ يُلَقِّحُونَ فَقَالَ: لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا لَصَلُحَ، قَالَ فَخَرَجَ شِيْصًا فَمَرَّ بِهِمْ فَقَالَ: مَا لِنَخْلِكُم؟ قَالُوا: قُلْتَ: كَذَا وَكَذَا قَالَ: أَنْتُمْ أَعْلَمُ بِأَمْرِ دُنْيَاكُم.

٨ـ مَرِضَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: مُرُوا أَبَابَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ كَذَا، فَقَالَ مِثْلَهُ فَقَالَتْ مِثْلَهُ فَقَالَ: مُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ.

٩ـ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ رَجُلًا يَقْرَأُ فِي سُوْرَةٍ بِاللَّيْلِ فَقَالَ: يَرْحَمُهُ اللّٰهُ! لَقَدْ ذَكَّرَنِي كَذَا وَكَذَا آيَةً كُنْتُ أُنْسِيتُهَا مِنْ سُوْرَةِ كَذَا وَكَذَا.

١٠ـ قَالَ ﷺ: لَا تُسَافِرِ الْمَرْأَةُ إِلا مَعَ ذِي مَحْرَمٍ وَلَا يَدْخُلُ عَلَيْهَا رَجُلٌ إِلا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَخْرُجَ فِي جَيْشِ كَذَا وَكَذَا وَامْرَأَتِي تُرِيدُ الْحَجَّ؟ فَقَالَ ﷺ: أُخْرُجْ مَعَهَا.

١١ـ قَالَ ﷺ: كُلُّ أُمَّتِي مُعَافًى إِلَّا الْمُجَاهِرِيْنَ وَإِنَّ مِنَ الْمُجَاهَرَةِ أَنْ يَعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلًا ثُمَّ يُصْبِحَ وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَيَقُولُ: يَا فُلَانُ! عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَدْ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَنْهُ.

١٢ـ قَالَ ﷺ: صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا: قَوْمٌ مَعَهُم سِيَطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ، وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيْلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُؤُوْسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيْحَهَا وَإِنَّ رِيْحَهَا لَيُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ كَذَا وَكَذَا.

١٣ـ أَثْنَى رَجُلٌ عَلَى رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: وَيْلَكَ! قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ، قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ مِرَارًا ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَادِحًا أَخَاهُ لَا مَحَالَةَ فَلْيَقُلْ أَحْسِبُ فُلَانًا وَاللّٰهُ حَسِيْبُهُ وَلَا أُزَكِّي عَلَى اللّٰهِ أَحَدًا أَحْسِبُهُ كَذَا وَكَذَا إِنْ كَانَ يَعْلَمُ ذَلِكَ مِنْهُ.

١٤ـ أَتَتِ النَّبِيَّ ﷺ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ ﷺ فَقَالَ: مَا لِي فِي النِّسَاءِ مِن حَاجَةٍ فَقَالَ رَجُلٌ: زَوِّجْنِيْهَا، قَالَ: أَعْطِهَا ثَوْبًا قَالَ: لَا أَجِدُ، قَالَ: أَعْطِهَا وَلَو خَاتَمًا مِن حَدِيْدٍ فَاعْتَلَّ لَهُ فَقَالَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: كَذَا وَكَذَا، قَالَ ﷺ: فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ.

١٥ـ قَالَ ﷺ: ثَلَاثَةٌ لَا يَنظُرُ اللّٰهُ إِلَيهِم يَومَ القِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِم وَلَهُم عَذَابٌ أَلِيمٌ، رَجُلٌ كَانَ لَهُ فَضلُ مَاءٍ بِالطَّرِيقِ فَمَنَعَهُ مِنِ ابنِ السَّبِيلِ، وَرَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا لَا يُبَايِعُهُ إِلَّا لِدُنْيَاهُ فَإِنْ أَعْطَاهُ مِنْهَا رَضِيَ وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ مِنْهَا سَخِطَ، وَرَجُلٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

أَقَامَ سِلْعَتَهُ بَعْدَ الْعَصْرِ فَقَالَ: وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ لَقَدْ أَعْطَيْتُ بِهَا كَذَا وَكَذَا فَصَدَّقَهُ رَجُلٌ ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ ﴿إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا﴾.

التمرين ـ ٨

نموذج في الإعراب:

كم بائسا مددت إليه يد المعونة ؟

كم: كم الاستفهامية، مبنية على السكون، في محل رفع، مبتدأ.

بائسا: تمييز "كم "الاستفهامية، منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره.

مددت: فعل ماض، مبني على السكون؛ لاتصاله بالضمير المتصل، وفاعله "ت" ضمير متصل، في محلّ رفعٍ.

إليه: إلى: حرف جر، مبني على السكون، لا محل لها من الإعراب، **ه:** ضمير متصل، في محل جر، والجار والمجرور متعلقان بالفعل "مددت".

يد: مفعول به منصوب، وعلامة نصبه الفتحة الظاهرة على آخره، وهو مضاف.

المعونة: اسم مجرور بالإضافة، مضاف إليه، وعلامة جره الكسرة الظاهرة على آخره.

الجملة "كم بائسًا": ابتدائية، لا محل لها من الإعراب.

الجملة "مددت": الجملة من الفعل والفاعل، في محل رفع خبر.

أعرب ما يأتي:

١ ـ كَمْ وَلَدًا اتَّخَذْتَ صَدِيقًا لَكَ؟

٢ ـ كَمْ سَاعَةٍ يَقْضِيْهَا الْإِنْسَانُ فِي غَفْلَةٍ مِنْ رَبِّهِ.

٣ ـ ارْتَحَلَ الْبُخَارِيُّ لِلْعِلْمِ كَذَا رَحْلَةً.

٤ ـ كَم جَوْلَةً جَالَ الدُّعَاةُ فِي سَبِيْلِ نَشْرِ الدِّيْنِ الْحَنِيْفِ؟

٥ ـ كَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِيُّوْنَ كَثِيْرٌ.

٦ ـ كَأَيِّنْ مِنْ طُلَّابِ الْعِلْمِ يُطْفِئُوْنَ نُوْرَ الْعِلْمِ بِالْمَعَاصِي.

٧ ـ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فَاكِهِيْنَ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الدرس التاسع و الثلاثون

النسب

(القاعدة العامة للنسب)

الأمثلة:

١ ۔ عَرَبٌ	عَرَبِيٌّ	٢ ۔ بَاكِسْتَانُ	بَاكِسْتَانِيٌّ
٣ ۔ أَدَبٌ	أدبِيٌّ	٤ ۔ جَوْهَرٌ	جَوْهَرِيٌّ

شرح وتفصیل:

کسی اسم، ملک ، شہر، قبیلہ، پیشے وغیرہ سے تعلّق یا نسبت ظاہر کرنے کے عربی زبان میں مختلف طریقے ہیں، مثلا اگر ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ عمر کا تعلّق پاکستان سے ہے تو اس کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ ہم یوں کہیں کہ عمر من باكستان اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہم اس بات کو اس طرح تعبیر کریں کہ عمر باكستاني ۔ دوسرا طریقہ پہلے طریقے سے بہ نسبت آسان اور مختصر ہے کیونکہ اس میں صرف ياء مشددة کا اضافہ کیا گیا ہے۔ کسی اسم، ملک، قبیلہ، شہر، پیشے وغیرہ سے تعلّق ظاہر کرنے کے لئے اس کے اخیر میں یاء مشددہ کے اضافہ کے عمل کو "نسب" کہتے ہیں، اور یہ یاء یاء النسب کہلاتی ہے۔ اور جس اسم کے آخر میں ياء النسب ملحق ہوتی ہے اسے منسوب إليه کہتے ہیں۔ اسم کو منسوب کرنے سے اس میں تین طرح کی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں: ١۔ لفظی تبدیلی ٢۔ معنوی تبدیلی ٣۔ حکمی تبدیلی

لفظی تبدیلی:

یہ ہے کہ اسم کے آخر میں یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور اس سے پہلے والا حرف مکسور ہو جاتا ہے اور حرف مکسور کے اعراب یاء مشددہ کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں، جیسے: عربٌ سے عَرَبِيٌّ ۔

معنوی تبدیلی:

یہ ہے کہ اسم منسوب إليه ياء النسب لگنے کے بعد نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

حکمی تبدیلی:

اسم منسوب إلیه مؤول بالمشتق ہوتا ہے جس کی تاویل، منسوب إلی کذا سے کی جاسکتی ہے لہذا اس کے ساتھ صفہ مشتقہ کی طرح کا معاملہ کیا جاتا ہے، چنانچہ یہ نعت بھی بن سکتا ہے، جیسے: زَیْدٌ رَجُلٌ بَاکِسْتَانِيٌّ اور ضمیر مستتر اور اسم ظاہر کو فاعل ہونے کی بنا پر مرفوع کرتا ہے، مثلاً: زَیْدٌ بَاکِسْتَانِيٌّ میں ھو ضمیر مستتر ہے جو کہ باکستانيٌّ کا فاعل في محل رفع ہے اور أَحْمَدُ بَاکِسْتَانِيٌّ أَبُوْہُ میں أَبُوْہُ باکستانيٌّ کا فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع بالواو ہے۔

ما یستثنی من القاعدة العامة

النسب إلی المقصور

الأمثلة:

١۔ فَتًی فَتَوِيٌّ ٢۔ مَلْهی مَلْهِيٌّ

٣۔ کَنَدَا کَنَدِيٌّ ٤۔ مُصْطَفی مُصْطَفِيٌّ

٥۔ مُسْتَشْفی مُسْتَشْفِيٌّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں مقصور اسماء پر مشتمل ہیں۔ ان اسماء میں نسبت ظاہر کرتے وقت مندرجہ ذیل قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے:

١۔ اگر مقصور اسم میں الف مقصورہ دو حرفوں کے بعد واقع ہو تو اس کی طرف نسبت کرتے ہوئے الف مقصورہ کو واو میں بدل دیا جاتا ہے، جیسے مثال ١۔ میں فَتًی کی نسبت فَتَوِيٌّ ہے۔

٢۔ اگر الف مقصورہ تین حرفوں کے بعد واقع ہو اور اس کا دوسرا حرف ساکن ہو تو اس کی نسبت کو تین صورتوں میں ظاہر کرسکتے ہیں:

(ا) الف مقصورہ کو حذف کرنے کے بعد اس کے آخر میں یاء مشددہ کا اضافہ کردیا جائے اور یاء مشدد سے پہلے والے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

حرف کو کسرہ دے دیا جائے، جیسے: مَلْهٰی سے مَلْهِيٌّ۔ اگر الف مقصورہ تأنیث کے لئے ہو تو حذف بہتر ہے، جیسے حُبْلٰی سے حُبْلِيٌّ بنانا بہتر ہے۔

(ب) الف مقصورہ کو واو سے بدل دیا جائے، جیسے: بِنْهَا سے بِنْهَوِيٌّ اور مَلْهٰی سے مَلْهَوِيٌّ۔ خصوصاً اگر الف مقصورہ منقلبہ ہو تو اس کو واو سے بدلنا بہتر ہے، جیسے: مَلْهَوِيٌّ۔

(ج) الف مقصورہ کو واو سے بدل کر اس سے پہلے الف کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے: مَلْهَاوِيٌّ۔

۳۔ اگر الف مقصورہ تین حرفوں کے بعد ہو اور حرف ثانی متحرک ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت الف مقصورہ کو حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے: كَنَدَا سے كَنَدِيٌّ ہوگا۔

۴۔ اگر الف مقصورہ چار یا پانچ حرف کے بعد واقع ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت اس کو حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے مُصْطَفٰی سے مُصْطَفِيٌّ اور مُسْتَشْفٰی سے مُسْتَشْفِيٌّ ہوگا۔

النسب إلى المنقوص

الأمثلة:

١ ـ العَمِي	الْعَمَوِيُّ	٢ ـ الدَّاعِي	الدَّاعِيُّ، الدَّاعَوِيُّ
٣ ـ المُهْتَدِي	المُهْتَدِيُّ	٤ ـ الْمُسْتَقْصِي	الْمُسْتَقْصِيُّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں منقوص اسماء پر مشتمل ہیں۔ ان اسماء میں نسبت ظاہر کرتے وقت درج ذیل قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے:

۱۔ اگر منقوص اسم میں حرف منقوص دو حرف کے بعد واقع ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت اس کو واو میں بدل دیتے ہیں اور اس سے پہلے والے حرف کو مفتوح بنا دیتے ہیں، جیسے مثال ۱۔ العمِي واو کے اضافہ کے بعد العَمَوِيُّ بن گیا۔

۲۔ اگر حرف منقوص تین حروف کے بعد واقع ہو تو اس کی نسبت ظاہر کرتے وقت اس میں دو صورتیں جائز ہے:

(ا) یاء منقوصہ کو حذف کر کے اس کے آخر میں یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے: الداعي سے الداعيُّ بنے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

(ب) یاء منقوصہ کو واو سے بدل کر اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے اور واو سے پہلے والے حرف کو مفتوح بنا دیا جائے جیسے: الداعي سے الدَّاعَوِيُّ۔

۳۔ اگر حرف منقوص چار یا چار سے زائد حروف کے بعد واقع ہو تو اس کو حذف کرنے کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیتے ہیں، جیسے مثال ۳۔ المُهْتَدِي سے المُهتدِيُّ اور مثال ۴۔ الْمُستَقْصِي سے الْمُستقصِيُّ ہوگا۔

النسب إلى الممدود

الأمثلة:

۱۔ ابْتِدَاءٌ ابْتِدَائِيٌّ ۲۔ حَوْرَاءُ حَوْرَاوِيٌّ

۳۔ شِفَاءٌ شِفَائِيٌّ، شِفَاوِيٌّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں ممدود اسماء پر مشتمل ہیں۔ ان کی نسبت ظاہر کرنے کے لئے ان کے ساتھ وہی معاملہ کیا جاتا ہے جو کہ ان کو مثنی اور جمع بناتے وقت کیا جاتا ہے، چنانچہ اگر اسم ممدود کی ہمزہ اصلی ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت ہمزہ کو باقی رکھا جاتا ہے اور اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کردیا جاتا ہے، جیسے مثال ۱۔ ابتداء سے ابتِدَائِيٌّ بنے گا۔

اگر اسم ممدود کی ہمزہ تانیث کے لئے ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت واو میں بدل دیا جاتا ہے اور یاء مشددہ کا اضافہ کردیا جاتا ہے، جیسے مثال ۲۔ حَوراء سے حَوراوِيٌّ بنے گا۔

اگر اسم ممدود کی ہمزہ کسی حرف اصلی سے بدلی ہوئی ہو تو اس میں دو صورتیں جائز ہیں:

(ا) ہمزہ کو باقی رکھا جائے اور اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے مثال ۳۔ شِفَاء سے شِفَائِيٌّ بنے گا۔

(ب) اس ہمزہ کو واو سے بدل دیا جائے اور اس کے بعد یاء مشددہ کا اضافہ کر دیا جائے، جیسے: شِفَاء سے شِفَاوِيٌّ۔

قواعد:

نسب میں اسم کے آخر میں یاء مشدد کا اضافہ کر کے اس سے پہلے والے حرف کو مکسور کر دیا جاتا ہے اور اس اسم کو منسوب إلیہ کہتے ہیں۔ نسب کا عام قاعدہ یہی ہے البتہ اس قاعدے سے کئی صورتیں مستثنیٰ ہیں جن میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بعض درج ذیل ہیں:

۱۔مقصور اسم میں نسبت ظاہر کرنے کے لئے جب اسکے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کیا جاتا ہے تو اس میں درج ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

(ا) اگر اسم ثلاثی ہو تو الف مقصورہ کو واو میں بدل دیا جاتا ہے اور اس سے پہلے والے حرف کو کسرہ دے دی جاتی ہے۔

(ب) اگر اسم رباعی ہو اور دوسرا حرف ساکن ہو تو اس میں تین صورتیں جائز ہیں: ۱۔الف مقصورہ کو حذف کرنا ۲۔ ألف کو واو سے بدلنا ۳۔واو سے بدلنا اور اس سے پہلے ألف کا اضافہ کرنا۔

(ج) اگر رباعی ہو اور دوسرا حرف متحرک ہو یا خماسی ہو یا سداسی ہو تو ألف مقصورہ کو وجوبا محذوف کر دیا جاتا ہے۔

۲۔ جب منقوص اسم کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کیا جاتا ہے تو درج ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

(ا) اگر اسم ثلاثی ہو تو اس کی یاء کو واو میں بدل دیا جاتا ہے اور اس سے پہلے والے حرف کو فتحہ دے دی جاتی ہے۔

(ب) اگر اسم رباعی ہو تو دو صورتیں جائز ہیں: ۱۔یاء کو حذف کرنا ۲۔ یاء کو واو سے بدل کر پہلے والے حرف کو فتحہ دینا۔

(ج) اگر اسم خماسی یا سداسی ہو تو یاء کو وجوبا محذوف کر دیا جاتا ہے۔

۳۔اسم ممدود میں نسبت ظاہر کرنے کے لئے جب اس کے آخر میں یاء مشدد کا اضافہ کیا جاتا ہے تو اس میں درج ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

(ا) اگر ہمزہ اصلیہ ہو تو وہ اپنے حال پر باقی رہتی ہے۔

(ب) اگر ہمزہ زائدہ مؤنث کے لئے ہو تو اس کو واو سے بدل دیا جاتا ہے۔

(ج) اگر ہمزہ واو یا یاء سے بدلی ہوئی ہو تو اس میں دو صورتیں جائز ہیں: ۱۔اصلی حالت پر باقی رکھا جائے ۲۔واو سے بدل دیا جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

النسب إلى ما فيه ياء مشددة أو تاء التأنيث

الأمثلة:

١ ـ حَيٌّ	حَيَوِيٌّ	٢ ـ لَيٌّ	لَوَوِيٌّ
٣ ـ عَدِيٌّ	عَدَوِيٌّ	٤ ـ أُمَيَّةٌ	أُمَوِيٌّ
٥ ـ كُرْسِيٌّ	كُرْسِيٌّ	٦ ـ شَافِعِيٌّ	شَافِعِيٌّ
٧ ـ سَيِّدٌ	سَيْدِيٌّ	٨ ـ أُسَيِّدٌ	أُسَيْدِيٌّ
٩ ـ فَاطِمَةُ	فَاطِمِيٌّ	١٠ ـ القَاهِرَةُ	قَاهِرِيٌّ

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالیں ایسے اسماء پر مشتمل ہیں جن میں حرف یاء، مشدد ہے یا ان کے آخر میں تاء تأنیث موجود ہے۔

ان اسماء میں نسبت ظاہر کرتے وقت درج ذیل قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے:

۱۔ اگر یاء مشددہ ایک حرف کے بعد واقع ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے (یعنی حيـيٌ، لـيـيٌ) اور پہلی یاء اپنی اصلی حالت میں آ جاتی ہے جبکہ دوسری یـاء واو میں بدل جاتی ہے (یعنی لـيِوٌ، حيِوٌ) اور واو سے پہلے والا حرف مفتوح (لَوَوٌ، حَيَوٌ) ہو جاتا ہے جیسے: حيٌّ سے حيويٌّ اور ليٌّ سے لَوَوِيٌّ۔

۲۔ اگر یاء مشددہ دو حرف کے بعد واقع ہو تو اس کو منسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے اور پہلی یاء کو حذف کر دیا جاتا ہے (یعنی عَدِيٌ) جبکہ دوسری یاء کو واو سے بدل دیا جاتا ہے (یعنی عَدِوٌ) اور اس سے ماقبل کو فتحہ دے دی جاتی ہے، جیسے عَدَوٌ سے عَدَوِيٌّ۔ اگر یاء مشددہ کے بعد تاء تأنیث بھی واقع ہو تو اس صورت میں اس کو منسوب بناتے وقت مندرجہ بالا قواعد کو ملحوظ رکھا جاتا ہے اور تاء تأنیث کو تخفیف کی غرض سے حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے مثال ۴۔ میں أمية سے أمَوِيٌّ۔

۳۔ اگر یـاء مشددہ تین یا اس سے زائد حروف کے بعد واقع ہو تو ایسے اسم کو منسوب بناتے وقت یاء مشددہ حذف کر دی جاتی ہے اور یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے مثال ۵، ۶۔ میں كرسي سے كرسيٌّ اور شافعي سے شافعيٌّ۔ اس صورت میں منسوب، منسوب الیہ کے مشابہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۴۔ اگر یاء مشددہ مکسورہ حرف اخیر سے پہلے واقع ہوتو اس کلمہ کومنسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے، (جیسے: سَیِّد) اور یاء مکسورہ کوحذف کرکے یاء ساکنہ کو برقرار رکھا جاتا ہے (یعنی سَیْدٌ) اوراس کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کردیا جائے گا، جیسے مثال ۷۔ میں سَیِّدٌ سے سَیْدِيٌّ اور مثال ۸۔ میں أُسَیِّدٌ سے أُسَیْدِيٌّ۔

قواعد:

ا۔ یاء مشدد اسم کے آخر میں واقع ہو اوراس سے پہلے ایک حرف ہوتو اسم کومنصوب بناتے وقت پہلی یاء اپنی اصلی حالت میں آجاتی ہے اور دوسری یاء واو میں بدل جاتی ہے، اگراس سے پہلے دوحروف ہوں تو پہلی یاء حذف کردی جاتی ہے اور دوسری یاء کو واو سے بدل کراس سے ماقبل کوفتح دے دی جاتی ہے اور اگراس سے پہلے تین یا تین سے زائد حروف ہوں تو یاء مشدد مکمّل طور پر حذف کردی جاتی ہے۔

۲۔ اگر یاء مشدد مکسورہ کے بعد ایک حرف ہوتو اس کلمہ کومنسوب بناتے وقت ادغام ٹوٹ جاتا ہے اور یاء مکسورہ کوحذف کرکے یاء ساکنہ کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

النسب إلى الثلاثي مكسور العين

المثال:

نَمِرٌ   نَمَرِيٌّ

شرح وتفصیل:

ہر وہ اسم جو ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ مکسور ہوتو اس کومنسوب بناتے وقت اس کے عین کلمہ کومفتوح بنادیا جاتا ہے اور اس کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کردیا جاتا ہے، جیسے: نَمِر سے نَمَرِیٌّ۔

النسب إلٰى ماحذف منه بعض أصوله من كلمة اللام أو الفاء

الأمثلة:

١۔ أخ   أخوِي   ٢۔ سنة   سَنَوِيٌّ ، سَنَهِيٌّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣۔ ابن	بَنَوِيٌّ ، ابْنِيٌّ	بِنْتٌ	بَنَوِيٌّ ، بِنْتِيٌّ
٤۔ يَدٌ	يَدَوِيٌّ ، يَدِيٌّ	٥۔ عِدَةٌ	عِدِيٌّ
٦۔ دِيَةٌ	وَدَوِيٌّ		

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام مثالیں حروف اصلیہ پر مشتمل ہیں اور ایک حرف اصلی محذوف ہے۔ ایسے اسماء کی طرف یاء النسبة کی اضافت کرتے وقت مندرجہ ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

مثال ۱۔ أخٌ اصل میں أخو ہے (یعنی اس کا لام کلمہ محذوف ہے) چنانچہ اس کو منسوب بناتے وقت اس کا حرف محذوف لوٹ آئے گا، یعنی أخ سے أخويٌّ ہوجائے گا۔

مثال ۲۔ سنة اصل میں سنهٌ یا سنوٌ ہے (یعنی اسکا لام کلمہ حذف کرکے اس کی جگہ تاء تأنیث لگا دی گئی) اس کو منسوب بناتے وقت اس کا حرف محذوف لوٹ آتا ہے، چنانچہ سنه سے سنهيٌّ اور سنو سے سنويٌّ بنے گا۔

مثال ۳۔ ابنٌ اصل میں بنو ہے (اس کے لام کلمہ کو حذف کرکے اس کی جگہ ہمزہ وصل شروع میں لگا دی گئی ہے) اس کو منسوب بناتے وقت اس میں دوصورتیں جائز ہیں:

۱۔ حرف معوض کو باقی رکھا جائے اور اس کے آخر میں یاء النسبة لگا دی جائے، جیسے: ابن سے ابنيٌّ اور أخت سے أختيٌّ بنے گا۔

۲۔ حرف معوض کو حذف کرکے حرف اصلی کو لوٹایا جائے اور اس کے آخر میں یاء النسبة لگا دی جائے، جیسے: ابنٌ سے بنويٌّ اور بنت سے بنويٌّ، بنْتيٌّ بنے گا۔

مثال ۴۔ يدٌ [1] اصل میں يَدَو ہے (اس کا لام کلمہ محذوف ہے) اس کی طرف جب یاء النسبة کی اضافت کی جائے گی تو اس میں دوصورتیں جائز ہیں:

۱۔ حرف محذوف کو لوٹانا، جیسے: يدٌ سے يدويٌّ بنے گا۔

(۱) يدٌ اور أخٌ میں یہ فرق ہے کہ يدٌ کو تثنی بناتے وقت اس کا حرف اصلی لوٹ کر نہیں آتا اس لئے اسے منسوب بناتے وقت اس میں دوصورتیں جائز ہیں جبکہ أخٌ کو تثنی (أخوان) بناتے وقت اس کا حرف اصلی لوٹ کر آتا ہے اس لئے اس میں صرف ایک ہی صورت بن سکتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

۲۔حرف محذوف کے حذف کو برقرار رکھنا، جیسے: یدٌ سے یدِيٌّ بنے گا۔

مثال ۵۔عدۃٌ اصل میں تین حروف پر مشتمل ہے اور حرف ثالث (یعنی تاء مدورہ) حرف محذوف (یعنی فاء کلمہ) کا عوض ہے۔ چنانچہ جب اس کے ساتھ یاء النسبۃ کا اضافہ کیا جائے گا تو درج ذیل تبدیلیاں واقع ہونگی:

ا۔اگر لام کلمہ حرف صحیح ہوگا تو برقرار رہے گا اور حرف معوض یعنی تاء کو حذف کردیا جائے گا، چنانچہ عِدۃ سے عِدِيٌّ بنے گا۔

۲۔اگر لام کلمہ معتل ہوگا تو حرف محذوف یعنی فاء کلمہ لوٹ آئے گا اور حرف معتل کو واو سے بدل دیا جائے گا، جیسے: دِیۃٌ سے وِدَوِيٌّ۔

قواعد:

ا۔اگر کسی کلمے میں سے کوئی حرف محذوف ہو تو اس کو منصوب بناتے وقت اسکا حرف محذوف لوٹ آتا ہے لیکن اگر ثنی بناتے وقت حرف محذوف ظاہر نہ ہو تو اس میں دوصورتیں جائز ہیں یعنی حرف محذوف کو لوٹانا یا حرف محذوف کے حذف کو برقرار رکھنا۔

۲۔اگر لام کلمہ حرف صحیح ہو تو فاء کلمے کا حذف برقرار رہے اور اس کے ساتھ ساتھ حرف معوض (تاء التأنیث یا ہمزہ وصلیہ) کو بھی حذف کردیا جائے گا۔

النسب إلى فَعِيْلَة وفُعَيْلَة

الأمثلة:

(ب) فُعَيْلَةٌ		(ألف) فَعِيْلَةٌ	
حُذَفِيٌّ	حُذَيْفَةٌ	مَدَنِيٌّ	١ ـ مدينة
قُرَظِيٌّ	قُرَيْظَةٌ	صَحَفِيٌّ	٢ ـ صَحِيْفَةٌ
جُنَيْنِيٌّ	جُنَيْنَةٌ	قَلِيْلِيٌّ	٣ ـ قَلِيْلَةٌ
عُيَيْنِيٌّ	عُيَيْنَةٌ	قَوِيْمِيٌّ	٤ ـ قَوِيْمَةٌ
حُيَوِيٌّ	٥ ـ حُيَيَّة		

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف میں دئے گئے اسماء فَعِیْلَة کے وزن پر ہیں۔

مثال ا۔ مَدِیْنَة صحیح حروف پر مشتمل ہے اور فَعِیْلَة کے وزن پر ہے لہذا اس کو منسوب بناتے وقت اس کی یاء کو حذف کرکے اس کے ماقبل کو فتحہ دے دیا جاتا ہے اور اس کے آخر میں تاء مدورہ کو حذف کرکے یاء النسبة کا اضافہ کردیا جاتا ہے، جیسے: مدینةٌ سے مدنيٌّ ہوگا۔

مثال ۲۔ قَلِیْلَة کے تمام حروف صحیح ہیں لیکن اس کا عین کلمہ مضعف ہے۔ اس کو منسوب بناتے وقت صرف تاء کو حذف کردیا جائے گا اور اس کی یاء کو برقرار رکھا جائے گا اور اس کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کردیا جائے گا، جیسے: قَلِیْلَةٌ سے قَلِیْلِيٌّ ہوگا۔

مثال ۳۔ قَوِیْمَةٌ کے تمام حروف صحیح نہیں ہیں بلکہ اس کا ایک حرف معتل ہے، لہذا اس کو منسوب بناتے وقت حرف تاء کو حذف کردیا جائے گا اور یاء کو برقرار رکھا جائے گا اور آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کردیا جائے گا، جیسے: قَوِیمةٌ سے قوَيِمِيٌّ۔

ب کی تمام مثالیں فُعَیْلَة کے وزن پر ہیں اس کو منسوب بناتے وقت ایسا ہی معاملہ کیا جائے گا، جیسا کہ مجموعہ الف کی مثالوں کے ساتھ کیا گیا ہے، چنانچہ قُرَیْظَة سے قُرَظِيٌّ، جُنَیْنَةٌ سے جُنَیْنِيٌّ اور عُیَیْنَةٌ سے عُیَیْنِيٌّ بنے گا، جبکہ مثال ۵۔ حییَّة کا عین اور لام معتل ہیں تو اسے منسوب بناتے وقت فُعَیْلَة کی یاء کو حذف کرکے اسکے لام کلمہ کو واو میں بدل دیا جائے گا، جیسے: حییَّة سے حُیَوِيٌّ۔

قواعد:

ہر وہ اسم جو فَعِیْلَة اور فُعَیْلَة کے وزن پر ہوگا، اس کی طرف یاء النسبة کی اضافت کرتے وقت مندرجہ ذیل تبدیلیاں رونما ہونگیں:

ا۔ صحیح حروف پر مشتمل اسم کی تاء اور یاء حذف کرکے یاء کے ماقبل کو فتحہ دے دی جائے گی۔

۲۔ صحیح حروف پر مشتمل اسم ہو اور اس کا عین کلمہ مضعّف ہو تو صرف تاء کو حذف کیا جائے گا اور یاء کو برقرار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

رکھا جائے گا۔

۳۔اگر عین کلمہ حرف علت ہو تو صرف تاء کو حذف کیا جائے گا اور یاء کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

۴۔اگر عین کلمہ کے ساتھ ساتھ اس کا لام کلمہ بھی معتل ہو تو اسے منسوب بناتے وقت فُعَيْلَة کی یاء کو حذف کر دیا جاتا ہے اور لام کلمہ واو میں بدل دیا جاتا ہے۔

النسب إلى المركب

الأمثلة:

١ ـ بعلبك	بَعْلِيٌّ	٢ ـ تأبَّط شرًّا	تأبطيٌّ
٣ ـ صلاح الدِّيْن	صَلَاحِيٌّ	٤ ـ أبوبكر	بَكْرِيٌّ
٥ ـ أم كلثوم	كُلْثُوْمِيٌّ	٦ ـ ابن عباس	عَبَّاسِيٌّ
٧ ـ عبد الرشيد	رَشِيْدِيٌّ		

شرح وتفصیل:

مندرجہ بالا تمام مثالوں (بعلبك، تأبط شرًا، صلاح الدين..) پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مرکب اسماء پر مشتمل ہیں۔ایسے اسماء کو منسوب بناتے وقت نسب کے قاعدے کے مطابق ان کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ کر دیا جاتا ہے،لیکن ان مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان تمام مثالوں کے آخر میں یاء النسبة کا اضافہ نہیں کیا گیا بلکہ بعض مرکب اسماء کے پہلے جزء میں یاء النسبة کا اضافہ کر کے دوسرے جزء کو حذف کر دیا گیا ہے اور بعض مرکب اسماء کے دوسرے جزء میں یاء کا اضافہ کر کے اس کے پہلے جزء کو حذف کر دیا گیا ہے، پہلے جزء کی طرف اضافت کرنے کا سبب یہ ہے کہ اگر ہم قاعدے کے مطابق اس کے آخری جزء میں اضافت کریں گے تو نسبت کا جو مفہوم ہے وہ فوت ہو جائے گا، لہذا اگر مرکب مزجی، جیسے: بعلبك، یا اسنادی، جیسے: تأبط شرًا ، ہو تو اس کے پہلے جزء کی طرف یاء النسبة کی اضافت کی جائے گی اور دوسرا جزء حذف کر دیا جائے، جیسے: بعلبك سے بَعْلِي اور تأبط شرًا سے تأبطي بنے گا۔

اسی طرح مرکب اضافی کی نسبت بھی مرکب مزجی اور اسنادی کی طرح پہلے جزء کی طرف کی جائے گی، جیسے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

صلاح الدين سے صَلَاحِيٌّ لیکن اگر پہلے جزء کی طرف نسبت کرنے سے التباس پیدا ہو تو اس کی نسبت دوسرے جزء کی طرف کی جائے گی، جیسا کہ مرکب اضافی اگر أب، ابن، أم، عبد جیسے کلمات سے شروع ہو تو اس کی نسبت دوسرے جزء کی طرف کی جائے گی اور پہلے جزء کو حذف کر دیا جائے گا، جیسے: أبو بکر سے بکريٌّ، أم کلثوم سے کلثوميٌّ، ابن عباس سے عبَّاسيٌّ، عبد الرشید سے رشيديٌّ۔

قواعد:

۱۔ مرکب مزجی اور اسنادی کو منسوب بناتے وقت اس کی نسبت پہلے جزء کی طرف کی جاتی ہے اور دوسرا جزء حذف کر دیا جاتا ہے۔

۲۔ مرکب اضافی کی نسبت بھی اسی طرح کی جاتی ہے لیکن اگر التباس پیدا ہو تو دوسرے جزء کی طرف نسبت کر کے پہلے جزء کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

النسب إلى المثنى والجمع وما يدل على الجمع

الأمثلة:

(ألف)		(ب)	
١ ـ طالبان	طالِبِيٌّ	٤ ـ نَفَر	نَفَرِيٌّ
٢ ـ مسلمون	مُسْلِمِيٌّ	٥ ـ تَمْر	تمريٌّ
٣ ـ صُحُف	صَحَفِيٌّ	٦ ـ أبابيل	أبابيليٌّ
		٧ ـ مدائن	مَدَائِنِيٌّ

شرح وتفصیل:

مجموعہ الف کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثنی اور جمع پر مشتمل ہیں۔ اس میں اصل قاعدہ یہ ہے کہ ان کو منسوب بناتے وقت ان کی نسبت ان کے مفرد کی طرف کی جاتی ہے نہ کہ جمع کی طرف، مثال ۱۔ میں طالبان مثنی اسم ہے اس کو منسوب بناتے وقت اس کی نسبت اس کے مفرد کی طرف کی گئی ہے، چنانچہ طالبان سے طالِبِيٌّ بن گیا۔ اسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

طرح جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم اور جمع مکسر کو منسوب بناتے وقت ان کی نسبت ان کے مفرد کی طرف کی گئی ہے، چنانچہ مسلمون سے مسلِمِيٌّ اور صحف سے صَحَفِيٌّ بن گیا۔

مجموعہ ب کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی نسبت اصل قاعدہ کے مطابق نہیں ہے بلکہ ان کو منسوب بناتے وقت ان کی نسبت ان کے لفظ کی طرف کی گئی ہے کیونکہ یہ حقیقی جمع نہیں ہیں۔

مثال ۴۔ میں نفر اسم الجمع (۱) ہے اس کو منسوب بناتے وقت اس کی نسبت اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے: نَفَرِيٌّ۔ مثال ۵۔ میں تَمْرٌ اسم الجنس الجمعي (۲) ہے اس کی نسبت بھی اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے تَمْرِيٌّ۔ مثال ۶۔ میں أبابيل ایسی جمع ہے جس کا مطلقاً کوئی مفرد نہیں اس کی نسبت بھی اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے: أبابيلي۔ مثال ۷۔ میں مدائن ایسی جمع ہے جو کہ علم کے قائم مقام ہے اس کی نسبت بھی اس کے لفظ کی طرف کی گئی ہے، جیسے: مَدَائِنِيٌّ۔

قواعد:

۱۔ مثنی اور جمع اسم کی نسبت اس کے مفرد اسم کی طرف کی جاتی ہے۔

۲۔ جو الفاظ جمع حقیقی نہیں ہوتے لیکن جمع پر دلالت کرتے ہیں ان کی نسبت انہی الفاظ کی طرف کی جاتی ہے۔

اور وہ چار ہیں: (ا) اسم الجمع۔ (ب) اسم الجنس الجمعي۔

(ج) ایسی جمع جس کا علی الاطلاق کوئی مفرد نہیں۔ (د) ایسی جمع جو علم کی قائم مقام ہوں۔

جدول

المنسوب إليه	المنسوب	القاعدة
۱ ـ عصًا	عَصَوِيٌّ	اسم مقصور، وألفه بعد حرفين فقلبت ألفه واوًا.
۲ ـ بِنْهى	بِنْهِيٌّ، بِنْهَوِيٌّ، بِنْهَاوِيٌّ	اسم مقصور، ألفه بعد ثلاثة أحرف وثانيه ساكن فيجوز حذف ألفه و قلبها واوًا ويجوز مع القلب زيادة ألفٍ قبل الواو.

(۱) اسم الجمع: وہ اسم ہے جو کہ جمع پر دلالت کرتا ہو اور اس کے وزن پر نہ ہو (یعنی لفظ کے اعتبار سے مفرد اور معنی کے اعتبار سے جمع ہو) اور نہ ہی اس کا مفرد اس کے لفظ سے ہوتا ہے۔ جیسے: قوم، نفر، ملأ وغیرہ۔

(۲) اسم الجنس الجمعي: وہ اسم ہے جو جمع پر دلالت کرتا ہے اور اس کا مفرد تاء یا یاء النسب کے اضافے سے بنتا ہے۔ جیسے: کلم سے کَلِمَةٌ اور جند سے جُندِيٌّ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

٣ـ كَسَلا	كَسَلِيٌّ	اسم مقصور، ألفه بعد ثلاثة أحرف وثانيه متحرك فتحذف ألفه.
٤ـ مُسْتَبْقَى	مُسْتَبْقِيٌّ	اسم مقصور، ألفه بعد أكثر من ثلاثة أحرف فتحذف ألفه.
٥ـ العَشِي	العَشَوِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد حرفين فتقلب واوًا ويفتح ما قبلها.
٦ـ الهادِي	الهادِيٌّ، الهادَوِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد ثلاثة أحرف فيجوز حذفها وقلبها واوًا مع فتح ماقبلها.
٧ـ المعتدِي	المعتدِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد أربعة أحرف فتحذف.
٨ـ المستجدي	المستجْدِيٌّ	اسم منقوص، ياؤه بعد أكثر من أربعة أحرف فتحذف.
٩ـ اجتزاء	اجتزائِيٌّ	اسم ممدود، همزته أصلية فتبقى على حالها.
١٠ـ حسناء	حسناوِيٌّ	اسم ممدود همزته للتانيث فتقلب واوًا.
١١ـ مَلِكٌ	مَلَكِيٌّ	اسم ثلاثي، مكسور العين فتفتح في النسب.
١٢ـ كساءٌ	كسائِيٌّ، كِسَاوِيٌّ	اسم ممدود، همزته منقلبة عن أصل فيجوز بقاؤها على حالها وقلبها واوًا.
١٣ـ غَيٌّ	غَوَوِيٌّ	الياء المشددة بعد حرف واحد فترد الياء الأولى إلى أصلها وهو الواو بدليل (غَوَى، يغوي)، وتقلب الياء الثانية واوًا ويفتح ما قبلها.
١٤ـ قُصَيٌّ	قُصَوِيٌّ	الياء المشددة بعد حرفين فتحذف الياء الأولى وتقلب الثانية واوًا ويفتح ما قبلها.
١٥ـ مَقْضِيٌّ	مقضِيٌّ	الياء المشددة بعد أكثر من حرفين فتحذف وتزاد ياء النسبة.
١٦ـ بُحْتَرِيٌّ	بُحْتَرِيٌّ	الياء المشددة بعد أكثر من ثلاثة فتحذف وتزاد ياء النسبة.
١٧ـ هَيِّنٌ	هَيْنِيٌّ	اسم، قبل آخره ياء مشددة مكسورة، يفك إدغامها وتحذف الياء المكسورة وتبقى الساكنة.
١٨ـ أبٌ	أَبَوِيٌّ	اسم، حذفت لامه وترد إلى أصلها عند التثنية (أبوان) فترد عند النسب.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

١٩ـ كُثَيِّر	كُثَيْرِيٌّ	اسم، قبل آخره ياء مشددة، مكسورة، يفك إدغامها وتحذف الياء المكسورة وتبقى الساكنة.
٢٠ـ دَمٌ	دَمَوِيٌّ، دمِيٌّ	اسم، حذفت لامه ولا ترد في التثنية فيجوز ردُّها وعدم ردّها.
٢١ـ شفة [1]	شَفَوِيٌّ، شفهِيٌّ	اسم، حذفت لامه وعوض عنها بالتاء فترد اللام إلى أصلها.
٢٢ـ اسم	اسْمِيٌّ، سَمَوِيٌّ	اسم، حذفت لامه وعوّض عنها بهمزة وصل، إذ أصله سَمَوٌ، ولمّا كان لامه لا تردّ في التثنية جاز في النسب ردُّها وعدم ردّها، وعند الردّ تحذف همزة الوصل؛ لأنها كانت عوضا عن المحذوف وعند عدم الرد تبقى الهمزة.
٢٣ـ صفة	صِفِيٌّ	اسم، حذفت فاؤه وعُوّض عنها بالتاء ولامه صحيحة فتحذف التاء.
٢٤ـ شِيَةٌ	وَشَوِيٌّ	اسم، حذفت فاؤه وعُوّض عنها بالتاء ولامه معتلة فتحذف التاء وترد فاؤه وهي الواو وتقلب لامه واوًا.
٢٥ـ جزيرة	جَزَرِيٌّ	اسم صحيح العين على وزن فَعِيْلَة فتحذف ياؤه ويفتح ما قبلها وتحذف تاؤه وتزاد ياء النسبة.
٢٦ـ عَليلةٌ	عَلِيلِيٌّ	اسم، مضعف، على وزن (فَعِيْلَة) فتحذف تاؤه فقط.
٢٧ـ طويلة	طويلِيٌّ	اسم، على وزن (فَعيلة)، معتل العين فتحذف تاؤه فقط.
٢٨ـ جُهَيْنَةٌ	جُهَنِيٌّ	اسم، على وزن (فُعَيلة)، غير مضعف فتحذف تاؤه وياؤه.
٢٩ـ قُطَيْطة	قُطَيْطِيٌّ	اسم، على (فُعَيْلة)، مضعف، تحذف تاؤه فقط دون ياءه.
٣٠ـ بخت نصر	بُخْتِيٌّ	اسم، مركب تركيبا مزجيا، ينسب إلى صدره.
٣١ـ رام اللّٰه	رامِيٌّ	مركب إسناديّ، ينسب إلى صدره.

